Combat, kom'bat, *n.* A struggle to resist or conquer; a contest; a battle. جنگ و جدل۔ مبارزت۔ لڑائی۔ **Single—,** ایک سے ایک کی لڑائی۔ دو بدو لڑائی۔

Syn.—Battle, engagement, conflict.

—, *v.t.* To fight; to oppose. لڑنا۔ مقابلہ کرنا۔ بھڑنا۔

Combatant, kom-bat'ant, *a.* and *n.* Having actual fighting as function. لڑاکا۔ جنگی سپاہی۔

Combative, kom-ba'tiv, *a.* Pugnacious or disputatious. لڑائی یا مقابلہ کا شوقین۔

Combination, kom-bina'shun, *n.* A number of persons or things joined for a purpose; union; conjunction; conspiracy. مجموعہ۔ ملاؤ۔ اتفاق۔ اتصال۔ قران۔ بندش۔ سازش۔

Syn.—Union, coalition, league.

Combine, kom-bīn, *v.i.* To come into close union; to unite; to agree; to unite chemically and from a new compound. ملنا۔ متحد ہونا۔ متفق ہونا۔ —*v.t.* To join together; link closely; to bring into union; to coalesce. ملانا۔ گانٹھنا۔ ایک کرنا۔

Combined, kom'bīnd, *a.* United; joint. جڑا۔ متحد۔

Combings, kom-bings, *n. pl.* Hair combed off. بال جو کنگھی کرنے میں گریں۔

Combustible, kom-bus'ti-bl, *a.* Capable of taking fire and burning; inflammable. سوزندہ۔ آتش گیر۔ سوختنی۔ جل اٹھنے والا۔

Combustion, kom-bus'yun, *n.* Burning; ignition. سوختگی۔ جلنے کی حالت۔

Come, kum, *v.i.* (*opposed to* **Go**). To draw near; to approach; to happen. آنا۔ ہونا۔ واقع ہونا۔ پہونچنا۔ وارد ہونا۔ **To—and go,** to alternate. باری باری آنا۔ **To—about,** to happen. واقع ہونا۔ **To—amiss,** to be unsuitable. ناموافق ہونا۔ **To—at,** to reach. پہونچنا۔ To gain. حاصل کرنا۔ **To—away,** to leave. چھوڑ کر چلا آنا۔ **To—by,** to pass near. قریب سے گذرنا۔ To obtain. پانا۔ حاصل کرنا۔ **To—down,** to descend. اترنا۔ To be humbled or abased. ذلیل ہونا۔ **To—home,** to touch the feelings, interest, or reason. اثر کرنا۔ **To—to hand,** to be received. پانا۔ ملنا۔ **To—in,** to enter. داخل ہونا۔ To be brought into use. استعمال میں آنا۔ **To—into,** to acquire by inheritance. وراثت یا ترکہ میں پانا۔ **To—in for,** to get a share of. شامل کیا جانا۔ **To—off,** to escape. بچ جانا۔ To get free. آزاد یا بری ہو جانا۔ To happen. واقع ہونا۔ **To—on,** to advance. آگے بڑھنا۔ **To—out,** to become public. ظاہر ہو جانا۔ To be introduced to general society. جلسہ عام میں شریک ہونا۔ To result. نکلنا۔ **To—out with,** to let out or disclose. کھول دینا۔ فاش کر دینا۔ **To—round,** to recover. چنگا ہونا۔ ہوش میں آنا۔ **To—short,** not to reach. کم آنا۔ گھٹنا۔ **To—to,** to fall or be allotted to. حصہ میں پڑنا۔ **To—to one's self,** to rocover. ہوش میں آنا۔ **To—to pass,** to happen. واقع ہونا۔ **To—true,** to be verified. سچ نکلنا۔ **To—up,** to ascend. چڑھنا۔

to shoot forth or rise above the earth. اُگنا۔ پھوٹنا۔ نکلنا۔ **To—up to,** to attain to. پہونچنا۔ To equal. برابر ہونا۔ **To—into fashion,** to be in vogue. رواج پانا۔ **To—into force,** to have effect. جاری ہونا۔ نافذ ہونا۔ **To—to terms,** to agree. راضی ہو جانا۔ **To—to blows,** لڑنے لگنا۔ **To—to light,** to be discovered. ظاہر ہو جانا۔

Comedian, ko-me'dian, *n.* Actor or writer of comedies. بھانڈ۔ سوانگ کا لکھنے والا۔

Comedy, kome'di, *n.* Dramatic piece of a pleasant or humerous character, originally accompanied with dancing and singing. ہنسی کا سوانگ۔

Comeliness, kom-li-nes, *n.* Grace; beauty; dignity. خوبصورتی۔ خوش اندامی۔ شان۔

Comely, kōm'li, *a.* Pleasing in appearance; good-looking; handsome; decent; becoming. خوش اندام۔ خوبصورت۔ خوش شکل۔ سجدار۔ زیبا۔

Comestible, kum-mest-i-bl, *n.* An eatable; an article of food. اشیاء خوردنی۔ کھانے کے قابل چیز۔

Comet, kom'et, *n.* A heavenly body belonging to the solar system having a nucleus surrounded by a luminous envelope, and often a luminous tail or train. پنچھل۔ دُمدار ستارہ۔ تارا۔

Cometography, kom-eto-gra-phy, *n.* A description of comets. دمدار ستاروں کا بیان یا تذکرہ۔

Comfit, kum'fit, *n.* Sweetmeat made of fruit and sugar, &c. الائچی دانہ۔ پکی ہوئی میوہ۔

Comfort, kum'fort, *v.t.* To solace; to invigorate. تسلی دینا۔ دلاسا دینا۔

Syn.—Cheer, solace, console.

Comfort, kum'fort, *n.* Strength and relief under affliction; consolation; source of enjoyment; satisfaction. تسلی۔ تسکین۔ تقویت۔ دلاسا۔ ڈھارس۔ آرام۔

Comfortable, kumfer-t-abl, *a.* Imparting or enjoying comforts. تسکین بخش۔ آرام دہ۔

Comfortabler, kum-for-tab'ler, *n.* One that gives consolation; a knit woollen tippet. تشفی دینے والا۔ گلوبند۔

Comfortably, kum-for-tab'li, *ad.* With comfort. چین سے۔ آرام سے۔ خوشی سے۔

Comforter, kum'-for-ter, *n.* One who comforts. تسلی دینے والا۔ غمخوار۔ A warm wrapper for the neck. گلوبند۔

Comfortless, kom'-for-t-les, *a.* Without comfort. بے چین۔ بے آرام۔ دل شکستہ۔

Syn.—Forlorn, desolate, wretched, miserable.

Comic, kom'ik, *a.* Relating to the comedy; mirth-provoking; droil. ناٹکی۔ سوانگی۔ ہنسانے والا۔ مسخرہ۔

Comical, kom-i-kal, *a.* Diverting; making mirth; queer. ہنساؤ۔ خندہ آور۔ ہنسوڑ۔ مسخرہ۔ انوکھا۔

Comity, kom-i-ti, *n.* Courtesy. خلق۔

Comity of nations. friendly recognition of each other's laws and usages. قوموں کا راہ و رسم۔

Comma, kom-a, *n.* A point [,] marking the smallest grammatical division in a sentence. جملہ میں بہت کم ٹھہرنے کا یہ [،] نشان۔

Command, kom-and, *v.t.* and *i.* To order; to govern; to control to be at the head of; to overlook; to get at pleasure. ارشاد کرنا۔ حکومت کرنا۔ قابو میں رکھنا۔ سرداری کرنا۔ اونچا ہونا۔ جب چاہے لے سکنا۔ —*n.* Order; exercise of authority; control. حکم۔ حکومت۔ قابو۔ اختیار۔

Commandant, kom'man-dant, *n.* A commanding officer. فوج کا سردار۔

Commandeer, kom-an-dēr, *v.t.* To compel military service. فوجی ملازمت میں جبراً بھرتی کرنا۔

Commander, kom-an-der, *n.* One who directs; chief; leader. سیناپتی۔ سردار۔ سالار۔

Commander-in-chief, *n.* سپہ سالار۔ سالار سالاراں۔

Commanding, kom-and'ing, *a.* Exalted or impressive of ability, etc., (situation). نہایت موثر۔ تحکمانہ۔

Commandment, kom-mand'ment, *n.* An authoritative order; precept. خدا کا حکم۔ فرمان۔ اصول۔

Commando, kom-an-do, *n.* A body of armed men raised for military service among the Boers. بوارس لوگوں کی فوج۔

Commemorable, kom-mem-ora'bl, *a.* Worthy to be remembered; worthy of celebration. قابل یادگار۔

Commemorate, kom-mem-ō-rāt, *v.t.* To celebrate; to preserve the memory of. منانا۔ یادگاری کرنا۔

Commemoration, kom-memo-ra-shun, *n.* A public celebration. یادگاری۔ عرس۔

Commence, kom-mens', *v.t.* To begin; to originate; to enter upon. شروع کرنا۔ پیدا کرنا۔ داخل ہونا۔ —*v.i.* شروع ہونا۔

Commencement, kom-mens'ment, *n.* Beginning; rise; origin. ابتدا۔ آغاز۔ شروع۔

Commend, kom-end, *v.t.* To entrust for safe-keeping; to praise; to send greetings; to recommend. سونپنا۔ تعریف کرنا۔ سلام کرنا۔ سفارش کرنا۔

Commendable, kom-end-ā-bl, *a.* Worthy of praise. قابل تعریف۔

Commendation, kom-end'ā-shun, *n.* Praise; declaration of esteem; favourable mention; greetings. تعریف۔ قدر و منزلت۔ سفارش۔ تسلیمات۔

Commendatory, kom-en-da-tori, *a.* Containing praise; laudatory. توصیفی۔

Commensal, kom-en'sal, *a.* and *n.* Eating at the same table; a messmate. ایک ہی میز یا چوکے میں کھانیوالا۔

Commensurable, kom-en-sū-ra-bl, *a.* Having a common measure. ہم اندازہ۔ ہم وزن۔ ہم مقدار۔ ایک عدد

پر برابر تقسیم ہو جانے والا۔

Commensurate, kom-en-sū-rāt, *a.* Of the same measure with; in proportion with. ہم اندازہ موافق۔

Commensuration, kom-en-sū-ra-shun, *n.* Reduction of some things to some common measure. ہم وزنی۔

Comment, kom-ent, *v.i.* To annotate; to make remarks; to write explanatory notes. شرح لکھنا۔ ٹیکا کرنا۔ خیال ظاہر کرنا۔ تفسیر کرنا۔

Commentary, kom-en-ta-ri, *n.* Book of notes. تفسیر۔ شرح۔

Commentator, kom-en-ta-tur, *n.* An expositor or annotator. شارح۔ مفسر۔ موضح۔

Commentitious, kom-en-ti-shus, *a.* Inventive; imaginary. موجد۔ تصوری۔ خیالی۔

Commerce, kom'-ers, *n.* Exchange of merchandise on a large scale; trading; traffic; intercourse; fellow-ship. سوداگری۔ تجارت۔ میل ملاپ۔ سنگت۔

Chamber of Commerce. انجمن سوداگری۔

Commercial, kom-er'shi-al, *a.* Relating to trade; mercantile. تجارتی۔ سوداگرانہ۔

Commination, kom-i-nā'shun, *n.* Threatening. دھمکی۔

Commingle, kom-mingl, *v.t.* To mingle in one mass. ایک میں ملانا۔

Comminute, kom-in-ūt, *v.t.* To break into small parts. ریزہ ریزہ کرنا۔

Commiserate, kom-iz'er-āt, *v.t.* To feel; to show, express pity for; to sympathise; to condole with. ترس کھانا۔ رحم کرنا۔ ہمدردی کرنا۔ دوسروں کے ساتھ ماتم کرنا۔ غم کرنا۔

Commiseration, kom-iz'er-a-shun, *n.* Compassion; pity. رحم۔ ترس۔ دیا۔

Commiserative, kom-mis-era-tiv, *a.* Compassionate. دردمند۔ رحم دل۔

Commissariat, kom-is-sa'ri-at, *n.* Food and store department of army. لشکر کے سرانجام رسد کا محکمہ۔

Commissary, kom'is-er-i, *n.* A commissioner. نائب داروغہ۔ گماشتہ۔

Commission, kom-ish'un, *n.* Act of committing; perpetration; writing; conferring certain powers; warrant; authority; charge; percentage paid in a transaction; allowance; services entrusted; company of persons. ارتکاب حرکت۔ سند۔ پروانہ۔ اختیار۔ مقدور۔ دلالی۔ آڑھت۔ سونپا ہوا کام۔ جماعت۔

—*v.t.* To empower; to authorize; to appoint. اختیار کرنا۔ وکیل کرنا۔ مقرر کرنا۔

Commission agent. آڑھتیا۔

Commissioned officer. ذی اختیار افسر۔

Commissioner, kom-ish-un-er, *n.* One empowered to act. مختار۔ امین۔ وکیل۔

Commit, kom-it, *v.t.* To entrust; to consign; to do or perpetrate; to endanger; to imprison; to pledge. سپرد کرنا۔ سونپنا۔ ارتکاب کرنا۔ مصیبت یا خطرے میں ڈالنا۔ قید خانہ بھیجنا۔ قول دینا۔

To commit to memory, to learn by heart. زبانی یاد کرنا۔

To commit oneself to, to pledge or bind oneself. اپنے کو پابند کرنا۔

Commitment, kom-it-ment, *n.* Act of committing; imprisonment; consignment; perpetrating; a pledging. سپردگی۔ حوالہ۔ قید۔ ارتکاب۔ قول دینا۔

Committal, kom-i-tal, *n.* Act of committing; a pledge. سپردگی۔ حوالہ۔ امانت۔

Committee, kom-it'tē, *n.* Persons especially appointed to manage any business. کمیٹی۔ پنچایت۔

Commix, ko-mix, *v.t.* or *i.* To mix together; to blend. ملانا۔ مخلوط کرنا۔ ملنا۔

Commode, kom-ōd, *n.* A small side board; close-stool. دیوار سے لگے ہوئے تختے کی الماری۔ پاخانہ کی چوکی۔

Commodious, kom-ō'di-us, *a.* Convenient; suitable; roomy; spacious; serviceable. آرام دہ۔ وسیع۔ گنجائش کا۔ کشادہ۔ کام کا۔ موافق۔ مناسب۔

Commodiousness, kom-ōd'i-us-nes, *n.* Convenience; profit. آرام۔ نفع۔

Commodity, kom-ō'di-ti, *n.* That which affords convenience or advantage. فائدہ یا آرام دینے والی چیز۔ Goods; wares. مال۔ اسباب۔

Common, kom'un, *a.* Belonging to several; general; of or for all; ordinary; usual; current; easy to be had; abundant; frequent; of little value; of low degree. عام۔ مشترک۔ سب کا۔ بالعموم۔ معمولی۔ چلتا ہوا۔ آسانی سے مل جانے والا۔ حقیر۔ ادنےٰ۔

Common sense, normal understanding. موٹی سمجھ۔

Common law, the written law based on usage. قدیم رواج۔

To make common cause with. مل جانا۔

—*n.* Public ground or pasturage; (*pl.*) the common people; lower house of Parliament. عام چراگاہ۔ میدان۔ عوام الناس۔ پارلیمنٹ کا دوسرا درجہ۔

Short commons, insufficient supply of rations. خوراک کی کمی۔

In common, equally with others. ساجھے میں۔

Commons, kom'uns, *n.* The common people; the members of the house of Commons; food. عوام۔ مجلس وکلائے رعایا۔ کھانا۔ خوراک۔ —Short کمی راتب یا خوراک۔

Commons, kom'-uns, *n.* An open public ground. میدانِ عام۔

Commonalty, kom'un-al-ti, *n.* The general body of the people without any distinction in rank or authority. عوام الناس۔

Commonly, kom'un-li, *ad.* Frequently; usually;

generally. حرف۔ بولنا ہوا نام۔ اکثر۔ بہت۔ عموماً۔ —**called**

Commonplace, kom-un-plās, *n.* Ordinary topic; every day saying; anything trite; memorandum. یادداشت۔ *a.* Common; trite. بے لطف بات۔ معمولی۔ ادنےٰ۔ عام۔

Commonwealth, kom'un-welth, *n.* The people; a form of government in which the power rests with the people. عوام۔ انام۔ سلطنت جمہوری۔

Commorient, kom-ō-ri-ent, *a.* Dying at the same time. ایک ہی وقت مرنا۔

Commotion, kom-ō'shun, *n.* Agitation; disturbance; tumult; perturbation. اضطراب۔ گھبراہٹ۔ ہلچل۔ بلوہ۔ بے قراری۔ بے چینی۔

Commune, kom-ūn, *v.t.* To converse or talk together; to have intercourse. بات چیت کرنا۔ بولنا چالنا۔ *To commune with one's self.* دل سے مشورہ لینا۔

—*n.* Friendly talk; the common people. دوستانہ بات چیت۔ عوام۔

Communicable, kom-ū-ni-ka-bl, *a.* That may be imparted. قابل اظہار۔ کہنے کے لائق۔

Communicate, kom-ū'ni-kāt, *v.t.* To impart information; to make known. بتلانا۔ اطلاع دینا۔ خط وکتابت کرنا۔ جتانا۔ خبر دینا۔

——, *v.t.* To partake of the Lord's Supper. عشاء ربانی کا شریک ہونا۔ To have intercourse. خط وکتابت رکھنا۔

Communication, kom-ūn-i-kā'shun, *n.* The act of imparting; intercourse; correspondence; means of coming and going; connection; information. دینا یا پہونچانا۔ آمدورفت۔ ذریعہ آمدورفت۔ تعلق۔ خبر۔

Communicative, kom-ū-ni-kā-tiv, *a.* Unreserved; open. صاف گو۔ صادق۔

Communion, kom-ūn-i-un, *n.* Sharing; fellowship; intercourse; interchange of thoughts. باہم دل کی باتیں کرنا۔ راز و نیاز۔

Community, kom-u-niti, *n.* The body politic; the public. جماعت۔ فرقہ۔ خلقت۔ —**of interests**, رفاہ خلائق۔ **The good of the**—, فائدہ عام۔ رفاہ عام۔ فیض عام۔

Commutable, komut-abl, *a.* That may be exchanged. قابل تبدیل۔

Commutation, komu-ta-shun, *n.* The change of a penalty to one less severe; exchange; alteration; ransom. بھاری سزا کی ہلکی سزا میں تبدیلی۔ ادلا بدلی۔ عوض معاوضہ۔ تبدیلی۔

Commute, kom-ūt, *v.t.* To exchange; to exchange penalty for one less severe. بھاری سزا کو ہلکی سزا سے بدل دینا۔

Compact, kom-pakt, *n.* An agreement uniting parties; league; treaty; mutual agreement. قول۔ عہد و پیمان۔ *a.* Firm; close; brief; united; solid; dense. ٹھوس۔ پیوستہ۔ گاڑھا۔ مختصر۔

Compactness, kom-pakt-nes, *n.* Closeness; firmness. گاڑھا پن۔ گھنا پن۔

Companion, kom-pan-yun, *n.* A comrade; a partner. مصاحب۔ رفیق۔ ساتھی۔ **A bottle**—, ہم پیالہ و ہم نوالہ۔

Syn.—Associate, mate, compeer, ally.

Companionable, kom-pan-yun-abl, *a.* Agreeable. ملنسار۔

Companionship, kom-pan-yun-ship, *n.* Fellowship; association. صحبت۔ رفاقت۔ ساتھ۔

Company, kum-pa-ni, *n.* The state of being with some one; body of men; partnership; corporation; assembly; crew of a ship; sub-division of a regiment. سنگت۔ انجمن۔ شرکت۔ پنچایت۔ شہری۔ انجمن۔

Comparable, kom-pā-ra-bl, *a.* That may be compared. مقابلہ کے لائق۔ ہم چشم۔ ہمسر۔ برابر۔

Comparative, kom-para-tiv, *a.* Estimated by comparison; relative. متناسب۔ نسبتی۔

Comparatively, kom-para-tiv-li, *ad.* Relatively. مقابلہ بہ نسبت۔ **Death—with such a life is preferable**, ایسے جینے سے مرنا بھلا ہے۔

Compare, kom-pār, *v.t.* To measure or estimate one by another; to bring together, in order to find out resemblances or differences; to present as similar. مقابلہ کرنا۔ ملان کرنا۔ نسبت یا تشبیہ دینا۔

To compare to. برابر ہونا۔

To compare with. مقابلہ کرنا۔

Comparison, kom-pari-zun, *n.* Act of comparing; a comparative estimate; likeness. مقابلہ۔ تشبیہ۔ تقابل۔ مشابہت۔ تمثیل۔

Compartment, kom-part-ment, *n.* Partition as of railway carriage, building, &c. کوٹھی۔ کمرہ۔

Compass, kom-pas, *v.t.* To surround; to besiege; to obtain; to accomplish; to contrive. گھیرنا۔ محاصرہ کرنا۔ حاصل کرنا۔ پورا کرنا۔ تدبیر نکالنا۔ ارادہ کرنا۔ *n.* A circle. دور۔ گھیرا۔ Limit. حد۔ Extent. وسعت۔ A magnetised needle used in steering ships. قطب نما۔ **I speak within**—, میں مبالغہ نہیں کرتا۔

Compasses, kom-pas-es, *n.* A two-legged instrument for describing circles, etc.; a pair of compasses. پرکار۔

Compassion, kom-pa-shun, *n.* Pity; fellow-feeling; sympathy. ترس۔ دردمندی۔ ہمدردی۔

Compassionate, kom-pashu-nāt, *a.* Inclined to pity; merciful. دردمند۔ رحم دل۔

Syn.—Sympathising, tender, pitiful.

——, *v.t.* To commiserate; to pity. رحم کرنا۔ ترس کرنا۔

Compassionately, kom-pasho-nāt-li, *ad.* Mercifully. رحم کر کے۔

Compatibility, kom-pati-bil-i-ti, *n.* Consistency;

suitableness; congruity. میل۔مطابقت۔موافقت۔

Compatible, kom-pat-i-bl, *a.* Consistent; agreeable; congruous. مطابق۔موافق۔مناسب۔

Compatriot, kom-pat-ri-ot, *n.* One of the same country. ہم مُلک۔ہم وطن۔

Compeer, kom-pēr, *n.* One who is like another; companion. ہمجولی۔ساتھی۔

Compel, kom-pel, *v.t.* To force to some act; to constrain; to oblige; to drive on; to subjugate. بزور کرانا۔زبردستی کرانا۔مجبور کرنا۔ناچار کرنا۔

Syn.—Constrain, coerce, oblige, necessitate.

Compendious, kom-pendi-us, *n.* Brief summary. مختصر۔خلاصہ۔

Compendium, kom-pendi-um, *n.* A small book containing all that is important in a larger one; epitome; summary. انتخاب۔اختصار۔خلاصہ۔

Syn.—Abridgment, abstract, synopsis, brief, digest.

Compensate, kom-pen-sāt, *v.t.* To remunerate; to reward suitably; to indemnify. معاوضہ دینا۔ انعام دینا۔نقصان پورا کرنا۔

Compensation, kom-pen-sa-shun, *n.* A making up for loss suffered. تلافی۔عوض۔ہرجہ۔

Syn.—Recompense, amends, satisfaction, remuneration.

Compensatory, kom-pen-sa-to-ri, *a.* Affording compensation. ہرجانہ بھرنے والا۔

Compete, kom-pēt, *v.i.* To be a rival to; to contend; to contest; to strive with or against. برابری کرنا۔ہمسری کرنا۔رقابت کرنا۔

Competence, Competency, kom-pe-tens, kom-pe-tensi, *n.* Ability; power; fitness; sufficiency for the necessaries of life. قابلیت۔مجاز۔اختیار۔ اوقات بسری۔ضرورت کیلئے کافی۔

Competent, kom-pe-tent, *a.* Fit or able to do a thing. قابل۔لائق۔

Syn.—Sufficient, capable, qualified.

Competently, kom-pe-tent-li, *ad.* Reasonably. معقول طور سے۔

Competition, kom-pe-ti-shun, *n.* Rivalry; contest. ہمسری۔برابری۔مقابلہ۔رقابت۔

Competitive, kom-pe-ti-tiv, *n.* Pertaining to competition. برابری کا۔

Competitor, kom-pe-ti-tor, *n.* One who competes. مقابلہ کرنے والا۔

Compilation, kom-pi-lā-shun, *n.* A selection from various authors. تالیف۔ترتیب۔

Compile, kom-pīl, *v.t.* To write by collecting the materials from other books; to put together. تالیف کرنا۔جمع کرنا۔ترتیب دینا۔

Compiler, kom-pīler, *n.* One who compiles. مؤلف۔

Complacence, Complacency, kom-pla-sens, kom-pla-sensi, *n.* Pleasure; satisfaction; civility. خوشی۔دلجمعی۔خوش خلقی۔

Complacent, kom-pla-sent, *a.* Showing satisfaction; pleased; kindly. آسودہ۔خوش۔خلیق۔

Complain, kom-plān, *v.i.* To murmur. شاکی ہونا۔ فریاد کرنا۔ To lament. نالہ کرنا۔ To make a charge. نالش کرنا۔ To be ill. ناساز ہونا۔

Complainant, kom-plā-nant, *n.* One who raises a suit; plaintiff. مدعی۔

Complaint, kom-plānt, *n.* A murmuring; accusation; illness. گلہ۔شکوہ۔شکایت۔نالش۔مرض۔

Complaisance, kom-plā-sans, *n.* Civility; courtesy. اہلیت۔مروت۔

Complaisant, kom-plās-ant, *a.* Civil; courteous; polite. باادب۔بامروّت۔خلیق۔

Complement, kom-plē-ment, *n.* That which fills up a deficiency; accessory. مددگار۔تکمیل۔

Complemental, kom-plē-men-tal, *a.* Filling up; completing. مکمل۔متمم۔

Complementary, kom-plē-men-tar-i, *a.* Completing. پورا کرنے والا۔

Complete, kom-plēt, *a.* Perfect; entire. پورا۔تمام۔مکمّل۔ *v.t.* To perfect; to finish; to accomplish. پورا کرنا۔تمام کرنا۔ختم کرنا۔

Syn.—Perform, conclude; effect, fulfil.

Completely, kom-plēt'li, *ad.* Fully. پورے طور سے۔

Completeness, kom-plēt-nes, *n.* Entireness. کمالیت۔بھرپوری۔

Completion, kom-plē-shun, *n.* Act of finishing; accomplishment. تکمیل۔اختتام۔

Complex, kom-pleks, *a.* Consisting of various parts or elements; intricated; complicated. مرکب۔بھنوّرجال۔پیچیدہ۔

Complexion, kom-plek'shun, *n.* The colour of the skin; outward appearance; temperament. صورت۔رنگ۔خصلت۔مزاج۔طبیعت۔

Complexity, kom-pleks'i-ti, *n.* Intricacy. پیچیدگی۔

Compliance, kom-plī-ans, *n.* A yielding to another's wishes; submission; consent. رضامندی۔استرضا۔مرضی۔

Syn.—Concession, submission, obedience.

Compliant, kom-plī-ant, *a.* Disposed to comply; yielding. فرمان بردار۔صاحب سلوک۔

Complicacy, kom-pli-kāsi, *n.* Complexity; intricacy. پیچیدگی۔الجھن۔پیچ شاخ۔

Complicate, kom-pli-kāt, *v.t.* To make intricate; to involve. پیچیدہ کرنا۔الجھانا۔

Syn.—Entangle, implicate, involve.

Ant.—Disentangle, explicate, extricate.

Complicate, kom-pli-kāt, *a.* Involved; complex. پیچیدہ - پھنسا - الجھا ہُوا - *v.t.* To mix up; to intricate. اُلجھانا - پیچیدہ کرنا - پھنسانا -

Complication, kom-pli-kā'shun, *n.* Involved condition; entanglement; complexity. پھنساؤ - پیچیدگی -

Complicity, kom-pli-si-ti, *n.* Condition of being, an accomplice; partnership in any evil action. سازش - شراکت - ساجھا -

Compliment, kom-pli-ment, *n.* Expression of regard or praise; greeting. تعریف - آداب - بندگی -

—*v.t.* To praise; to flatter; to pay a compliment to. تعریف کرنا - خوشامد کرنا - آداب بجا لانا -

Complimentary, kom-pli-ment-a-ri, *a.* Expressive of regard or praise. توصیفی - شوقیہ - تکلفانہ - تعریفی -

Comply, kom-plī, *v.i.* (*with*) To yield to the wishes of another; to consent to. دوسرے کی مرضی کو پورا کرنا - حکم کی تعمیل کرنا - ماننا - قبول کرنا -

Component, kom-pōn'ent, *a.* Forming a part; constituent; آمیختہ - *n.* A component part. جُز - حصہ - ٹکڑا -

Comport, kom-pōrt, *v.t.* To behave; to conduct. چلن دکھانا - پیش آنا - *v.i.* To suit. موافق ہونا - (Pride *comports* ill with poverty).

Comportment, kom-pōrt-ment, *n.* Behaviour; demeanour. چال - رَوّیہ - وضع - طور - اطوار -

Compose, kom-pōz, *v.t.* To form by putting two or more parts or things together; to place in proper order; to set at rest; (*Print.*) to set or place types in order for printing; to originate or write, as author; to set music. جوڑنا - مرکب کرنا - ترتیب دینا - تسکین کرنا - ٹائپ یا چھاپے کے حروف بٹھانا - تصنیف کرنا -

Composed, kom-pō-zd, *a.* Calm. خاموش - Sedate, سنجیدہ - Tranquil. ساکن - ٹھہرا ہُوا - استقرہ - باقرار - مطمئن -

Composedly, kom-pōzd'li, *ad.* Calmly; without agitation. استقلال سے -

Composedness, Composure, kom-pōz-ed-nes, kom-pō'zhūr, *n.* Calmness; sedateness; tranquility; self possession. اطمینان - سنجیدگی - امن چین - استقلال -

Composer, kom-pōz'er, *n.* An author. مصنف - انشا پرداز -

Composing-frame, kom-po-sing-frām, *n.* (*Print.*) حرف جمانے کا چوکھٹا - **—rule.** حرف جوڑنے کا رول - **—stick.** حرف جوڑنے کی تختی -

Composite, kom-pōz'it, *a.* Made of two or more distinct parts; compounded. مرکب - جُڑا ہُوا -

Composition, kom-pō-zi'shun, *n.* A mixture; a literary work; combination; compromise; adjustments; synthesis. آمیزش - ملاوٹ - ساخت - بناوٹ - تصنیف - انشا - طبع زاد - تصنیف - ترکیب - صلح -

Compositor, kom-poz'it-er, *n.* One who puts together or sets up types for printing. چھاپے کے حروف بٹھانے والا -

Compost, kom-post, *n.* A mixture for manure. پانس - کھاد -

Composure, kom-po-sure, *n.* Calmness; tranquility. اطمینان - دلجمعی -

Compound, kom'pownd, *v.t.* To mix or combine; to adjust by agreement; to settle amicably. مرکب کرنا - نپٹیرا کرنا - باہمی فیصلہ کرنا -

—*v.i.* To agree or come to terms. راضی نامہ کرنا -

Compound interest. سود در سود -

—*n.* Mixture; the enclosure in which houses stand; enclosure round a house or factory. آمیزش - انگن - احاطہ -

Compounded, kom-pownd-ed, *a.* Made up of several ingredients combined. مرکب - ملوان -

Compounder, kom'pown'der, *n.* One who compoundes. ملانے والا - دوا ساز -

Comprehend, kom-prē-hend, *v.t.* To seize or take up with the mind; to understand. سمجھنا - ملانا - پہونچنا -

Comprehensible, kom-pre-hen-si-bl, *a.* That can be understood. قابل فہم - سمجھنے کے لایق - غور کے قابل -

Comprehension, kom-pre-hen'shun, *n.* Faculty of understanding; intellect. سمجھ - فہمید -

Comprehensive, kom-prē-hen'siv, *a.* Having the power to understand. ذہین - فہیم - Including much. وسیع - Capacious. گنجائش دار - A mind, عالی دماغ -

Syn.—Large, full, extensive.

Comprehensiveness, kom-prē-hens-iv-nes, *n.* Intensiveness of scope. پھیلاؤ -

Compress, komp-pres, *v.t.* To press together; to condense; to force into smallest space. دبانا - گنجان کرنا - بھینچنا - دبوچنا - *n.* A soft pad for applying pressure. گدی - پٹی - بندھن -

Compressed, kom-pres'ed, *a.* Squeezed; embraced. ملا ہُوا - دبا کر سمٹا ہُوا -

Compressibility, kom-pres'ibili-ti, *n.* Quality of being compressible. دباؤ - سکڑاؤ -

Compressible, kom-pres'i-bl, *a.* Yielding to pressure. دبنے یا دبانے کے لائق -

Compression, kom-presh'un, *n.* Pressing together; condensation. دباؤ - انجماد - بھچاؤ -

Compressive, kom-pres'iv, *a.* Able to compress. دباؤ کے لائق -

Comprise, kom-prīz, *v.t.* To contain; to include; to embrace; to comprehend; to sum up. شامل کرنا - ملانا -

Compromise, kom-prō-mīz, *v.t.* To settle dispute by mutual concession; to endanger one's reputation. باہم رفع دفع کرنا - اپنی یا کسی کی شہرت کو خطرہ میں ڈالنا - —*n.* Mutual concession; pledge. رفع دفع - باہمی - صلح -

Comptroller, komp-trō-ler, *n.* Controller; an examiner of the accounts of collectors of public money. خزانہ کا افسر۔ محاسب اعلیٰ۔

Compulsion, *kom-pul'shun, n.* Act of compelling; force; violence; constraint. زبردستی۔ زور۔ زیادتی۔

Compulsory, kom-pul-sor-i, *a.* Obligatory. بالجبر۔ لازمی۔

Compunction, kom-punk'shun, *n.* The sting of conscience; repentence; remorse. تاسف۔ توبہ۔ پشیمانی۔ پچھتاوا۔ خلعش۔ غم۔

Compunctious, kom-pūnk'shi-us, *a.* Giving pain for offences; repentent; remorseful. افسوس کرنے والا

Computable, kom-pu-ta-bl, *a.* Capable of being numbered. قابل تعداد۔ شمار پذیر۔

Computation, kom-pū-ta'shun, *n.* Estimation. تخمینہ۔

Compute, kom'pūt, *v.t.* To reckon; to calculate; to count up. شمار کرنا۔ حساب لگانا۔ گننا۔

Syn.—Number, count, enumerate.

Computer, kom-pū'ter, *n.* A calculator. جوڑنے والا۔

Comrade, kom-rad, *n.* A close companion; an associate. ساتھی۔ رفیق۔ ہمدم۔

Con, kon, *n.* Contraction of *L. contra*—against; تردید۔ رد و بدل۔ اختلاف۔

Pros and *cons*, for and against. حق میں اور برخلاف۔ بحثا بحثی۔

Con, kon, *v.t.* To study carefully; to commit to memory. سیکھنا۔ غور سے دیکھنا۔ حفظ کرنا۔

Concatenate, kon-kate-nāt, *v.t.* To link together; to unite in a series. زنجیر بند کرنا۔ مسلسل کرنا۔ لڑی باندھنا۔

Concatenation, kon-kate-nā-shun, *n.* A series of links or things united. سلسلہ بندی۔ تسلسل۔ لڑی۔

Concave, kon-kāv, *a.* Hollow; incurved. کھوکھلا۔ مڑا ہوا۔

—*n.* A vault. محراب۔

Concavity, kon-kav-i-ti, *n.* Hollowness of a round body. قعر۔ غار۔ جوف۔

Conceal, kon-sēl, *v.t.* To keep secret; to disguise. مخفی رکھنا۔ ڈھانپنا۔

Concealment, kon-sēl-ment, *n.* Act of keeping secret; a hiding place; disguise. پوشیدگی۔ نہفتگی۔ پردگی۔ کمین گاہ۔ روپوشی۔ اخفا۔ —**of birth,** اخفائے تولد۔ —**of birth by the mother,** اخفا تولد۔ از طرف مادر۔ —**of crime,** اخفاء جرم۔ —**of marriage,** اخفاء از دواج۔ **Wilful—,** اخفاء بالقصد۔ **Wilful—of heinous offences,** اخفاء عمداً جرائم سنگین۔

Concede, kon-sēd, *v.t.* To admit; to grant. تسلیم کرنا۔ قبول کرنا۔

Conceit, kon-sēt, *n.* An ill-grounded opinion; fancy; vanity; too high an opinion of oneself. ذہن بے بنیاد۔ خیال خام۔ تصور۔ غرور۔ خود بینی۔ بر جستہ۔ خیال۔ گھمنڈ۔ To put one out of—, نظر یا جی سے گرانا یا اُتارنا۔

Conceited, kon-sēt'ed, *a.* Vain. مغرور۔ خود بین۔

Conceivable, kon-sev'a-bl, *a.* That may be conceived. قرین القیاس۔ ممکن الفہم۔

Conceive, kon-sev, *v.t.* To admit into the womb; to realize in the mind; to imagine. حاملہ ہونا۔ قیاس میں آنا۔ سوچنا۔

—*v.i.* To become pregnant. حاملہ ہونا۔

Concentrate, kon-sen-trāt, *v.t.* To bring to a common centre; to centralize; to unite more closely; to condense. ایک مرکز پہ لانا۔ اکٹھا کرنا۔ جمع کرنا۔

Concentration, kon-sen-trā'shun, *n.* Condensation; the keeping of a mind fixed on something. ہم مرکزی۔ اجتماع۔ دل کا جماؤ۔

Concentric, kon-sen-trik, *a.* Having a common centre. ہم مرکز۔

Conceptible, kon-sep-ti-bl, *a.* Conceivable. قرین القیاس۔

Conception, kon-sep-shun, *n.* Thought; pregnancy. خیال۔ تصور۔ حمل۔

Concern, kon-sern, *v.t.* To affect; to belong to; to interest; to have to do with; to make uneasy. دخل دینا یا اثر کرنا۔ تعلق رکھنا۔ سروکار رکھنا۔ علاقہ یا غرض رکھنا۔ دلگیر کرنا۔ فکرمند کرنا۔

—, *n.* Business; anxiety; solicitude; importance; interest. کار۔ تردد۔ اندیشہ۔ ضرورت۔ واسطہ۔ سروکار۔

Syn.—Care, interest, regard, worry.

Concerned, kon-sern'ed, *a.* Having connection with; interested; anxious; grieved. سروکار رکھنے والا۔ غرض مند یا شوقین۔ متفکر۔ اُداس۔

Concerning, kon-sern'ing, *prep.* Pertaining to; regarding. نسبت۔ بابت۔

Concernment, kon-sern-ment, *n.* An affair; importance; anxiety. کام۔ ضرورت۔ فکر۔

Concert, kon-sert, *v.t.* To contrive together; to plan or act along with others. مشورہ کرنا۔ صلاح کرنا۔ تجویز کرنا۔ *n.* Agreement. اتفاق۔ A musical entertainment. گانے والوں کی مجلس۔ رہس۔ **In—with another,** فلانے کی صلاح یا مت سے۔

Concession, kon-se-shun, *n.* Conceding; grant; privilege. عنایت۔ عطا۔ حق۔

Concessive, kon-se-siv, *a.* Yielded. رعایتی۔

Conch, kongk, *n.* Shell. سنکھ۔ کوڑا۔

Conchology, konk-o-lo'ji, *n.* The science of shell. علم ناقوس۔

Conciliate, kon-si-li'āt, *v.t.* To gain over; to reconcile; to make an enemy into a friend. اپنا کر لینا۔ ملا لینا۔ راضی کر لینا۔ منانا۔

Syn.—Win over, propitiate, engage, pacify.

Conciliation, kon-si-li-a-shun, *n.* Concilement

pacification. اختلاط۔ملنساری۔تسکین۔

Conciliatory, kon-si-li-a'to-ri, *a.* Kind in manner; tending reconcile. دلکش۔دلپسند۔ملنسار۔دلچسپ۔ **A—policy,** تدبیر۔پسندیدہ۔

Concinnity, kon-sini'ti, *n.* Neatness of literary style. سگھڑ پن۔صفائی۔

Concise, kon-sīz, *a.* Brief; short. خلاصہ۔مجمل۔

Syn.—Terse, laconic, succinct, abridged.

Conciseness, kon-sīz-nes, *n.* Shortness; brevity. اختصار۔اجمال۔

Concision, kon-si-sion, *n.* A cutting off; conciseness. کاٹ کوٹ۔اختصار۔سنکشیپ۔

Conclave, kon-klāv, *n.* Any close assembly. خفیہ جلسہ۔

Conclude, kon-klūd, *v.t.* To bring or come to an end; to infer; to settle. ختم کرنا۔نتیجہ نکالنا۔فیصل کرنا۔طے کرنا۔ارادہ کرنا۔

Syn.—Determine, decide, end, finish.

Conclude, kon-klūd, *v.i.* To come to an end; to close; to form a final judgment. آخر ہونا۔تمام ہونا۔ٹھہرنا۔فیصلہ ہونا۔

Conclusible, kon-klu-si-bl, *a.* Determinable. قابل تجویز۔انجام پذیر۔

Conclusion, kon-klū'zhun, *n.* The end; inference. اختتام۔نتیجہ۔

Conclusive, kon-klu-siv, *a.* Decisive; final. مختتم۔قطعی۔شافی۔

Concoct, kon-kokt, *v.t.* To digest; to prepare or mature; to plan; to make up a mixture. تحلیل کرنا۔پختہ کرنا۔تدبیر کرنا۔دوائی ملاکر کاڑھا نکالنا۔

Concoction, kon-kok'shun, *n.* Digestion; preparation; mixture. بناوٹ۔طیاری۔

Concomitance, kon-kom'it-ans, *n.* Co-existence. باہمی۔

Concomitant, kon-kom-it-ant, *a.* Accompanying; conjoined with; attendant. ساتھ۔ملحق۔ہمرکاب۔شامل حال۔

Concord, Concordance, kon-kord, kon-kord'-ans, *n.* The state of being of the same heart or mind; harmony; combination of notes which is pleasant to the ear. مطابقت۔ہم آہنگی۔ —*v.i.* To agree; to harmonize. میل کھانا۔ایک سر ہونا۔

Concordance, kon-kord'ans, *n.* Agreement; accordance. مطابقت۔موافقت۔ہم آہنگی۔ An index to the leading words of a book. لغت نما۔فہرست الفاظ۔

Concordant, kon-kord'ant, *a.* Harmonious; agreeing; correspondent. ہم آہنگ۔موافق۔مطابق۔

Concourse, kon'kōrs, *n.* An assembly; a throng; a crowd. جماعت۔مجمع۔ہجوم۔بھیڑ۔

Concrete, kon-krēt, *a.* United in a mass; opposite to abstract existing to material form. منجمد۔ خاص کسی چیز کا۔جو لمس کیا جا سکے۔

Concrete noun. اسم ذات۔

Concrete number. عدو بالمعدود۔مثلاً تین پیڑ۔

—*n.* A compact mass of gravel, stone, lime, sand, &c. جمایا ہوا روڑا پتھر چونا بالو وغیرہ۔

Concretion, kon-krē'shun, *n.* Act of concreting; a solid mass. بستگی۔انجماد۔

Concubinage, kon'ku-bin-āj, *n.* The keeping of a mistress. مدخولیت۔

Concubine, kon'-ku-bīn, *n.* A woman who lives with a man but who is not his wife; kept mistress. داشتہ عورت۔

Concupiscence, kon-kū'pis-ens, *n.* Violent desire; lust. نفس۔شہوت۔

Concupiscent, kon-kū-pi-sent, *a.* Lustful. شہوتی۔

Concur, kon-kur, *v.i.* To meet in one point; to agree; to join or unite as in one action or opinion (to concur **with** a person in an opinion). متفق ہونا۔متفق الرائے ہونا۔موافق ہونا۔باہم ہونا۔

Concurrence, kon-kur'ens, *n.* Agreement; combination; union of mind; consent. اتفاق رائے۔ایکا۔ایک دلی۔منظوری۔

Concurrent, kon-kur'ent, *a.* Acting in conjunction; working together. متفق۔ایک دل۔ہم پہلو۔ہمدرجہ۔برابر کا۔

Concurrently, kon-kur-ent-li, *ad.* In an agreeing manner. ساتھ ساتھ۔

Concussion, kon-kush'un, *n.* Act of shaking; a shock. لغزش۔جنبش۔صدمہ۔ٹکر۔

Condemn, kon-dem, *v.t.* To pronounce guilty; to censure or blame; to sentence to punishment; to pronounce unfit for use. ملزم قرار دینا۔عیب لگانا۔فتویٰ دینا۔ناقابل ٹھہرانا۔

Condemnable, kon-dem-na-bl, *a.* Worthy of being condemned; blameable. قابل الزام۔

Condemnation, kon-dem-nā'shun, *n.* Sentence of punishment; censure. حکم سزا۔اظہار ناپسندی۔

Condemnatory, kon-dem-na-tori, *a.* Bearing condemnation. متضمن الزام سزا۔حکمی۔

Condemned, kon-demd, *a.* Pronounced to be wrong, guilty or useless. زیر فتوے۔ردی۔

Condemnable, kon-dem-na-bl, *a.* Blameable; culpable. قابل الزام۔

Condensate, Condense, kon-den-sāt, kon-dens, *v.t.* To make dense; to thicken. منجمد کرنا۔بستہ کرنا۔گاڑھا کرنا۔جمانا۔

Condensation, kon-den-sa-shun, *n.* Act of condensing or thickening. گاڑھا پن۔

Condense, Condensate, kon-dens, kon-den-sāt, *v.t.* To compress or reduce by pressure into smaller compass; to consolidate; to thicken;

to abridge. دبا کر چھوٹا کرنا۔ منجمد کرنا۔ گاڑھا کرنا۔ جمانا۔ مختصر یا خلاصہ کرنا۔ بستہ کرنا۔

—*v.i.* To grow thick close. گاڑھا ہونا۔

Condenser, kon-den-sar, *n.* A vessel for condensing air. گاڑھا کرنے والا ایک آلہ۔

Condescend, kon-des-send, *v.i.* To waive a privilege of rank; to stoop; to yield. التفات کرنا۔ متوجہ ہونا۔ مائل ہونا۔ جھکنا۔ دبنا۔

Syn.—Stoop, submit, deign, vouchsafe, yield.

Condescension, kon-de-sen-shun, *n.* Affability to inferiors; graciousness; courtesy. بندہ نوازی۔ التفات۔ تواضع۔

Condign (Pron. *kon-doin*), *a.* Suitable; well deserved; merited. لائق۔ مناسب۔ واجب۔

(A *condign* punishment).

Condiment, kon-di-ment, *a.* Thing used to give relish to the food; sauce. مصالح۔ ذائقہ دینے والی چیز۔

Condition, kon-di-shun, *n.* State; position. حالت۔ Quality. وصف۔ Term of agreement. شرط۔ Rank. درجہ۔ مرتبہ۔ **On—that,** اس شرط پر۔ بشرطیکہ۔

Syn.—State, situation, provision, stipulation, case.

Conditional, kon-di-shun-al, *a.* Implying terms; made with limitations. شرطی۔ مشروط۔

Conditionally, kon-di-shun-al-i, *ad.* With certain limitations. کسی شرط پر۔

Conditioned, kon-di-shund, *a.* Having qualities or properties good or bad. مشروط۔ بُرا بھلا۔

Condolatory, kon-dō-lā-tori, *a.* Expressing condolence. غمخواری ظاہر کرنیوالا۔ ہمدردی دکھلانے والا۔

Condole, kon-dōl, *v.i.* To express sympathy to one in grief. ماتم پرسی کرنا۔ ہمدردی کرنا۔

Condolence, kon-do-lens, *n.* Act of condoling; sympathy. ماتم پرسی۔ ہمدردی۔

Condoler, kon-dō-lar, *n.* دکھ میں شریک۔

Condonation, kon-dō-nā-shun, *n.* Act of pardoning; forgiveness. معافی۔ عفو۔

Condone, kon-dōn, *v.t.* To pardon; to over-look. معاف کرنا۔ چشم پوشی کرنا۔

Conduce, kon-dūs, *v.i.* To promote an end; to contribute. مدد کرنا۔ تقویت دینا۔ باعث ہونا۔

Conducement, kon-dūs-ment, *n.* Tendency. میلان۔

Conducible, kon-du-si-bl, *a.* Tending to promote; leading to; helping to cause. ممد۔ معاون۔ باعث۔

Conducive, kon-dū-siv, *a.* Tending to promote. مائل۔

Conduct, kon-dukt, *n.* Behaviour; guidance; management. چال چلن۔ سلوک۔ رہنمائی۔ انتظام۔

v.t. To lead; to guide; to manage. لے جانا۔ رہنمائی کرنا۔ اہتمام کرنا۔ *v.i.* To behave. سلوک کرنا۔

Conductible, kon-dūk-ti-bl, *a.* That may be conducted. قابل اہتمام۔

Conduction, kon-duk-shun, *n.* Transmission of heat, etc., through a conductor. پہونچانا۔

Conductor, kon-duk-ter, *n.* Leader; manager; that which has the property of transmitting electricity, heat &c. پیشوا۔ اگوا۔ پہونچانے والا۔

Conduit, kon-dult, *n.* A channel or pipe for water; a sewer. نل۔ نلی۔ پرنالہ۔ موری۔

Cone, kōn, *n.* Solid body or figure having a circle for its base, rising regularly, while it reaches to a point or vertex; fruit of pine or fir. مخروط۔ صنوبر کا درخت۔

Confabulate, kon-fa-bu-lāt, *v.t.* To talk familiarly together; to chat. گفتگو کرنا۔ بات چیت کرنا۔ ہم کلام ہونا۔

Confabulation, kon-fa-bu-la-shun, *a.* Familiar talk. گفتگو۔ بات چیت۔ بول چال۔

Confection, kon-fek-shun, *n.* Fruit or medicine prepared with sugar; sweetmeats; preserve. مرتبہ۔ پاگ۔ مٹھائی۔ خمیرہ۔ معجون۔ گلقند وغیرہ۔

Confectioner, kon-fek-shu-ner, *n.* A maker or seller of sweetmeats. حلوائی۔ مربہ ساز۔

Confectionary, kon-fek-shu-nari, *n.* A confectioner's shop; sweetmeat in general. حلوائی کی دوکان۔ مٹھائی۔

Confederacy, kon-fe-de-rasi, *n.* An alliance; a league. عہد و پیمان۔ بندش۔ سازش۔

Confederate, kon-fe-de-rat, *a.* Leagued together; allied. شریک۔ رفیق۔

—*n.* Ally; compliance. دوست۔ ساتھی۔

—*v.t.* or *i.* To unite in league. شریک کرنا۔

Confederation, kon-fe-de-rā-shun, *n.* A league alliance, esp. of princess; esp. permanent union of sovereign States for common external action. اتحاد۔ عہد و پیمان۔

Confer, kon-fer, *v.t.* To grant; to bestow. بخشنا۔ عطا کرنا۔ مرحمت کرنا۔ *v.i.* To consult or discourse together. صلاح کرنا۔ مشورہ کرنا۔

Conferee, kon-fe-rē, *n.* One conferred with. جس سے بات چیت کی جاوے۔

Conference, kon-fe-rens, *n.* Act of conversing; a meeting for discussion. مشورہ۔ جلسہ۔ مباحثہ۔

Conferment, kon-fer-ment, *n.* Conferring of honours, etc. عزت کے خطاب دینا۔

Confess, kon-fes, *v.t.* or *i.* To acknowledge; to own; to hear or make confession. اقرار کرنا۔ قبول کرنا۔ تسلیم کرنا۔

Confessedly, kon-fes-ed-li, *a.* Without denial. بلاشک۔

Confession, kon-fe-shun, *n.* Act of confessing; acknowledgment. اقبال۔ اعتراف۔

Syn.—Acknowledgment, admission, avowal.

Ant.—Denial, concealment, dissimulation.

Confessional, kon-fesh-nal, *n.* The seat or enclo-

sed recess where a priest hears confession. پادریوں کا کمرہ۔

Confessor, kon-fes-or, *n.* One who confesses; a priest who hears confession. گناہوں کا اقرار کرنیوالا۔

Confidant, kon-fi-dant, *n.* (*Fem.* **Confidante**). A bosom friend. رازدار۔ ہمراز۔ معتمد۔ جگری دوست۔

Confide, kon-fīd, *v.i.* To trust wholly or have faith; to rely upon. اعتبار کرنا۔ بھروسہ کرنا۔
—*v.t.* To entrust. سپرد کرنا۔

Confidence, kon-fi-dens, *n.* Firm belief; trust; assurance; boldness. اعتقاد۔ بھروسہ۔ یقین۔ دلیری۔
Syn.—Trust, hope, expectation.

Confident, kon-fi-dent, *a.* Trusting fully; positive; bold. پورا بھروسہ رکھنے والا۔ بے شک۔ مستقل۔

Confidential, kon-fi-den-shal, *a.* Trustworthy; faithful; private. معتبر۔ رازدار۔ خفیہ۔ بھیدی۔

Confidentially, kon-fi-den-shali, *a.* Without fear of miscarriage. بلا خوف۔

Confidently, kon-fi-den-tli, *ad.* Without doubt; positively. بلاشبہ۔ بالیقین۔ بھروسہ کرکے۔ ندھڑک۔

Configuration, kon-fig-ura-shun, *n.* External form; outline. شکل۔ بناوٹ۔ ترکیب۔ *pl.* Aspect of planets. سیاروں کی صورت۔

Confine, kon-fīn, *n.* (*gen.* in *pl.*) border; boundary. سرحد۔
—*v.t.* To border; to limit; to enclose; to imprison; to restraint. باندھنا۔ حد باندھنا۔ گھیرنا۔ قید میں ڈالنا۔ روکنا۔

Confined, kon-fīnd, *a.* Limited; imprisoned; narrow. محدود۔ قید۔ تنگ۔

Confinement, kon-fīn-ment, *n.* Imprisonment; restraint. قید۔ گرفتاری۔ روک۔ Seclusion. خلوت نشینی۔ عزت گزینی۔ کنارہ کشی۔ Childbirth. حالت زچگی۔ Sickness. علالت۔ بیماری۔

Confirm, kon-ferm, *v.t.* To establish more firmly; to strengthen; to ratify; to render certain; to sanction. قائم کرنا۔

Confirmation, kon-ferm-ā-shun, *n.* Act of confirming; proof; an ecclesiastical rite; convincing proof; the rite of admitting to full communion. استحکام۔ صداقت۔ ثبوت۔ مسیحی کلیسہ کی رسم۔

Confirmative, kon-fer-ma-tiv, *a.* Having power to confirm. پکا کرنے کی طاقت رکھتا ہوا۔

Confirmatory, Confirmed, kon-fer-mā-tori, kon-firm-d, *a.* Corroborating. تصدیق کرنیوالا۔

Confirmed, kon-firm-d, *a.* Settled; habitual. پکا۔ عادی۔ مضبوط۔ قائم۔ برقرار۔ بحال۔

Confiscable, kon-fis-kā-bl, *a.* Liable to forfeiture. قرق کرلینے کے لائق۔

Confiscate, kon-fis-kat, *v.t.* To seize private property; to appropriate to the state, as a penalty. قرق کرنا۔ ضبط کرنا۔

Confiscation, kon-fis-kā'shun, *n.* Forfeiture of property (as punishment). قرقی۔

Conflagrant, kon-flag-rant, *a.* Burning. جلتا ہوا۔

Conflagration, kun-flag-rā'shun, *n.* A great fire. آتش زدگی۔ شعلہ زنی۔

Conflict, kon-flikt, *n.* Violent collision; struggle for contest; combat; mental struggle. ٹکر۔ جنگ و جدل۔ مقابلہ۔ جد و جہد۔
—*v.i.* To collide; to contend. ٹکرانا۔ جھگڑنا۔

Conflicting, kon flikt-ing *pp.* Contradictory; opposing. خلاف۔ برعکس۔

Confluence, kon-flu'ens, *n.* Junction of streams; concourse. سنگم۔ اتصال۔ بھیڑ۔

Confluent, kon-flū'ent, *a.* Flowing together. ایک ساتھ بہنے والا۔ ملوان۔

Conflux, kon-fluks, *n.* Flowing together; large assembly; concourse. کئی دریاؤں کا ملکر بہنا۔ گروہ۔ انبوہ۔

Conform, kon-form, *v.i.* To comply with; to be of the same form; to obey. منظور کرنا۔ قبول کرنا۔ یکساں ہونا۔ اطاعت کرنا۔ *v.t.* To make alike. ہم شکل کرنا۔ موافق کرنا۔ ایک میل کرنا۔

Conformable, kon-form-ā-bl, *a.* Consistent; agreeable. موافق۔ یکساں۔

Conformably, kon-form'ā-bli, *ad.* Suitably. مطابق۔

Conformation, kon-for-mā'shun, *n.* A proper disposition of parts; structure; adaptation. ترکیب۔ بناوٹ۔ ڈھانچہ۔ موافقت۔

Conformity, kon-form'i-ti, *n.* Correspondence to. موافقت۔

Confound, kon-fownd, *v.t.* To mingle; to confuse; to perplex; to abash; to throw into consternation. مخلوط کرنا۔ ملانا۔ گڑبڑ کرنا۔ گھبرانا۔ حیران کرنا۔ شرمندہ کرنا۔ پشیمان کرنا۔

Confounded, kon-fownd-ed, *a.* Perplexed; extreme; great. پریشان۔ اشد۔ پرلے درجہ کا۔

Confoundedly, kon-fownd-ed-li, *ad.* Shamefully; hatefully. پشیمانی سے۔

Confraternity, kon-fra-ter-niti, *n.* Brotherhood. بھائی چارہ۔ برادری۔

Confront, kon'frunt, *v.t.* and *i.* To stand face to face. روبرو ہونا۔

Confuse, kon-fūz, *v.t.* To disorder; to confound; to mix or jumble up; to disconcert; to make one at a loss what to think. ابتر کرنا۔ گھبرانا۔ خلط ملط کرنا۔ منتشر کرنا۔

Confused, kon'fūzd, *a.* Disordered; perplexed. خلط ملط۔ پریشان۔

Confusedly, kon-fūz-ed'li, *ad.* Indistinctly. گھبراہٹ سے۔

Confusion, kon-fū-zhun, *n.* Disorder; tumult;

distraction; abashment; defeat. ابتری۔ ہڑبڑی۔ گھبراہٹ۔ غوغا۔ حیرانی۔ انتشار حواس یا خیال۔ شرمندگی۔

Confutable, kon-fū-ta-bl, *a.* That may be disproved. جائز۔ ناروا۔ قابل تردید۔

Confutation, kon-fū-ta-shun, *n.* Act of confuting or proving to be false; disproof. تردید۔ ابطال۔

Confute, kon-fūt, *v.t.* To prove to be false; to refute; to put an end to. جھوٹا کرنا۔ رد کرنا۔ بند کرنا۔

Conge (Pro. *kon-zhe*), *n.* A bow; reverence; leave taking. سلام۔ کورنش۔ وداع۔ رخصت۔

Congeal, kon'jēl, *v.i.* To pass from fluid to solid, as by cold; to stiffen; to coagulate. جمنا۔ کڑا ہوجانا۔ چکا بن جانا۔

—*v.t.* To freeze; to solidify. جمانا۔ ٹھوس کرنا۔

Congealable, kon-jēl'a-bl, *a.* That which may be frozen. جمنے کے لایق۔

Congelation, kon-jē-la'shun, *n.* Turning fluids to solids by cold. جماوٹ۔

Congener, kon'jē-ner, *n.* A thing of the same nature. ہم قسم۔ ہم جنس۔ ایک ذات۔

Congenial, kon-jē'ni-al, *a.* Of the same genius, spirit or tastes; sympathetic. ہم طبع۔ ہمدردی کرنیوالا۔

Congeniality, kon-jē-ni-al'i-ti, *n.* Natural affinity. ہمجنسی۔

Congenital, kon-jen-i-tal, *a.* Of the same birth. ہم زاد۔

Congeries, kon-jē-rēs, *n.* Gathered mass. اجتماع۔

Congest, kon-jest, *v.t.* To collect in a mass; to cause an excessive accumulation of blood. جمع کرنا۔ انبار کرنا۔ بٹورنا۔ بہت خون بھرنا۔

Congested, kon-jest'ed, *a.* Containing an unnatural accumulation of blood; overcrowded. خون سے بھرا ہوا۔ بھرپور۔

Congestion, kon-jes'shun, *n.* Under accumulation of blood. انجماد خون۔

Congiaciate, kon-gla-shi-āt, *v.t.* To turn into ice. برف بنانا۔

Conglobate, Conglobulate, kon-glo-bāt, kon-glo-bu-lāt, *v.t.* and *i.* To form into a globe. گولا باندھنا یا بندھنا۔ گٹھلانا۔

Conglomerate, kon-glo-mer-āt, *v.t.* To gather into a ball. گولا باندھنا۔ پنڈا باندھنا۔

Conglomeration, kon-glo-mer-a-shun, *n.* A gathering into a mass; collection; accumulation. انجماد۔ اجتماع۔

Conglutinate, kon-glu-tin-āt, *v.t.* To glue together; to cement; to unite. جوڑنا۔ ملانا۔ جمانا۔

Congratulate, kon-grat-ū-lāt, *v.t.* To wish joy to on any fortunate event. مبارکباد دینا۔

Congratulation, kon-grat-ū-la-shun, *n.* A wish of joy on account of something good that has happened. مبارکبادی تہنیت۔ —letter, تہنیت نامہ۔

Congratulatory, kon-grat-ū-lā-to-ri, *a.* Expressive of joy. بدھائی کا۔

Congregate, kon-grē-gāt, *v.t.* or *i.* To gather together; to meet; to assemble. جمع ہونا۔ فراہم ہونا۔ اکٹھا ہونا۔ **equals with equals often—,** اکثر برابر والے برابر والوں سے ملتے ہیں۔

Congregation, kon-grē-ga'shun, *n.* Assemblage of persons or things. مذہبی مجلس۔ جماعت۔

Congregational, kon-grē-ga-shun-al, *a.* Of or pertaining to congregation. مذہبی مجلس کے متعلق۔

Congress, kong'gres, *n.* A meeting for setting public business. سبھا۔ مجمع۔ مجلس۔ جماعت۔ The Parliament of the United States. امریکہ کی پارلیمنٹ۔

Congruent, kon-gru-ent, *a.* Agreeing; suitable; fit. موافق۔ مطابق۔ مناسب۔

Congruity, kon-groo'i-ti, *n.* Agreement between things; fitness. اتفاق۔ موافقت۔

Congruous, kong-groo'us, *a.* Agreeble; fit; consistent. موافق۔ ٹھیک۔ ہمراہ۔ یکساں۔

Congruously, kon-groo-us-li, *ad.* Suitably; consistently. ایک ڈھنگ سے۔

Conic, Conical, kon-ik, kon-i-kal, *n.* Having the form of a cone. مخروطی۔ گاؤدم۔

Conjectural, kon-jek-tur-al, *a.* Depending on conjecture. خیالی۔ قیاسی۔ اٹکل پچو۔

Conjecture, kon-jek'tūr, *n.* Opinion without proof; guess; idea. اٹکل۔ قیاس۔ خیال۔ *A mere conjecture.* اٹکل پچو۔

—*v.t.* To guess; to form an opinion without evidence. اٹکل کرنا۔ اندازہ لگانا۔

Conjecturer, kon-jek-tūr-er, *n.* One who forms opinion without evidence; one who guesses. خیالی اٹکل پچو۔

Conjoin, kon-join, *v.t.* To connect; to unite. جوڑنا۔ ملانا۔ متحد کرنا۔

Conjoint, Conjoined, kon-joint, kon-joind, *as.* United; associated. جڑا ہوا۔ ملا ہوا۔

Conjointly, kon-joint-li, *ad.* Unitedly; together. ملکر۔ بالاشتراک۔

Conjugal, kon-joo-gal, *a.* Of marriage; connubial. نکاحی۔ میاں بی بی کا۔

Conjugate, kon-joo-gāt, *v.t.* To join. ملانا۔ جوڑنا۔ To inflect verbs. گردانا۔ تصرف کرنا۔ —*a.* Joined; in pairs. دو۔ جفت۔ جڑوان۔ زوج۔ توام۔

Conjugation, kon-joo-ga'shun, *n.* Joining together; (*Gram.*) scheme of verbal inflection. اتصال۔ گردان۔ تصرف۔

Conjunction, kon-junk'shun, *n.* A meeting; union. اجتماع۔ وصل۔ ملانا۔ جوڑ۔ (Gram.) A part of speech. حرف عطف۔

Conjunctive, kon-junk'tiv, *a.* Closely united; joined together. جڑا ہوا۔

Conjunctively, kon-junk-tiv-li, *ad.* Together. باہم۔

Conjuncture, kon-junk'tūr, *n.* A critical time; combination; union. نازک وقت۔ اتفاق۔

Conjuration, kon-joo-rā'shun, *n.* Summoning in a solemn manner. قسم دے کر طلب کرنا۔

Conjure, kon-joor, *v.t.* To bind an oath. قسم دلانا۔ سوگند دینا۔ *v.i.* To practise magical arts; to bewitch. جادو کرنا۔ ٹوٹکا کرنا۔ **To—up,** منتر سے طلب کر لینا۔ آپ ہی پیدا یا خیال یا ایجاد کر لینا۔

Syn.—Juggle, enchant, charm.

Conjurer, kon-joor-er, *n.* One who practises magic. جادوگر۔

Connate, kon'at, *a.* Born at the same time; united. ہمزاد۔ جڑوان۔

Connect, kon-ekt, *v.t.* To tie or fasten together; to establish a relation between; to associate. جوڑنا۔ ہم رشتہ کرنا۔ ملانا۔

Connection, Connexion, kon-ek'shun, *n.* Act of joining; union; relation; kindred; association; circle of friends. جوڑ۔ تعلق۔ علاقہ۔ وصل۔ میل۔ قرابت۔ رشتہ دار۔ بھائی بند۔ تعلقات۔ جماعت۔

Syn.—Union, coherence, junction, intercourse.

Connective, kon-ek-tiv, *a.* That serves to connect. جوڑنے والا۔

—*n.* (*Gram.*) a word that joins sentences and words. جوڑنے والا لفظ۔

Conner, kon-er, *n.* An inspector. ناظر۔ داروغہ۔

Connivance, kon-ī-vans, *n.* Voluntary blindness to another's evil deed. چشم پوشی کرنا۔

Connive, ko-nīv, *v.i.* To wink at; to pretend ignorance; to take no notice of. چشم پوشی کرنا۔ تغافل کرنا۔ اغماض کرنا۔ انا کانی کرنا۔

Connoisseur, kon-o-is'zewr, *n.* Critical judge of the works of art. صاحب تمیز۔ دقیقہ شناس۔

Connotation, kon-ō-tā'shun, *n.* An inference; an implication. نتیجہ۔ دلالت۔

Connote, kon-ōt, *v.t.* To imply; to suggest certain attributes; to signify secondarily. دلالت کرنا۔ جتانا۔ اشارہ کرنا۔ بعض اوصاف پر ایما کرنا۔

Connubial, kon-ū'bi-al, *a.* Matrimonial. میاں بی بی کے متعلق۔

Conquer, kon-ker, *v.t.* To gain by conquest; to overcome; to subdue; to acquire; to vanquish; to surmount. فتح کرنا۔ مغلوب کرنا۔ زیر کرنا۔ حاصل کرنا۔ فرو کرنا۔ سر کرنا۔

Conquerable, kon-ker'a-bl, *a.* Possible to be overcome. قابل فتح۔

Conqueror, kon-qu-er'or, *n.* A victor. فتح مند۔ مظفر۔ ملک گیر۔ ناصر۔

Conquest, kon-qu'est, *n.* Victory; subjugation; object conquered. فتح۔ تسخیر۔ ملک۔ مفتوح۔

Consanguineous, kon-san-gu'in-us, *a.* Related. ناتے دار۔

Consanguinity, kon-san-gu'in-i-ti, *n.* Relationship by blood. قرابت۔ یگانگی۔ رشتہ۔ (**L. con.** *and* **sanguis,** *blood*).

Conscience, kon-shens, *n.* The knowledge of our own acts and feelings as right or wrong; the moral sense of duty; consciousness; honesty; justice. ضمیر۔ سمجھ۔ ایمان۔ عدل۔

Conscientious, kon-sh-en'shus, *a.* Guided by what conscience says is right; acting uprightly according to conscience. ایماندار۔ راست۔ صاحب انصاف۔ دیانتدار۔ صاف باطن۔

Syn.—Scrupulous, honest, faithful, just, upright.

Conscientiously, kon-shen-shus'li, *ad.* According to the direction of conscience. حسب الہدایت ضمیر۔

Conscientiousness, kon-shen-shus'nes, *n.* Strict regard to conscience. ایمانداری۔

Conscionable, kon-shi-on-abl, *a.* Reasonable; right; just. معقول۔ سچا۔ راست باز۔

Conscious, kon'shus, *a.* Having the feeling or internal knowledge of something; aware. واقف۔ آگاہ۔

Consciousness, kon'shus-nes, *n.* Knowledge of what passes in one's own mind; sensibility. وقوف۔ علم۔ آگاہی۔ واقفیت۔ خبر۔

Conscribe, kon-skrīb, *v.i.* To enlist compulsorily in the military service. زبردستی فوجی ملازمت میں بھرتی کرنا

Conscript, kon'skript, *a.* Enrolled; registered. بھرتی کیا ہوا۔ مندرج فہرست۔ *n.* One whose name is written down to serve as a soldier or a sailor; a recruit. رنگروٹ۔ جبرن بھرتی کیا ہوا سپاہی۔

Conscription, kon-skrip'shun, *n.* Compulsory enrolment. جبراً فوج میں بھرتی کرنا۔

Consecrate, kon'se-krāt, *v.t.* To set apart for a holy use; to make sacred; to dedicate; to render venerable. متبرک کرنا۔ مخصوص کرنا۔ نیاز کرنا۔

Consecration, kon-se-krā'shun, *n.* The act of devoting to sacred use. تقدیس۔

Consecution, kon-se-kū-shun, *n.* Series of things that follow one another. یکے بعد دیگرے ہونا۔

Consecutive, kon-se-kū-tiv, *a.* Following in proper order; regularly succeeding. مسلسل۔ متواتر۔ یکے بعد دیگرے۔

Consecutively, kon-se-kū-tiv-li, *ad.* Successively. سلسلے وار۔

Conseminate, kon-se-min-āt, *v.t.* To sow mixed seeds. ملے ہوئے بیج بونا۔

Consensus, kon-sen-sus, *n.* Agreement; unanimity. اتفاق۔موافقت۔

Derogation, de-ro-ga-shun, *n.* Detraction; diminution. بے قدری ۔

Derogatory, de-ro-ga-to-ri, *a.* Degrading; detracting; injurious. کم قدر کرنے والا ۔ معیوب ۔ باعث کسر شان ۔ حقارت آمیز ۔ نقصان دہ ۔

Descant, des'kant, *v.t.* To sing in parts; to discourse; to make a speech. سرود کرنا ۔ گانا ۔ بیان کرنا ۔

—*n.* A song in parts; a discourse. سرود ۔ گیت ۔ بیان ۔

Descend, de-send, *v.i.* To come down; to fall upon; to stoop; to make an invasion; to be derived from. نازل ہونا ۔ ترنا ۔ اپنے کو نیچا کرنا ۔ حملہ آور ہونا ۔ نسل سے ہونا ۔ نکلنا ۔

Descendant, de-sen-dent, *n.* The offspring of an ancestor; (*pl.*) progeny. اولاد ۔ بنس ۔

Descent, de-sent, *n.* Progress downwards; declivity; invasion; birth; fall. اُتارنا ۔ نزول ۔ نشیب ۔

وراثت میں۔ —By یورش ۔ حملہ ۔ پیدائش ۔ تنزل ۔ ابتری میں۔ ورثہ میں۔

Describe, des-krīb, *v.t.* To give an account of; to delineate; to represent by words; to draw; to set. ذکر کرنا ۔ کھینچنا۔

Description, des-krip-shun, *n.* A definition; narrative; an account. تعریف ۔ بیان ۔ کیفیت ۔ تذکرہ۔ Sort.— قماش ۔ وضع ۔ چال ۔ قسم۔ —**of a person,** حلیہ ۔ بشرا ۔ شکل ۔ صورت ۔

Descriptive, des-krip-tiv, *a.* Containing description. مظہر ۔ تعریفی ۔

Descry, des-krī, *v.i.* To spy out at a distance; to detect; to discover. دیکھ لینا ۔ دریافت کرنا ۔ معلوم کرنا۔

Desecrate, de-sek-rāt, *v.t.* To pollute; to pervert from a sacred purpose; to profane. پلید کرنا ۔ کام میں لانا۔

Desecration, de-sek-rā-shun, *n.* Profanation. ناپاکی ۔ پلیدگی ۔ آلودگی۔

Desert, dez'ert, *a.* Solitary; wild. ویران ۔ لق و دق ۔ اجاڑ۔
—*n.* Wilderness; vast sandy plain. جنگل ۔ ریگستان۔
—*v.i.* To run away. بھاگ جانا۔
—*n.* Reward; merit; worth; excellence. قابلیت ۔ لیاقت ۔

Desert, de'zert, *v.i.* To forsake; to abandon; to abscond; to quit; to leave. چھوڑ دینا ۔ چھوڑ بھاگنا۔

Desertion, de-zer-shun, *n.* Act of abandoning; wilful abandonment; an absconding. ترک ۔ علیحدگی ۔ فرار ۔ ہجرت ۔

Deserve, de-zerv, *v.t.* To be fit for; to be worthy of; to merit. لائق ہونا ۔ حق رکھنا۔
First deserve and then desire. پہلے مستحق ہو پیچھے مانگو۔

Deservedly, de-zervd-li, *ad.* According to desert; justly. لیاقتاً ۔ استحقاقاً ۔ واجبی ۔ انصاف سے۔

Deserving, de-zer-ving, *a.* Worthy; meriting. سزاوار ۔ قابل ۔

Deshabille (*des-a-bil*), *n.* An undress. گھر کا معمولی لباس ۔ سونے کے کپڑے۔

Desiccant, de-sik-kant, *a.* Tending to dry. خشک کرنیوالا ۔ جاذب۔

Desiccate, des-ik-āt, *v.t.* To dry up. خشک کرنا ۔ سکھانا ۔ جذب کرنا۔

Desiderate, de-si-der-āt, *v.t.* To desire earnestly; to want. ضرورت رکھنا ۔ خواہش کرنا۔

Desideratum, de-si-der-a-tum, *n.* (*Pl.* **Desiderata**) A real want; anything desired. حاجت ۔ ضرورت ۔ خواہش۔

Design, de-zīg, *v.t.* To purpose; to sketch; to plan; to draw; to intend. قصد کرنا ۔ بندش کرنا ۔ ارادہ کرنا ۔ نقشہ بنانا ۔ خاکہ اتارنا۔ —*n.* A purpose; sketch; intention; plot; aim; draft; artistic idea. قصد ۔ نقشہ ۔ ارادہ ۔ مدعا ۔ سازش ۔ کچا نقشہ ۔ صنعتی تصویر ۔

Syn.—Plan, purpose, means, project, scheme.

Designate, de-zig-nāt, *v.t.* To point out; to show; to denominate. ظاہر کرنا ۔ موسوم کرنا۔

Designation, de-zig-nā-shun, *n.* Act of pointing out; a distinctive title; signification. لقب ۔ اخت ۔ معنی ۔ مراد ۔ مطلب۔

Designedly, de-zīn-ed-li, *ad.* Purposely. دیدہ دانستہ۔

Designing, de-zīn-ing, *a.* Insiduous; treacherous; artful; scheming. فطرتی ۔ دغاباز ۔ ریاکار ۔ فریبی ۔ عیار ۔

Desirable, de-zīr-a-bl, *a.* Worthy of desire; pleasing; elegible; agreeable; preferable; proper. دل پسند ۔ مرغوب ۔ دلخواہ ۔ احسن ۔ حسب دلخواہ ۔ معقول ۔ خاص ۔

Desire, de-zīr, *n.* Wish; eagerness to obtain or enjoy; longing; the object of desire. خواہش ۔ شوق ۔ تمنا ۔ آرزو ۔ رغبت ۔ مراد ۔ مقصد۔
Syn.—Inclination, craving, eagerness.
——, *v.i.* To wish; to long for; to aspire after; to ask. چاہنا ۔ خواہش کرنا ۔ اشتیاق رکھنا ۔ عرض کرنا ۔

Desirous, de-zī-rus, *a.* Full of desire; eager. خواہاں ۔ آرزومند ۔ شایق ۔
Syn.—Eager, covetous, solicitous.

Desist, de-sist, *v.t.* To stop; to cease; to forbear. باز رہنا ۔ پرہیز کرنا۔

Desk, desk, *n.* An inclined table for writing or reading. ڈھلوان میز۔

Desolate, de-so-lāt, *a.* Barren; unpopulated; solitary; without inhabitants; comfortless. ویران ۔ سنسان ۔ اداس ۔
—*v.t.* To deprive of inhabitants to lay waste. ویران کرنا ۔ تباہ کرنا۔

Desolation, de-so-la-shun, *n.* Destruction; waste; run wretchedness. بربادی ۔ ویران ۔ سنسان ۔ اجاڑ ۔ بدبختی ۔ آشفتگی ۔

Despair, des-pār, *n.* Disappointment; despondency; loss of hope; hopelessness. مایوسی ۔ نراشا ۔

Despair, des-pār, *v.t.* To be without hope; to despond. مایوس ہونا ۔ ناامید ہونا۔

Despatch, des-pach, *v.i.* To send away hastily; to hasten; to expedite; to kill; to finish. روانہ کرنا ۔ بھیجنا ۔ قتل کرنا ۔ ختم کرنا۔
——, *n.* Rapid performance; a government message; any sending away; an important letter or communication on public affairs. شتاب کاری ۔ سرکاری روبکار ۔ مراسلہ ۔ خبر ۔ ڈاک ۔

Despatcher, des-pa-char, *n.* One that despatches. ڈاک روانہ کرنے والا۔

Desperado, des-pe-rā-do, *n.* A desperate fellow; a mad man. بیباک شخص ۔ دیوانہ ۔

Desperate, des-pe-rāt, *a.* Hopeless; violent; rash; fearless. مایوس ۔ ناامید ۔ پریشان خشمگیں ۔ بے خوف ۔

—**character,** سینہ زور ۔ بدمعاش ۔ شہدہ ۔

Syn.—Despairing, furious, frantic.

Desperation, des-pe-rā-shun, *n.* Despair ; hopelessness. مایوسی ۔ ناامیدی ۔

Despicable, des-pik-abl, *a.* Contemptible ; base ; mean ; vile ; sordid. ذلیل ۔ حقیر ۔ کمینہ ۔ پاجی ۔

Despise, des-pīz, *v.t.* To look down upon ; to scorn ; to contemn ; to hold in a contempt. حقیر جاننا ۔ نفرت کرنا ۔ حقارت کرنا ۔

Despite, des-pīt, *n.* Malice ; defiance. دشمنی ۔ ضد ۔ مقابلہ ۔ بغض ۔ از حد کینہ پروری ۔ *prep.* In spite of ; notwithstanding. باوجودیکہ ۔ حالانکہ ۔ برخلاف ۔

Despiteful, des-pīt-fool, *a.* Malignant ; malicious. بداندیش ۔ کینہ ور

Despoil, des-poil, *v.t.* To rob ; to spoil ; to deprive ; to strip. لوٹنا ۔ چھین لینا ۔ محروم کرنا ۔ اُتار لینا ۔

Despond, des-pond, *v.i.* To despair ; to lose hope ; to be dejected. مایوس ہونا ۔ بے دل ہونا ۔

Despondency, des-pon-den-si, *n.* State of despair ; dejection. مایوسی ۔ ناامیدی ۔ دلگیری ۔ یاس ۔

Syn.—Dejection ; depression, discouragement, sadness.

Despondent, des-pon-dent, *a.* Hopeless ; dejected ; despirited ; depressed. افسردہ دل ۔ بے دل ۔ مایوس ۔

Despot, des-pot, *n.* An absolute prince ; a tyrant ; an autocrat. مطلق العنان بادشاہ ۔ ظالم ۔

Despotic, des-po-tik, *a.* Tyrannical ; autocratic ; absolute in power. خودمختار ۔ ظالم ۔

Despotism, des-po-tizm, *n.* Absolute power ; the government of a despot or autocrat. خودمختاری ۔ مطلق العنانی ۔ بے آئینی ۔ خودمختار بادشاہ کی حکومت ۔

Dessert, de-ser-t, *n.* Ending dinner ; a service of pastry, fruits, &c., after an entertainment. ضیافت کے بعد پھل وغیرہ کی تواضع ۔ ناشتہ وغیرہ ۔

Destination, des-ti-na-shun, *n.* Predetermined object ; design ; end of a journey. مدنظر ۔ مراد ۔ ارادہ ۔ منزل ۔ مقصود ۔

Syn.—Lot, fate, destiny, inclination.

Destine, des-tīn, *v.t.* To doom ; to decree ; to ordain ; to fix unalterably ; to appoint. مقرر کرنا ۔ تقدیر میں ہونا ۔ قرار دینا ۔ ٹھہرانا ۔

Destiny, des-ti-ni, *n.* Invincible necessity ; predetermined event ; fate. قسمت ۔ تقدیر ۔

Destitute, des-ti-tūt, *a.* In want ; forsaken ; needy ; indigent ; deficient. محتاج ۔ عاجز ۔ مفلس ۔ تہی دست ۔ ننگا ۔ بھوکا ۔ محروم ۔ بے کس ۔ بے نوا ۔

Destitution, des-ti-tu-shun, *n.* Resourcelessness ; deprivation ; extreme poverty. محرومی ۔ محتاجی ۔

Destroy, dest-roy, *v.t.* To demolish ; to ruin ; to annihilate ; to extirpate ; to lay waste ; to kill. مسمار کرنا ۔ برباد کرنا ۔ منہدم کرنا ۔ تلف کرنا ۔ اجاڑ کرنا ۔ غارت کرنا ۔ ہلاک کرنا ۔ بیخ کنی کرنا ۔ معدوم کرنا ۔ قتل کرنا ۔

Destructible, des-truk-ti-bl, *a.* Liable to destruction. قابل برباد ہونے کے ۔

Destruction, des-truk-shun, *n.* Act of destroying ; ruin ; eternal death. بربادی ۔ معدومیت ۔ ویرانی ۔ تخریب ۔ اتلاف ۔ فنا ۔

Destructive, des-truk-tiv, *a.* Fatal ; wasteful ; ruinous ; mortal. مہلک ۔ مار دینے والی ۔

Desudation, de-su-da-shun, *n.* A profuse sweating ; eruption of small pimples. بہت پسینا نکلنا ۔ چھوٹی چھوٹی پھنسیوں کا نکلنا ۔

Desuetude, des-u-tūd, *n.* Cessation of use. بے استعمالی ۔ عدم رواجی ۔

Desultoriness, de-sul-to-ri-nes, *n.* Unconnectedness ; unmethodical state. بے ترتیبی ۔ بے قاعدگی ۔

Desultory, de-sul-to-ri, *a.* Unmethodical ; unconnected ; out of course. بے ترتیب ۔ غیر مسلسل ۔ بے ربط ۔

Syn.—Inconstant, rambling, cursory, unsettled.

Detach, de-tach, *v.t.* To separate ; to disengage ; to send off a party. الگ کرنا ۔ چھوڑانا ۔ روانہ کرنا ۔

Syn.—Separate, disunite, disengage.

Detachment, de-tach-ment, *n.* Separation ; a body of troops sent out from the main army. لشکر ۔ غول ۔ جدائی ۔

Detail, de-tāl, *v.t.* To relate particularly ; to narrate ; to enumerate ; to set apart. تفصیل کرنا ۔ مفصل بیان کرنا ۔ تفریق کرنا ۔ تشریح کرنا ۔ الگ کرنا (کسی خدمت کے واسطے) *n.* A minute account ; a narrative. مفصل بیان ۔ کیفیت ۔ بیورا ۔ تشریح ۔

In ——, رقموار ۔ تفصیل وار ۔ مفصلاً ۔

Syn.—Account, narrative, relation, recital.

Detain, de-tān, *v.t.* To withhold ; to keep back ; to delay ; to keep in custody. باز رکھنا ۔ روکنا ۔ ٹھہرانا ۔ حراست میں رکھنا ۔ تحویل میں رکھنا ۔

Syn.—Stop, hinder, check, retard.

Detect, de-tekt, *v.t.* To discover ; to find out a crime or artifice ; to make known ; to bring to light. دریافت کرنا ۔ گرفت کرنا ۔ تاڑ جانا ۔ ظاہر کرنا ۔ کھول دینا ۔

Detection, de-tek-shun, *n.* Discovery of guilt. افشا ۔

Detective, de-tekt-tiv, *a.* Skilled or employed in detecting. گرفت کرنیوالا ۔ کاشف ۔ مجرموں کو خفیہ طور سے گرفت کرنیوالا ۔ *n.* A policeman whose business is to detect rogues. اہلکار ۔ خفیہ پولیس ۔

Detenebrate, de-ten-ē-br-āt, *v.t.* To dispel darkness. اندھکار دور کرنا ۔

Detention, de-ten-shun, *n.* Act of detaining ; delay ; confinement ; restraint. توقف ۔ دیر ۔ قید ۔ دباؤ ۔

Deter, de-ter, *v.t.* To hinder ; to prevent by fear. روکنا ۔ ڈرا کر روکنا ۔

Deterge, de-terj, *v.t.* To cleanse ; to purge away.

صاف کرنا۔ الائش دور کرنا۔

Detergent, de-ter-jent, *a.* Purging; cleansing. الائش دور کرنیوالا۔ مصفی زخم۔

Deteriorate, de-teri-or-āt, *v.i.* To degenerate; to impair; to become worse. بگڑنا۔ ناقص ہونا۔ خراب ہونا۔ بٹا لگنا۔ خراب ہو جانا۔ کم قدر ہونا۔ *v.t.* To make worse; to impair. خراب کرنا۔ بگاڑنا۔ ابتر کرنا۔

Deterioration, de-te-ri-or-a-shun, *n.* Act of making worse. خرابی۔ ابتری۔ بربادی۔

Syn.—Debasement, degradation, depravation.

Determinate, de-ter-mi-nāt, *a.* Determined; limited; definite; conclusive. معیّن۔ محدود۔ محقّق۔ مقرر۔ مصمم۔ قاطع۔ شافی۔ ناطق۔ *pp.* Ended; determined upon; decided. تمام۔ منقطی۔ مقصود۔ مجوّزہ۔ قطعی۔ مستقل۔ *v.t.* To end. تمام یا ختم کرنا۔

Determination, de-ter'mi-na-shun, *n.* Decision; resolution; impulsion; end. تحریک۔ انجام۔

Determinative, de-ter'mi-na-tiv, *a.* Limiting; conclusive. مقرری۔ یقینی۔

Determine, dē-ter-mīn, *v.t.* To limit; to fix; to define; to finish; to influence; to decide; to shape; to define. حد باندھنا۔ مقرر کرنا۔ تعیّن کرنا۔ ٹھہرانا۔ ختم کرنا۔ تجویز یا فیصلہ کرنا۔ ڈول پر لانا۔ قرینہ باندھنا۔ تعریف کرنا۔ *v.i.* To resolve; to decide. قصد کرنا۔ ارادہ کرنا۔ فیصل کرنا۔ منصوبہ باندھنا۔

Determined, de-ter-mīnd, *a.* Resolute; firm in purpose. مستقل۔ پکا۔

Deterration, de-ter-a'shun, *n.* A taking out of the earth. دفینہ نکالنا۔ دبی چیز اکھاڑنا۔

Detersion, de-ter-zhun, *n.* A cleansing. صفائی زخم وغیرہ کی۔

Detest, dē-test, *v.t.* To hate extremely; to abhor. نفرت کرنا۔ گھن کرنا۔

Syn.—Loathe, abominate.

Detestable, de-test-a'bl, *a.* Hateful. مکروہ۔

Detestation, dē-test-a-shun, *n.* Hatred; abhorrence. نفرت۔ کراہیت۔ گھن۔

Dethrone, de-thrōn, *v.t.* To deprive of royalty; to depose. اختیارات شاہی چھین لینا۔

Detinue, de-tinū,' *n.* A writ against a person who detains anything unlawfully. پروانہ عدالتی اس شخص کے نام جس نے بیجا طور پر کوئی شے روک رکھی ہو۔

Detonate, de-to'nāt, *v.i.* To explode. دھڑاکا ہونا۔ —*v.t.* To cause to explode. بھک سے اڑا دینا۔

Detonation, de-ton-a'shun, *n.* Explosion. بھڑاکا۔

Detort, de-tort, *v.t.* To pervert; to twist. مروڑنا۔

Detortion, de-tor'shun, *n.* A perversion. اینٹھاؤ۔ موڑ۔

Detract, de-trakt, *v.t.* To derogate; to slander; to take away. بے قدری کرنا۔ گھٹانا۔ عیب جوئی کرنا۔ غیبت کرنا۔ بدنام کرنا۔ گھٹانا۔ لے جانا۔ جدا کرنا۔

Syn.—Decry, disparage, depreciate, abuse.

Detraction, de-trak'shun, *n.* Slander; defamation; depreciation. بے قدری۔ عیب جوئی۔ تہمت۔

Detriment, de-tri'ment, *n.* Loss; damage; harm. ہرجہ۔ نقصان۔ ضرر۔

Syn.—Injury, hurt, harm.

Detrimental, de-tri'men-tal, *a.* Mischievous; harmful; hurting. ضرر رساں۔ مضر۔

Deuce, dews, *n.* A card or dice with two spots. دوا۔ تاش کی دُکی۔ The devil. شیطان۔

Deuterogamy, dew-ter'og-a'mi, *n.* A second marriage. دوسری شادی۔

Devastate, de-vas'tat, *v.t.* To lay waste; to desolate; to pillage. ویران کرنا۔ اجاڑنا۔ برباد کرنا۔ لوٹنا۔ غارت کرنا۔

Devastation, de-vas-ta'shun, *n.* Destruction; desolation; laying waste. پامالی۔ بربادی۔ تباہی۔

Develope, de-vel'op, *v.t.* To unfold; to lay open; to unravel. کھولنا۔ آشکارا کرنا۔ ظاہر کرنا۔ واضح کرنا۔ حل کرنا۔ افشا کرنا۔ پردہ اٹھانا۔ سلجھانا۔ **To develope a plot.** بھید کھولنا۔ بھانڈا پھوڑنا۔

Develope, de-vel'op, *v.i.* To become visible gradually; to go through a process of natural evolution. رفتہ رفتہ دکھائی دینا۔ رنگ پر آنا۔ شگفتہ ہونا۔ ظاہر ہونا۔

Development, de-vel op'ment, *n.* An unfolding; disclosure; gradual growth; evolution. سلجھاؤ۔ ظہور۔ انکشاف۔ نشوونما۔ بالیدگی۔ ابھار۔ بڑھنا۔ پکنا۔ **Full—,** پُر ازبہار۔ تکمیل۔

Deviate, de-vi'āt, *v.i.* To wander; to go astray; to err. بھٹکنا۔ گمراہ ہونا۔ منحرف ہونا۔ رو گرداں ہونا۔

Syn.—Swerve, stray.

Deviation, de-vi-a'shun, *n.* Error; wandering from the right way. غلطی۔ بھٹکاؤ۔ بھول۔

Device, de-vīs, *n.* A contrivance; a design; an invention; an emblem. حکمت۔ تجویز۔ تدبیر۔ منصوبہ۔ ایجاد۔ تمغہ۔ جگت۔ بندش۔ فطرت۔

Devil, de-vil, *n.* Satan; an evil spirit. ابلیس۔ شیطان۔ بھوت۔ جن۔ **What the—you are after,** تم کیا کرتے ہو۔ **To be in a — of a mess,** بڑے الجھیڑے میں پھنسنا۔ **A devil-may-care sort of (person)** بڑا بے پرواہ قسم کا آدمی۔ **To go to the—,** اپنی راہ لو۔ جہنم میں جاؤ۔ **To play the —,** اودھم مچانا۔ برباد کرنا۔

Devilish, de-vil'ish, *a.* Wicked; like devil. شریر۔

Devilry, de-vil-ri, *n.* Extreme wickedness. شرارت۔ بدذاتی۔

Devious, de-vi'us, *a.* Erring; going astray. گمراہ۔

Devisable, de-viz-a'bl, *a.* Capable of being bequeathed; that may be devised. وصیّت کے قابل۔ قابل ایجاد۔

Devise, de-vīz, *v.t.* To contrive; to scheme; to bequeath. تدبیر کرنا۔ سوچنا۔ وصیتاً ہبہ کرنا۔ دے مرنا۔

Devise not evil against the neigh-

bour, اپنے پڑوسی کا بُرا مت چیتو۔ *n.* A will. وصیّت نامہ۔

Devisee, de-vizē, *n.* One to whom a thing is bequeathed. مرہوب علیہ۔

Deviser, de-viz'er, *n.* One who devises; an inventor. مجوّز۔ موجد۔ فطرتی۔ بانی۔ بنانے والا۔ صانع۔

Devisor, de'vi-zor, *n.* One who grants by will. موصی واہب۔

Devoid, de-vo'id, *a.* Destitute of; empty; free from. خالی۔ محروم۔

Devolution, de-vo-lu'shun, *n.* Act of devolving; passing from one person to another; transference. سپردگی۔ انتقال۔ داخل۔ خارج۔

Devolve, de-vōlv, *v.t.* To transfer from one to another; to roll onward or downward; to hand over. منتقل کرنا۔ لڑھکنا۔ دست بدست پہنچنا۔
—*v.i.* To fall. اترنا۔

Devote, de-vōt, *v.t.* To appropriate by vow; to dedicate; to give up wholly to doom. صدقہ کرنا۔ نیاز کرنا۔ قربان کرنا۔ مصروف کرنا۔ محو کرنا۔ نذر کرنا۔ تصدق کرنا۔ فدا کرنا۔ To appropriate; to addict. مخصوص کرنا۔ مصروف کرنا۔ حوالہ کرنا۔ To condemn ملامت کرنا۔ مردود کرنا۔ To give up to ill. حوالہ کرنا بُرے کاموں میں دل لگانا۔
Syn.—Apply, resign, consign.

Devoted, de-vō'ted, *a.* Consecrated; strongly attached; ardent; holy; sacred. متبرک۔ پاک تصدیق کیا ہُوا

Devotee, de-vō'tē *n.* One given wholly up to religion. زاہد۔ عابد۔ اپیشی۔ پوجاری۔

Devotion, dē-vō'shun, *n.* Act of devoting; consecration; religious offerings. زہد۔ عبادت۔ محبّت۔ سرگرمی۔ نیاز۔ ذکوٰۃ۔
Syn.—Consecration, devoutness, religiousness.

Devotional, de-vō'shun-al, *a.* Pertaining to devotion. عبادتی۔ مذہبی۔

Devour, dē-vowr, *v.t.* To eat up greedily; to consume; to waste; to enjoy with avidity. کھا جانا۔ ہڑپ کر جانا۔ بھکوسنا۔ ضائع کرنا۔ برباد کرنا۔ اُڑا دینا۔ مزے اُڑانا۔ عیش و عشرت کرنا۔

Devout, de-vowt, *a.* Pious; sincere; religious expressing devotion; earnest. صادق۔ پارسا۔ بھگت۔ دیندار۔ عابد۔ دلسوز۔ عارف۔

Dew, dew, *n.* Moisture from the atmosphere condensed by cold bodies upon their surface, especially at night; fresh vigour. شبنم۔ تروتازگی۔ فرحت۔

Dew-drop, dew-drop, *n.* A drop of dew. شبنم کا قطرہ۔ اوس کی بوند۔

Dewlap, dew-lap, *n.* The flesh that hangs down loosely from the throat of cattle. مویشیوں کی گردن سے نیچے لٹکنے والا گوشت۔

Dewy, dewi, *a.* Moist with dew. شبنم آلودہ۔
اوس سے بھیگا ہُوا۔

Dexter, deks-ter, *a.* Of or on the right hand side; as opposed to the left. دہنے ہاتھ پر یا داہنے ہاتھ کا۔

Dexterity, deks-ter'i-ti, *n.* Adroitness; activity; skill. چالاکی۔ چستی۔ ہنرمندی۔ چابک دستی۔ مشاقی۔ کاریگری۔
Syn.—Expertness, aptitude, cleverness, address

Dexterous, deks-ter'us, *a.* Expert, ready; clever اُستادی کا۔ بھیر تیلا۔

Diabetes, di-a'betz, *n.* A morbid copiousness of urine. سلسل بول۔

Diobolical, di-a'bo-li'kal, *a.* Devilish; extremely wicked. بدذات۔ ملعون۔

Diabolism, di-a'bol-izm, *n.* The act of a devil; possession by the devil, devilish conduct sorcery جادو۔ بھوت کا سایہ۔

Diacritic, Diacritical, di-ak-ri-tik, di-ak-ri-tik-al, *a.* Distinctive (*Print*). فرق بتلانے والا۔ فرق کنندہ۔
—**marks,** اعراب۔ علامت آواز۔ زیر۔ زبر۔ پیش۔

Diadem, di-a-dem, *n.* An ensign of sovereignty; crown. تاج۔ مکٹ۔

Diaeresis, Dieresis, di-a-er-e-sis, di-er-e-sis, (*Gram.*) A mark ( ) placed over the second of two adjacent vowels to show that each is to be pronounced separately نشان (¨) یہ یعنے حروف علت کو حروف صحیح پڑھو۔

Diagnose, di-ag-nōz, *v.t.* To find out a disease by its symptoms. علامت سے بیماری کو پہچاننا۔

Diagnosis, di-ag-no-zis, *n.* Determination of a disease by distinctive characteristic; a brief description; scrutiny. تشخیص مرض۔ مختصر بیان۔ دیکھ بھال۔ جانچ۔

Diagonal, di-ag-on-al, *n.* A line drawn from angle to angle قطر یا وتر۔

Diagram, di'a-gram, *n* (*geom.*) Figure made of lines in proving mathematical problems etc. شکل۔ ہندسہ۔ صورت۔

Dial, di'al, *n* A plate marked with lines, where a hand or shadow show the hour, the face of a clock دھوپ گھڑی۔ حلقہ۔

Dialect, di'a lekt, *n.* Speech, local form of a language. خاص جگہ کی زبان۔

Dialectics, di-a-lek'tiks, *n* The art of reasoning logically. علم منطق۔ علم معقول۔

Dialogue, di'a-log, *n.* A conversation; written work in conversational form گفتگو۔ مکالمہ۔

Diameter, di-am'et-er, *n* A right line passing through the centre of a circle and dividing it into two equal parts. قطر۔ دائرہ۔ خط جو مرکز سے کھینچا جاوے۔

Diamond, di'a-mond, *n.* The hardest and costli-

est of gems. الماس - ہیرا A set in playing cards. چھاپے (Print.) تاش میں اینٹ کا رنگ - ہیرے کی قلم۔ A cutting— کے باریک ٹائپ ۔خط خفی۔

Diaper, dī-a-per, *n.* Linen cloth with small diamond like spots; a towel or napkin. گاچ - ریشمی کھیس - رومال - تولیہ۔

Diaphanous, dī-a-fan-us, *a.* Transparent; translucent; pollucid. شفاف جس کے آر پار نظر جا سکے۔

Diaphoretic, dī-a-fō-ret'ik, *a* Increasing perspiration. پسینہ لانے والی۔

Diaphragm, di-a-fram, *n.* A muscular portion between throat and abdomen. سوراخدار پردہ - شکم

Diarist, di-a-rist, *n.* One who keeps a diary. روزنامچہ نویس - منیم۔

Diarrhoea, dīa-re'a, *n.* A morbidly frequent evacuation of the intestines; looseness of the bowels, purging اسہال - پیٹ چلنا - جریان شکم - دست کی بیماری۔

Diary, dī'a-ri, *n.* Daily record of events. روزنامچہ۔

Diatribe, dī'a-trīb, *n* A continued discourse; disputation. لگاتار بیان - مسلسل - مباحثہ - سلسلہ بند تقریر۔

Dibble, dib'l, *n.* A pointed instrument used in planting. کدالی - بھالی۔

Dice, dīs, *n. pl.* of **Die.** A game with dice. پانسا یا کعبتین کا کھیل۔

Dicephalous, dīs-fal-us, *a.* Two-headed. دوسروالا۔

Dickey, dik-i, *n* The driver's seat. گاڑی بان کی بیٹھک۔

Dictate, dīk'tāt, *v.t.* To read aloud to be written down; to communicate authoritatively. املا لکھنا - حکومت سے کہنا۔

Dictate, dik'tāt, *n.* A command; an order; a rule. فرمان - حکومت - ہدایت - قانون۔

Syn.—Command, injunction, order.

Ant.—Obedience, submission, acceptance.

Dictation, dik-tā'shun, *n.* Act of dictating, a school exercise. ہدایت - املا۔

Dictator, dik-tā'tor, *n.* One who dictates; one invested with absolute authority; a magistrate of unlimited jurisdiction. املا لکھوانے والا - مطلق العنان حاکم - افسر اعلیٰ۔

Dictatorial, dik-ta-tō'ri-al, *a.* Imperious; authoritative, domineering. خودمختارانہ - تحکمانہ۔

Diction, dik'shun, *n.* Language, style; manner of expression. زبان - طرز - عبارت - محاورہ - بولی۔

Dictionary, dik-shun-ar-i, *n.* Book in which words are alphabetically arranged and meanings given; word book. لغت - فرہنگ۔

Dictum, dik'tum, *n* (*pl* **Dicta.**) An authoritative saying or assertion. قول - مقولہ - دعوے - اظہار۔

Didactic, di-dak'tik, *a* Meant to teach; instructive. پندآمیز - عبرت خیز۔

Didactics, di-dak-tiks, *n. pl.* The art or science of teaching. پڑھانے کا ہنر یا علم۔

Didder, did-der, *v.i.* To shiver. کپکپانا - تھرتھرانا۔

Diddle, did'l, *v.t.* To cheat. دھوکا دینا۔

Die, dī, *v.i.* To cease to live; to lose life; to depart this life; to draw one's last breath; to become indifferent; to vanish; to expire; to wither. مرنا - موت ہونا - انتقال کرنا - رحلت کرنا - معلوم ہو جانا - ختم ہونا - فراموش ہونا - گم ہو جانا - مرجھانا۔

To—away, to disappear; غائب ہو جانا۔

To—out, to become extinct. معدوم ہو جانا۔

To—at the top, کسی دماغی مرض سے مرنا۔

To—in harness, منصبی کام کرتے مرنا۔

To—a martyr, شہید ہونا۔ **To—out,** درجہ بدرجہ کم ہونا۔ **To—prematurely.** جوان موت مرنا - بے وقت مرنا۔

Syn.—Expire, decease, perish, depart, vanish.

Die, dī, *n.* A small cube used in gaming; a stamp for impressing coin. پانسہ - ٹھپہ۔ **The—is, cast,** everything is now put to hazard. پاسا پڑ گیا - ہرچہ بادا باد ما کشتی در آب انداختیم۔

Dies non. (*Law*). چھٹی کا دن - یوم تولید۔

Diet, dī-et, *n.* Food regulated by the rules of medicine, habitual food; victuals; a national legislative assembly. پرہیزی غذا - خوراک - کھانا - قانون بنانیوالی قومی مجلس۔

Dietetic, dī-et-et'ik, *a.* Of diet. پرہیزی - بیماروں کا۔

Differ, dif-er, *v.i.* To be unlike; to disagree. فرق رکھنا - تفاوت رکھنا - ناموافق ہونا - خلاف رائے ہونا۔

Syn.—Vary, disagree, dispute, contend, oppose.

Ant.—Agree, resemble, harmonise.

Difference, dif-er-ens, *n.* Dissimilarity; disagreement; remainder after subtraction; mark of distinction. فرق - اختلاف - علامت۔

Difference of opinion. اختلاف رائے۔

Different, dif-er-ent, *a.* Unlike; dissimilar; distinct. مختلف - علیحدہ - جدا - ناموافق - انمیل۔

Differential, dif-er-en-shi-al, *a.* Depending on difference, infinitely small; special فرق پیدا کرنیوالا - بہت ہی چھوٹا - خاص۔

Differentiate, dif-er-en-shi-āt, *v.t.* To make difference, to specialize. مختلف کرنا - خصوصیت پیدا کرنا - فرق معلوم کرکے الگ الگ قسمیں کرنا۔

Difficult, dif-i-kult, *a.* Not easy; laborious; troublesome, arduous; not easily mastered; unaccommodating. مشکل - دشوار - سخت - محنت طلب - دقت طلب - دقیق جس پر مشکل سے حاوی ہو سکتے ہیں۔ **A—man,** غصیل آدمی - تیز - تند۔

Difficulty, dif-i-kul-ti, *n.* Hardness distress; perplexity; objection; hard not to crack. مشکل - دقت - دشواری - پریشانی - جھنجھٹ - بکھیڑا - سد راہ - زیرباری۔

کشمکش ۔ لوہے کے چنے ۔

Syn.—Impediment, obstacle, embarrassment.

Diffidence, dif-i-dens, *n.* Distrust; want of confidence; bashfulness; lack of self-reliance. وہم ۔ بے اعتباری ۔ شبہہ ۔ ہچکچی ۔

Diffident, dif-i-dent, *a.* Distrustful; not confident; reserved; not self-reliant. وہمی ۔ شکی ۔ شرمگین ۔ اپنے اوپر کم اعتبار کرنے والا ۔

Difformity, dif-or-mi-ti, *n.* Irregularity of form. بدشکلی ۔ بے ڈولی ۔

Diffuse, dif-ūz, *v.t.* To scatter; to shed abroad; to circulate; to proclaim. رواج دینا ۔ چھٹکانا ۔ پھیلانا ۔

—*v.i.* To spread. پھیلانا ۔

—*a.* Widely spread. پھیلا ہؤا ۔

Diffusible, dif-ūz'i-bl, *a.* Capable of being diffused. پھیلنے کے قابل ۔

Diffusion, dif-ū'zhun, *n.* Dispersion; spreading. پھیلاؤ ۔

Diffusive, dif-ū'siv, *a.* That spreads. انتشار ۔ ابتری ۔ پھیلنے والا ۔ بکھیرنے والا ۔ منتشر ۔

Dig, dig, *v.t.* To turn up the earth; to delve; to hollow out. کھودنا ۔ کریدنا ۔ کھوکھلا کرنا ۔ **To—through,** کھود کر راستہ نکالنا ۔ **To—down,** کھود کر جڑ سے گرا دینا ۔ *v.i.* To till the ground, to delve; to study hard. کھودنا ۔ بیلداری کرنا ۔ مزدوری کرنا ۔ سخت محنت کرنا ۔

Digest, dī-jest, *n.* A collection of laws; code; summary. مجموعہ قوانین ۔ مجموعہ آئین ۔ خلاصہ ۔ ضوابط ۔

——, *v.t.* To arrange methodically; to dissolve in the stomach; to bear with patience; to think over; to soften by heat and moisture; to suppurate. ترتیب دینا ۔ ہضم کرنا ۔ پچانا ۔ تحلیل کرنا ۔ برداشت کر لینا ۔ تحمل کرنا ۔ غور کرنا ۔ گرمی سے نرم کرنا ۔ راد کا جمع ہونا ۔

Digestible, dī-jest-i-bl, *a.* That may be digested. ہضم پذیر ۔ قابل ہضم ۔

Digestion, di-jes'shun, *n.* The act of digesting; arrangement. ہضم ۔ پچاؤ ۔ پختگی ۔ انتظار ۔

Digestive, dī-jes-tiv, *a.* Causing and promoting digestion. ہاضم یا پاچک ۔

Digit, di-jit, *n.* The measure of a finger's breadth; a finger; any number under ten. انگلی ۔ انگل ۔ پون انچ ۔ عدد مفرد ایک سے نو تک ۔

Dignify, dig-ni-fī, *v.t.* To give distinction to; to exalt; to honour. عزت کرنا ۔ توقیر بخشنا ۔ سرفراز کرنا ۔

Dignitary, dig'ni-tar-i, *n.* A clergyman of rank. معزز پادری ۔

Dignity, dig'-ni-ti, *n.* Grandeur; stateliness; elevation of rank; worthiness. لیاقت ۔ منزلت ۔ مرتبہ ۔ تمکنت ۔ شان ۔ رتبہ ۔

Digress, dī-gres, *v.i.* To turn aside; to depart from the subject; to wander; to offend. تجاوز کرنا ۔ گریز کرنا ۔ اصلی مضمون کو چھوڑ کر اور کسی بات کا ذکر کرنا ۔ خلاف کرنا ۔ منہ پھیرنا ۔ عدول حکمی کرنا ۔

Syn.—Deviate, wander, expatiate, amplify.

Digression, di-gresh'un, *n.* A turning aside; act of digressing. اصلی مضمون سے تجاوز ۔ اختلاف ۔

Digressive, di-gres'iv, *a.* Deviating. متجاوز ۔ بعید از مطلب ۔ مخالف ۔

Dike, dīk, *n.* A natural water course; ditch; embankment. بند ۔ کھائی ۔

Dilapidate, di-lap'i-dat, *v.t.* To go to ruin; to become decayed; to diminish by waste; to squander. برباد ہونا ۔

—*v.t.* To pull down. ڈھانا ۔ مسمار کرنا ۔ ضائع کرنا ۔ لٹانا ۔ خاک میں ملانا ۔

Dilapidation, di-lap'i-dā-shun, *n.* Waste; decay; ruin. بربادی ۔ ویرانی ۔

Dilaserate, di-las'er-āt, *v.t.* To tear; to rend. پھاڑنا ۔ چیرنا ۔

Dilatation, di-lāt-ā'shun, *n.* Extension; [illegible] lating. [illegible]

Dilate, di-lāt, *v.t.* To spread out; to exp[and]; [to] widen; to speak diffusely. پھیلانا ۔ طول دینا ۔ بڑھانا ۔ مشرح بیان کرنا ۔ بڑھا کر کہنا ۔

Dilatoriness, di-lāt-ō'ri-nes, *n.* Sluggishness; slowness; delay. سستی ۔ تاخیر ۔ دیر ۔ توقف ۔

Dilatory, di-la-to-ri, *a.* Tardy; slow; backward. کاہل ۔ سست ۔ دیر کرنیوالا ۔ لیت و لعل کرنے والا ۔

Syn.—Sluggish, delaying, inactive, behindhand.

Dilemma, di-lem'a, *n.* A puzzling alternative; perplexing state; difficult or doubtful choice; awkward predictment. شک ۔ پس و پیش ۔ بے ڈھب حالت ۔ سراسیمگی ۔ بھنور ۔ جال ۔

To be in dilemma. دقت میں پھنسنا ۔

Diletante, di-let'ant, *n.* Amateur; an admirer or lover of the fine arts. اعلیٰ علوم و فنون کا مداح یا شائق ۔

Diligence, dil'i-jens, *n.* Industry; assiduity; a French four wheeled stage coach. محنت ۔ کوشش ۔ ہمہ تن مصروفیت ۔ فرانس میں ایک قسم کی گاڑی ۔

Diligent, dil'i-jent, *a.* Assiduous; industrious; sedulous; careful. محنتی ۔ ہوشیار ۔ خبردار ۔ بڑا شاغل ۔ ہمہ تن مصروف ۔

Dilly-dally, dil-i-dal-i, *v.t.* To delay or trifle. ڈھیل ڈھال کرنا ۔

Diluent, di-lū-ent, *a.* Making thin. پتلا یا دبلا کرنیوالا ۔

Dilute, di-lūt', *v.i.* To make thinner or more liquid; to reduce. کمزور کرنا ۔ دبلا کرنا ۔

—*a.* Weakened; thin. کمزور ۔ پتلا ۔

Dilution, di-lū'shun, *n.* Act of making thin or weak. رقت ۔ کمزوری ۔ پتلا پن ۔

Diluvial, Diluvian, di-lū'vi-al, di-lū-vi-an, *a.* Pertaining to or caused by flood. دریا بُرد۔

Diluvium, Diluvion, di-lū-vi-um, di-lū-vi-un, *n.* A deposit of earth, &c., caused by a flood. مٹی وغیرہ جو پانی یا سیلاب کے زور سے جمع ہو جائے۔

Dim, dim, *a.* Faint; not seen clearly; not bright or distinct; obscure. دُھندلا۔ پھیکا۔ بے آب۔ چندھا۔

Dimension, di-men'shun, *n.* Bulk; extent; capacity. جسامت۔ وسعت۔ مقدار۔

Diminish, di-min'ish, *v.t.* To lessen; to reduce. گھٹانا۔ مخفف کرنا۔ **To hide one's—ed head,** شرم کے مارے سر نیچا کرنا یا مُنہ چھپانا۔ آنکھیں سامنے نہ کرنا۔

Syn.—Decrease, abate.

——, *v.i.* To grow less; to impair. گھٹانا۔ کم ہونا۔

Diminution, dim-i-nū'shun, *n.* Decrease; deduction; the act of making less; reduction; degradation. کمی۔ تخفیف۔ ذلت۔

Diminutive, di-min'ū-tiv, *a.* Small; tiny; little; contracted. چھوٹا۔ ننھا۔ ذرہ سا۔ خورد۔ کوتاہ۔ تھوڑا۔ *n.* A derivative word expressing littleness. اسم تصغیر۔

Dimness, dim'nes, *n.* Dullness; obscurity. تاریکی۔ تیرگی۔ خیرگی۔

Dimness of sight. کمی بصارت۔

Dimple, dim'pl, *n.* A hollow in the cheek or chin. گال یا ٹھوڈی پر کا گڑھا۔ چاہ غبغب۔

Din, din, *n.* A loud, stunning noise. شور۔ غل۔ دھوم دھام۔ غوغہ۔ *v.t.* To harass with clamour; to repeat noisily. غل سے کان پھوڑنا۔ کان کھانا۔ **To—in one's ears, To abroad,** مشہور کرنا۔ شہرت دینا۔

Dine, dīn, *v.t.* To take dinner; to eat. کھانا تناول فرمانا۔ *v.t.* To give dinner to. کھانا کھلانا۔ دعوت یا ضیافت دینا۔

Ding, ding, *v.t.* To dash with violence. دے مارنا۔ ٹن ٹن کرنا۔ گھنٹہ بجانا۔

Ding-dong, ding-dong, *n.* The sound of bells. گھنٹے کی آواز۔ ٹن ٹن۔

Dingle, ding'l, *n.* A dale; hollow between hills; a deep dell. تنگ وادی۔ درہ۔ گھاٹی۔

Dingy, din'ji, *a.* Dark; soiled. کالا۔ میلا۔

Dinner, din'er, *n.* The principal meal of the day; feast. کھانا۔ ضیافت۔

Dint, dint, *n.* A blow; a stroke; force; power; impression. ضرب۔ چوٹ۔ زور۔ طاقت۔ چوٹ کا گہرا داغ۔ اثر۔ **By—of,** by means of. بذریعہ۔ وسیلے سے۔ بل سے۔

Diocese, di-ō-sēs, *n.* The jurisdiction of a bishop. سردار پادری کا علاقہ۔

Dip, dip, *v.t.* To plunge or immerse in water or other liquid; to moisten; to lift with a ladle. غوطہ دینا۔ ڈبونا۔ تر کرنا۔ کفچے سے نکالنا۔ *v.i.* To sink; to penetrate; to incline downward; to enter transiently. ڈوبنا۔ غروب ہونا۔ نیچے کو ڈھلنا۔ سرسری طور سے دیکھنا یا توجہ دینا۔

Diphthong, dif-thong, *n.* A union of two vowels in one sound. دو حرف علت کی ملی ہوئی آواز۔

Diploma, dip-lo'ma, *n.* A writing conferring some privilege or honour. سند۔ لیاقت۔ دستاویز۔ افتخار۔

Diplomacy, dip-lo-ma-si, *n.* Art of conducting negotiations between nations; astuteness; tact; dexterity in securing advantages. ایلچی گیری۔ معاملہ فہمی۔ حکمت عملی۔ لیاقت۔ فراست۔

Diplomatic, di-plo-ma'tik, *a.* Pertaining to diplomacy; skilful in negotiation. سند کے متعلق۔ سفارت بین ہوشیار۔ معاملہ فہم۔

Dire, dīr, *a.* Boding evil; dreadful; horrible. خوفناک۔ مہیب۔

Direct, dī-rekt, *a.* Straight; plain; open. سیدھا۔ مستقیم۔ صاف۔ کھلا ہوا۔ *v.t.* To aim or drive in a straight line; to point; to guide; to order; to superscribe. نشست لگانا۔ پتہ دینا۔ ہدایت کرنا۔ فرمانا۔ القاب لکھنا۔

Direction, dī-rek-shun, *n.* Act of directing; aim; command. رہنمائی۔ نشانہ حکم۔ Side; superscription; board of directors. جانب۔ سرنامہ۔ منتظموں کی جماعت۔

Syn.—Course, inclination, aim, bearing.

Directly, dī-rekt'li, *ad.* Immediately in a straight line; honestly; without intermediary. فوراً۔ بلا وسیلہ۔ براہ راست۔ سیدھا۔

Director, di-rek'ter, *n.* One who directs; superintendent; manager or governor; councillor; a part of a machine. رہنما۔ منتظم۔ کارپرداز۔ کارکن۔ مشیر۔ صلاح کار۔ کل کا ایک حصہ جس سے حرکت پیدا ہوتی ہے۔ *Fem.* **Directrix.**

Directory, di-rek-tori, *n.* A city guide book; book of directions; address book. کتاب ہدایت۔ مجموعہ سرنامہ جات۔

Direful, dīr-fool, *a.* Dreadful. ہولناک۔ مہیب۔

Direness, dīr-nes, *n.* Horror; dismalness. خوف۔ وہشت۔

Dirge, derj, *n.* A funeral song; a mournful ditty. بانجھی گیت۔ مرثیہ۔

Dirk, derk, *n.* A kind of dagger. خنجر۔ چھرا۔

Dirt, dert, *n.* Any filthy substance; loose earth. نجاست۔ میل۔ گندگی۔ گرد۔ **To throw—at,** to abuse slanderously. مذمت کرنا۔ بدنام کرنا۔ *v.t.* To foul; to make dirty. میلا کرنا۔ غلیظ کرنا۔ نجس کرنا۔

Dirty, derti, *a.* Foul; shabby; mean. میلا۔ ذلیل۔ بے پاجی۔

Disability, dis-a-bi'li-ti, *n.* Want of power; weakness. ناتوانی۔ ناقابلیت۔ ضعیفی۔ مجبوری۔

Disable, dis-a-bl, *v.t.* To disqualify; to deprive of natural force. ناتواں کرنا۔ بے کارہ کرنا۔

Disabuse, dis-abūz, *v.t.* To free from mistake; to undeceive. درست کرنا۔ ہوشیار کرنا۔ آنکھ کان کھولنا۔

Disadvantage, dis-ad-van-tāj, *n.* Loss; prejudice; detriment; unfavourable circumstances; deprivation of advantage. قباحت۔ ضرر۔ گھاٹا۔ ٹوٹا۔

Disadvantageous, dis-ad-van-tā'gi-us, *a.* Unfavourable. مضر۔ غیر مفید۔ خلاف مراد۔

Disaffect, dis-a'fekt, *v.t.* To dislike; to make unfriendly; to fill with discontent. بدخواہ بننا۔ دل بگاڑنا۔

Disaffection, dis-afek'shun, *n.* Alienation; dislike; ill-will. مفارقت۔ بیگانگی۔ بداندیشی۔ نفرت۔ دشمنی۔

Disaffirm, dis-a'ferm, *v.t.* To set aside; to repudiate; to deny. منسوخ کرنا۔ ناجائز قرار دینا۔

Disagree, dis-agrē, *v.i.* To differ; to be unsuitable; to be at variance; to dissent. نفاق رکھنا۔ ناموافق ہونا۔ مخالف ہونا۔ اتفاق رائے نہ کرنا۔ نامنظور کرنا۔

Disagreeable, dis-ag'rē-a'bl, *a.* Unpleasant; unsuitable; contrary. ناموافق۔ ناپسند۔

Disagreement, dis-agrē'ment, *n.* Difference of opinion; unsuitableness; dissension. نااتفاقی۔ ناخوشی۔ ناموافقت۔ اختلاف۔

Disallow, dis-alow, *v.i.* To deny; to reject; to refuse permission. اجازت نہ دینا۔ نامنظور کرنا۔

Disallowable, dis-alow-a'bl, *a.* Improper. ناجائز۔ غیر مناسب۔ رد کرنا۔

Disallowance, dis-alow-ans, *n.* The act of refusing permission. نامنظوری۔

Disannul, dis-an-u'al, *v.t.* To make void. رد کرنا۔ باطل کرنا۔

Disapparel, dis-appa'rel, *v.t.* To put off dress. لباس اتارنا۔

Disappear, dis-apē'ar, *v.i.* To be lost to view; to vanish. غائب ہونا۔ کافور ہو جانا۔ دفع ہو جانا۔

Disappearance, dis-apear'ans, *n.* Removal from sight; act of vanishing. گم شدگی۔

Disappoint, dis-apoint, *v.t.* To defeat on expectation; to frustrate; to render ineffective. ناامید کرنا۔ مایوس کرنا۔ دل توڑنا۔ باطل کرنا۔ ناکارگر کرنا۔

Disappointed, dis-apoint'ed, *a.* Dejected; unprepared. مایوس۔ شکستہ دل۔

Disappointment, dis-apoint'ment, *n.* Defeat of expectation; frustration. ناامیدی۔ مایوسی۔ یاس۔ ناکامی۔

Disapprobation, dis-apro-ba'shun, *n.* Displeasure. نارضامندی۔

Disapproval, dis-aprov'al, *n.* Act of disapproving; dislike; censure. نامنظوری۔ ناپسندگی۔

Disapprove, dis-aprōv, *v.t.* To dislike; to censure; to reject. نفرین کرنا۔ رد کرنا۔

Disarm, dis-arm, *v.t.* To deprive of arm; to take away the arms from; to render powerless or harmless. ہتھیار چھین لینا یا ضبط کرنا۔ نقصان رسانی کے قابل نہ چھوڑنا۔

Disarrange, dis-aranj, *v.t.* To put out of order; to throw into confusion; to unsettle. ابتر کرنا۔ بے ترتیب کرنا۔ گڈبڈ کرنا۔

Disarray, dis-ar'ā, *n.* Disarrangement; confusion; undress. ابتری۔ بے ترتیبی۔

Disassociate, dis-as-so'si-āt, *v.t.* To disunite. علیحدہ کرنا۔ جدا رکھنا۔

Disaster, dis-as'ter, *n.* Misfortune; calamity; misery. مصیبت۔ حادثہ۔

Disastrous, dis-as-tr'us, *a.* Unlucky; calamitous. بدبخت۔ مضر۔ زیاں کار۔ آفت خیز۔ پرحوادث۔

Disavow, dis-a'vō, *v.t.* To disown; to deny. انکار کرنا۔

Disavowal, dis-avo-wal, *n.* Act of disowning; denial. نامنظوری۔ انکار۔

Disband, dis-band, *v.t.* or *i.* To dismiss from military service; disperse. فوج یا لشکر کو توڑنا۔

Disbelief, dis-be-lēf, *n.* Refusal of belief. بے اعتباری۔ بے اعتقادی۔ نامعتبری۔

Disbelieve, dis-be-lēv, *v.t.* To discredit. اعتبار نہ کرنا۔

Disburden, dis-bur'den, *v.t.* To rid of a burden; to unload; to relieve. بوجھ اتارنا۔ خالی کرنا۔ سبکدوش کرنا۔

Disburse, dis-burs, *v.t.* To expend; to pay out. صرف کرنا۔ خرچ میں لانا۔

Disbursement, dis-burs-ment, *n.* Act of disbursing; the sum spent. خرچ۔ صرفہ۔

Disc, disk, *n.* A thin circular plate; the face of a celestial body; a quoit. گردہ۔ گول پترہ۔

Discard, dis-kard, *v.t.* To dismiss; to discharge; to cast off. نکال دینا۔ موقوف کرنا۔ خارج کرنا۔

Discern, dis-ern, *v.t.* To distinguish; to descry; to judge; to see. تمیز کرنا۔ شناخت کرنا۔ معلوم کرنا۔

Discernible, dis-erni'bl, *a.* Apparent; perceptible. ظاہر۔ معلوم ہونے کے قابل۔ قابل فہم۔

Discernment, dis-ern-ment, *n.* Discrimination; insight; act of seeing. تمیز۔ شناخت۔

Discharge, dis-charj, *v.t.* To disburden; to dismiss; to release; to pay a debt; to perform; to let fly. بوجھ اتارنا۔ موقوف کرنا۔ آزاد کرنا۔ ادا کرنا۔ چھوڑنا۔ واعظنا۔ *v.i.* To emit matter; to break up; to explode. مراد نکالنا یا چھوڑنا۔ پھٹنا۔ *n.* Act of discharging; dismissal; performance; matter emitted; explosion. سبکدوشی۔ موقوفی۔ برطرفی۔ تعمیل۔ بیباقی۔ مراد۔ دھڑاکا۔

Disciple, dis-sīpl, *n.* A follower; scholar. مرید۔ طالب علم۔

Disciplinarian, dis-ip-li-na-ri-an, *n.* One who keeps good discipline. قواعددان۔ حکمران۔

Discipline, dis-ip-lin, *n.* Education; rule; military regulation; subjection to rule; correction;

chastisement. تربیت۔ تادیب۔ بندوبست۔ جنگی انتظام۔ فوجی آراستگی۔ فرمانبرداری۔ اطاعت۔ اصلاح۔ سزا۔ سرزنش۔ تنبیہ۔ گوشمالی۔ *v.t.* To train; to regulate; to chastise; to bring under control; *n.* a compendium of church rules. تربیت کرنا۔ تنبیہ کرنا۔ ضبط میں رکھنا۔ قواعد کا پابند کرنا۔ ہدایت نامہ۔

Disclaim, dis-klam, *v.t.* To renounce; to reject; to disown. دست بردار۔ ترک کرنا۔

Disclaimer, dis-kla-mar, *n.* One who disclaims or renounces; a disclaiming act or notice. دستبرداری۔ منکر۔ باز دعویٰ۔

Disclose, dis-klōz, *v.t.* To reveal; to uncover; to disvulge. ظاہر کرنا۔ واضح کرنا۔

Disclosure, dis-klō-zhūr, *n.* A revealing; discovery; exposure; revelation. افشا۔ اظہار۔ انکشاف۔

Discolour, dis-kalar, *v.t.* To destroy or change the colour. بدرنگ کرنا۔ متغیر کرنا۔

Discomfit, dis-kum-fit, *v.t.* To defeat; to frustrate; to vanquish. شکست دینا۔ ہراساں کرنا۔ پست کرنا۔

Discomfiture, dis-kum-fi-tūr, *n.* Rout; overthrow; defeat. شکست۔ ہار۔

Discomfort, dis-kum-furt, *n.* Want of comfort; uneasiness. بیکلی۔ بے چینی۔ رنج۔ آزار۔

Discommode, dis-kum-ōd, *v.t.* To annoy; to put to inconvenience. ایذا پہنچانا۔ تکلیف دینا۔

Discommodity, dis-kumo-di-ti, *n.* Inconvenience; trouble. اذیت۔ دکھ۔ مصیبت۔

Discompose, dis-kum-pōz, *v.t.* To disturb the temper; to disarrange; to break up. منتشر کرنا۔ درہم۔ برہم کرنا۔ پریشان کرنا۔

Discomposure, dis-kum-pō-zhūr, *n.* Disturbance; disorder. گھبراہٹ۔ انتشار۔ بے ترتیبی۔

Disconcert, dis-kun-sert, *v.t.* To unsettle; to embarrass; to frustrate; to disturb. ابتری کرنا۔ پریشان کرنا۔ گھبرانا۔

Disconnect, dis-kon-nekt, *v.t.* To disunite; to separate; to detach. جدا کرنا۔ علیحدہ کرنا۔ بے ربط کرنا۔

Disconsolate, dis-kon-so-lat, *a.* Sorrowful; heartbroken; unconsolable; comfortless; hopeless. غمگین۔ شکستہ دل۔ بے چین۔ ناقابل تسکین۔

Discontent, dis-kon-tent, *n.* Uneasiness; dissatisfaction; a malcontent. ناخوشی۔ بے قناعتی۔ بیزاری۔ ناراض شخص۔

Discontinuance, dis-kon-ti-nu-ans, *n.* Suspension; cessation; intermission. ترک۔ موقوفی۔

Discontinue, dis-kon-ti-nū, *v.t.* or *i.* To leave off; to cease. چھوڑ دینا۔ بند کرنا یا ہونا۔ معطل کرنا۔ موقوف ہونا۔

Discord, dis-kor-d, *n.* Want of concord; disagreement; dissension. اختلاف۔ نااتفاقی۔ جھگڑا۔

Discordant, dis-kor-dant, *a.* Inconsistent; not harmonious; harsh. ناموافق۔ مختلف۔ بے سرا۔ بے میل۔ نامنظوم۔

Syn.—Disagreeing, incongruous, opposite, contrary.

Discount, dis-kownt, *n.* Deduction for an interest. دستوری۔ بٹہ۔

—*v.t.* To loan money upon deducting the allowance for interest; to deduct. بٹہ دینا۔ چھوٹ دینا۔

Discountenance, dis-kown-ti-nan-s, *v.t.* To abash; to discourage. شرمندہ کرنا۔ دل شکستہ کرنا۔ پست ہمت کر دینا۔ بے رخی کرنا۔ نارضامندی ظاہر کرنا۔ شرمندہ کرنا۔

Discourage, dis-kuraj, *v.t.* To dishearten; to deter. بے ہمت کرنا۔ افسردہ کرنا۔ بے دل کرنا۔

Discouragement, dis-kuraj-ment, *n.* That which discourages or deters. دلشکستگی۔ دل آشفتگی۔ مایوسی۔ ناامیدی۔ بے حوصلگی۔

Discourse, dis-kors, *n.* Conversation; a sermon; a treatise. گفتگو۔ مکالمت۔ تذکرہ۔ رسالہ۔ درس۔ بحث۔

Discourse of reason, the reasoning faculty. عقل۔ مدرکہ۔

Discourse, dis-kors, *v.i.* To exercise reason; to hold forth; to treat of in writing; to relate. تقریر کرنا۔ بحث کرنا۔ تلقین عام کرنا۔ مجمع میں گفتگو کرنا۔ تذکرہ کرنا۔ عقل دوڑانا۔

Discourse high, شیخی مارنا۔ لافزنی کرنا۔

v.t. To utter or give forth. بولنا۔ نکالنا۔

Discourteous, dis-kur-ti-us, *a.* Rude; uncivil; unpolite. بداخلاق۔ بے ادب۔ بدخلق۔

Discourtesy, dis-kur-ti-si, *n.* Incivility; rudeness. بداخلاقی۔ بے ادبی۔

Discover, dis-ku-ver, *v.t.* To find out; to disclose. ظاہر کرنا۔ تحقیق کرنا۔ پتہ لگانا۔

Discovery, dis-kuv-ri, *n.* Act of discovering; disclosure; thing discovered. انکشاف۔ دریافت۔ تحقیق۔ تلاش۔ معلوم کی ہوئی چیز۔ شے یافتہ۔ اختراع۔

Discredit, dis-kre-dit, *n.* Want of credit; ignominy; disgrace. بے اعتباری۔ رسوائی۔ خفت۔

—*v.t.* To disgrace; to distrust; to disbelieve; to deprive of credibility. ذلیل کرنا۔ سچا نہ جاننا۔

Discreditable, dis-kre-dit-abl, *a.* Disreputable; disgraceful. نامعقول۔ زبوں۔ رسوا۔ معیوب۔ نامعتبر۔

Discreet, dis-krēt, *a.* Prudent; cautious; modest. عاقل۔ ہوشیار۔ دور اندیش۔ باتمیز۔ صاحب سلیقہ۔ To maintain a discreet silence. عاقلانہ خاموشی اختیار کرنا۔

Discrepancy, dis-krē-pan-si, *n.* Disagreement; difference; inconsistency; divergence. اختلاف۔ فرق۔ تفاوت۔

Syn.—Discordance, contrariety, shortcoming.

Discrete, dis-krēt, *a.* Not continuous; instinct; separate. الگ۔ جدا۔

Discretion, dis-krē-shun, *n.* Prudence; judgment; wise management; caution; freedom to act. سمجھ۔ امتیاز۔ شعور۔ تمیز۔ خبرداری۔ احتیاط۔

Years of—, majority. سن تمیز۔ بلوغ۔ **At one's** —— اختیار یا قابو میں۔ مرضی موافق۔ و
To exercise—, مرضی یا سمجھ پر۔ دور اندیشی کرنا۔ انجام سوچنا۔

Discretional, dis-krē-sh-nal, *a.* Unrestrained; depending on discretion. مطلق العنان۔ غیر محدود۔

Discretionary, dis-krēsh-nari, *a.* Left to discretion; unrestrained. اختیاری۔ غیر مقیدّ۔ آزاد۔ بے روک۔

Discriminate, dis-kri-mi-nāt, *v.t.* To select from; to distinguish. امتیاز کرنا۔ تفریق کرنا۔

Discrimination, dis-kri-mi-nā-shun, *n.* Act of distinguishing; distinction; discernment; judgment. تفریق۔ امتیاز۔ تمیز۔ فہمیدہ۔ زیرکی۔

Discriminative, dis-kri-mi-nā-tiv, *a.* Making difference. تمیزدار۔
Discriminative power. قوت ممیزہ۔

Discrown, dis-krown, *v.t.* To deprive of a crown. تاج اتارنا۔ مملکت لے لینا۔

Discursion, dis-kur-shun, *n.* Act of reasoning; desultory talk; a running about. تقریر۔ بحث۔

Discursive, dis-kur-siv, *a.* Argumentative; rambling. مدلل۔ چکردار۔ ڈاواں ڈول۔ بے ربط۔

Discus, dis-kus, *n.* A disk; quoit. گردہ۔ چکر۔

Discuss, dis-kus, *v.t.* To debate; to sift to examine critically; to disperse. مباحثہ کرنا۔ تحقیق کرنا۔ چھان بین کرنا۔ جانچنا۔ خوب تحقیق سے دیکھنا۔ تحلیل کرنا۔

Discussion, dis-ku-shun, *n.* A debate; examination of a question. تقریر۔ گفتگو۔

Disdain, dis-dān, *v.t.* To scorn; to think unworthy. ناچیز سمجھنا۔
—*n.* Contempt; scorn. اہانت۔ حقارت۔

Disdainful, dis-dān-fool, *a.* Haughty; scornful; contemptuous. متکبر۔ مکروہ۔ حقیر۔

Disease, dis-ēz, *n.* Distemper; illness; malady. عارضہ۔ بیماری۔ مرض۔ **Fatal—**, مرض مہلک۔ **Skin—s**, امراض جلدی۔ **Contagious—**, مرض متعدی۔ اڑتی بیماری۔ **Diseases are the tax on ill pleasures,** بیماری عیاشی کی سزا ہے۔

Disembark, dis-em-bark, *v.t.* To land; to put on shore. جہاز سے کنارہ پر اتارنا۔

Disembowel, dis-em-bow'el, *v.t.* To take out the bowels of. آنت نکالنا۔

Disenable, dis-en-a-bl, *v.t.* To disqualify; to deprive of power. ناقابل کرنا۔

Disenchant, dis-en-chant, *v.t.* To free from enchantment. سحر توڑنا۔ جادو دور کرنا۔ افسوں اٹھانا۔

Disencumber, dis-en-kum'ber, *v.t.* To unload; to disburden. بوجھ اتارنا۔ ہلکا کرنا۔

Disengage, dis-en-gāj, *v.t.* To separate; to extricate, to withdraw; to release. الگ کرنا۔ نکالنا۔ چھوڑنا۔ مخلصی دینا۔ ہٹانا۔

Disenroll, dis-en-rol, *v.t.* To erase from a roll or list. فہرست سے نام خارج کرنا۔

Disentangle, dis-en-tang'l, *v.t.* To unravel; to disengage; to set free from impediments. سلجھانا۔ الگ کرنا۔ آزاد کرنا۔ صاف کرنا۔
Syn.—Unfold, loose, untwist, separate.

Disesteem, dis-es-tēm, *n.* A disregard; want of esteem. بے قدری۔ بے عزتی۔

Disfavour, dis-fā-ver, *n.* Slight displeasure; discountenance. ناخوشی۔ ناراضی۔

Disfigure, dis-fig'ūr, *v.t.* To deface; to change to a worse form. شکل بگاڑنا۔

Disfranchise, dis-fran-chīz, *v.t.* To deprive of privileges. حقوق چھین لینا۔

Disgorge, dis-gorj, *v.t.* To discharge; to vomit; to give up. قے کرنا۔ رد کرنا۔ خارج کرنا۔

Disgrace, dis-grās, *n.* Shame; ignominy; dishonour; disesteem; infamy; cause of shame. ذلت۔ ہتک۔ بدنامی۔ فضیحت۔ رسوائی۔ بے غیرتی۔ عیب۔ —*v.i.* To put out of favour; to dishonour; to bring disgrace or shame upon. ذلیل کرنا۔ بے آبرو کرنا۔ بے وقر کرنا۔ فضیحت کرنا۔ نام کو بٹہ لگانا۔

Disgraceful, dis-grās-fool, *a.* Disreputable; shameful; base. شرم۔ ذلیل۔ زبوں۔ کمینہ۔

Disguise, dis-gīz, *v.t.* To change the appearance of; to disfigure; to hide; to mask; to veil. بھیس بدلنا۔ صورت تبدیل کرنا۔ بدشکل بنانا۔ چھپانا۔ پردہ ڈالنا۔
Syn.—Conceal, dissemble, feign.

Disgust, dis-gust, *n.* Dislike; aversion; loathing; abhorrence. نفرت۔ کراہیت۔ تنفر۔ بڑی ناپسندی۔
Syn.—Distaste, aversion.
——, *v.t.* To offend the taste; to displease. جی امٹھانا یا بگاڑنا۔ دل پھیر دینا۔ نفرت دلانا۔ جی اچٹانا۔

Dish, dish, *n.* A particular kind of a vessel; food. رکابی۔ قاب۔ کھانا۔

Dishabit, dis-ha-bit, *v.t.* To throw out of place; to expel. نکال دینا۔ خارج کرنا۔

Dishearten, dis-hart'n, *v.t.* To dispirit; to discourage; to deject. بے دل کرنا۔ ہمت توڑنا۔

Dishevil, dis-hev'el, *v.t.* To spread the hair in a disorderly manner. بال بکھیرنا یا گھسوٹنا۔
—led looks, بکھرے ہوئے بال۔ زلف پریشان۔

Dishonest, dis-on-est, *a.* Fraudulent; indecent; unchaste; wanting in honesty. دغاباز۔ بدکارہ۔ بے ایمان۔

Dishonesty, dis-on-est-i, *n.* Want of honesty; faithlessness; fraud; unchastity. بے ایمانی۔ بددیانتی۔ ناراستی۔ دھوکا۔ بدکاری۔

Dishonor, dis-on-er, *n.* Ignominy; disgrace; shame; reproach. رسوائی۔ بے عزتی۔

Dishonorable, dis-on-er'a-bl, *a.* Disgraceful;

shameful. بے آبرو ۔ ذلیل ۔ شرمناک ۔ ذلت رساں ۔

Dishonorably, dis-on-er'a-bl-i, *ad.* Shamelessly; ignominiously. بے آبروئی سے ۔

Dishonour, dis-on'er, *n.* Ill-humour. بدمزاجی چڑچڑاپن

Dishonour, dis-on'er, *v.t.* To refuse to pay; to bring shame upon. بے حرمت کرنا ۔ بے آبرو کرنا ۔

Disinclination, dis-in-kli-na'shun, *n.* Dislike; aversion; unwillingness. نفرت ۔ کراہیت ۔ چڑھ ۔ عدم میلان ۔ اعتراض کرنا ۔ ناپسندی ۔

Disincline, dis-in-klin, *v.t.* To make averse; to produce dislike. رجوع نہ کرنا ۔ دل پھیرنا ۔

Disinfect, dis-in'fekt, *v.t.* To cleanse from infection; to purify. بدبو دور کرنا ۔ چھوت چھٹانا ۔ اثر بدلنا ۔ مرض متعدی کے مادے کو مار کر صاف کرنا ۔

Disingenuous, dis-in-jen'ū-us, *a.* Mean; wanting in frankness; insincere; not noble; crafty. کمینہ ۔ ذلیل ۔ فریبی ۔ دورنگا ۔ مکار ۔

Disinherit, dis-in'er-it, *v.t.* To cut off from hereditary right. عاق کرنا ۔ خارج کرنا ۔ محروم الارث کرنا ۔

Disinter, dis-in'ter, *v.t.* To dig up; to unbury. گاڑی ہوئی چیز کو کھود کر باہر نکالنا ۔ قبر میں سے مردہ نکالنا ۔

Disinterested, dis-in-ter'est-ed, *a.* Unselfish; indifferent. بے غرض ۔ بے پروا ۔ بے طمع ۔ بے تعلق ۔ بے سروکار ۔

Disinterested party, فریق بے غرض ۔

Syn.—Unbiassed; impartial; indifferent.

Disjoin, dis-join, *v.t.* To disunite; to separate; to detach. توڑنا ۔ الگ الگ کرنا ۔

Disjoint, dis-joint, *v.t.* To put out of joint; to dislocate. جوڑ جوڑ علیحدہ کرنا ۔ بند بند کھولنا ۔

Disjunction, dis-jungk'shun, *n.* Separation; disunion. علیحدگی ۔ جدائی ۔

Disjunctive, dis-jungk'tiv, *a.* Disjoining; marking opposition in sense. جدا کرنیوالا ۔ علیحدہ کرنیوالا ۔ اختلاف یا مقابلہ ظاہر کرنے والا ۔ *n.* A word that disjoins. حرف تردید ۔

Disk, See **Disc.**

Dislike, dis-lik, *n.* Disinclination; aversion. ناپسندی ۔ کراہیت ۔ نفرت ۔ ناپسندیدگی ۔

Syn.—Disapprobation, aversion.

——, *v.t.* To disapprove; to have aversion to; not to like. ناپسند کرنا ۔ نفرت کرنا ۔ مکروہ جاننا ۔ برا جاننا ۔

Dislocate, dis-lō-kāt, *v.t.* To put out of joint. سرکانا ۔ گانٹھ سے اکھاڑنا ۔

Dislocation, dis-lō-ka'shun, *n.* Act of displacing; a disjoining. ہڈی کا سرکاؤ ۔ تخلل ۔ سرکا ہوا جوڑ ۔

Dislodge, dis-loj, *v.t.* To deprive of a place of rest. نکال دینا ۔ اٹھا دینا ۔

Disloyal, dis-loy'al, *a.* False to all giance; faithless. نمک حرام ۔ بے ایمان ۔ بے وفا ۔ بدخواہ ۔

Disloyalty, dis-loy-al-ti, *n.* Want of fidelity. نمک حرامی ۔ سرکشی ۔

Dismal, dis-mal, *a* Sorrowful; dreadful; gloomy; dark. غمگین ۔ ہولناک ۔ مہیب ۔ تاریک ۔ اندھیرا ۔

Syn.—Dreary, lonesome, gloomy, sad, unhappy.

Ant.—Radiant, gleaming, bright, clear, glowing.

Dismantle, dis-mant'l, *v.t.* To break down; to strip; to divest; to render useless; to demolish. توڑ ڈالنا ۔ اتار دینا ۔

Dismask, dis-mask, *v.t.* To uncover. برقعہ اتارنا ۔ پردہ اٹھانا ۔

Dismast, dis'mast, *v.t.* To deprive of masts. مستول توڑ ڈالنا ۔

Dismay, dis'mā, *v.t.* To terrify; to discourage; to daunt; to appall. وحشت دلانا ۔ ہمت توڑنا ۔ *n.* Loss of courage; terror. خوف ۔ وحشت ۔ ہول ۔

Syn.—Fear, fright, terror, dejection.

Dismember, dis-memb'ur, *v.t.* To separate member from member; to sever the parts of. بند بند جدا کرنا ۔ عضو عضو الگ کرنا ۔

Dismiss, dis'mis, *v.t.* To send away; to discharge; to reject; to remove from office. رخصت کرنا ۔ موقوف یا خارج کرنا ۔ برطرف کرنا ۔ چھڑا دینا ۔

Dismissal, dis-mis'al, *n.* Act of dismissing; discharge. برخاستگی ۔ موقوفی ۔

Dismission, dis-mish'un, *n.* Act of dismissing. معزولی ۔ برطرفی ۔ برخاستگی ۔

Dismount, dis'mownt, *v.t.* To alight from a horse; to descend. گھوڑے سے اترنا ۔ نیچے آنا ۔

Disobedience, dis-obe-di'ens, *n.* Neglect or refusal to obey. نافرمانی ۔ انحراف ۔ سرکشی ۔

Disobedient, dis-obe-di-ent, *a.* One who refuses to obey; undutiful. نافرمانبردار ۔ سرکش ۔

Disobey, dis-obā, *v.t.* To neglect or refuse to obey. نافرمانی کرنا ۔ سرکشی کرنا ۔ نہ ماننا ۔ عدول حکمی کرنا ۔

Syn.—Transgress, violate, infringe.

Ant.—Obey, comply, consent.

Disoblige, dis'ob-lij, *v.t.* To offend; to displease; by declining to do a friendly service. رنجیدہ کرنا ۔ ناخوش کرنا ۔ احسان کرنے سے ناراض کرنا ۔ بے مروتی سے ناراض کرنا

Disorder, dis'or-dur, *n.* Want of order. ابتری ۔ Confusion. ہنگامہ ۔ گھبراہٹ ۔ بدانتظامی ۔ Disease. عارضہ ۔ —**of the brain,** خلل دماغ ۔ بیماری ۔

——, *v.t* To throw into confusion; to derange; to disturb; to make sick. درہم برہم کرنا ۔ بے ترتیب کرنا ۔ حیران کرنا ۔ بیمار کرنا ۔

Disorderly, dis-or-der-li, *a.* Lawless. سرکش ۔ بے ترتیب ۔ بے قاعدہ ۔ Out of order. ابتر ۔ خراب ۔ Tumultous. شور و شری ۔ turbulent. فتنہ انگیز ۔

Indemnification, in-dem-ni-fik-a'shun, *n*. Security against loss or damage. نقصان کی ذمہ داری۔ تاوان۔ ڈنڈ۔

Indemnity, in-dem'ni-ti, *n*. Security against loss or penalty; compensation. نقصان یا سزا کی حفاظت۔ ضمانت۔ ہرجہ۔ معاوضہ۔

Indent, in-dent', *v.t.* To buy contract; to notch; to indenture. قول و قرار کرنا۔ دندانہ دار کرنا۔ دانتی ڈالنا۔ شرط باندھنا۔ —*n*. A notch in the margin. دانتا۔ دندانہ۔

Indentation, in-dent-a'shun, *n*. The act of cutting into points; a cut in an edge or border. دانتے نکالنا۔ دندانہ۔

Indenture, in-dent'ur, *n*. Written agreement. عہدنامہ۔ اقرار کرنا۔ —*v.t.* To bind by a written contract. قول وقرار کرنا۔ عہد کرنا۔ شرط کرنا۔

Independence, in-de-pend'ens, *n*. Exemption

from undue influence. آزادی ۔ خود مختاری ۔

Independent, in-de-pend'ent, *a.* Free ; not relying on others ; not subject to bias ; affording a comfortable livelihood ; separate from ; not subordinate. آزاد ۔ خود مختار ۔ خودسر ۔ مطلق العنان ۔ فارغ البال ۔ آسودہ ۔ کھاتا پیتا ۔ من موجی ۔ بے قید ۔ علیحدہ ۔

Indescribable, in-de-skrīb'a-bl, *a.* That cannot be described. جو بیان نہ ہو سکے ۔

Indesinent, in-des'i-nent, *a.* Unceasing; perpetual. متواتر ۔ لگاتار ۔

Indestructible, in-de-struk'ti-bl, *a.* That cannot be destroyed. غیر فانی ۔ لازوال ۔

Indeterminable, in-de-tur'min-a-bl, *a.* Impossible to be determined. بے تعیّن ۔

Indetermination, in-de-tur'min-a-shun, *n.* Wavering state of mind ; irresolution. پس وپیش ۔ تذبذب ۔ بے استقلالی ۔

Indevotion, in-de-vō'shun, *n.* Irreligion ; impiety. لامذہبیت ۔ ناپاکی ۔ بے اعتقادی ۔ ناپارسائی ۔

Indevout, in-de-vowt', *a.* Irreligious. بے دین ۔ نامعتقد ۔ غیر پابند عقائد ۔ ناقص الارادت ۔

Index, in'deks, *n.* That which points out ; the hand used by printers, &c. to call attention ; the forefinger ; a table of the contents of a book. بتانے کا نشان ۔ انگشت شہادت ۔ ترجمنی ۔ فہرست مضامین ۔

Indexterity, in-deks-tur'i-ti, *n.* Want of readiness ; clumsiness. سستی ۔ اناڑی پن ۔ گاودی پن ۔ بے ہنری ۔

Indian, in'di-an, *a.* Pertaining to India. ہندوستانی ۔ ہندوستان کا اصلی باشندہ ۔

—*n.* A native of India. باشندۂ ہند ۔ ہندی ۔

Indian-corn, in'di-an-korn, *n.* A species of maize. مکا ۔ باجرا ۔ جوار ۔

Indicant, in'di-kant, *a.* Showing. مظہر ۔ ظاہر کرتے ہوئے ۔

Indicate, in'di-kāt, *v.t.* To point out ; to show. ظاہر کرنا ۔ دلالت کرنا ۔ دکھانا ۔ علامت بتلانا ۔

Indication, in-di-kā-shun, *n.* Token ; sign ; symptom. اشارہ ۔ نشان ۔ علامت ۔

Syn.—Mark, token, sign, symptom.

Indicative, in'di-ka-tiv, *a.* Showing ; bringing to notice. دکھانیوالا ۔ اطلاع دینے والا ۔ ظاہر کرنیوالا ۔

Indict (*indit*), *v.t.* To charge with a crime. الزام لگانا ۔ ملزم ٹھہرانا ۔

Indictable, in-dit'a-bl, *a.* Liable to be indicted. الزام کے لایق ۔ ماخوذی ۔

Indictive, in-dit'iv, *a.* Proclaimed ; declared. مشتہر ۔ علانیہ ۔ ظاہر کیا گیا ۔

Indictment, in-dikt'ment, *n.* A formal charge ; an accusation. الزام ۔ اتہام ۔

Indifference, in-dif'ur-ens, *n.* Mediocrity ; impartiality ; unconcernedness. اوسط درجہ ۔ بے طرفداری ۔ بے غرضی ۔ بے تعلقی ۔ بے پرواہی ۔ غفلت ۔

Syn.—Unconcernedness, carelessness, negligence.

Indifferent, in-dif'ur-ent, *a.* Neutral ; impartial ; disinterested ; passable ; trivial. یکساں ۔ بے غرض ۔ بے لوث ۔ بے سروکار ۔ ناچیز ۔

Indigenous, in-dij'en-us, *n.* Native to a country. دیسی ۔ ملکی ۔ دلیساوری ۔

Indigence, in-di-jens, *n.* Penury ; poverty. افلاس ۔ تنگ دستی ۔ ناداری ۔

Syn.—Poverty, want, need, pauperism.

Indigent, in'di-jent, *a.* Needy; poor. مفلس ۔ محتاج ۔ غریب ۔ نادار ۔

Indigestible, in-di-jest'i-bl, *a.* Not digestible. ممتنع الہضم ۔ بے تحلیل ۔ ثقیل ۔

Indigestion, in-di-jest'shun, *n.* Want of disgestion. بدہضمی ۔ اجیرن ۔

Indignant, in-dig-nant, *a.* Affected with indignation ; angry ; raging. خشم آلودہ ۔ غضب ناک ۔ قہرناک ۔ خفا ۔ غصہ میں ۔ پیچ طیش ۔

Indignation, in-dig-nā'shun, *n.* Anger mingled with disdain. حقارت آمیز غصہ ۔

Indignity in-dig'ni-ti, *n.* Contemptuous in jury ; an affront. خفت آحانت ۔ ہتک ۔ بے عزتی ۔ ذلت ۔

Indigo, in'di-go, *n.* An Indian plant used in dyeing blue. نیل ۔

Indirect, in-di-rekt', *a.* Not direct ; circuitous ; roundabout; inferential. ناراست ۔ پیچیدار ۔ لاگ لپیٹ والا ۔ نادرست ۔

Indirectly, in-di-rekt'li, *ad.* Unfairly ; obliquely. پیچ سے ۔ کجی سے ۔ پھیر سے ۔ ناراستگی سے ۔

Indirectness, in-di-rekt'nes, *n.* Obliquity ; dishonesty. ٹیڑھاپائی ۔ ناراستی ۔ پیچ ۔ پھیر ۔ بے ایمانی ۔

Indiscernible, in-diz-urn'i-bl, *a.* Not visible ; not perceptible. جو نظر نہ آوے ۔

Indiscerptible, in-di-serp'ti-bl, *a.* That cannot be destroyed by dissolution or separation of parts. غیر تفریق پذیر ۔ جو مضمون کے تفرق سے نابود نہ ہو سکے ۔

Indiscoverable, in-dis-kuv'r-a-bl, *a.* That cannot be discovered. جو دریافت نہ ہو سکے ۔ ناقابل ادراک ۔

Indiscreet, in-dis-krēt', *a.* Imprudent ; inconsiderate ; injudicious. ناعاقبت اندیش ۔ بے شعور ۔ بے تمیز ۔ بے احتیاط ۔ بے امتیاز ۔

Indiscretion, in-dis-krē'shun, *n.* Rashness ; imprudence. ناعاقبت اندیشی ۔ گستاخی ۔

Indiscriminate, in-dis-krim'i-nāt, *a.* Without making any distinction ; promiscuous. بے تفریق ۔ بے تشخیص ۔ غیر معیّن ۔ مخلوط ۔ عام ۔

Indiscriminately, in-dis-krim'i-nat-li, *ad.* In

confusion ; without distinction. بے تفریق۔ اندھا دھند۔

Indiscrimination, in-dis-krim'i-nā-shun, *n.* Want of distinction. عدم امتیاز۔ بے تمیز۔ اندھا دھند۔

Indispensable, in-dis-pens'a-bl, *a.* Absolutely necessary ; that cannot be spared. جس کے بغیر نہ بن سکے۔ ضروری۔ لازمی۔ لابدی۔ ناگزیر۔

Indispensably, in-dis-pens'a-bl-i, *ad.* Necessarily. ضرورتاً۔ قطعاً۔ واجباً۔

Indispose, in-dis-pōz', *v.t.* To disoder ; to disqualify ; to disincline ; to render unfit. ناراض کرنا۔ نالائق کرنا۔ ناقابل کرنا۔ بیمار ڈالنا۔ علیل کرنا۔ بے ترتیب کرنا۔

Indisposed, in-dis-pōzd', *a.* Unwilling. ناراض۔ ناخوش۔ Not in perfect health. علیل کسل مند۔ ناساز۔

Indisposition, in-dis-pōz'i-shun, *n.* Slight illness ; dislike. علالت۔ ناسازی۔ تنفر۔

Indisputable, in-dis'pū-ta-bl, *a.* Incontestable ; evident. ناقابل اعتراض۔ بے تکرار۔ یقینی۔ قطعی۔ صریح۔

Syn.—Unquestionable, incontestable.

Indisputably, in-dis'pū-ta-bli, *ad.* Unquestionably. بلاحجت۔ بے شک وشبہ۔ لاکلام۔ یقیناً۔

Indissoluble, in-dis'ol-ū-bl, *a.* Not to be dissolved ; firm ; binding. جو گلنے یا گھلنے کے لائق نہ ہو۔ سخت۔ مضبوط۔ پائدار۔

Indistinct, in-dis-tingkt', *a.* Not plainly marked ; not clear ; faint ; obscure. ناصاف۔ نامعلوم۔ اندھیرا۔ مخلوط۔ دھندلا۔

Syn.—Obscure, dim, vague, imperfect.

Indistinctly, in-dis-tingkt'li, *ad.* Obscurely ; confusedly. متذبذب طور پر۔

Indistinctness, in-dis-tingkt'nes, *n.* Obscurity ; uncertainty. دھندھلاپن۔ تاریکی۔ بے ربطی۔ مشکوکی۔

Indistinguishable, in-dis-ting'gwish-a-bl, *a.* Unable to be distinguished. جس میں شناخت یا تمیز نہ ہو سکے۔

Indite, in-dīt', *v.i.* To dictate what is to be written ; to compose. لکھانا۔ مضمون بنانا۔ تصنیف کرنا۔

Individual, in-di-vid'ū-al, *a.* Single ; one. واحد۔ مفرد۔ ایک۔ تنہا۔

—*n.* A single person or thing. ایک شخص یا شے۔ فرد بشر۔

Individualise, in-di-vid'ū-al-īs, *v.t.* To distinguish from others. تمیز کرنا۔ الگ کرنا۔ جدا کرنا۔

Individuality, in-di-vid'ū-al-i-ti, *n.* Distinctive character ; separate existence. واحدیت۔ فردیت۔

Individually, in-di-vid'ū-al-i, *ad.* Separately. فرداً فرداً۔ الگ الگ۔ جدا جدا۔

Indivisibility, in-di-viz'i-bil-i-ti, *n.* Inseparableness. عدم انقسام۔ ناممکن التفریق۔

Indivisible, in-di-viz'i-bl, *a.* That cannot be divided. جو قسمت پذیر نہ ہو۔ ناممکن التقسیم۔

Indocile, in-dō'sil, *a.* Intractable ; unteachable. ناتربیت پذیر۔ نہ سیکھنے والا۔ غیر اصلاح پذیر۔

Indoctrinate, in-dok'trin-āt, *v.t.* To teach ; to imbue with learning ; to tincture with any opinion. سکھلانا۔ پڑھانا۔ تعلیم دینا۔ اصول کی تعلیم کرنا۔

Indo-European, in-do-uro-pe-an, *a.* Same as Aryan. آریا۔

Indolence, in'dō-lens, *n.* Laziness ; dislike to exertion. سستی۔ کاہلی۔ آرام طلبی۔ کام سے نفرت۔

Castle of—, سلبیہ۔ آلسی۔ **To loll in the lap of—,** پڑے پڑے اینڈا کرنا۔ کاہل وجود ہونا۔

Indolent, in'dō-lent, *n.* Lazy ; careless. سست۔ کاہل۔ مجہول۔ بے فکر۔

Indolently, in'dō-lent-li, *ad.* Lazily ; listlessly کاہلی سے۔ سستی سے۔ تغافلانہ۔ آرام طلبی سے۔

Indomitable, in-dom'it-a-bl, *a.* Untamable ; unconquerable. غیر مغلوب۔ جو قابو میں نہ آسکے۔ بے قابو۔

Indoor in'dōr, *a.* Performed or being within doors. مکان کے اندر۔ بھیتر۔

Indorse, in-dors', *v.t.* To write on the back of any paper. کسی کاغذ کی پشت پر دستخط کرنا۔ عبارت ضروری لکھنا۔ دستخط کرنا۔ سکارنا۔ منظور کرنا۔ تصدیق کرنا۔

Indorsee, in-dor-sē', *n.* The person to whom a note or bill of exchange is indorsed. جس کے نام ہنڈی سکاری جائے۔

Indorsement, in-dors'ment, *n.* A writing on the back of a note ; sanction. اجازت۔ عبارت ظہری سکار۔

Indorser, in-dors'ur, *n.* One who indorses. سکارنیوالا۔ ہنڈی پر دستخط لکھنے والا۔

Indraught, in-draft', *n.* An opening from the sea into land. کھال۔ کھلڑی۔

Indubitable, in-dū'bit-a-bl, *a.* Not admitting of any doubt ; unquestionable. جس میں شک کی گنجائش نہیں۔ بے شبہ۔ لاکلام۔ صریح۔

Induce, in-dūs', *v.t.* To cause ; to bring ; to prevail ; to introduce. لانا۔ راغب کرنا۔ مائل کرنا۔ آمادہ کرنا۔ باعث ہونا۔

Inducement, in-dūs'ment, *n.* That which induces ; motive. تحریک۔ تحریص۔ ترغیب۔ طمع۔ باعث۔ سبب۔

Inducer, in-dūs'ur, *n.* A persuader. ترغیب دینے والا۔

Induct, in-dukt', *v.t.* To introduce ; to put in possession of an office. اندر لانا۔ عہدہ دینا۔ منظور کرنا۔

Induction, in-duk'shun, *n.* Introduction to an office ; entrance ; the method of reasoning particulars to generals. استقرار۔ عہدہ کا تقرر۔ داخلہ۔ نتیجہ۔

Inductive, in-duk'tiv, *a.* Persuasive ; leading to inference. باعث ہونیوالا۔ استقراری۔

Inductively, in-duk'tiv-li, *a.* By inference. قاعدہ۔ استقلال یا نتیجہ سے۔

Inductor, in-duk'tor, *n.* One who inducts. دخل کرنیوالا۔ دینی عہدہ پر مامور کرنیوالا۔

Indulge, in'dulj, *v.t.* To give way to; to humour; to allow ; to gratify. نہ روکنا۔ ناز برداری کرنا۔ خاطر کرنا۔ اجازت دینا۔ رعایت کرنا۔ خوش کرنا۔ راضی کرنا۔ **To—in,** عادی کرنا۔ خوگیر ہونا۔ **To—with,** خوش کرنا۔ مسرور کرنا۔ **To—children,** لڑکوں کا دل رکھنا۔ **To—overwhelming mirth,** دل کھولکر ہنسنے کے لئے۔

Indulgence, in-dul'jens, *n.* Fondness; gratification ; forbearance or restraint; favour granted. اجازت۔ عنایت۔ پیار۔ لاڈ۔ شفقت۔ ناز برداری۔ نفس پرستی۔

Indulgent, in-dul'jent, *a.* Prone to indulge or humour ; not strict. شفیق۔ مہربان۔ ناز بردار۔ عنایت فرما۔

Syn.—Kind, liberal, favouring.

Indurate, in'dū-rāt, *v.i.* To grow hard. سخت یا کڑا ہونا۔ —*a.* Obdurate ; hardened ; unfeeling. سخت۔ ناترس۔ کڑا۔ سنگ دل۔ کٹر۔

Induration, in-dū-rā'shun, *n.* The act of hardening ; a hardened state. سختی۔ سنگینی۔ سنگدلی۔ ناترسی۔

Industrial, in-dus'tri-al, *a.* Pertaining to industry or art. متعلق صنعت یا حرفت۔

Industrious, in-dus'tri-us, *a.* Assiduous; diligent. محنتی۔ مشقتی۔ سرگرم۔

Syn.—Active, laborious.

Industry, in-dus-tri, *n.* Diligence ; assiduity. محنت۔ مشقت۔ سرگرمی۔ **—is fortune's right hand,** محنت تقدیر کا داہنا ہاتھ ہے۔

Indwelling, in'dwel-ing, *a.* Remaining in the heart. اندرونی۔ باطنی۔ بھیتری۔

Inebriant, in-ē'bri-ant, *a.* Intoxicating, نشیلا۔ —*n.* Anything that intoxicates. منشی یا نشہ آور چیز۔

Inebriate, in-ē'bri-āt, *v.t.* To intoxicate ; to exhilarate. سرمست کرنا۔ متوالا کرنا۔ مست کرنا۔

Inebriety, in-ē-bri'et-i, *n.* Drunkenness ; intoxication. متوالاپن۔ مدہوشی۔

Inedited, in-ed'it-ed, *a.* Not published. بے چھپا۔

Ineffable, in-ef'a-bl, *a.* Unutterable ; unspeakable. بیان سے باہر جو کہنے میں نہ آسکے۔

Ineffably, in-ef'a-bl-i, *ad.* Unspeakably. ناگفتنی طور سے۔ بہت زیادہ۔

Ineffective, in-ef-fek'tiv, *a.* Useless ; not effective ; inefficacious. غیر موثر۔ بے کار۔ بے اثر

Ineffectual, in-ef-fek'tu-al, *a.* Without effect ; inefficient. بے تاثیر۔ ناکام۔ بے کار۔

Ineffervescent, in-ef-fur-ves'ent, *n.* Insusceptible of effervescence. بے جوش۔

Inefficacious, in-ef-fik-ā'shus, *a.* Unable to effect ; futile ; not productive of the expected result. بے اثر۔ بے تاثیر۔ جس سے حسب امید نتیجہ نہ پیدا ہوا ہو۔

Inefficacy, in-ef-fik'a-si, *n.* Want of power. بے کاری۔ بے اثری۔ خامی۔ بے اصلی۔

Inefficient, in-ef'fish-ent, *a.* Not efficient ; not active. بے کار۔ سست۔ مجہول۔

Inelastic, in-ē-las'tik, *a.* Wanting elasticity. جو پھیلا نہ ہو۔ بے دمدار۔

Inelegance in-el'e-gans, *n.* Want of elegance. بدنمائی۔ بھدا پن۔

Inelegant, in-el'e-gant, *a.* Rough ; unpolished ; coarse ; not elegant. بدنما۔ بھدا۔ ناشائستہ۔ ناتراشیدہ۔ بد اسلوب۔

Inelegantly, in-el'e-gant-li, *ad.* Coarsely ; roughly بھدے پن سے۔ بد اسلوبی سے۔

Ineligible, in-el'i-ji-bl, *a.* Incapable of being elected ; objectionable. ناقابل تقرر۔ ناقابل پسند۔ غیر ضروری۔ نامناسب۔ قابل اعتراض۔ خلاف مصلحت۔

Ineloquent, in-el'o-kwent, *a.* Not fluent ; not persuasive. غیر فصیح۔ ناموثر۔

Inept, in-ept', *a.* Useless ; unfit ; silly. نالائق۔ بے کار۔ بیوقوف۔ احمق۔

Ineptitude, in-ept'i-tūd, *a.* Unfitness ; nonsense. نامناسب۔ بیوقوفی۔ نالائقی۔

Inequality, in-e-kwol'i-ti, *n.* Lack of uniformity ; unevenness ; inadequacy diversity. نابرابری۔ ناہمواری۔ اونچ نیچ۔ ناموافقت۔ اختلاف۔

Inequitable, in-ek'wi-ta-bl, *a.* Not just ; unfair. نامنصف۔ خلاف معدلت۔

Ineradicable, in-e-rad'i-ka-bl, *a.* Incapable of being rooted out. جس کی بیخ کنی نہ ہو سکے۔ مضبوطی سے جڑ پکڑے ہوئے۔

Inerrable, in-er'a-bl, *a.* Exempt from error; infallible. بے سہو۔ بے چوک۔ بے خطا۔

Inert, in-urt', *a.* Lazy ; sluggish ; inactive; motionless. ساکن۔ غیر متحرک۔ سست۔ مجہول۔

Inertia, in-ur-shi'a, *n.* Want of activity ; incapability of selfmotion and self-stoppage; sluggishness. حالت سکون۔ مادے کی وہ خاصیت جس سے نہ خود متحرک ہو سکتا ہے اور نہ حرکت پاکر پھر رک سکتا ہے کاہلی۔

Inertness, in-urt'nes, *n.* Sluggishness ; state of being inert. سستی۔ کاہلی۔

Inestimable, in-es'tim-a-bl, *a.* Incalculable ; invaluable. بے حساب۔ بیش قیمت۔ انمول۔

Inestimably, in-es'tim-a-bl-i, *ad.* Above all price. بہت ہی زیادہ۔

Inevitable, in-ev'it-a-bl, *a*, Unavoidable ; irresisti

ble. برحق۔ لاابدی۔ لاعلاج۔ چارو ناچار۔

Inevitably, in-ev'it-a-bl-i, *ad.* Unavoidably; certainly. ضرور۔ خواہ مخواہ۔

Inexact, in-egz-akt', *a.* Not exact; not absolutely true. نادرست۔ بے ٹھیک۔ غلط۔

Inexcitable, in-ek-sīt'a-bl, *a.* Lifeless; dull. بے جان۔ مردہ۔ شست۔

Inexcusable, in-eks-kūz'a-bl, *a.* Not to be excused. ناقابل معافی۔

Inexcusably, in-eks-kūz'a-bli, *ad.* So as not to be excused. خواہ مخواہ۔ بلا عفو۔ بغیر عذر کے۔

Inexecution, in-ek-sē-kū'shun, *n.* Neglect of performance; non-performance. عدم تعمیل۔ عدم اجراء۔

Inexertion, in-egz-ur'shun, *n.* Want of effort. کاہلی۔ سستی۔ سکون۔

Inexhausted, in-egz-hawst'ed, *a.* Not to be emptied; not spent. خرچ نہ کیا ہوا۔ غیر خالی شدہ۔ بھرا۔

Inexhaustible, in-egz-hawst'i-bl, *a.* Unfailing جو کبھی خالی یا کم نہ ہو۔ بے حد۔

Inexhaustive, in-egz-hawst'iv, *a.* Not to be spent. خرچ نہ ہو سکنے والا۔

Inexistent, in-eg-zist'ent, *a.* Not having existence. بلا وجود۔ نہ پیدا۔

Inexorable, in-egz'or-a-bl, *a.* Inflexible; unyielding; not to be moved by prayer. کڑا۔ سخت۔ ہٹی۔ سنگدل۔ بے مہر۔ بے ترس۔

Inexpedience, in-eks-pē'di-ens, *n.* Want of fitness; inadvisibility; unpolicy; unsuitableness. نامناسبت۔ خلاف مصلحت۔

Inexpedient, in-eks-pē'di-ent, *a.* Unfit improper. نامناسب۔ ناموافق۔ بے جا۔

Inexpensive, in-eks-pens'iv, *a.* Not expensive; cheap. کم خرچ۔ کم قیمت۔ سستا۔

Inexperience, in-eks-pē-ri-ens, *n.* Absence of experience. ناآزمودہ کاری۔ ناتجربہ کاری۔ ناواقفیت۔

Inexperienced, in-eks-pē'ri-en-sd, *a.* Unskilled. ناتجربہ کار۔ اناڑی۔ کچا۔ بے خبر۔

Inexpert, in-eks-purt', *a.* Unhandy; unskilled. بے سلیقہ۔ کاودی۔

Inexplicable, in-eks'pli-ka-bl, *a.* Incapable of being rendered plain and intelligible. ناقابل توضیح۔ ادق۔

Inexplicably, in-eks'pli-ka-bl-i, *ad.* So as not to be explained. ایسی بات جس کا بیان یا اظہار نہ ہو سکے۔

Inexplicit, in-eks-plis'it, *a.* Not clearly stated. غیر واضح۔ ناصاف۔ گول مول۔

Inexpressible, in-eks-pres'i-bl, *a.* Unspeakable. غیر ممکن الاظہار۔ ناگفتہ۔

Inexpressive, in-eks-pres'iv, *a.* Ineffable. جو کہنے میں نہ آوے۔ غیر مظہر۔

Inexpugnable, in-eks-pug'na-bl, *a.* Impregnable, جس پر حملہ کارگر نہ ہو۔ ناممکن التسخیر۔

Inextinguishable, in-eks-ting'gwish-a-bl, *a.* Unquenchable. جو بجھنے کے لایق نہ ہو۔

Inextricable, in-eks'tri-ka-bl, *a.* That cannot be untied; hopelessly complicated. جو حل نہ سکے یا حل نہ ہو سکے۔

Inextricably, in-eks'tri-ka-bl-i, *ad.* So as not to be untied. اس طرح پر کہ کھل نہ سکے۔ الجھن سے۔

Infallible, in-fal'i-bl, *a.* Certain; perfectly trustworthy; unerring; incapable of committing a mistake; sure to prove efficacious. بے خطا۔ بے چوک۔ سہو سے بری۔ بالکل معتبر۔ حکمی۔ مجرب۔ حکم انداز۔ یقینی۔

Infallibly, in-fal'i-bl-i, *ad.* Unfailingly; certainly. یقیناً۔ قطعاً۔ ضرور۔

Infamous, in'fa-mus, *a.* Notoriously vile; scandalous; detestable. بدنام۔ رسوا۔ بے حرمت۔ مکروہ۔

Syn.—Base, scandalous, notorious, vile, wicked.

Infamously, in'fa-mus-li, *ad.* Disgracefully; with infamy. بے عزتی سے۔ بدنامی سے۔ بہ رسوائی۔

Infamy, in'fam-i, *n.* Public disgrace; extreme vileness. بے عزتی۔ رسوائی۔ بے آبروئی۔ بدنامی۔

Infancy, in'fan-si, *n.* The first part of life; beginning. بچپن۔ عنفوان۔ آغاز۔ صغیرسنی۔ طفولیت۔

Infant, in'fant, *n.* A young babe; a minor. بچہ۔ طفل۔ کودک۔ شیرخوار۔ نابالغ۔ *a.* Tender; not mature. نوخیز۔ جدید۔ ناپختہ۔

Infanta, in-fan'ta, *n.* In Spain and Portugal a princess of the royal blood. ملک سپین اور پرتگال میں ولی عہد شہزادی۔

Infanticide, in-fant'i-sīd, *n.* The murder of an infant. بچہ کشی۔ طفل کشی۔ Slayer of infants. طفل کش۔ بچوں کا مار ڈالنے والا۔

Infantile, Infantine, in'fant-il, in'fant-in, *a.* Pertaining to infancy. لڑکوں سا۔ طفلانہ۔

Infantry, in'fant-ri, *n.* Foot soldiers of an army. سپاہ۔ پیدل فوج۔

Infatuate, in-fat'ū-āt, *v.t.* To make foolish; to mislead. بیوقوف کرنا۔ دیوانہ یا فریفتہ کرنا۔ عقل کھو دینا۔ گمراہ کرنا۔

Syn.—Befool, besot, delude.

Infatuation, in-fat-ū-a'shun, *n.* Stupefication; folly. بیوقوفی۔ حماقت۔ دیوانہ پن۔ بے ہوشی۔

Infeasible, in-fēz'i-bl, *a.* Impracticable. جو نہ ہو سکے۔ غیر ممکن۔

Infect, in-fekt', *v.t.* To taint with disease; to vitiate; to defile. بیماری کی چھوت لگانا۔ خراب کرنا۔ متعفن کرنا۔ سڑانا۔ بگاڑنا۔

Infection, in-fek'shun, *n.* A prevailing disease; that which corrupts. چھوت۔ آلودگی۔

Infectious, in-fek'-shus, *a.* Contagious. ہوا سے لگنے والی۔ سرایت کی بیماری۔ چھوتیا۔

Infecundity, in-fe-kun'di-ti, *n.* Unfruitfulness. بے بری۔ غیر مثمری۔

Infelicitous, in-fe-lis'i-tus, *a.* Unfortunate; unhappy. ناخوش۔ بدنصیب۔ بدبخت۔

Infelicity, in-fe-lis'i-ti, *n.* Unhappiness; unfortunate state. ناخوشی۔ بدبختی۔ بدنصیبی۔

Infer, in-fur', *v.t.* To deduce; to draw as a conclusion from general facts. نتیجہ نکالنا۔ تجویز کرنا۔

Inferable, in-fur'a-bl, *a.* Deducible. جو کسی بات سے نکل سکے۔ مفہوم۔

Inference, in-fur'ens, *n.* Deduction; conclusion. حاصل نتیجہ۔ مفہوم۔ خلاصہ۔

Syn.—Conclusion, deduction, consequence.

Inferential, in-fur-en'shal, *a.* Deducible by inference. نتیجہ نکل سکنے کے قابل۔

Inferior, in-fe'ri-ur, *a.* Lower in place; less valuable. ادنےٰ۔ نیچا۔ چھوٹا۔ کہتر۔ کم رتبہ۔ کم قدر۔ کم قیمت۔ One who is of a lower station or rank. ماتحت۔ چھوٹا۔

Infernal, in-fur'nal, *a.* Pertaining to hell; hellish. دوزخی۔ جہنمی۔ نرکی۔ اسفلی۔ Wicked; diabolical. بُرا۔ شیطانی۔ ناپاکی۔

Syn.—Hellish, devilish, fiendish.

Infertility, in-fur-til'i-ti, *n.* Unfruitfulness; unproductiveness. عدم پیداواری۔ غیر برآوری۔ بانجھ پن۔

Infest, in-fest', *v.t.* To disturb; to harass; to plague. خلل ڈالنا۔ دق کرنا۔ ستانا۔ تصدیعہ دینا۔ ناک میں دم کرنا۔

Infidel, in'fi-del, *n.* A disbeliever; one who does not believe in any revealed religion; a freethinker. شخص لامذہب۔ آزاد۔ جو کسی مذہب کو نہ مانے۔ ملحد۔ کافر۔ بے دین۔ غیر معتقد۔ —*a.* Unbelieving. غیر معتقد۔ بے دین۔ کافر۔

Infidelity in-fi-del'iti, *n.* Unbelief; unfaithfulness to the marriage contract; treachery. کفر۔ الحاد۔ بے ایمانی۔ بے وفائی۔ دغابازی۔

Infiltration, in-fil-tra'shun, *n.* The act of passing into the pores of a body. سرایت۔

Infinite, in'fin-it, *a.* Unlimited; boundless; perfect; very great. بے حد۔ بے انتہا۔ کامل۔ عظیم۔

Syn.—Interminable, unbounded.

Ant.—Bounded, finite, measurable, restricted.

Infinitely, in'fin-it-li, *ad.* Immensely; without limits. بے حد۔ بے انتہا۔ بے پایاں۔ بہت زیادہ۔

Infinitesimal, in-fin-i-tes'i-mal, *a.* Infinitely small. نہایت چھوٹا۔ خورد۔

Infinitive, in-fin'it-iv, *a.* Unlimited. بے پایاں۔ بے حد۔ (*Gram.*) That part of a verb which expresses the action without the limitation of number or person. فعل کی حالت مصدریہ۔

Infinity, in-fin'i-ti, *n.* Boundlessness; great multitude. بے پایانی۔ انتہائی۔

Infirm, in-furm', *a.* Not sound weak. مریض۔ کمزور۔ ضعیف۔ کم قوت۔ Irresolute; not stable. غیر مستقل۔ مضطرب۔ بے قرار۔ ناپائدار۔

Syn.—Sickly, irresolute, feeble, imbecile.

Infirmary, in-furm'a-ri, *n.* A hospital for the sick. دارالشفاخانہ۔

Infirmity, in-furm'i-ti, *n.* Weakness; instability; defect. ضعف۔ ناتوانی۔ نقاہت۔ کمزوری۔ نقص۔ غیر استقلالی۔ خامی۔ کچاپن۔ قصور۔ Natural—, خلقی ضعف۔ **A friend should bear a friend's infirmities.** دوست کو دوست کی بُرائی سہنا چاہیئے۔

Infix, in-fiks', *v.t.* To implant; to set in. گاڑنا۔ جڑنا۔ لگانا۔

Inflame, in-flam', *v.t.* To kindle; to set on fire; to excite; to irritate. روشن کرنا۔ اشتعال دینا۔ بھڑکانا۔ جوش میں لانا۔ خفا کرنا۔ آگ لگانا۔ پھونکنا۔ جوش دینا۔ چرخ دینا۔ —*v.t.* To grow hot and painful. گرم ہونا۔ جوش میں آنا اور دُکھنا۔ غضبناک کرنا۔

Inflammable, in-flam'ma-bl, *a.* Easily enkindled; combustible. جو جلد جل سکے۔ آتش گیر۔ جلد جل اُٹھنے والا۔

Inflammation, in-flam-ma'shun, *n.* The act of setting on fire; heat; animosity; hardness and swelling. آتش زنی۔ افروختگی۔ گرمی۔ عداوت۔ بغض۔ جلن و سوجن۔ سوزش۔ آشوب۔

Inflammatory, in-flam'ma-to-ri, *a.* Seditious tending to inflame. روشن کرنیوالا۔ آتش افروز۔ غصہ آلود۔ فتنہ انگیز۔

Inflate, in-flat', *v.t.* To swell with air; to elate. پھولانا۔ ہوا بھرنا۔ —*a.* Distended; swollen; bombastic. پھیلا ہُوا۔ سوجا ہُوا۔ پھولا ہُوا۔ شیخی والا۔

Inflation, in-fla'shun, *n.* The act of being inflated; conceit. پھولاہٹ۔ پھولن۔ ابھراپن۔ غرور۔ تکبر۔

Inflect, in-flekt', *v.t.* To bend; to decline; to conjugate; to modulate. جھکانا۔ موڑنا۔ گردانا۔ تصریف کرنا۔ آواز بدلنا۔

Inflection, in-flek'shun, *n.* A bend; modulation. موڑ۔ جھکاؤ۔ آواز کا ملانا۔

Inflex, in-fleks', *v.t.* To bend; to make crooked. جھکانا۔ ٹیڑھا کرنا۔ کج کرنا۔

Inflexibility, in-fleks-i-bl'i-ti, *n.* Firmness; obstinacy; stiffness. سختی۔ کرختگی۔ کڑاپن۔ ہٹ۔

Inflexible, in-fleks'i-bl, *a.* Unyielding; firm in purpose; unalterable. جو جھک نہ سکے۔ مضبوط۔ سخت۔ مستقل۔ غیر متبدل۔ سرکشی۔ کڑاپن۔

Syn.—Unbending, unyielding, rigid.

Inflict, in-flikt', *v.t.* To apply; to impose; to lay

on. عائد کرنا۔ پہنچانا۔ لگانا۔ سزا دینا۔ مارنا۔

Infliction, in-flik'shun, *n.* Punishment; calamity. سزا۔ مار۔ آفت۔ تکلیف۔

Inflorescence, in-flor-es'ens, *n.* The act of flowering. پھول نکلنا۔ شگفتگی۔

Inflow, in'flō, *v.t.* To flow in. بہنا۔ جاری ہونا۔ بڑھنا۔

Influence, in'flōō-ens, *n.* Authority; sway. اختیار۔ حکومت۔

Moral or spiritual power; directing power; effect; ascendancy; prestige. قوت اخلاقی یا روحانی۔ اثر۔ تاثیر۔ دباؤ۔ رسوخ۔ رعب داب۔

Syn.—Authority, sway, control, predominence.

Influence, in'flōō-ens, *v.i.* To move; to persuade. راغب کرنا۔ اثر ڈالنا۔ دباؤ ڈالنا۔ تحریک کرنا۔ رجوع کرنا۔

Influential, in'flōō-en-shal, *a.* Exerting influence of power. ذی اختیار۔ رعب داب والا۔ رسوخ والا۔

Influenza, in-flōō-en'za, *n.* A violent form of catarrh. زکام۔ سردی کا بخار۔

Influx, in'fluks, *n.* The act of flowing in; infusion; introduction; crowd; abundance. بہنا۔ دخول اندر۔ درآمد۔ بھیڑ۔

Influxion, in'fluks-ūn, *n.* Infusion. دخول۔

Infold, in-fōld', *v.t.* To embrace; to involve; to inclose. گھیرنا۔ آغوش میں لینا۔ لپیٹنا۔

Inform, in-form', *v.t.* To instruct; to advise; to apprise; to inform knowledge to; to tell. جتانا۔ آگاہ کرنا۔ مطلع کرنا۔ لکھنا۔ جتانا۔ خبر دینا۔

Syn.—Teach, mention.

Informal, in-form'al, *a.* Not in the established form. خلاف دستور۔ بے قاعدہ۔ خلاف معمول۔

Informally, in-form'a-li, *ad.* Without the usual forms. خلاف ضابطگی سے۔ بے قاعدہ۔

Informality, in-form-al'i-ti, *n.* Want of regular form. بے ضابطگی۔ خلاف دستوری۔ بے تکلفی۔

Informant, in-form'ant, *n.* Informer; one who gives intelligence spy. مخبر۔ گوئندہ۔ خبر رساں۔ غماز۔ جاسوس۔ خفیہ نویس۔

Information, in-for-ma'shun, *n.* Notice; advice; intelligence; knowledge; charge. خبر۔ نالش۔ آگاہی۔ علم۔ وقوف فریاد۔ دعوے۔

Syn.—Notice, advise.

Informer, in-form'ur, *n.* One who informs. خبر رساں۔ مخبر۔ گوئندہ۔

Infraction, in-frak'shun, *n.* Violation; breach. شکست۔ فسخ۔ انحراف۔ رخنہ۔ خلاف ورزی۔

Infragrant, in-fra'grant, *a.* Inodorous. بے خوشبو۔

Infrangible, in-fran-ji'bl, *a.* Strong; not to be broken. سخت جسے توڑ نہ سکیں۔ ناقابل فسخ۔

Infrequency, in-fre'kwen-si, *n.* Uncommonness; rareness. قلت۔ کم یابی۔ نادر الوجودی۔ کمی۔

Infrequent, in-fre'kwent, *a.* Uncommon; rare. کم۔ نادر۔ قلیل الوقوع۔

Infringe, in-frinj', *v.t.* To break; to transgress. توڑنا۔ تجاوز کرنا۔

Syn.—Break, violate, transgress.

Infringement, in-frinj'ment, *n.* Breach; violation. فسخ۔ انحراف۔ خلاف ورزی۔ —**of laws**, خلاف ورزی از قوانین سرکار۔

Infumed, in-fūmd', *a.* Dried in smoke; smoked. دھوئیں میں خشک کیا ہوا۔ دھوآں دیا ہوا۔

Infuriate, in-fū'ri-at, *v.t.* To render mad; to enrage. دیوانہ کرنا۔ غضب میں لانا۔ خشم آگیں کرنا۔ غصہ بھڑکانا۔ *a.* Enraged; mad. خشم آگیں۔ غضب ناک۔ دیوانہ۔

Infuse, in-fūz', *v.t.* To pour in; to instil; to inspire; to steep in liquor; as principles or qualities. اندر ڈالنا۔ داخل کرنا۔ دل میں ڈالنا۔ عرق میں بھگونا۔ دل میں بٹھانا۔ ذہن نشین کرنا۔

Syn.—Instil, engraft, implant, inspire.

Infusion, in-fū'zhun, *n.* The act of pouring in; instilling; a solution in water of a vegetable. ریزش۔ صلاح۔ مشورہ۔ دلنشینی۔ بوٹی بھگویا ہوا پانی۔

Ingathering, in'gath-ur-ing, *n.* Harvest; the act of securing the fruits of the earth. انبار سازی۔ خرمن اندوزی۔

Ingeminate, in-jem'in-at, *a.* Repeated; redoubled. متواتر۔ دوگنا۔

Ingenerate, in-jen'ur-at, *v.t.* To beget; to produce within. جننا۔ پیدا کرنا۔ اندر پیدا کرنا۔ من میں اوپجانا۔ *a.* Inborn; innate. جبلی۔ باطنی۔

Ingenious, in-jē'ni-us, *a.* Inventive; skilful; witty; well-formed; of curious design. مخترعہ۔ ایجاد کرنیوالا۔ صنعت کار۔ ہنرمند۔ ذکی۔ تیز طبع۔ سگھڑ۔ صفت کا عمدہ۔ خوبصورت۔

Syn.—Clever, smart, inventive.

Ant.—Dull, unskilful, stupid.

Ingeniously, in-je'ni-us-li, *ad.* With skill. کاریگری سے۔ صنعت سے۔ زیرکی سے۔

Ingeniousness, in-je'ni-us-nes, *n.* Superior skill; the quality of being ingenious; power of ready invention; curiousness in design. تیز فہمی۔ سگھڑائی۔ چترائی۔ فراست۔ صنعت کاری۔

Ingenuity, in-je-nū'i-ti, *n.* Wit; skill; invention. صنعت کاری۔ ایجاد۔ حاضر جوابی۔ خوش طبعی۔

Ingenuous, in-jen'ū-us, *a.* Of honorable extraction; noble; open; generous. عالی نسب۔ شریف۔ عمدہ۔ کشادہ دل۔ سینہ صاف۔ سخی۔ صاحب ہمت۔ دانا۔

Syn.—Frank, candid, sincere.

Ingenuously, in-jen'ū-us-li, *a.* Openly; candidly; fairly. کشادہ دلی سے۔ صاف دلی سے۔ صاف صاف۔ بے ریائی سے۔

Ingenuousness, in-jen'ū-us-nes, *n.* Frankness; fairness. کشادہ دلی۔ صاف دلی۔ راستی۔ صدق۔ انصاف۔

Ingestion, in-jes'shun, *n.* The act of throwing into the stomach. معدہ میں پہونچانا یا داخل کرنا۔

Inglorious, in-glō'ri-us, *a.* Shameful; ignominious; disgraceful. شرم آگین۔ خفیف۔ ہلکا۔ برا۔ بے عزت۔ گمنام۔ پر ذلت۔

Ingoing, in'gō-ing, *n.* Going in; entering upon. اندر جانیوالا۔ متداخلہ۔
—*n.* Entrance. داخلہ۔ دروازہ۔

Ingot, in'got, *n.* A mass of unwrought metal. سونے یا چاندی وغیرہ کا ڈلا۔ سلاخ۔

Ingraft, in-graft', *v.t.* To fix deeply and firmly. قلم لگانا۔ پیوند لگانا۔ جڑنا۔ قائم کرنا۔ پیوستہ کرنا۔

Ingraftment, in-graft'ment, *n.* The act of ingrafting. قلم لگانا۔

Ingrain, in-grān', *v.t.* To impregnate; to dye in the grain. بار آور کرنا۔ بھرنا۔ رنگنا۔ پکا رنگ کرنا۔

Ingrate, in'grāt, *a.* Ungrateful; unpleasing. ناشکر گزار۔ ناحق شناس۔ ناگوار۔ ناپسندیدہ۔

Ingrateful, in-grāt'fool, *a.* Ungrateful. نمک حرام۔ بے وفا۔

Ingratiate, in-grā'shi-āt, *v.t.* To get into favour. عزیز یا مقبول ہونا۔ دل میں جگہ کرنا۔ منظور نظر ہو جانا۔

Ingratitude, in-grat'i-tūd, *n.* Unthankfulness; the return of evil for good. ناسپاسی۔ ناشکر گزاری۔ احسان فراموشی۔ نیکی کے عوض بدی۔

Ingredient, in-grē'di-ent, *n.* An element; a component part. جزو۔ کوئی چیز جو شے کی ترکیب میں داخل ہو۔ سامان۔

Ingress, in'gres, *n.* Entrance. مداخلت۔ در آمد۔ رسائی۔ دخل۔ پیٹھ۔ در آمد۔ باریابی۔
Syn.—Entrance, entry.

Ingulf, in-gulf', *v.t.* To swallow up in a gulf; to overwhelm. گھیرے میں کھینچ لینا۔ مغلوب کرنا۔ نگل لینا۔

Ingurgitate, in-gur'ji-tāt, *v.t.* To swallow in great quantity; to drink largely. ڈھکوسنا۔ بہت پینا۔

Inhabit, in-hab'it, *v.t.* To abide; to dwell in; to occupy as a dweller. رہنا۔ سکونت کرنا۔ بسنا۔

Inhabitable, in-hab'it-a-bl, *a.* That may be inhabited. قابل سکونت۔ رہنے کے لائق۔ قابل بود و باش۔

Inhabitant, in-hab'it-ant, *n.* One who resides in a place; a resident. باشندہ۔ رہنے والا۔ متوطن۔ نواسی۔

Inhabitation, in-hab'it-ā-shun, *n.* Place of dwelling; abode; population. رہنے کی جگہ۔ مسکن۔ مکان۔

Inhale, in-hāl', *v.t.* To breathe; to inspire. دم لینا۔ سانس لینا۔

Inharmonical, **Inharmonious**, } in-har-mon'ik-al, in-har-mō'ni-us, *a.* Unmusical; discordant بے سرا۔ بے تالہ۔ ناموافق۔ ناموزوں۔

Inhere, in-hēr', *v.i.* To exist or to be fixed in. رہنا۔ گڑا ہونا۔ مستقل ہونا۔

Inherent, in-hēr'ent, *a.* Innate; native; naturally pertaining to. جبلی۔ پیدائشی۔ ذاتی۔ خلقی۔
Syn.—Innate, inborn, inbred.
Ant.—Casual, accidental, outward.

Inherit, in-her'it, *v.t.* To take by descent from an ancestor; to have by nature; to own. وارث ہونا۔ وراثت پانا۔ وصف قدرتی رکھنا۔

Inheritance, in-her'it-ans, *n.* Hereditary estate or possession; a permanent blessing; natural gift. ارث۔ ترکہ۔ قبضہ۔ نعمت جاودانی۔ وصف خداداد۔ جوہر ذاتی۔ پیوتی۔ وراثت۔

Inheritor, in-her'it-ur, *n.* An heir. وارث۔ میراث پانیوالا۔

Inheritrix, in-her'i-triks, *n.* An heiress. وارثہ۔

Inhibit, in-hib'it, *v.t.* To prohibit; to restrain. روکنا۔ منع کرنا۔ باز رکھنا۔

Inhibition, in-hib'i-shun, *n.* The act of inhibiting; restriction. ممانعت۔ روک۔ اٹکاؤ۔

Inhospitable, in-hos'pit-a-bl, *a.* Not disposed to entertain strangers. غیر مہمان نواز۔ غیر متواضع۔ غیر مسافر پرور۔

Inhospitably, in-hos'pit-a-bl-i, *ad.* Unkindly; illiberally. نامہربانی سے۔ بلا تواضع۔ روکھے پن سے۔

Inhuman, in-hū'man, *a.* Cruel; unfeeling; barbarous. بے رحم۔ سنگ دل۔ بے درد۔

Inhumanly, in-hū'man-li, *ad.* Cruelly; barbarously. بے رحمی سے۔ بے دردی سے۔ سنگ دلی سے۔

Inhumanity, in-hū-man'i-ti, *n.* Cruelty; barbarity. بے رحمی۔ سنگدلی۔ بے دردی۔

Inhume, in-hūm', *v.t.* To bury; to inter. گاڑنا۔ دفن کرنا۔ مٹی دینا۔

Inimaginable, in-im-aj'in-a-bl, *a.* Inconceivable. خارج از قیاس۔

Inimical, in-im'i-kal, *a.* Unfriendly; inconsistent; repugnant; hurtful. ناموافق۔ مخالف۔ برخلاف۔ مضر۔ نقصان رساں۔ بداندیش۔
Syn.—Hostile, adverse,
Ant.—Friendly, amicable, affable.

Inimically, in-im'i-kal-i, *ad.* In a unfriendly manner. ناموافقت سے۔ دشمنی سے۔

Inimitable, in-im'it-a-bl, *a.* Incapable of being copied; surpassingly excellent. ناقابل تقلید۔ بینظیر۔

Syn.—Matchless, peerless.

Inimitably, in-im'it-a-bl-i, *ad.* In an inimitable manner. بے مثل طور۔

Iniquitous, in-ik'wi-tus, *a.* Unjust; unrighteous; wicked. بے انصاف۔ بے عمل۔ ناراست۔ شریر۔ بد۔

Syn.—Wicked, unjust.

Iniquity, in-ik'wi-ti, *n.* Gross injustice; unrighteousness. ناراستی۔ شرارت۔ گناہ۔ فسق۔

Initial, in-ish'al, *a.* Commencing; incipient. آغاز کا۔ شروع کا۔ پہلا۔ ابتدائی۔ *n.* The first letter of a word or proper name. نام یا لفظ کا پہلا حرف۔

Initiate, in-ish'i-at, *v.t.* To begin; to admit; to instruct in the rudiments or principles. شروع کرنا۔ تعلیم دینا۔ داخل کرنا۔ آغاز کرنا۔

—*a.* Unpractised; newly admitted. ناتجربہ کار۔ ابتدائی۔

Initiation, in-ish-i-a'shun, *n.* Introduction; the act of initiating; admission; the introductory step; the power of commencing. تعلیم ابتدائی۔ ادخال۔ ابتداء۔

Initiative, in-ish-i-a'tiv, *a.* Inceptive. ابتدائی۔

——, *n.* An introductory step; power of commencing. ابتدائی کارروائی۔ شروع کرنے کا اختیار۔

Initiatory, in-ish'i-a-to-ri, *a.* Tending to initiate; introductory. شروع کا۔ تمہیدی۔

Inject, in-jekt', *v.t.* To dart in; to cast. اندر ڈالنا۔ بھیتر لے جانا۔ پھینکنا۔ پچکاری دینا۔

Injection, in-jek'shun, *n.* The act of throwing in. بھیتر ڈالنا۔ پچکاری دینا۔

Injudicious, in-jōō-dish'us, *a.* Unwise; indiscreet; wanting in judgment. بے تمیز۔ نامعقول۔ خلاف مصلحت۔ بے سلیقہ۔ بے شعور۔

Syn.—Indiscreet, inconsiderate.

Injudiciously, in-jōō-dish'us-li, *ad.* Unwisely. بے عقلی سے۔ بے تمیزی سے۔

Injunction, in-jungk'shun, *n.* An order; a precept; a legal writ. حکم۔ ہدایت۔ حکم امتناعی۔ تاکید۔ ممانعت۔

Syn.—Command, mandate.

Injure, in'joor, *v.t.* To hurt; to damage; to wound; to annoy. ضرر پہونچانا۔ مجروح کرنا۔ نقصان پہونچانا۔ تکلیف دینا۔

Injurious, in-jōō'ri-us, *a.* Wrongful; harmful; prejudicial; detractory. مضر۔ حارج۔ نقصان پہونچانیوالا۔ زیاں کار۔ بگاڑنے والا۔ مذمت آمیز۔

Injury, in'joo-ri, *n.* Damage; mischief; detriment. ضرر۔ جفا۔ ستم۔ زیاں۔ گھاٹا۔ خسارہ۔

Injustice, in-jus'tis, *n.* Violation of the rights of an individual; iniquity; wrong. حق تلفی۔ ناانصافی۔ ضرر۔ نقصان۔

Syn.—Unfairness, grievance.

Ant.—Fairness, equity, justice, rectitude.

Ink, ingk, *n.* A coloured liquid used in writing and printing. سیاہی۔ روشنائی۔ کالک۔

v.t. To blacken with ink. سیاہی سے کالا کرنا۔

Inkhorn, ingk'horn, *n.* An inkstand. دوات۔ سیاہی دان۔

Inkle, ingk'l, *n.* A kind of broad narrow fillet. نواڑ۔

Inkling, ingk'ling, *n.* Inclination; an intimation; a hint or whisper. رغبت۔ میل۔ اطلاع۔ خبر۔ اشارہ۔ ایما۔ بھنک۔ کنایہ۔

Inkstand, ingk'stand, *n.* A vessel for holding ink and writing materials. دوات۔ سیاہیدان۔

Inky, ingk'i, *a.* Black as ink. سیاہی سا کالا۔

Inlace, in-las', *v.t.* To surround with lace. گوٹا یا کناری لگانا۔

Inland, in'land, *a.* Interior; domestic; confined to a country. خشکی میں۔ اندرونی۔ گھریلو۔ خانگی۔ ملکی۔ دیسی۔

—*n.* The interior part of country. ملک کا اندرونی حصہ۔

Inlay, in-la', *v.t.* To diversify with other substances; to ornament by laying in pieces of metal, ivory, etc. جڑنا۔ مرصع کرنا۔ پچی کاری کرنا۔

—*n.* Metal or pieces of wood, ivory inlaid. لکڑی عاج وغیرہ جو پچی کاری میں استعمال کی جائے۔

Inlet, in'let, *a.* Entrance; an opening; an arm of the sea. داخلہ۔ ناکا۔ گذرگاہ۔ درہ۔

Inly, in'li, *ad.* Internally; secretly. اندر کی طرف۔ اندرونی۔ پوشیدہ۔ *a.* Interior; secret. پوشیدگی سے۔

Inmate, in'mat, *n.* A fellow lodger. ہم خانہ۔ ہم مسکن۔

Inmost, in'most, *a.* Deepest within. سب سے بھیتر کا۔ اندرونی۔ بھیتری۔

Inn, in, *n.* A hotel; tavern. مسافرخانہ۔ سرائے۔

Innate, in'at, *a.* Inborn; natural; native. جنم کا۔ جبلی۔ طبعی۔ مادری۔ خلقی۔

Innavigable, in-nav'i-ga-bl, *a.* Impassable by ship. جس میں جہاز یا کشتی نہ چل سکے۔

Inner, in'ur, *a.* Interior; not outward; obscure. اندرونی۔ بھیتری۔ باطنی۔ پوشیدہ۔

Innermost, in'ur-most, *a.* Farthest inward. سب سے اندر کا۔

Inning, in'ing, *n.* The ingathering of grain. غلہ جمع کرنا۔

The turn for using the bat in cricket. کرکٹ کھیلنے میں گیند بازی کی باری۔

Inn-keeper, in-ke'pur, *n.* The proprietor of an inn. بھٹیارا۔ سرائے والا۔

Innocence, in'o-sens, *n.* Freedom from sin; purity of heart; ignorance. معصومیت۔ بے گناہی۔ صفائی دل۔ پاکی۔ سادگی۔ بے خبری۔

Innocent, in'o-sent, *a.* Harmless; lawful; free from guilt; not contraband. شرعی۔ قانونی۔ جائز۔ غیر ممنوع۔
—*n.* One free from guilt; an idiot. بے گناہ۔ بیوقوف۔ سادہ لوح۔

Innocently, in'o-sent-li, *ad.* Harmlessly. بے گناہی سے۔ سادہ دلی سے۔

Innocuous, in-nok'ū-us, *a.* Innocent; harmless. بے ضرر۔ بے گناہ۔ بغیر نقصان۔

Innominate, in-nom'i-nāt, *a.* Anonymous; unnamed. گمنام۔ بے اسم۔ بے نام۔

Innovate, in'o-vāt, *v.t.* To alter by introducing something new. اختراع کرنا۔ ایجاد کرنا۔ تبدیل کرنا۔ نئی بات کو ایجاد کرنا۔

Innovation, in'o-vā-shun, *n.* Introduction of novelties; change in established laws and practices. اختراع۔ ایجاد۔ نو طرز۔ نیا دستور۔

Innovator, in'o-vā-tur, *n.* One who innovates. بانی۔ موجد۔

Innoxious, in-nok'shus, *a.* Harmless in effects; pure. بے ضرر۔ بے نقصان۔ صاف۔

Innuendo, in-ū-en'dō, *n.* An oblique hint; an indirect intimation. اشارہ۔ کنایہ۔ رمز۔
Syn.—Insinuation, suggestion, representation.

Innumerable, in-nū'mur-a-bl, *n.* Numberless; incapable of being enumerated. بے شمار۔ بے حساب۔ ان گنت۔

Inobservance, in-ob-zur'vans, *n.* Want of observance; disobedience. عدم توجہی۔ خلاف ورزی۔ نافرمانی۔ عدم تعمیل۔

Inobservant, in-ob-zur'vant, *a.* Heedless. بے توجہ۔ نافرمان۔

Inoculate, in-ok'ū-lāt, *v.t.* To bud. قلم لگانا۔ پیوند لگانا۔ To communicate disease by inserting infectious matter. نشتر سے مرض متعدی کا مواد جلد میں پہونچانا۔ ٹیکا لگانا۔

Inoculation, in-ok'ū-lā-shun, *n.* The art of inoculating. ٹیکا۔ پیوند۔

Inodorous, in-ō'dur-us, *a.* Scentless. بے بو۔ بے باس۔ نوگند۔

Inoffensive, in-of-fen'siv, *a.* Harmless; doing no mischief. بے ضرر۔ بے شر۔ نردوش۔ Useful and *inoffensive* animals have claim to our tenderness. کارآمد اور غریب جانوروں پر رحم کرنا فرض ہے۔

Inoffensiveness, in-of-fen'siv-nes, *n.* Harmlessness. معصومیت۔

Inofficial, in-of-fish'al, *a.* Not proceeding from the proper officer. غیر سرکاری۔ بے ضابطہ۔

Inofficious, in-of-fish'us, *a.* Unkind; not attentive. نامشفقت۔ نامہربان۔

Inoperative, in-op'ur-a-tiv, *a.* Not active; producing effect. بے تاثیر۔ غیر موثر۔ ناکارگر۔

Inopportune, in-op-por-tūn', *a.* Unseasonable; inconvenient. بے موقع۔ بے وقت۔

Inopportunely, in-op-por-tūn'li, *ad.* Unreasonably. بے وقت۔ بے موقع۔

Inordinacy, in-or'di-nā-si, *n.* Disoder irregularity. بے ترتیبی۔ بے ضابطگی۔

Inordinate, in-or'di-nāt, *a.* Disorderly; excessive. بے قاعدہ۔ حد سے زیادہ۔

Inordination, in-or'di-nā-shun, *n.* Irregularity. بے ضابطگی۔ بے قاعدگی۔

Inorganic, in-or-gan'ik, *a.* Not endowed with organs. بے رگ و ریشہ۔ بے عضو۔ —**nature**, جبرالبستر۔

Inquest, in'kwest, *n.* Judicial inquiry; quest. تحقیقات۔ تلاش۔

Inquietude, in-kwī'et-ūd, *n.* Want of rest of mind; restlessness. بے چینی۔ بے کلی۔ بے قراری۔

Inquire, in-kwīr', *v.t.* or *i.* To ask about; to examine. دریافت کرنا۔ تلاش کرنا۔ امتحان کرنا۔

Inquirer, in-kwīr'ur, *n.* An investigator; seeker. تحقیقات کرنیوالا۔ متلاشی۔ جویاں۔ محقق۔ پرسان۔

Inquiry, in-kwīr'i, *n.* Interrogation; research; investigation; scrutiny. پرسش۔ استفسار۔ تلاش۔ آزمائش۔

Inquisition, in-kwi-zish'un, *n.* Investigation; judicial inquiry. آزمائش۔ تحقیقات۔ دریافت۔

Inquisitional, in-kwi'zish'un-al, *a.* Pertaining to the inquisition. تلاش یا تحقیقات میں مصروف۔

Inquisitive, in-kwiz'i-tiv, *a.* Addicted to inquiry; curious. متلاشی۔ متجسس۔ متفحص۔ رازجو۔ جاسوس طبیعت۔

Inquisitiveness, in-kwiz'i-tiv-nes, *n.* Curiosity to learn which is not known. دریافت کرنے کی خواہش۔

Inquisitor, in-kwiz'i-tur, *n.* One who inquires officially. تحقیقات کرنے والا۔

Inrail, in-rāl', *v.i.* To inclose with rails. ریل سے گھیرنا۔

Inroad, in'rōd, *n.* A sudden incursion; encroachment. حملہ۔ تاخت۔ یورش۔ دست درازی۔

Insalubrious, in-sa-lū'bri-us, *a.* Unwholesome; unfavourable to health. ناگوار۔ ناموافق۔ نادرست۔ ناموافق درستی۔ مضر صحت۔

Insalubrity, in-sal'ū-bri-ti, *n.* Unhealthfulness; unwholesomeness. غیر صحت آوری۔ ناموافقت۔ ناگواری۔

Insalutary, in-sal'ū-tar-i, *a.* Productive of evil; not wholesome. مضر۔ ناگوار۔ نقصان رساں۔

Insane, in-sān', *a.* Mad. پاگل۔ خبطی۔ دیوانہ۔ سودائی۔ مجنون۔

Syn.—Crazy, lunatic, mad, distracted.

Ant.—Sound, sane, rational, collected.

Insanity, in-san'i-ti, *n.* Madness ; lunacy. پاگل پن - سودا - خبط - خفقان -

Insatiability, in-sa'shi-a-bil-i-ti, *n.* The quality of being insatiable. بھوکا - نیم سیری - حرص کا نہ بجھنا -

Insatiable, in-sa'shi-a-bl, *a.* Incapable of being satisfied ; very greedy. جو سیر نہ ہو - حریص - بہت بھوکا -

Insatiate, in-sa'shi-at, *a.* Not to be satisfied. ناسیر - بے اگھایا - بھوکا - لالچی -

Insatiety, in-sa-shi'e-ti, *n.* Excessive greediness. نہایت حرص - بے حد لالچ - بے صبری -

Inscribe, in-skrib', *v.t.* To write ; to imprint ; to assign ; to impress. لکھنا - نقش کرنا - نشان کرنا - دلنشین کرنا -

Inscription, in-skrip'shun, *n.* Something written or engraved ; title ; address. نقش - کتبہ - کتاب کا خطبہ - پتہ - نام نہاد -

Inscrutability, in-skroot'a-bil-i-ti, *n.* Unsearchableness. تلاش نہ کیئے جا سکنے کی خاصیت -

Inscrutable, in-skroot'a-bl, *a.* Impenetrable ; unsearchable. جس کی تلاش نہ ہو سکے - ناگذار - ناقابل تحقیقات -

Inscrutably, in-skroot'a-bl-i, *ad.* In a manner not to be foundout. اس طرح پر کہ دریافت نہ ہو سکے -

Insect, in'sekt, *n.* A small creeping or flying animal. کیڑا - کرمی - کیٹ -

Insecticide, in-sekt'i-sid, *n.* The killing of insects. کیڑوں کا مارنا -

Insection, in-sek'shun, *n.* Incision ; a cutting in. کاٹ - تراش - چیر -

Insecure, in-se-kur', *a.* Not safe ; exposed to danger ; uncertain. نامحفوظ - خطرہ میں - غیر مستحکم - بے قیام -

Insecurely, in-se-kur'li, *ad.* Without certainty ; without safety. بلا حفاظت - بلا تحقیق -

Insecurity, in-se-kur'i-ti, *n.* Danger ; want of confidence in safety. خطرہ - خوف - بے امنی - اندیشہ - کھٹکا -

Syn.—Exposure, risk, hazard.

Insensibility, in-sen-si-bil'i-ti, *n.* Inability to feel or perceive ; stupidity. بے خبری - جھولی - بے ہوشی - بیوقوفی - جہالت -

Syn.—Dulness, numbness, apathy, torpor.

Insensible, in-sen'si-bl, *a.* Imperceptible ; unsusceptible ; stupid. بے چین - بے ہوش - غیر مخصوص - نامعلوم - بے خبر - بیوقوف -

Insensibly, in-sen'si-bl-i, *ad.* Imperceptibly ; by slow degress. بے معلوم طور سے - بتدریج - رفتہ رفتہ -

Inseparability, in-sep-ar-a-bil'i-ti, *n.* The quality of being such as cannot be separated. ربط و ضبط - لازم ملزومی -

Inseparable, in-sep ar-a-bl, *a.* Not to be parted. جو جدا نہ ہو سکے - ناتفریق پذیر - غیر منفک -

Inseparably, in-sep'ar-a-bl-i, *ad.* With indissoluble union. بلا تفریق - بلا مہاجرت - بہ کمال ربط و ضبط -

Insert, in-surt', *v.t.* To thrust in ; to set within something. مندرج کرنا - داخل یا شامل کرنا - ڈالنا -

Insertion, in-sur'shun, *n.* The act of placing in or among other things. شمول - داخلہ - اندراج -

Inside, in'sid, *a.* Internal. اندرونی - *n.* Internal portion. اندرونی حصہ -

Insidious, in-sid'i-us, *a.* Watching to ensnare ; crafty. گھاتی - فطرتی - عیار -

Ant.—Artful, designing, treacherous.

Insidiously, in-sid'i-us-li, *ad.* Deceitfully ; treacherously. دغا بازی سے - دھوکا دے کر - عیاری سے -

Insight, in'sit, *n.* Deep inspection ; thorough knowledge. بصیرت - معرفت - وقوف - شناخت - پرکھ - پہچان -

Insignia, in-sig'ni-a, *n. pl.* Badges of office or honour. نشان - علامت - پتہ - تمغہ -

Insignificance, in-sig-nif'i-kans, *n.* Want of force ; unimportance ; meanness. ناچیزی - بے قدری - خفت - ہلکا پن -

Insignificant, in-sig-nif'i-kant, *a.* Destitute of meaning ; unimportant ; mean ; without weight. بے معنی - بے قدر - حقیر - ادنے - خفیف - ہلکا -

Syn.—Immaterial, petty.

Ant.—Essential, considerable, immense.

Insincere, in-sin-ser', *a.* Untruthful ; hypocritical ; dissembling. مکار - دورنگا - ریاکار - ناراست - جھوٹا -

Insincerely, in-sin-ser'li, *ad.* Hypocritically. دورنگی سے - ریاکاری سے - دغا سے -

Insincerity, in-sin-ser'i-ti, *n.* Hypocrisy ; dissimulation. ریاکاری - ظاہر داری - دغا -

Insinuate, in-sin'u-at, *v.t.* or *i.* To introduce gently ; to instil ; to hint ; to creep in ; to push oneself into favour. آہستہ آہستہ داخل کرنا - پیٹھنا - عیاری سے گھر کرنا - دلمیں دلنشین کرنا - اشارہ کرنا - اپنے اوپر مہربان کرنا - جگہ کرنا -

Insinuation, in-sin-u-a'shun, *n.* The act of insinuating ; a distant allusion. ایما - اشارہ - کنایہ - دخول -

Insipid, in-sip'id, *a.* Destitute of taste ; vapid ; wanting life ; flat. پھیکا - بے ذائقہ - بے مزہ - بیجان - مردہ - افسردہ - بھاری -

Insipidity, in-si-pid'i-ti, *n.* Want of taste. بے مزگی - بے لطفی -

Insist, in-sist', *v.t.* To dwell upon; to persist in; to urge. ٹھہرنا ۔ مستقل رہنا ۔ ضد کرنا ۔ ہٹ کرنا ۔ تاکید کرنا ۔ بضد ہونا ۔ اصرار کرنا ۔ اڑ کے کھڑا ہو جانا ۔

Insnare, in-sn'ār, *v.t.* To entrap; to seduce by artifice. پھنسانا ۔ پھندے میں لانا ۔ ورغلانا ۔ جال میں پھنسانا ۔

Insobriety, in-so-brī'e-ti, *n.* Drunkenness; intemperance. شراب خوری ۔ بدمستی ۔ بد پرہیزی ۔

Insociable, in-sō'sha-bl, *a.* Disinclined to unite in social converse; taciturn. ناآشنا مزاج ۔ غیر مانوس ۔ انمیل ۔ چپا ۔

Insolate, in-'so-lāt, *v.t.* To dry in the sun. دھوپ میں سکھانا ۔ دھوپ دینا ۔

Insolence, in'so-lens, *n.* Impudence, overbearing treatment of others. گستاخی ۔ شوخی ۔ سرکشی ۔ بے امتیازی ۔ کج ادائی ۔

Insolent, in'so-lent, *a.* Haughty; overbearing; abusive; rude. گستاخ ۔ شوخ ۔ سرکش ۔ بے ادب ۔ دشنام آمیز ۔

Syn.—Proud, insulting, contemptuous.

Insolently, in'so-lent-li, *ad.* Rudely; haughtily. گستاخانہ ۔ بے ادبی سے ۔

Insolubility, in-sol'ū-bil-i-ti, *n.* The quality of not being soluble. نہ گھلنے کی خاصیت ۔

Insoluble, in-sol'ū-bl, *a.* Incapable of being dissolved in a fluid. نہ گھلنے والا ۔ نہ پگھلنے والا ۔

Insolvable, in-solv'a-bl, *a.* Not capable of solution or explication. لاحل ۔ مشکل ۔ غیر قابل ادا ۔ نہ کھلنے والا ۔

Insolvency, in-solv'en-si, *n.* Inability to pay one's debts. مفلسی ۔ ادائے قرض کی بے مقدوری ۔

Insolvent, in-solv'ent, *a.* Unable to pay debts. مفلس ۔ مقروض ۔ قرضدار ۔ بے مقدور ۔ **—debtor**, دیوالیہ ۔ مفلس ۔ **To take the benefit of the—act**, بے مقدور ۔ قرضداروں کی رہائی کے آئین مطابق مخلصی حاصل کرنا ۔
n. A debtor unable to pay his debts. دیوالیہ ۔ تنگ دست ۔

Insomnia, in-som'ni-a, *n.* Sleeplessness. نہ سونے کی بیماری ۔ بے خوابی ۔ بے داری ۔

Insomnious, in-som'ni-us, *a.* Restless in sleep. سونے میں بے چینی ۔

In-so-much, in-so-much', *ad.* So that; such a degree that. اس قدر ۔ اس درجہ تک ۔ یہاں تک ۔

Insooth, in-sooth', *ad.* Truly; indeed. حقیقتاً ۔ فی الحقیقت ۔

Inspect, in-spekt', *v.t.* To look upon; to superintend; to examine. دیکھنا ۔ ملاحظہ کرنا ۔ معاینہ کرنا ۔ جانچنا ۔ امتحان کرنا ۔

Syn.—Examine, scrutinize, investigate.

Inspection, in-spek'shun, *n.* Trying examination; the act of inspecting; watch; superintendence. امتحان ۔ معاینہ ۔ نگرانی ۔ حفاظت ۔

Inspector, in-spek'tor, *n.* One who looks into; a superintendent. جانچ کرنے والا ۔ معاینہ کرنیوالا ۔ ممتحن ۔ انسپکٹر ۔

Inspectorate, in-spek'to-rāt, *n.* The office of an inspector; a district under charge of an inspector; a body of inspectors. عہدہ ۔ نظارت ۔ داروغائی ۔ علاقہ انسپکٹری ۔ ممتحنوں کی جماعت ۔

Inspectorship, in-spek'tor-ship, *n.* The office of an inspector. عہدہ ممتحن ۔ انسپکٹری ۔

Insphere, in-sfēr, *v.t.* To place in an orb. گھیرنا ۔ گیند کی شکل بنانا ۔

Inspirable, in-spīr'a-bl, *a.* Inhalable; capable of being drawn into the lungs. دم کشی کے قابل ۔ پینے کے لائق ۔ دم سے کھینچنے کے قابل ۔

Inspiration, in-spir'a-shun, *a.* Inhalation; infusion of feeling. دم کشی ۔ الہام ۔ وحی ۔

Inspire, in-spīr', *v.i.* To breathe; to inspire feelings. سانس لینا ۔ دم لینا ۔
—*v.t.* To infuse into; to instil; to animate supernaturally. پھونکنا ۔ دل میں ڈالنا ۔ تلقین کرنا ۔ وحی بھیجنا ۔

Inspired, in-spīrd', *a.* Inhaled; written under Divine enlightenment. اندر کشیدہ ۔ الہامی ۔ اہل بصیرت ۔ اہل روشنی ۔ صاحب وحی ۔

Inspirit, in-spir'it, *v.t.* To animate; to enliven; to cheer. زندہ کرنا ۔ جان ڈالنا ۔ ہمت دلانا ۔

Syn.—Enliven, invigorate, animate.

Inspissate, in-spis'āt, *v.t.* To thicken. گاڑھا کرنا ۔ جمانا ۔

Instability, in-sta-bil'i-ti, *n.* Inconsistency; mutability; fickleness; insecurity. بے استقلالی ۔ ناپائداری ۔ عدم استحکام ۔ تلون ۔ بے ثباتی ۔

Instable, in-sta'bl, *a.* Inconstant. نامستقل ۔ بے قرار ۔ بدل جانیوالا ۔

Install, in-stawl', *v.t.* To set in a seat; to invest with any office. بٹھلانا ۔ عہدہ پر بٹھلانا ۔ مسند نشین کرنا ۔ تخت پر بٹھلانا ۔

Installation, in-stawl'ā-shun, *n.* The act of giving possession of an office or rank. مسند نشینی ۔ تخت نشینی ۔ خلعت پوشی ۔ تقرر ۔

Instalment, in-stawl'ment, *n.* The act of installing. خلعت بخشی ۔ عہدہ نشینی ۔ Part payment, as of a sum of money; part payable at a time. قسط ۔ جز ۔ حصہ ۔

Instance, in stans, *n.* Example; application; occurrence; case. درخواست ۔ استدعا ۔ مثال ۔ نظیر ۔ مقدمہ ۔
—*v.t.* or *i.* To give as an example. مثال دینا ۔

Instant, in'stant, *n.* A moment; a day of the current month. لمحہ ۔ لحظہ ۔ ماہ رواں ۔ ماہ حال ۔ تاریخ ماہ حال ۔
—*a.* Quick; present; urgent; immediate. فوری ۔

بلاتوقف - جلد - فوراً -

Instantaneous, in-stant-ān'e-us, *a.* Done in an instant. فوراً - فی الفور - برمحل -

Instantly, in'stant-li, *ad.* Earnestly ; immediately. بلاتوقف - فوراً -

Instate, in-stāt', *v.t.* To place in a certain rank. کسی جگہ یا عہدہ پر قائم کرنا -

Instead, in-sted', *ad.* In the place of. بعوض - بجائے - منزلہ -

Instep, in'step, *n.* The upper part of the foot near its junction with the leg. پشت پا - تلی - گانچی -

Instigate, in'sti-gāt, *v.t.* To provoke ; to urge ; to crime ; to foment ; to set on. آمادہ کرنا - تحریک کرنا - بھکانا - اُبھارنا - اُکسانا - ترغیب دینا - برپا کرنا - اُٹھانا -

Instigation, in-sti-gā'shun, *n.* Impulse to evil. ترغیب - اغوا - بھکاؤ - تحریک -

Instigator, in-sti-gā'tor, *n.* One who instigates. ورغلانے والا - بھکانے والا -

Instil, in-stil', *v.t.* To pour in by drops ; to infuse slowly. قطرہ قطرہ ٹپکنا - آہستہ آہستہ ذہن نشین کرنا -

Instinct, in'stingkt, *n.* Involuntary prompting to action ; inward impulse. عقل حیوانی - نفس - تحریک -

Instinctive, in-stingk'tiv, *a.* Spontaneous ; acting without the intervention of reason. یکایک - بے سمجھے بوجھے - ذاتی - طبعی -

Institute, in'sti-tūt, *v.t.* To set up ; to found ; to educate ; to ordain. مقرر کرنا - قائم کرنا - باندھنا - ایجاد کرنا - شروع کرنا -
—*n.* Established law ; precept ; a literary or scientific body. قاعدہ - رسم - قانون - اصول - ترقی - علم و فنون کی جماعت یا مجلس - انجمن اشاعت علوم -

Institution, in-sti-tū'shun, *n.* Establishment ; enactment. تقرر - قانون - An organized society. مجلس -

Institutional, in-sti-tū'shun-al, *a.* Pertaining to an institute. شرعی - ابتدائی - قانونی - اصولی -

Instruct, in-strukt', *v.t.* To educate ; to enjoin ; to inform ; to direct. تعلیم دینا - سکھلانا - فرمانا - اطلاع دینا - بتلانا - ہدایت کرنا - فرمانا - ارشاد کرنا -
Syn.—Teach, inform, enlighten, educate, drill.

Instruction, in-struk'shun, *n.* Command ; education ; advice. ہدایت - فہمائش - تعلیم - تربیت - اصلاح - نصیحت - حکم -

Instructive, in-struk'tiv, *a.* Serving to inform. آگاہی بخش - علم آموز - نصیحت آمیز - عبرت انگیز -

Instructor, in-struk'tor, *n.* A teacher. اُستاد - معلم - اتالیق - ادیب -

Instructress, in-struk'tres, *n.* A preceptress. معلمہ - گرو آئن -

Instrument, in-strōō-ment, *n.* A tool ; machine ; a writing ; an agent. اوزار - ہتھیار - آلہ - کل - نوشتہ - تحریر - وسیلہ -

Instrumental, in-strōō-ment'al, *a.* Conducive ; helpful. باعث - ذریعہ - ممد - معاون - مددگار -

Instrumentality, in-strōō-ment-al'i-ti, *n.* Means ; agency. کارپردازی - وسیلہ - توسط -

Lankness, langk-nes, *n.* Leanness. دُبلاپن۔ لاغری۔ کمزوری۔

Lanky, langk-i, *n.* Slender; slim. دُبلا۔ پتلا۔ کمزور۔

Lantern, lant'urn, *n.* Part of a light-house in which there is light; a case in which a light is carried. روشن دان۔ لالٹین۔

Lanuginous, lan'u-gi-ne-us, *a.* Covered with down; woolly. روئیں دار۔ اونی۔ پشمی۔

Lap, lap, *n.* The loose part of a coat. دامن۔ پلا۔ That part of a person sitting which reaches from the waist to the knees. گود۔ Border; edge. حاشیہ۔ کنارہ۔ *v.t.* To fold; to wrap; to involve; to lick up. تہ کرنا۔ لپیٹنا۔ اوڑھنا۔ شامل کرنا۔ چاٹنا۔ *v.i.* To be spread or laid over; to take up liquor or food with the tongue. پھیلانا۔ چپڑ چپڑ کرنا۔ چاٹنا۔

Lapdog, lap'dog, *n.* A pet dog. چھوٹا کتا جسے گود میں رکھتے ہیں۔

Lapidary, lap'i-dar-i, *n.* One who cuts and engraves precious stones. جوہری۔

Lapidation, lapi-da'shun, *n.* The act of stoning to death. پتھروں کی مار۔

Lapidescence, lap'i-des'sens, *n.* The process of becoming stone; a stony concretion. پتھر ہو جانا۔ پتھر کا سا انجماد۔

Lapidify, lapi-di-fi, *v.t.* To turn into stone. پتھر بنانا۔ پتھر کر دینا۔ *v.i.* To form into stone. پتھر ہو جانا۔ پتھر بن جانا۔

Lapidist, lap-i-dist, *n.* A dealer in precious stones. جوہری۔ نگینہ فروش۔

Lapse, laps, *n.* A slipping or gradual falling in duty; deviation from rectitude. پھسلاہٹ۔ چوک۔

Lapstone, lap-ston, *n.* A stone on which shoema-

ers beat leather. وہ پتھر جس پر موچی چمڑا پیٹتے ہیں۔

Larboard, lar-bōrd, *n*. The left hand side of a ship, looking towards the head. سرے کی رُخ دیکھنے سے جہاز کا دست چپ۔

Larcegist, lar'sej'ist, *n* One who commits theft. چور۔ درد۔ سارق۔

Larceny, lar'sen-i, *n*. Theft of personal property. چوری۔

Lard, lard, *n*. The fat of swine. سور کی چربی۔ *v.t.* To grease; to fatten. چربی لگانا۔ موٹا کرنا۔

Larder, lard'ur, *n*. A room or box, where meat is kept before eating. گوشت رکھنے کی جگہ۔

Large, larj, *a*. Big; great; wide. کلاں۔ بڑا۔ چوڑا۔ وسیع Abundant; ample. بہت۔ کثیر۔ زیادہ۔ Bulky; diffuse; free; liberal; generous. جسیم۔ مشترح۔ پھیلا ہوا۔ آزاد۔ عالی ہمت۔ فیاض۔

At—, without restraint. آزادانہ۔ بلا قید۔ کھلے بندوں

A prisoner at—, نظر بند۔ **The people at—**, اکثر اشخاص۔

Syn.—Grand, great, big, enormous, huge, massive, immense.

Largely, larj'li, *ad*. Extensivly; amply; liberally. کثرت سے۔ زیادتی سے۔ بہ افراط۔ فیاضی سے۔

Largeness, larj'nes, *n*. Bigness; greatness; liberality; generosity; abundance. کلانی۔ عظمت۔ کثرت۔ بہتات۔ افراط۔ فیاضی۔ کشادہ دلی۔

Largess, larj'es, *n*. A present; a donation; a bounty. نذر۔ بخشش۔ انعام و اکرام۔ داد و دہش۔

Syn.—Bounty, present, donation, gift.

Lark, lark, *n*. A small song-bird; a frolic. لوا۔ کھیل۔

Larva, lar'va, *n*. An insect in the caterpillar or grub state. کیڑے کی انڈے سے نکلنے کے بعد کی صورت

Larynx (*làringks*), *n*. The upper part of the wind pipe. ٹینٹوا۔ نوکھری۔ حلقوم۔

Syn.—Caterpiller, grub, maggot.

Lascar, las'kar, *n*. A native sailor; campfollower. جہاز یا لشکر کا ہندوستانی ملازم۔

Lascivious, las-siv'i-us, *a*. Loose; wanton; lustful; luxurious. آزاد۔ نفس پرست۔ مستانہ۔ فحش۔ پُرشہوت۔ عیاش۔

Lasciviously, las-siv'i-us-li, *ad*. Loosely; wantonly. مستانہ طور سے۔ فحش طور سے۔

Lash, lash, *n*. A stroke with a whip; the thong of whip. چابک کا تسمہ۔ ضرب۔

—*v.t.* To strike with lash. چابک مارنا۔

Lash, lash, *v.t.* To whip; to satirize; to kick out; to bind with a rope. چابک مارنا۔ ملامت کرنا۔ لتیانا۔ رسی سے باندھنا۔ *v.i.* To ply the whip. کوڑا مارنا۔ چابک پھٹکارنا۔

Lass, las, *n*. A young woman; a girl. جوان عورت۔ لڑکی۔

Lassitude, las'i-tūd, *n*. Languor of body or mind; faintness. ماندگی۔ ضعف۔

Lasso, las'o, *n*. A rope with a running noose, used for catching wild horses. پھندا۔ کمند۔

Last, last, *a*. Final; hindmost; utmost; lowest; next before the present. آخر۔ پچھلا۔ نہایت۔ سب سے نیچا۔ گزشتہ۔ سابق۔ **At—**, Finally انجام کو۔ **To the—**, to the end. آخر تک۔ عمر بھر۔ **On one's—legs**, about to die. قریب المرگ۔ قبر بین۔ پیر لٹکائے ہوئے۔ کام تمام ہونے پر۔ **To breathe one's—**, to die. مرنا۔ فوت ہونا۔ دم نکلنا۔ *ad.* To endure; to hold out. ٹھیرنا۔ چلنا۔ قائم رہنا۔

n. A load; a measure; a mould to shape a shoe. بوجھ۔ وزن۔ پیمانہ۔ جوتی کا قالب۔

Lasting, last'ing, *a*. Durable; permanent. دائمی۔ پائدار۔

Lastly, last'li, *ad*. Finally; in the last place. آخرالامر۔

Latch, lach, *n*. A small piece of iron or wood used to fasten a door. بلی۔ چٹکنی۔ *v.t.* To catch; to fasten by means of latch. پکڑنا۔ پھنسانا۔ بلی لگانا۔ چٹکنی چڑھانا۔

Latchet, lach'et, *n*. The string that fastens a shoe. جوتا باندھنے کا تسمہ۔

Latchet, lach'et, *n*. The string that fastens a shoe. بلی کھسکانے کی چابی۔

Latch-key, lach-ki, *n*. A key used to raise the latch of a door. بلی کھسکانے کی چابی۔

Late, lat, *a*. Coming after the usual time; slow; tardy; departed; recent; fair in the day or night. دیر۔ سست۔ کاہل۔ مرحوم۔ متوفی۔ حال کا۔ بے وقت۔ بہت رات گئے یا دن چڑھے۔

ad. After the usual time; not long ago; far in the day or night. معمولی وقت کے بعد۔ حال میں۔ بہت دن چڑھے یا رات گئے۔

Lately, lāt'li, *ad*. Not long ago; recently. حال میں تھوڑے دن ہوئے۔

Syn.—Recently, latterly.

Latency, la'ten-si, *n*. State of being latent. پوشیدگی۔

Lateness, lāt'nes, *a*. The state of being late; recent time. درنگ۔ دیری۔ جدید زمانہ۔

Latent, la'tent, *a*. Under the surface; not apparent. پوشیدہ۔ اندرونی۔

Later, lat-er, *a*. Posrerior; subsequent. آخری۔ مابعد کا۔

Lateral, lat'ur-al, *a*. Pertaining to or on the side; proceeding from the side. بغلی۔ پہلو کا۔

Laterally, lat'ur-li, *ad*. Sidewise; in the direction

of the side.-ایک طرف سے
پہلو سے - بغل کی طرف سے -

Lateritious, lat-ri'shi-us, *a.* Of a brick-red colour. اینٹ کے سُرخ رنگ کا سا -

Lath, lath', *n.* A long piece of wood nailed to the rafters to support tiles or plaster. کاٹھ کی پٹی -

Lath, lath', *n.* A machine by which articles of wood are turned and cut into a smooth round form. کھراد -

Lather, lath'ur, *n.* Foam made by soap moistened with water. صابن کا پھین - *v.i.* To cover with soapfoam; to become frothy. صابن سے ڈھکنا - پھین دار ہونا -

Lathy, lath'i, *a.* Long and slender. لمبا اور پتلا -

Latin, lat'in, *a.* Pertaining to the Latins; Roman. رومی - رومی زبان -
—*n.* The language of the ancient Romans. رومی زبان -

Latinise, lat'i-niz, *v.t.* To give to foreign words Latin termination. لفظوں کو لاطینی کر لینا یا بنا لینا -

Latinism, lati-nizm, *n.* A Latin idiom. لاطینی محاورہ -

Latinity, lati-ni'ti, *n.* Style of writing Latin. لاطینی تحریر کا طرز -

Latish, lat'ish, *a.* Somewhat late. کچھ دیر سے -

Latitude, lat'i-tūd, *n.* Breadth; width. چوڑائی - Room. جگہ - Looseness; laxity. سُستی - کشادگی - Extent. وسعت - The distance of any place on the globe north or south of the equator. عرض البلد -

Latitudinarian, lat-i-tū-di-na'ri-un, *n.* Lax in religious view; one not strictly orthodox; indulging in latitude of opinion. آزاد - بلا قید - مذہب میں آزاد خیالات کا آدمی -

Latrant, lat-rant, *a.* Barking. بھونکتا ہُوا -

Latria, lat-ria, *n.* The highest kind of worship. خدا کی اعلےٰ درجہ کی عبادت -

Latrine, lat'rin, *n.* A privy. پائخانہ - ٹٹی - جائے ضرور - بمبوکس -

Latrociny, lat'rō-sin-i, *n.* Robbery. ڈکیتی - لوٹ مار -

Latten, lat'ten, *n.* Iron tinned over. لوہا ٹین کا پتر چڑھا -

Latter, lat'ur, *a.* Mentioned in the last of the two; modern. پچھلا - آخر الذکر - حال کا -

Latterly, lat'ur-li, *ad.* Lately; of late. حال میں - تھوڑے دن ہوئے -

Lattice, lat'is, *n.* Structure of crossed laths or bars forming small openings like network. کاٹھ یا لوہے کا جھنجری دار جنگلا -
—*v.t.* To form with cross bars and open work. جھنجری دار بنانا -

Laud, lawd, *n.* Praise; eulogy. تعریف - مدح - ستائش - توصیف - حمد - *v.t.* To extol; to celebrate. تعریف کرنا - مشہور کرنا - شہرت دینا -

Laudability, lawd'abi-li-ti, *n.* Praiseworthiness. خوبی - عمدگی -

Laudable, lawd'a-bl, *a.* Praiseworthy. تعریف کے قابل -

Laudably, lawd'ab-li, *ad.* In a manner deserving praise. تعریف کے لائق -

Laudanum, lawd'a-num, *n.* Tincture of opium prepared in spirit of wine. افیون کا عرق -

Laudation, lawd'a-shun, *n.* Praise; commendation. تعریف - توصیف -

Laudatory, lawd'a-tor-i, *a.* Containing praise. تعریف آمیز - توصیفی *n.* That which contains praise. جس میں مدح و ثنا ہو -

Laugh, laf, *v.i.* To have the countenance changed so as to express merriment; to be gay; to sport. ہنسنا - خوش و خرم ہونا - کلول کرنا - کھیلنا -
To—at, to ridicule. ہنسنا - مذمت کرنا - **To—in the sleeve,** to laugh one's self so as not to be observed. دل ہی دل میں ہنسنا - **To—on the wrong side of the mouth,** to cry. رونا - گریہ کرنا **To—to scorn.** حقارت کرنا - ہنسی میں اُڑانا
v.t. To ridicule; to deride ہنسی کرنا - تضحیک کرنا -
n. An expression of mirth peculiar to man. خندہ - ہنسی -

Laughable, laf-a-bl, *a.* Droll; ludicrous; comical. خندہ آور - ہنسی کا - خندہ انگیز -

Laughingly, laf'ing-li, *ad.* In a merry way. ہنسی میں -

Laughing-stock, laf'ing-stok, *n.* An object of ridicule; a butt of sport. مسخرہ - مضحکہ - گوئے محفل - نقل مجلس - **To make a—of one,** مسخرہ بنانا -

Laughter, laf-tur, *n.* Convulsive expression of merriment, ridicule, etc. خندہ - قہقہہ - ہنسی - کھلکھلاہٹ -

Launch, lansh, *v.t.* To dart; to move or cause to move into the water; to fly off; to pierce. چلانا - پھینکنا - پانی میں چلنا یا چلانا - کھینا - چلا جانا - چھیدنا -
To—out or forth, to expatiate. مبالغہ کرنا - To speculate. نفع کی غرض سے روپیہ لگانا - **To—into eternity,** to kill. ملک عدم کو روانہ کرنا - مار ڈالنا -

Launch, lansh, *n.* The act of putting a new built ship off the stocks in the sea. نئے جہاز کو سمندر میں لانا - The largest boat in a ship. اُس کی سب سے بڑی کشتی -

Launder, land'er, *n.* A washerwoman. دھوبن - گازرنی -

v.t. To wash. دھونا۔

Laundress, lawn'dres, *n.* A washerwoman. دھوبن۔

Laundry, lawn'dri, *n.* A room where clothes are washed and done up. کپڑا دھونے اور بنانے کی جگہ۔

Laureate, law're-at, *a.* Invested with a laurel wreath. لارل درخت کی پتیوں سے آراستہ۔ —*n.* The court poet. بادشاہی شاعر۔ —*v.t.* To confer a degree on. ڈگری دینا۔

Laureateship, law'rat-ship, *n.* Office of laureate. عہدہ ملک الشعرا۔

Laurel, law'rel, *n.* The bay tree. ایک سدا سبز پیڑ۔ تج۔

Lava, la'va, *n.* The melted rock-matter which flows from a volcano. پگھلا ہوا پہاڑی مادہ جو جوالامکھی پہاڑوں سے نکلتا ہے۔

Lavatory, la'va-to-ri, *a.* Washing. دھونا۔ *n.* A place for washing ; a lotion for a diseased part. دھونے کی جگہ۔ گھاؤ دھونے کی دوا۔ جائے شست وشو۔

Lave, lav, *v.t.* or *i.* To wash ; to bathe. نہلانا۔ تر کرنا۔

Lavender, la'ven-der, *n.* An aromatic plant ; scent. ایک خوشبودار درخت لونڈر۔

Laver, lav'er, *n.* A vessel for washing a large basin. طشت سلپچی۔ ناند۔ حوض۔ دھونے کا بڑا باسن۔

Laverock, lav'ur-ok, *n.* The lark. چنڈول۔ چکوک۔

Lavish, lav'ish, *a.* Profuse ; extravagant ; immoderate ; wasteful ; wild ; superfluous. بے ضبط۔ مسرف۔ اُڑاؤ۔ فضول خرچ۔ خراچ۔ اندھا دھند۔ *v.t.* To expend with profusion ; to squander. خوب خرچ کرنا۔ اُڑانا۔

Syn.—Squander, waste, dissipate.

Lavishly, lav'ish-li, *ad.* Prodigally ; wastefully. فضول خرچی سے۔ باسراف۔

Lavishment, lav'ish-ment, *n.* Prodigality. فضول خرچی۔

Law, law, *n.* A rule of action ; a decree ; an order ; a statute ; a settled principle. ضابطہ۔ شرح۔ قانون۔ فرمان۔ حکم۔ دستور۔ رسم عدالت۔ **To take—into one's own hands,** is for oneself to administer punishment for an offence without going to a court of law. خود سزا کسی قصور کے لئے دینا بغیر عدالت جائے ہوئے۔ **To go to—,** to file a suit. نالش کرنا۔ **The—of nations,** آئین متعلق راہ ورسم قومی۔

Law-abiding, law-ab'i-ding, *a.* Observant of the law. پابند قانون۔ فرمانبردار۔

Law-book, law-book, *n.* A book treating of law. کتاب قوانین۔

Lawful, law'fool, *a.* Legal ; rightful. حسب قانون۔ جائز۔ شرعی۔

Lawfully, law'fool-i, *ad.* Legally. از روئے شرع۔ شرعاً۔ قانوناً۔

Law-fulness, law'fool-nes, *n.* Legality. مطابعت شرع۔ جواز۔ واجبیت۔

Law-giver, law-giv-ur, *n.* A legislator. واضع قانون۔

Lawless, law'les, *a.* Not subject to law ; illegal. بے قانون۔ بے شرع۔ ناجائز۔ بے قاعدہ۔

Lawlessly, law'les-li, *ad.* In a lawless manner. ناجائز طور پر۔

Lawlessness, law'les-nes, *n.* Disorder. ابتری۔ بے آئینی۔

Law-maker, law-mak'er, *n.* A legislator; a lawgiver. واضع قانون۔ شارع۔

Lawn, lawn, *n.* A fine linen or cambric ; an open clear space covered with grass. ایک قسم کی باریک ململ۔ سبزہ زار۔

Lawsuit, law'sūt, *n.* A suit process in law. مقدمہ۔ نالش۔

Lawyer, law'ur, *n.* One skilled in law ; a practitioner of law. قانون دان۔ وکیل۔ عدالت۔

Lax, laks, *a.* Loose ; slack ; vague ; not severe ; not strict ; dissolute. ڈھیلا۔ کھلا۔ مجہول۔ اُداس۔ نرم۔ ملائم۔ آوارہ۔ بے بند ہیچ۔ *n.* A looseness ; diarrhoea. ڈھیلا۔ جریان شکم۔ اسہال۔

Laxation, laks'a-shun, *n.* The act of loosening. ڈھیلا پن۔

Laxative, laks'a-tiv, *a.* Having the quality of relieving. مسہل۔ دست آور۔

Laxity, laks'i-ti, *n.* Slackness ; looseness ; want of precision ; dissoluteness ; openness. کشادگی۔ ڈھیلا پن۔ آوارگی۔ آزادگی۔ بلا پابندی۔

Laxly, laks-li, *ad.* Loosely. ڈھیلے پن سے۔

Lay, la, *v.t.* To place in lying position ; to cause to lie. لٹانا۔ To put ; set or place. رکھنا۔ بٹھانا۔ قائم کرنا۔ To impose. لگانا۔ To settle. جمانا۔ To beat down. کم کرنا۔ گرا لنا۔ To contrive. شرط باندھنا۔ تدبیر کرنا۔ To spread. بچھانا۔ To wager. To provide. مہیا۔ To produce eggs. انڈے دینا۔ To hazard. داؤں پر لگانا۔ To bury. دفن کرنا۔ To state. بیان کرنا۔ To prostrate. لٹانا۔ گرانا۔ **To—aside,** to put off or away. اُتار کر رکھ دینا۔ موقوف کرنا۔ To discontinue ; to abandon. برطرف کرنا۔ چھوڑ دینا۔ To set apart. رکھ چھوڑنا۔ **To—bare,** راز کھولنا۔ ننگا کر دینا۔ پردہ اٹھانا۔ **To—by,** to reserve for future use. پس انداز کرنا۔ To put aside. اُتار دینا۔ **To—down,** to deposit. تصدق کرنا۔ فدا کرنا۔ To offer ; to propose. پیش کرنا۔ To resign. چھوڑ دینا۔ To

delineate on paper. قلمبند کرنا۔ To—by the heels, to confine. قید کرنا۔ To—about, to strike with vigour. زور سے مارنا۔ To—heads together, رائے متفق کرنا۔ صلاح کرنا۔ To—in, to collect and store. جمع کرنا۔ To—oneself out, جد و جہد کرنا۔ To—on, to strike with violence. خوب مارنا۔ To impose. ذمہ لگانا۔ To—low, to inter; to bury. گاڑنا۔ دفن کرنا۔ To—open, to uncover. کھولنا۔ ظاہر کرنا۔ To—out, to expend. صرف کرنا۔ To plan or scheme out. بنانا۔ آراستہ کرنا۔ To invest. روپیہ لگانا۔ To dress. ملبوس کرنا۔ To—out a garden, باغ لگانا۔ To—to, to apply with vigour. دل و جان سے کوشش کرنا۔ To check the motion of a ship. جہاز کو روک لینا۔ To—up, to confine to one's bed. بیمار کر دینا۔ To deposit for future use. بچا رکھنا۔ To—at one's door, to impute to one. کسی کے سر یا ذمہ لگانا۔ To—bare, to express. کھولنا۔ فاش کرنا۔ To—hold of, to catch. پکڑ لینا۔ To—siege to, محاصرہ کرنا۔ گھیرا ڈالنا۔ To—stress on, to attach importance to. زور دینا۔ To—heart, deeply. دل کو لگانا۔ بہت غم کرنا۔ To—waste, to devastate تباہ یا برباد کر دینا۔ To—violent hands on one's self, اپنے اوپر ہاتھ چلانا۔ خودکشی کرنا۔

Lay, lā, *n.* A row; a stratum; a bet. قطار۔ صف۔ تہ۔ پرت۔ بازی۔ شرط۔ A meadow. سبزہ زار۔ چراگاہ۔ A song; a poem. گیت۔ نظم۔ غزل۔ On a— on shares. حصوں پر۔ بجائے مزدوری لینے کے۔

Lay, lā, *a.* Pertaining to the people. دنیادار یا گرہست لوگوں کے متعلق A—brother, گرہ بھائی۔

Layer, lā'ur, *n.* A bed; a shoot; stratum; a course; a twig; one who lays. پیرت۔ تہ۔ صف۔ لگانے والا۔ انڈا دینے والا۔

Layman, lā'man, *n.* One not a clergyman. گرہست یا دنیادار جو پادری نہ ہو۔

Lazar, lā'zar, *n.* A person infected with a foul and pestilential disease. وبائی مرض کا بیمار۔

Lazaretto, laz-a-ret'ō, *n.* A public-house or rest-house for diseased person. شفاخانہ۔ ہسپتال۔

Lazily, lāz-i-li, *ad.* Sluggishly; idly. سستی سے۔ کاہلی سے۔

Laziness, lā'zi-nes, *n.* Sluggishness; habitual inaction; the state of being lazy. سستی۔ کاہلی۔

Lazy, lā'zi, *a.* Idle; indolent; slow. سست۔

Lead, led, *n.* A metal. سیسہ۔ جست۔ کاہل۔ مجہول۔ A plummet; ساہل۔ شاقول۔ A slip of type metal. سیسہ کی پٹڑیاں جو چھپانے میں کام آتی ہیں۔ Red—, سیندور۔ شنگرف۔ White—, سفیدہ۔ *v.t.* To cover with lead. سیسہ لگانا۔ سیسہ چڑھانا۔

Lead, lēd, *v.t.* To guide; to direct; to precede; to entice. رہنمائی کرنا۔ ہدایت کرنا۔ پیشوائی کرنا۔ لیجانا۔ مقدم ہونا۔ پیشرو بننا۔ آگے چلنا۔ To—astray, to—away, to mislead; to induce to evil. گمراہ کرنا۔ بھٹکانا۔ To—captive, to carry into captivity. قید کر کے لے جانا۔ گرفتار کر لینا۔ To—off,—out, to begin. شروع کرنا۔ To—one a fine dance, to cause one more exertion than necessary. بیجا دق کرنا۔ دن کاٹنا۔ ناچ نچانا۔ To—a life, زندگی بسر کرنا۔ To—the way, راہ دکھانا۔

Lead, lēd, *n.* Precedence; guidance. پیشوائی۔ رہنمائی۔ صدارت۔ اوّل جگہ یا درجہ۔ پیشروی۔

Leaden-hearted, lĕd-en-hert'id, *a.* Cruel; merciless. سنگدل۔ کٹھور۔

Leader, lēd'ur, *n.* Chief of a party; one who leads. رہنما۔ اگوا۔

Leading, lēd'ing, *a.* Principal; capital; controlling; foremost. خاص۔ مقدم۔ بڑا۔ اول۔ بزرگ۔ To be in — strings, in a state of infancy or dependence. بچپن۔ با حالت بے اختیاری ہیں۔ — star, قطبی تارہ۔ اختر رہنما۔

Leaf, lēf, *n.* The thin, broad and somewhat extended part of plant. پتا۔ پتی۔ برگ۔ A part of a book. ورق۔ A side of folding doors. کواڑ کا پٹ۔ To turn over a new—, to amend one's ways. اپنے چال چلن کو درست کرنا۔ *v.i.* To shoot out leaves. پتا لگنا یا آنا۔

Leafless, lēf'les, *a.* Destitute of leaves. بے برگ۔ بے پتے۔

Leaflet, lēf'let, *n.* A small leaf; tract. چھوٹی پتی یا کتاب۔

Leafy, lēf'i, *a.* Full of leaves. پتی دار۔

League, lēg, *n.* A combination; alliance; a compact. سازش۔ میل۔ اتفاق۔ اتحاد۔ Three miles. تین میل۔ بندش۔

Syn.—Confederacy, coalition, compact.

Leak, lēk, *n.* A hole which permits the passage of a liquid. درز۔ سوراخ یا چھید جس میں سے پانی چوئے۔ سوراخ کی راہ *v.i.* To let water in or out. رسنا۔ چونا۔ To—out, ظاہر ہو جانا۔ کھل جانا۔

Leakage, lēk'āj, *n.* Loss or allowance for loss by leaking. چراؤ کا حق۔ چر جانے کا ہرجانہ۔

Lean, lēn, *v.i.* To incline; to support. جھکنا۔ مائل ہونا۔ سنبھلنا۔ ٹکنا۔ *v.t.* To bend; to rest upon; to trust to. جھکنا۔ تکیہ لگانا۔ سہارا لینا۔ اعتبار کرنا۔ *a.* Not fat; thin. لاغر۔ پتلا۔ دبلا۔ کمزور۔

Syn.—Slender, thin, mearge, lank.

Leanness, len'nes, *n.* Want of flesh ; thinness. لاغری - پتلاپن - دُبلاپن -

Leap, lēp, *v.i.* To spring ; to bound ; to jump. اُچھلنا - چھلانگ مارنا -
—*n.* A jump. جُست - چھلانگ -

Leap-year, lēp'yēr, *n.* Every fourth year containing 366 days. ہر چوتھا سال جسمیں ۳۶۶ دن ہوتے ہیں - سال کبیسہ -

Learn, lurn, *v.i.* or *t.* To gain knowledge or skill ; to receive information. علم حاصل کرنا - سیکھنا -

Learned, lurn'ed, *a.* Literate ; skilful. عالم - خواندہ - واقف کار - ہنرمند - ماہر - واقف - کامل -

Learnedly, lurn'ed-li, *ad.* With skill. واقف کاری سے - عالمانہ طور سے -

Learner, lur'ner, *n.* One who is acquiring knowledge ; a scholar. مبتدی - نوآموز - طالب علم -

Learning, lurn'ing, *n.* Erudition ; knowledge acquired by instruction. قابلیّت - فضیلت - علمیّت - علم -

Syn.—Literature, erudition, lore.

Lease, lēs, *n.* A letting of lands or houses for a term of years for a fixed rent. پٹہ - سرخط - اجارہ - ٹھیکا - **Counterpart of lease**, قبولیت - **Sub—**, اجارہ شکمی - **Fixed—**, استمراری پٹہ -
v.t. To let; to demise. کرایہ دینا - اجارہ دینا - ٹھیکا دینا - ورثہ دینا -

Leasehold, lēs'hōld, *n.* A tenure held by lease. پٹہ داری - پٹہ -

Lease-holder, lēs'hōld-er, *n.* A tenant by lease. اجارہ دار - پٹہ دار -

Leash, lēsh, *n.* A line of leather. تسمہ - پیٹی -
A line by which a dog is held in hunting. رسّی جس سے کتا شکار میں بندھا رہتا ہے -

Least, lēst, *a.* Smallest. بہت چھوٹا - **At—, At the —**, at the lowest degree. کم سے کم - بدرجہ غایت - بھلا - بارے - **—common multiple**, ذو اضعاف اقل - سب سے چھوٹا گن پھل - **—ways, —wise**, *ad.* In a degree below all others. بہرصورت - بہرکیف - بہت تھوڑا کرکے -

Leather, leth'ur, *n.* The hide of an animal dressed. کمایا ہُوا چمڑا -

Leathern, leth'urn, *a.* Made of leather. چمڑے کا - چرمی -

Leave, lēv, *n.* Permission ; allowance ; adieu. اجازت - پروانگی - رخصت - الوداع - *v.t.* To quit; to abandon ; to suffer to remain ; to bequeath ; to refer. چھوڑ دینا - ترک کرنا - تجنا - رہنے دینا - دے مرنا - چھوڑ مرنا - حوالے کرنا - **To—alone**, to suffer to remain. رہنے دینا - ہاتھ نہ لگانا - **To—out**, to omit. چھوڑ دینا - فروگذاشت کرنا - **To—over**, to put off for a time. ملتوی رکھنا - **To—off**, to discontinue. موقوف کرنا - **To—one in the lurch**, to leave a person in a difficult situation. مصیبت کی حالت میں کسی کو چھوڑ دینا - **To—in the dark**, to conceal information from. خبر چھپانا - *v.i.* To depart. رخصت ہونا - روانہ ہونا - To cease. بند ہو جانا -

Leaven, lev'un, *n.* Yeast ; barm. خمیر - (*Met.*) **A little—leaveneth the whole lump**, کوئی چیز جو اوروں کو اپنا سا کرلے - ایک مچھلی سارے جل کو گندہ کرتی ہے - *v.t.* To raise and make light ; to taint. خمیر اٹھانا - آلودہ کرنا -

Leavenous, lev'un-us, *a.* Containing leaven. خمیرآمیز -

Leavings, lēv ingz, *n.* (*pl.*) Refuse ; remnant ; relics ; things left ; offal. باقی ماندہ - پس خوردہ -

Lection, lek'shun, *n.* A reading ; a lesson read in divine service. مطالع - وہ حصہ پاک کلام کا جو عام عبادت کے وقت پڑھا جاتا ہے -

Lecher, lech'ur, *n.* A man addicted or given to lewdness. رنڈی باز - عیاش -

Lecture, lek'tūr, *n.* A discourse; a formal reproof. بیان - زبانی - *v.t.* To instruct by discourses ; to reprove. سبق دینا - نصیحت کرنا - *v.i.* To read a formal discourse. زبانی بیان پڑھنا - لکچر دینا -

Lecturer, lek'tur-ur, *n.* One who instructs by lecturing ; a preacher. لکچر دینے والا - واعظ - درس دینے والا -

Ledge, lej, *n.* A ridge of rocks ; a layer. پہاڑ کا سلسلہ - پرت -

Ledger, lej'ur, *n.* The principal book of accounts among merchants, in which the entries of all the other books are laid up or entered in a summary form. کھاتہ بہی - لیکھا بہی - ایک حساب کی کتاب - لیجر -

Lee, lē, *n.* The direction in which the wind blows; a calm place. وہ سمت جس میں ہوا بہے - اوٹ کی جگہ - ہوا کے رخ کی طرف -

Leech, lēch, *n.* A physician ; the edge of a sail. حکیم - طبیب - پال کا کنارہ - A species of aquatic blood-sucking worm. جونک -

Leek, lēk, *n.* A well-known potherb. گندنا - لہسن کے قسم کی نبات -

Leer, lēr, *v.t.* To look askance, or with the cheek towards the object; to look archly or obliquely. ترچھی نگاہ سے دیکھنا -

Lees, lēz, *n.* (*pl.*) Sediment ; dregs. تلچھٹ - کیٹ -

Leeward, lē-ward, *ad.* (*Naut.*) Towards the lee. مخالف ہوا کی طرف -

Left, left, *n.* The side opposite to the right. بائیں طرف۔

—*p.t.* Of leave. چھوڑ دیا۔

Left-handed, left-hand ed, *a.* Using the left hand with most dexterity; awkward; unlucky. بیَن ہتّا۔ بھدّا۔ بدقسمت۔ کھبا۔ **—marriage,** کسی امیر کی نیچ عورت سے شادی۔

Leg, leg, *n.* The limb of an animal which supports the body. ٹانگ۔ پاؤں۔ **To put one's best—forward,** to do one's utmost endeavour. حتی الوسع کوشش کرنا۔ **To have not a—to stand on,** to have exhausted all one's strength or resources. کچھ سہارا نہ رکھنا۔ **On one's—s,** standing. استادہ۔ کھڑا ہُوا۔ **To stand on one's own—s,** to support one's self; to be independent. کسی کی مدد کا محتاج نہ ہونا۔ اپنے برتے پر کام کرنا۔

Legacy, leg'a-si, *n.* A bequest of personal property; that which is left to one by will; commission. ترکہ۔ وصیّت۔

Legal, le'gal, *a.* In conformity with law; lawful; constitutional. قانونی۔ شرعاً۔ آئینی۔ جائز۔ مباح۔ حلال۔ شرعی۔ **—procedure,** ضابطہ عدالت۔

Legalise, leg'a-līs, *v.t.* To render lawful; to authorise. جائز ٹھہرانا۔ مباح کرنا۔ تصدیق کرنا۔

Legality, leg'a-li-ti, *n.* Lawfulness; conformity to law. شرعیت۔ جواز۔

Legate, leg'āt, *n.* An ambassador from the pope; one sent with a commission. سفیر۔ وکیل۔ ایلچی۔

Legatee, leg'ā-ti, *n.* One to whom a legacy is bequeathed. موصی الیہ۔ ترکہ پانیوالا۔

Legation, leg-ā'shun, *n.* An embassy; a deputation. سفارت۔ ایلچی گری۔

Legator, leg-ā'ter, *n.* A testator. موصی۔ مورث۔

Legend, lej'end, *n.* A marvellous or romantic story from early times; a motto. کہاوت۔ کہانی۔ مشہور قصہ جو باپ دادوں سے سنتے چلے آتے ہیں۔

Legendary, lej'end-ri, *a.* Fabulous; exaggerated. افسانہ آمیز۔ دروغ آمیز۔ ساختہ۔ جھوٹا۔ عجیب۔

Legerdemain, lej-ur-de-mān', *n.* Sleight of hand; jugglery. ہاتھ کے کرتب یا صفائی۔ بازیگری۔ کھیل۔

Legging, leg'ing, *n.* A gaiter-like covering for the leg. ساق پوش

Legible, lej'i-bl, *a.* That may be read جو پڑھا جا سکے۔ صاف۔

Legibly, lej'i-bl-i, *ad.* In such a manner as may be read. اس طور پر کہ پڑھا جا سکے۔ صاف۔

Legion, le'jun, *n.* Vast number; body of infantry or soldiers. تمن۔ سپاہیوں کا گروہ۔

Legionary, le'jun-ar-i, *a.* Relating to a legion. گروہ کے متعلق۔ فوجی۔

Legislate, lej'is-lat, *v.i.* To make laws. نیم بنانا۔ قانون بنانا۔

Legislation, lej'is-lā'shun, *n.* The act of enacting laws. توضیع آئین۔ قانون سازی۔

Legislative, lej'is-la-tiv, *a.* Law-giving; suitable to law; done by acting. قانون سازی۔ آئین سازی۔

Legislator, lej'is-la-tor, *n.* A law-giver; one who enacts laws. واضع آئین۔ قانون بنانیوالا۔ مقنّن۔

Legislature, lej is-la-tūr, *n.* The body that makes laws. قانون سازی کی مجلس۔

Legitimacy, le-jit'i-ma-si, *n.* Lawfulness of birth; reality; regular sequence. صحیح النسبی۔ حلال زادگی۔ اصلیت۔ مطابقت۔ درستی۔ صحت۔

Legitimate, le-jit'i-mat, *a.* Real; born through lawful marriage; following by natural or logical sequence. واقعی۔ قانوناً جائز۔

—*v.i.* To make lawful; to render legitimate. حلال زادہ ہونا۔ جائز کرنا۔

Legitimately, le-jit'i-māt-li, *ad.* Lawfully; genuinely. حسب قانون۔ اصلیت سے۔

Legume, leg'ūm, *n.* A pod. پھلی۔ سیم وغیرہ۔

—*n.* (*Pl.*) دال۔ اناج جو پھلی سے نکلے۔

Leguminous, leg'ūm-i-nus, *a.* Pertaining to pulse; bearing pods. دال کا۔ پھلی یا چھیمی پیدا کرنیوالا۔

Leisure, le'zhōōr, *n.* Free time; vacant time; freedom from business. فرصت۔ فراغت۔ مہلت۔

Lemma, lem'a, *n.* A previous assumed proposition. مقدم دعوے بنیادی۔

Lemming, lem'ing, *n.* A kind of rat found in northern countries. چوہے کی قسم کا ایک جانور جو زمین کھود کر رہتا ہے۔

Lemon, lem'un, *n.* A well-known acid fruit of the orange kind. نیبو۔ **—grass,** اگن گھاس۔

Lemonade, lem'un-ad, *n.* Water, sugar and lemon-juice rendered effervescent. میٹھا پانی۔ لیموں اور چینی کا شربت۔ لیمونیڈ۔

Lemures, lem'ūrs, *n.* (*Pl.*) Evil spirits. بھوت۔ پریت۔ سایہ۔ ہمزاد۔

Lend, lend, *v.t.* To loan; to afford; to grant; to let for hire. قرض دینا۔ عاریتاً یا ادھار دینا۔ کرایہ پہ دینا۔ **To—a hand,** to assist. مدد دینا۔ **To—an ear,** سننا۔ مخاطب ہونا۔ **To—or turn a deaf ear,** نہ سننا۔ کان میں تیل ڈالنا۔ **To—one's self to a questionable scheme,** کسی مشتبہ چیز کی حمایت کرنا۔ **To—one's name or influence,** اپنے نام یا ماننا کو کسی امیر کی حمایت کے لئے کام میں لانا۔

Length, length, *n.* The extent of anything from end to end; extension; indefinite duration.

—At—, لمبائی - طول - درازی - پھیلاؤ - مدت - عرصہ - at last; in the full extent. آخر کار - مفصل - بپورے - To go great—s, Go to all—s, to use extreme efforts. جدوجہد کرنا - بسیار تدبیریں کرنا - مارنا - دار - To go to the—s of, سب کچھ کر ڈالنا - یہاں تک جانا یا نوبت کو پہنچانا کہ

Lengthen, length'en, *v.t.* To make longer. دراز کرنا -

—*v.i.* To grow longer. لمبا کرنا -

Lengthening, length'en-ing, *n.* Continuation; protraction. طوالت - درازی -

Lengthwise, length'wiz, *ad.* In the direction of length. لمبائی میں - لمبا لمبا -

Lengthy, length'i, *a.* Prolix; not brief. طول - بہت لمبا - غیر مختصر -

Leniency, le'ni-en-si, *n.* Clemency; mildness. نرمی - رحم -

Lenient, le'ni-ent, *a.* Relaxing; mitigating; mild. ملائم - تسلی بخش - نرم -

Lenitive, len'i-tiv, *a.* Softening; assuasive. تسلی بخش - ملائم کرنیوالا -

Lenity, len'i-ti, *n.* Softness; tenderness; clemency. ملائمیت - نرمی - رحم دلی -

Lens, lenz, *n.* A piece of glass by which rays refracted and objects are magnified and diminished. دوربین کا شیشہ - چشمہ -

Lent, lent, *n.* The time of fasting forty days before Easter. چالیس دن کا روزہ ایسٹر سے پہلے -

—*p.t.* Of lend. اُدھار دیا -

Lenten, len'ten, *a.* Pertaining to Lent. چلہ کا - چالیس روز کے روزہ کے متعلق - Spare; plain. قلیل - کم - سادہ -

Lenticular, lent'i-kū'lar, *a.* Like a lentil. مسور کی طرح -

Lentil, len'til, *n.* An annual plant allied to the bean. مسور - موٹھی -

Lentous, len'ti-us, *a.* Tenacious; glutinous. لسلسا - چپچپا -

Leo, le'o, *n.* Fifth sign to the zodiac; the Lion. برج اسد - سنگھ راس -

Leonine, le'o-nin, *a.* Belonging or like a lion. شیر کا - شیر کے موافق -

Leopard, lep'ard, *n.* A carnivorous spotted beast of prey. تیندوا - چیتا -

Leper, lep'ur, *n.* A person affected with leprosy. کوڑھی - مجذوب -

Lepid, lep'id, *a.* Lively; merry. چنچلا - خوش -

Leprosy, lep'ro-si, *n.* A contagious disease and its varieties. کوڑھ -

Leprous, lep're-us, *a.* Infected with leprosy. جذامی - کوڑھی -

Lesion, le'zhon, *n.* A hurt; an injury. زخم - چوٹ - تکلیف -

Less, les, *a.* Smaller; not so large. کمتر - تھوڑا - کہتر -

—*ad.* In a smaller degree. کم کچھ -

—*n.* A smaller portion; the younger. چھوٹا حصہ - چھوٹا -

Lessee, les-sē, *n* The person who holds a lease. ٹھیکیدار - پٹے دار - کرایہ دار -

Lessen, les'n, *v.t.* To diminish; to weaken; to degrade. کم کرنا - کمزور کرنا - کم قدر کرنا -

Syn.—Reduce, abate, decrease.

Ant.—Increase, augment, multiply.

Lesser, les'or, *a.* Smaller; inferior. کہتر - کمتر - چھوٹا -

Lesson, les'n, *n.* Portion of a book to be learnt; doctrine inculcated; precept. سبق - نصیحت - اصول -

Lessor, les'or, *n.* One who grants a lease. سرخط یا پٹہ دینے والا -

Lest, lest, *conj*, For fear that; so that not. ایسا نہ ہو کہ - مبادا کہ - شاید - تاکہ نہیں -

Let, let, *v.t.* To permit; to allow. اجازت دینا - To suffer. ہونے دینا - برداشت کرنا - To give on hire. کرایہ پر دینا - To hinder. باز رکھنا - روکنا - To—**alone**, to leave untouched. رہنے دینا - To—**blood**, to open a vein. نشتر دینا - To—**down**, to permit to fall; to lower. گرنے دینا - اُتارنا - To—**fly**, to discharge with violence. زور سے چھوڑنا یا چلانا - To—**in**, to admit. اندر آنے دینا - To—**out**, to disclose. افشا کرنا - ظاہر کرنا - To—**loose**, to free from restrain. چھوڑ دینا - آزاد کرنا - To—**off**, to release. چھوڑ دینا - To discharge. چلانا - داغنا - To—**bygones be bygones**, گذشتہ را صلوٰۃ - مضیٰ ما مضیٰ - To—**well alone**, مصلحتاً نہ چھیڑنا - جیسا ہے ویسا رہنے دینا (کہ مبادا دخل دینے سے بگڑ جاوے) - **I cannot afford five pice—alone five rupees.** پانچ روپے تو درکنار پانچ پیسے تو ہی نہیں -

—*n.* Hinderance; obstacle; delay. رکاوٹ - روک - اٹکاؤ - دیر - **Without—or hindrance**, بلا روک ٹوک -

Lethal, le'thal, *a.* Mortal; deadly. مہلک -

Lethargic, leth-ar'jik, *a.* Drowsy; dull. خواب آلودہ - سست - کاہل -

Lethargy, leth'ar-ji, *n.* Dulness; inaction; a morbid drowsiness. سستی - کاہلی - جھولی - خواب غفلت -

Syn.—Stupor, torpor, morbid, drowsiness.

Letter, let'ur, *n.* A character in the alphabet. حرف - A written or printed message; an epistle. صحیفہ - نامہ - خط - Literal statement. لفظ بہ لفظ

(pl.) چھاپہ کا حرف - A printing type. بیان - a علم Learning. To the—, word for word; verbatim. لفظ بہ لفظ - —of advise, اصلاح - —of attorney, مختار نامہ - —of credit, سفارشی چھٹی - ہنڈی - —of marque, دشمن کا جہاز لوٹنے کے لئے پروانہ - —s patent, سند - فرمان - پروانہ -

Lettered, let'ur-ed, *a.* Educated; literate. تعلیم یافتہ - لکھا پڑھا - خواندہ - عالم - تربیت یافتہ -

Letterpress, let'ur-pres, *n.* Letters printed from type on a paper چھاپہ - چھپی ہوئی چیز -

Letters, let'urs, *n.* (*pl*) Learning; erudition. علمیت - فضیلت - **A man of—**, a learned man. عالم - فاضل - **The republican of—s**, جملہ علما و صاحبان قلم -

Lettuce, let'is, *n.* An annual composite plant of the genus, used in salads. کاہو - ساگ -

Levant, lev'ant, *a* Eastern. شرقی - پوربی -
n. The eastern part of the Mediterranean sea. بحر روم کا مشرقی حصہ - *v.i.* To run away without paying debts. قرض دے کر بھاگ جانا - کافور ہونا - لے دے کے پار ہونا - چمپت ہونا -

Levee, lev'e, *n.* An assembly of vistors received by a great personage on stated public occasions. دو بار -
—*v.t.* To attend. سبھا میں جانا -

Level, lev'el, *a.* Even; smooth, flat, horizontal. چورس - برابر - چکنا - مسطح - چپٹا - ہموار - *n.* A plain. میدان - State of equality. برابری - ہمواری - Standard; rule. قاعدہ - **To do one's—best**, to do all that lies in one's power. حتی المقدور کوشش کرنا -
v.i. To accord; to aim; to guess. موافق ہونا - نشانہ لینا - شست یا تاک باندھنا - قیاس دوڑانا - سمجھ جانا - *v.t.* To make even; to flatten; to equalize; to adapt; to aim; to direct. ہموار کرنا - گرانا یا ڈھانا کر برابر کر دینا - موافق یا مناسب حال کر دینا - چلانا -
To—with the dust or ground, خاک میں ملانا - ملیامیٹ کر دینا -

Leveller, lev'el-lur, *n.* One who levels; who would destroy social distinction. برابر کرنیوالا - ہموار کرنیوالا -

Levelness, lev'el-nes, *n.* An equality of surface. ہمواری - برابری -

Lever, le'vur, *n.* A bar of metal or wood used for raising weight بوجھ اٹھانے کی کل -

Leveret, lev'ur-et, *n.* A young hare in the first year. خرگوش کا ایک سال کا بچہ -

Leviable, lev'i-a-bl, *a.* That may be levied. محصول لگانے کے قابل -

Leviathan, le-vi'a-than, *n.* A huge acquatic animal mentioned in the book of Job. بڑا دریائی جانور جس کا بائبل میں ذکر آیا ہے -

Levigate, lev'i-gat, *v.t.* To rub or grind to a fine inpalpable powder; to make smooth. پیسنا - چکنا کرنا - گھوٹنا -

Levity, lev'i-ti, *n* Lightness; ease. frivolity. inconstancy; thoughtlessness. want of seriousness. ہلکاپن - سبکی - بے استقلالی - بے فکری - تلون مزاجی - بیہودگی - چھچھوراپن -
Syn.—Lightness, vanity, frivolity fickleness.

Levy, lev'i, *v.t.* To collect taxes. to raise taxes, to desist from. ٹیکس جمع کرنا - تحصیل کرنا -

Lewd, lūd, *a* Dissolute; licentious, viscious; impure. بدکار - زناکار - نفس پرست - ناپاک - شہدہ - کنڈا -

Lexicographer, leks-i-kog'ra-fur, *n.* The author of a dictionary. لغت نویس -

Lexicography, leks-i-kog'raf-i, *n* The art of composing dictionaries. لغت نویسی - فرہنگ نویسی -

Lexicon, leks'i-kon, *n.* A word book. dictionary with definitions. لغت - فرہنگ -

Liability, li-a-bil'i-ti, *n* Responsibility, tendency. ذمہ داری - جوابدہی - سزاواری - میلان - مجبوری -

Liable, li'a-bl, *n.* One who is responsible. answerable. ذمہ دار -

Liaison (*le-a-zon*), *n* Connection, an illicit intimacy between a man and a woman. تعلق مرد اور عورت میں، ناجائز ارتباط - آشنائی -

Liar, li'ar, *n.* One who tells lies جھوٹا - دروغ گو -

Libation, li-ba'shun, *n.* The act of pouring some liquor on the ground or on some animal to be sacrificed, liquor so poured کسی دیوتا کو شراب چڑھانا - شراب کا چڑھاوا -

Libel, li'bel, *n.* A defamatory writing, a satire. ہجو - مذمت - ازالہ حیثیت عرفی - اہانت - **Malicious**—, بہتان عداوتی - *v.t.* To lampoon; to defame by writing ہجو کرنا - مذمت کرنا - بدنام کرنا -

Libellous, li'bel-us, *a.* Abusive; defamatory. باعث بدنامی - تہمت آمیز - پردہ فاش کرنیوالا -

Liberal, lib'ur-al. *a.* Refined, generous, openhearted, catholic صاف - فیاض - صاف دل - کشادہ دل - دریا دل - Ample. مفصل - Licentious. عیاش - Independent in opinion. آزاد - بیباک - کھرا - صاف دل - The most *liberal* has always most plenty with esteem and commendation to boot. آدمی جتنا فیاض ہوتا ہے اتنا ہی مالدار ہوتا ہے اور عزت اور نام مفت میں - **—arts**, ہنر جسمیں دماغی قوت زیادہ صرف ہوتی ہے - فن استادی - **—education**, تعلیم علوم و زبان دانی -
Syn.—Generous, bountiful, beneficent.

Liberal, lib'ur-al, *n.* One who advocates the ex-

tension of popular rights and influence. رعایا کے حقوق کے آزادی خواہ فرقہ کا ۔

Liberality, lib-ur-al'i-ti, *n.* Candour impartiality; generosity. سخاوت ۔ بے طرفداری ۔ فیاضی ۔ کشادہ دلی سے ۔

Liberally, lib'ur-al-i, *ad.* Freely. دل کھول کے ۔ کشادہ دلی سے ۔

Liberate, lib'ur-at, *v.t.* To release from restraint; to free. آزاد کرنا ۔ چھوڑ دینا ۔

Liberation, lib' ur-a'shun, *n.* The act of delivering from restraint. آزادی ۔ رہائی ۔ مخلصی ۔

Libertine, lib'ur-tin, *n.* One who leads a licentious life. عیاش ۔ اوباش ۔ بدکار ۔ لچا ۔
—*a.* Untrained; licentious. آوارہ ۔ عیاش طبع ۔ بدچلن ۔

Libertinism, lib'ur-tin-izm, *n.* Licentiousness. عیاشی ۔ اوباشی ۔

Liberty, lib'ur-ti, *n.* Freedom; leave; privilege. آزادی ۔ چھٹی ۔ اختیار ۔

Libra, li'bra, *n.* The balance; the seventh sign in the zodiac. میزان ۔ برج میزان ۔ تلا راس ۔

Librarian, li'bra-ri-an, *n.* One who has the care of the library. کتب خانہ کا داروغہ ۔ محافظ کتب خانہ ۔

Library, li'brar-i, *n.* A collection of books arranged in order; a building for keeping a collection of books. مجموعہ کتب خانہ ۔ کتب خانہ ۔

Librate, li'brat, *v.t.* To balance; to poise. جانچنا ۔ برابر کرنا ۔ ہموزن کرنا ۔ تولنا ۔

Libration, li-bra'shun, *n.* The state of equipoise. ہموزنی ۔
Libration of the moon. چاند کے اُتار چڑھاؤ کی تلی چال ۔

Libratory, li'bra-to-ri, *a.* Oscillating; acting like a balance. جھولتا ہوا ۔ ترازو کی طرح ہلتا ہوا ۔

License, li'sens, *n.* Leave; authority; permission to sell excisable articles; excess of freedom. اجازت ۔ اختیار ۔ مجاز ۔ لیسنس ۔ حکمنامہ فروخت مسکرات ۔ زیادتی ۔ بدپرہیزی ۔
Syn.—Leave, liberty, permission.

License, li'sens, *v.t.* To permit by authority; to tolerate. سند دینا ۔ اجازت دینا ۔ جائز رکھنا ۔

Licensee, li'sen-se, *n.* The person to whom license is given. لیسنس وار ۔

Licentiate, li-sen'shi-at, *n.* One who holds a license to exercise a profession. وہ شخص جسے کسی پیشہ کی سند ملی ہو ۔

Licentious, li-sen'shus, *a.* Immoral; profligate. بدکار ۔ آوارہ ۔

Licentiousness, li-sen'shus-nes, *n.* Dissoluteness; excess of liberty. آوارگی ۔ مطلق العنانی ۔

Lichen, li'ken, *n.* Rock-moss. پتھر کی کائی ۔

Licit, lis'it, *a.* Lawful. قانونی ۔ شرعی ۔

Lick, lik, *v.t.* To pass the tongue over; to lap. چاٹنا ۔ لپ لپانا ۔ To flog. مارنا ۔ پیٹنا ۔ **To—the dust**, to fall in battle. لڑائی میں کام آنا یا مارے جانا ۔ **To—into shape**, to give form and method to. شکل وہیئت دینا ڈول پر لانا ۔ **—penny**, a miserly person. کنجوس ۔ **—spittle**, an abject flatterer or parasite. چاپلوس ۔ خوشامدی ٹٹو ۔

Lick, lik, *n.* A stroke. ضرب ۔ A salt spring. کھاری چشمہ ۔

Lickerish, lik'ur-ish, *a.* Nice; eager to taste or enjoy. نازک ذائقہ ۔ چٹورا ۔

Lid, lid, *n.* A movable cover. ڈھکنا ۔ سرپوش ۔ The cover of the eye. پلک ۔

Lie, li, *n.* A falsehood. دروغ ۔ کذب ۔ جھوٹ ۔
Father of lies, The Satan. جھوٹوں کا بادشاہ ۔ شیطان ۔
To give the—to, جھوٹ کا الزام لگانا ۔ جھٹلانا ۔
White—, a well-meant falsehood. دروغ مصلحت آمیز ۔
—*v.t.* To tell a falsehood. جھوٹ بولنا ۔ جھوٹ کہنا ۔ **To—in one's throat**, بے حیائی سے جھوٹ بولنا ۔
—*v.i.* To rest; to remain. آرام کرنا ۔ رہنا ۔ لیٹنا ۔ *n.* To sleep. To belong. علاقہ رکھنا ۔ To be sustainable. منحصر رہنا ۔ To be found. واقع ہونا ۔ پڑا ہونا ۔ پایا جانا ۔ **To—by**, باز آنا ۔ **To—on hand**, ناگوار یا گراں معلوم ہونا ۔ **To—at the mercy of**, to be in the power of. اختیار یا قابو میں ہونا ۔
To—in, to be in childbed. زچہ خانہ میں ہونا ۔
To—in the way, to be an obstacle. سدراہ ہونا ۔
To—in wait, to wait in ambush. گھات میں رہنا ۔
To—over, to be deferred. ملتوی رہنا ۔

Lief, lef, *ad.* Willingly; gladly. بہ رضامندی ۔ خوشی سے ۔

Liege, lej, *a.* Subject; faithful. مطیع ۔ وفادار ۔ نمک حلال ۔ *n.* A vassal. رعایا ۔ A sovereign. بادشاہ ۔ ولی نعمت ۔

Lien, li'en, *n.* A legal claim. مطالبہ ۔ دعویٰ یا حق قانونی ۔

Lieu, lu, *n.* Room; stead. جگہ ۔ عوض ۔ **In—of**, instead of. بعوض ۔ بجائے ۔

Lieutenant, lu-ten'ant, *n.* A deputy; a commissioned officer in the army next below a captain. نائب ۔ لفٹننٹ ۔ قائم مقام ۔

Life, lif, *n.* Vitality; animation. زندگی ۔ جان ۔ Period of existence. ہستی ۔ عمر ۔ Manner of living. طرز گزران ۔ Human affairs. دنیا کے کاروبار ۔ Conduct. چال وچلن ۔ طرز زندگی ۔ گذران معیشت ۔ A person. کوئی شخص ۔ Narrative. داستان ۔ Eternal happiness in heaven. نجات ۔ Biography. سوانحعمری ۔ Vivacity. زندہ دلی ۔ جاودانی ۔ Blood. خون ۔ لہو ۔ **For—**, for the whole term of one's existence. عمر بھر کے لئے ۔ دوامی ۔
To the—, closely resembling; exact

شباب۔ ہو بہو۔ بعینہٖ۔ **Flower of—**, puberty.
The ups and downs of—, زندگی کے نشیب و فراز۔
Confined for—, دائم الحبس۔ عمر قید۔
To seek one's —, کسی کی جان کے پیچھے پڑنا۔ خون کا پیاسا ہونا۔
While—remain, عمر بھر۔ تا زیست۔
O' life, —On my life, اپنی جان کی قسم۔ اپنی جان کی قسم کھانا۔

Life-blood, lif'blood, *n.* Vital blood خون جگر۔

Life-guard, lif' gard, *n* The guard of a king's person. شاہی محافظ۔

Life-insurance, lif'in-shoor'ans, *n.* A contract for the payment of a certain sum of money on person's death. بیمہ زندگی۔

Lifeless, lif'les, *a.* Without vigour; dull; spiritless; dead. بے دم۔ بے جان۔ سست۔ مردہ۔

Lifelike, lif'lik, *a.* Like a living person. جاندار۔

Lifelong, lif'long, *a.* Lasting through life. عمر بھر کا۔

Lifetime, lif'tim, *n.* The period of whole life تمام عمر۔ حین حیات۔ زندگی بھر۔

Lift, lift, *v.t.* To elevate; to exalt; to elate. بلند کرنا۔ اٹھانا۔ ترقی دینا۔ سرفراز کرنا۔ دل بڑھانا۔
To—a door off its hinges, چول اکسانا۔ دروازہ اتارنا۔ **To—up the hand**, ہاتھ اٹھا کر کوسنا۔ قسم کھانا۔ **To—up the horn**, اینٹھ کر یا مغرور ہو کر چلنا۔ **To—up the heel against**, to treat with insolence or unkindness. شوخی یا بے التفاتی سے پیش آنا۔ لات اٹھانا۔
n. Increment; promotion; assistance; a hoisting machine; advancement. ترقی۔ اضافہ۔ مدد۔ سہارا۔ اٹھانے کی کل۔

Ligament, lig'a-ment, *n.* A bond; bondage. بند۔ پٹی۔ نس۔

Ligation, lig-a'shun, *n.* The act of binding; bond. بندش۔ عقدہ۔

Ligature, lig'a-tur, *n.* A bandage. بندش۔ پٹی۔ بند۔

Light, lit, *n.* The medium by which objects are rendered visible to the eye. نور۔ روشنی۔ Day. دن۔ Candle. بتی۔ چراغ۔ Knowledge. علم۔ Explanation. توضیح۔ Aspect. شکل۔ Existence. زیست۔ Joy. فرحت۔ **To bring to—**, to discover; to expose. دریافت کرنا۔ ظاہر کرنا۔ Bright; clear. روشن۔ صاف۔ ظاہر۔ **The—of the countenance**, نظر عنایت۔ **To bear the—of day**, جانچ میں پکا ٹھہرانا۔ ٹھیک اترنا۔ **To stand in one's own—**, اپنی بہتری کا آپ حارج ہونا۔ **Between two—s**, اندھیرے میں۔ **Light is sown for the righteous**, سچے کو سیدا آنند۔ *v.t.* Kindle; to illuminate. جلانا۔ روشن کرنا۔ *v.i.* To fall; to alight; to settle. گر پڑنا۔ اترنا۔ نازل ہونا۔ ابھرنا۔ بیٹھنا۔ *a.* Not heavy. ہلکا۔ Easy. آسان۔ سہل۔ Not oppressive. تیز۔ سبک۔ خفیف۔ Swift; nimble. Not copious. قلیل۔ Unsteady. غیر مستقل۔ Trifling. پوچ۔ Clear. ہویدا۔ صاف۔ چمکیلا۔ Whitish. سفید گون۔ ہلکا۔ پھیکا۔ Easy to be digested. زود ہضم۔ Not heavily armed. چھڑا۔ جریدہ۔ ہلکے ہتھیاروں والا۔ **To make—of**, to slight; to disregard. حقیر جاننا۔ ناچیز سمجھنا۔

Light-bearer, lit'bar'ur, *n.* A torch-bearer. مشعلچی۔

Lighten, lit'n, *v.i.* To flash; to clear. چمکنا۔ کوندنا۔ صاف ہونا۔ *v.t.* To enlighten. روشن کرنا۔ To make less heavy; to alleviate; to cheer. ہلکا کرنا۔ تکلیف کم کرنا۔ خوش کرنا۔

Lighter, lit'ur, *n.* One who lights. روشن کرنے والا۔ A large open barge. کھلی ہوئی بڑی کشتی۔

Light-fingered, lit'fing'urd, *a.* Dishonest; thievish. بے ایمان۔ چور۔ اچکا۔

Light-headed, lit'hed'ed, *a.* Dizzy; heedless; weak. بے مغز۔ بے خبر۔ غافل۔ کمزور۔

Light-house, lit'hows, *n.* A house with a light to direct seamen. مینارہ جس پر جہاز رانوں کی رہنمائی کے لئے روشنی کی جاتی ہے۔

Lightless, lit'les, *a.* Without light; dark. بے روشنی۔ اندھیرا۔

Lightly, lit'li, *ad.* Wantonly; easily; gaily; nimbly. بے حیائی سے۔ چالاکی سے۔ خوشی سے۔ طراری سے۔ تیزی سے۔

Light-minded, lit'mind'ed, *a.* Unsteady; volatile. غیر مستقل۔ بے ثبات۔ بے قرار۔

Lightness, lit'nes, *n.* Agility; unsteadiness; lewdness. نزاکت۔ متلون مزاجی۔ بے عصمتی۔ تیزی۔

Lightning, lit'ning, *n.* The electric flash which precedes thunder. بجلی۔ برق۔

Lightning-conductor, lit'ning-kon-dukt'or, *n.* A metallic rod to protect buildings. عمارت کی حفاظت کیلئے بجلی لے جانے والی کل۔

Lights, litz, *n.* The lungs of an animal or bird. چوپائے یا پرند کے پھیپھڑے۔

Lightsome, lit'sum, *a.* Gay; luminous; cheering. روشن۔ راحت بخش۔ خوش رنگ۔

Ligneous, lig'ne-us, *a.* Resembling wood; made of wood. لکڑی کا سا۔ چوبی۔

Ligniform, lig'ni-form, *a.* Having the form of wood. لکڑی کی شکل کا۔

Lignify, lig'ni-fi, *v.t.* or *i.* To convert into or become wood. لکڑی بنانا یا بننا۔

Like, lik, *a.* Resembling; probable; similar; equal. مشابہ۔ مثل۔ برابر۔ مطابق۔ نظیر۔ **Feel like**, دل چاہتا ہے۔ جی میں ہوتا ہے۔

Look like, آثار یا احتمال ظاہر کرنا۔
—*n.* The counter part ; a copy. نظیر۔ نقل۔ مثنیٰ۔
Likes and dislikes, رغبت و نفرت۔
—*v.t.* To approve ; to enjoy. خواہش رکھنا۔ چاہنا۔ حظ اٹھانا۔

Likelihood, lik'li-hood, *n.* Probability. احتمال۔ گمان۔ شک۔

Likeliness, lik'li-nes, *n.* Probability. امکان۔ احتمال۔

Likely, lik'li, *ad.* Probably ; such as may be liked. غالباً۔ شاید۔ قیاساً۔ قریب العقل۔ پسندیدہ۔ خوش آیندہ۔ سوہاونا۔

Liken, lik'n, *v.t.* To compare. تشبیہ دینا۔ برابر کرنا۔

Likeness, lik'nes, *n.* Resemblance ; portrait ; representation. مشابہت۔ تصویر۔ شکل۔ صورت۔
Syn.—Similarity, similitude.

Likewise, lik'wiz, *ad.* Moreover ; in like manner ; also. علیٰ ہذا القیاس۔ اسی طور سے۔ نیز بھی۔ ایسے ہی۔

Liking, lik'ing, *n.* Inclination ; approval ; delight ; appearance ; condition. میلان۔ پسند۔ منظوری۔ خواہش۔ خوشی۔ ظاہر صورت۔ جسمانی حالت۔

Lilac, li'lak, *n.* A flowering shrub. بکائن۔

Lilliputian, lil-i-pū'shi-un, *a.* Diminutive ; dwarfish. باؤنا۔ چھوٹے قد کا شخص۔ ننھا۔

Lilt, lilt, *v.t.* To sing cheerfully and merrily. زندہ دلی سے کہنا۔ خوشی سے گانا۔ چہچہانا۔

Lily, lil'i, *n.* A beautiful flowering plant. کنول۔ سوسن۔ سمن۔ —**handed,** کنول روپی ہاتھ والا۔ نازک۔

Limb, lim, *n.* A branch ; assistant ; a member of the human body. شاخ۔ عضو۔ انگ۔ گدا۔ ٹہنا۔ معاون۔ مددگار۔
A weariness in the limbs, اعضا شکنی۔ ہڑ پھوٹن۔
The lower limbs, اعضا اسفل۔

Limber, lim'bur, *a.* Flexible ; yielding ; pliant. لچیلا۔ نرم۔ ملائم۔ لچلچا۔

Limberness, lim'bur-nes, *n.* Pliancy ; flexibility. نرمی۔ ملائمت۔

Limbo, lim'bō, *n.* (*Collog.*) A region bordering on hell ; a place of restraint. دوزخ کے قریب ایک مقام۔ قید خانہ۔

Lime, lim, *n.* A viscous substance. لاسا۔ لیٔ۔ Calcareous earth. چونا۔ A species of lemon. ایک قسم کا لیمو۔ *v.t.* To smear with a viscous substance ; to entangle. لاسا لگانا۔ پھنسانا۔ کسی چیز پر چونا یا سفیدی لگانا۔

Lime-kiln, lim'kiln, *n.* A furnace for burning limestone. چونے کا بھٹہ۔

Limestone, lim'stōn, *n.* A calcareous stone. کنکر۔ جس کا چونا بنتا ہے۔

Limit, lim'it, *n.* A bound ; a border ; restriction. حد۔ سرحد۔ کنارہ۔ سیما۔ مینڈ۔ قید۔
Syn.—Boundary, border, edge.

Limit, lim'it, *v.t.* To fix within limits ; to restrain. محدود کرنا۔ احاطہ کرنا۔ روکنا۔
—*a.* Narrow ; restricted ; within bounds. کوتاہ۔ محسور۔ مخصوص۔ محدود۔
Limit service, خدمت معینہ۔
Limit professions, مقید پیشے۔

Limitary, lim'it-a-ri, *a.* Placed at the boundaries. سرحدی۔ کنارہ کا۔

Limitation, lim-it-a'shun, *n.* Restriction ; confinement ; term. تعین۔ پابندی۔ قید۔ میعاد۔ عرصہ۔ **The Act of—,** قانون حد سماعت۔

Limitless, lim'it-les, *a.* Boundless. بے حد۔ غیر محدود۔

Limn, lim, *v.t.* To draw or paint ; to illumine. تصویر کھینچنا۔ کتاب وغیرہ پر طلاکاری یا نقاشی کرنا۔

Limner, lim'nur, *n.* A portrait painter ; a painter. تصویر رنگنے والا۔ مصوّر۔ طلاکار۔

Limp, limp, *v.i.* To halt ; to walk lamely. لنگ کرنا۔ لنگڑانا۔

Limpid, lim'pid, *a.* Pure ; lucid ; clear. صاف۔ خالص۔ شفاف۔ چمکیلا۔

Limy, lim'i, *a.* Viscous ; containing lime. چپچپا۔ چونا ملا ہوا۔

Lincture, lingk'tūr, *n.* A medicine to be licked up. دوا جو چاٹ کر کھائی جائے۔

Line, lin, *n.* A slender cord. پتلی ڈوری۔ A thread-like mark. خط۔ لکیر۔ نشان۔ Length without breadth. طول۔ Outline. نقشہ۔ A boundary. حد۔ Lineament. خط و خال۔ A row. صف۔ قطار۔ A verse. مصرع۔ بیت۔ Course ; business. طریق کار و بار۔ A series. سلسلہ۔ Lineage. نسل۔ The equator. خط استوا۔ Infantry. پیدل۔ The twelfth part of an inch. انچ کا بارہواں حصہ۔ Method. قاعدہ۔
To give a person—, کسی کو ڈھیل دینا یا مچھلی کی طرح کھلانا یعنی کچھ عرصہ تک اُسے اپنا رنگ ڈھنگ دکھائے دینا۔ **Hard—s,** بدبختی۔ دشواری۔ مصیبت۔ *v.t.* To cover on the inside ; to mark out ; to place along. مڑھنا۔ استر لگانا۔ نشان لگانا۔ برابر رکھنا۔ قطار لگانا۔ خطوط کھینچنا۔

Lineage, lin'e-aj, *n.* Race ; progeny. سلسلہ۔ خاندان۔ نسل۔

Lineal, lin'e-al, *a.* Composed of lines. خطوط سے بنا ہوا۔ Hereditary ; in a direct line from an ancestor. موروثی۔ خاندانی۔ آبائی۔

Lineally, lin'e-al-i, *ad.* In a direct line.
نسل خاص سے - سیدھا - صلبی -

Lineament, lin'e-a-ment, *n.* Feature; form; outline. شباہت - خط وخال - شکل - صورت - چہرہ - نقشہ -

Syn.—Outline, feature, trait.

Linear, lin'e-ar, *a.* Slender; straight; pertaining to a line. نازک - مستقیم خط سے متعلق - سیدھا - سیدھے خط ہیں -

Linen, lin'en, *n.* Cloth made of flax or hemp. سن کا کپڑا - کتان - *a.* Made of linen; white.
کتان کا بنا ہُوا - سفید -

Linen-draper, lin'en-drap'ur, *n.* A person who sells linen. بزاز - کتان فروش -

Ling, ling, *n.* A fish of the cod kind.
ایک قسم کی مچھلی -

Linger, ling'gur, *v.i.* To delay; to loiter; to hesitate; to remain long in any state. ٹھہرنا - دیر لگانا - کاہلی کرنا - پس وپیش کرنا - تامل کرنا - دُکھ میں رہنا - پاؤں پیٹھنا - جھولنا - گھلنا -

Lingering, ling'gur-ing, *a.* Slow; protracted.
دیر پا - سست - طول طویل -

Lingual, ling'gwal, *a.* Formed by the tongue.
جو زبان سے نکلے -

Linguist, ling'gwist, *n.* A person skilled in languages. زبان دان -

Linguistic, ling'gwist'ik, *a.* Relating to languages. متعلق بہ زبان -

Liniment, lin'i-ment, *n.* Ointment.
مرہم - طلا - تیل -

Link, lingk, *n.* A single ring of a chain. زنجیر کی ایک کڑی - جریب یا Anything doubled and closed like a link. پھندا - قلابہ - A torch. مشعل - لوکا - *v.t.* To complicate; to unite.
پیچیدہ کرنا - ملانا - وصل کرنا - منسلک کرنا -

Linnet, lin'et, *n.* A British singing bird.
انگلستان کی ایک خوش الحان چڑیا -

Linoleum, lin-ō'le-um, *n.* A kind of floor-cloth.
ایک قسم کا روغنی فرش -

Linseed, lin'sed, *n.* Flax seed. السی -

Linsey-woolsey, lin'si-wool'si, *n.* Cloth made of linen and wool.
کتان اور اُون ملا کر بنا ہُوا کپڑا -

Linstock, lin'stok, *n.* A cannonier's staff to hold a lighted match for firing cannon.
گولہ اندازی کی لکڑی توپ کا فلیتہ لگانے کے لئے -

Lint, lint, *n.* Flax. سن - کتان - A soft woollen fabric of linen used for dressing wounds or sores. روئی کا پھایا - کتان کا پھایا -

Lintel, lin'tel, *n.* The upper horizontal part of a door frame. دروازہ کے اُوپر کی چوکھٹ -

Lion, li'un, *n.* A very strong and fierce beast of prey. شیر ببر - شیر - سنگھ -

Lioness, li'un-es, *n.* The female of a lion. - شیرنی

Lion-like, li'un-lik, *a.* Fierce and bold.
خوفناک اور دلیر -

Lip, lip, *n.* The border of the mouth; edge of anything. ہونٹھ - لب - کسی شے کا کنارہ -
Lip service. زبانی خدمت و خیر خواہی -

Lip, lip, *v.t.* To kiss. بوسہ لینا - چومنا -

Lippen, lip'n, *v.i.* To trust; to confide in.
اعتبار کرنا - بھروسہ کرنا -

Liquation, lik-wa'shun, *n.* The act of melting.
گلنا - پانی ہونا - گلاؤ - پگھلاہٹ -

Liquefiable, lik'we-fi-a-bl, *a.* That may be liquefied. گلنے کے قابل -

Man, man, *n.* A human being; the male sex. انسان - آدمی - مرد - Male servant نوکر - Mankind. بنی انسان - آدم زاد - A husband. خصم - شوہر - خاوند - One of manly strength or virtue. جواں مرد - Individual. فرد - نفر - شخص - نفس - —**of letters,** a learned man. عالم - مولوی - —**of straw,** an insignificant person. ناچیز آدمی - پوال کا پتلا - وہ آدمی جو اوروں کے کہنے میں ہو - —**of war,** a government vessel employed for the purposes of war. جنگی جہاز - A—**of mark,** نامی گرامی - **To be one's own—,** to have command of one's self. اپنے تئیں اپنے قبضہ میں رکھنا - آپے سے باہر نہ ہوجانا - *v.t.* To furnish with men to fortify. آدمی بھرنا - مضبوط کرنا - مستحکم کرنا -

Manacle, man'a-kl, *v.t.* To handcuff; to shackle. بیڑی ڈالنا - ہتھکڑی پہنانا -

Manacles, man'a-klz, *n. pl.* Handcuffs. ہتھکڑی -

Manage, man'aj, *v.t.* or *i.* To conduct; to administer; to direct; to contrive; to husband. اہتمام کرنا - انصرام کرنا - انتظام کرنا - چلانا - رہنمائی کرنا - بندوبست کرنا - کفایت کرنا - بس یا قابو میں رکھنا -

Manageable, man'aj-a-bl, *a.* Tractable; governable. مطیع - سدھ جانے کے لائق - فرمانبردار -

Management, man'aj-ment, *n.* Manner of conducting; administration; practice; body of directors. بندوبست - انتظام - حکمت عملی - جماعت منتظماں - مدبران -

Manager, man'aj-ur, *n.* A director; a superintendent; intriguer. منتظم - کفایت شعار - کارکن - سازش کرنے والا -

Manciple, man'si-pl, *n.* A purveyor. بھنڈاری -

Mandate, man'dāt, *n.* An order; a command; judicial precept. فرمان - حکم - حکم نامہ -

Mandatory, man'da-tor-i, *a.* Preceptive; directory. حکمی - ہدایتی -

Mandible, man'di-bl, *n.* An animal's jaw. جانوروں کا جبڑا -

Mandolin, man'do-lin, *n.* A musical instrument. بربت - ستار -

Manducate, man'dū-kāt, *v.t.* To cut; to chew. کاٹنا - چبانا -

Mane, man, *n.* The long hair on the upper part of the neck of a horse or other animal. ایال - گھوڑے یا اور جانوروں کے گردن پر کے بال -

Manege, man-ezh', *n.* A school for teaching horsemanship or for training horses; the art of horsemanship or of training horses. مدرسہ چابک سواری - چابک سواری یا گھوڑوں کے سدھانے کا ہنر -

Manes, mā'nez, *n. pl.* Departed souls; the ghosts. مردوں کی روح - پنچھر - بھوت - پریت -

Manful, man'fool, *a.* Brave; courageous; noble. دلیر - جوانمرد - شریف -

Manfully, man'fool-li, *ad.* Courageously; noble. دلیرانہ - مردانہ - شریفانہ -

Mange, mānj, *n.* The scab or itch in dogs and cattle. کتے اور مویشیوں کی کھجلی یا خارشت -

Manger, mānj'ur, *n.* A fixed feeding trough for horses and cattle. گھوڑے اور مویشیوں کے کھلانے کی گڑھی ہوئی ناند -

Mangle, mang'gl, *v.t.* To cut in a bungling manner; to lacerate; to butcher. بیہودہ طور سے کاٹنا - چیرنا پھاڑنا - ٹکڑے ٹکڑے کرنا - پاش پاش کرنا - پھاڑنا - ذبح کرنا - —*n.* A machine for smoothing linen. کپڑا گھوٹنے کی کل -

Mango, mang'gō, *n.* A fruit. آم ۔ انبہ ۔ **—blossoms,** مور ۔ منجر ۔ بور ۔ **—bird,** پیلک چڑیا ۔ **—preserve,** آم کا مربہ ۔ **—pickle,** آم کا اچار ۔ کسونڈھی ۔ **The inspissated juice of—,** امرس ۔ اماوٹ ۔

Mangy, manj'i, *a.* Scabby. خارشی ۔

Manhater, man'hāt'ur, *n.* One who hates mankind; a misanthrope. انسان کا دشمن ۔ آدمی سے متنفر ۔

Manhood, man'hood, *n.* Courage; manly quality; full age. مردانگی ۔ آدمیت ۔ بلوغ ۔ شباب ۔ رجولیت ۔

Mania, mā'ni-a, *n.* Unreasonable desire; insanity. خبط ۔ جنون ۔ مالیخولیا ۔

Syn.—Insanity, derangement, madness.

Maniac, mā'ni-ak, *a.* Mad; raging with disordered intellect. سودائی ۔ دیوانہ ۔ سڑی ۔ خبطی ۔ —*n.* A madman. پاگل آدمی ۔

Manical, ma-nī'-kal, *a.* Affected with madness. جنونی ۔ دیوانہ ۔

Manifest, man'i-fest, *a.* Clear; evident; plaint. صاف ۔ عیاں ۔ ظاہر ۔ *v.t.* To show plainly; to display; to declare. صاف صاف دکھانا ۔ عیاں کرنا ۔ ظاہر کرنا ۔ واضح کرنا ۔ نمایاں کرنا ۔ *n.* An invoice of a ship's cargo. جہاز کے مال کا بیجک ۔

Syn.—Distinct, clear, evident, obvious, plain.

Ant.—Hidden, invisible, obscure, secret.

Manifestation, man-i-fes-tā'shun, *n.* Revelation; exhibition. انکشاف ۔ ظہور ۔ اعلان ۔ افشا ۔

Manifestly, man'i-fest-li, *ad.* Clearly; plainly. علانیہ ۔ صاف صاف ۔ برملا ۔ ظاہراً ۔

Manifesto, man'i-fest'ō, *n.* A public declaration of a sovereign or state. منادی عام ۔ کسی بادشاہ یا ریاست کے منشا کا اعلان ۔

Manifold, man'i-fōld, *a.* Of various kinds; multiplied; complicate. گوناگوں ۔ طرح طرح کا ۔ نوع بہ نوع ۔ چند در چند ۔ پیچ در پیچ ۔

Manifoldly, man'i-fōld-li, *ad.* In a manifold manner. طرح طرح سے ۔

Manikin, man'i-kin, *n.* A little man; a pygmy. چھوٹا آدمی ۔ مردک ۔ بونا ۔

Maniple, man'i-pl, *n.* A band of soldiers; a handful; scarf. سپاہیوں کا ایک چھوٹا دستہ ۔ مٹھی ۔ رومال ۔

Manipular, ma-nip'ū-lar, *a.* Pertaining to the hand. ہاتھ کے متعلق ۔ دستی ۔

Manipulate, ma-nip'ū-lāt, *v.t.* or *i.* To work by means of the hand; to handle; to do handwork. ہاتھ سے عمل کرنا ۔ ہاتھ میں پکڑنا ۔ دستکاری کرنا ۔ کارسازی

Manipulation, ma-nip-ū-lā'shun, *n.* Artful management; work by hand. معقول انتظام ۔ ہاتھ کا کام ۔ دستکاری ۔

Mankind, man'kīnd, *n.* The race of human beings. بنی انسان ۔ آدم زاد ۔ نوع انسان ۔ خلائق ۔

Manlike, man'līk, *a.* Manly; becoming a man. انسانیت کا ۔ مردانہ ۔

Manliness, man'li-nes, *n.* Bravery; dignity. بہادری ۔ بزرگی ۔ عزت ۔

Manly, man'li, *a.* Brave; dignified; becoming a man. دلیر ۔ ممتاز ۔ مردانہ ۔ آدمیت کا ۔

Manna, man'a, *n.* Food supplied to the Israelites in the wilderness of Arabia; delicious food for body or mind. عرب کے جنگل میں اسرائیلیوں کو جو خوراک دی گئی ۔ من سلوا ۔ قوت روحانی ۔ شیرخشت ۔

Manner, man'ur, *n.* Method; habit; form; department; politeness. اخلاق ۔ عادت ۔ رسم ۔ طریق ۔ شکل ۔ چال ۔ قسم ۔ وضع ۔ شباہت ۔ ڈول ۔ ڈھب ۔

Manners, man'urz, *n. pl.* Carriage; behaviour. وضع ۔ چال چلن ۔ اخلاق ۔ اطوار ۔ **By no manner or means,** under no circumstances whatever. کسی حالت میں نہیں ۔ **In a—,** in a certain degree. تھوڑا سا ۔ گویا ۔ **To make one's —s,** سلام کرنا ۔ آداب بجا لانا ۔ دست بسر ہونا ۔ **To the—born,** دستور کا بچپن سے عادی یا پابند ۔ **With the—,** in the fact. فعل کرتے ہوئے ۔

Mannerism, man'ur-izm, *n.* Sameness of manner. ہم اطواری ۔ ہم اسلوبی ۔ راہ و رسم کی پابندی ۔ ایک ڈھنگا پن ۔

Mannerly, man'ur-li, *a.* Well-behaved; civil; polite; respectful. شائستہ ۔ خلیق ۔ مہذب ۔ مؤدب ۔

Manoeuvre, ma-nōō'vur, *n.* Stratagem; adroit proceeding; a dexterous movement. فن و فریب ۔ چال ۔ داؤں ۔ گھات ۔ حکمت عملی ۔ جوڑ توڑ ۔

Manoeuvre, ma-nōō'vur, *v.t.* or *i.* To change the position of troops or ship; to manage with art. جہاز یا سپاہ کی جگہ بدلنا ۔ چال چلنا ۔ حکمت عملی سے انتظام کرنا ۔ داؤں گھات کرنا ۔

Manor, man'or, *n.* The land belonging to a lord. جاگیر ۔ تعلقہ ۔ کسی لارڈ کی اراضی ۔

Manorial, ma-nō'ri-al, *a.* Belonging to a manor. زمینداری کے متعلق ۔

Manse, mans, *n.* Farm; the dwelling house of a clergyman. چوپال ۔ پادری کا مسکن ۔

Mansion, man'shun, *n.* Any place of residence; a manor house; a large house. مسکن ۔ رہنے کی جگہ ۔ مکان ۔ حویلی ۔ محل ۔ گڑھی ۔ محل سرا ۔

Manslaughter, man'slaw-tur, *n.* The slaying of a human being. مردم کشی ۔ منش گھات ۔ قتل انسان ۔

Manslayer, man'slā-ur, *n.* One that has killed another. قاتل انسان ۔ مردم کش ۔ منش گھاتک ۔

Mantel, man'tl, *n.* Work before a chimney: the ornamental shelf over a fire-place called also mantel piece; mantelshelf. چمنی کے آگے کا کام جو آتش دان کے سامنے کے حصہ میں رہتا ہے ۔ انگیٹھی کے

اوپر کی کلس یا کنگرہ۔

Mantelet, man'tl-et, *n.* A small cloak worn by women. عورتوں کا چھوٹا لبادا۔ فرغول۔

Mantilla, man-til'a, *n.* A kind of veil; a light cloak; a cape. اوڑھنی۔ ہلکی فرغول۔

Mantle, man'tl, *n.* A cover; cloak. فرغل۔ لبادا۔ رضائی۔ بالاپوش۔

—*v.t.* or *i.* To froth; to cover; to disguise; to be expanded. پھین نکالنا۔ بھیس بدلنا۔ اوڑھنا۔ ڈھکنا۔ بدلنا۔ چھپانا۔ پھیلنا۔ اُبلنا۔

Mantua, man'tū-a, *n.* A lady's cloak or gown. زنانہ لبادہ یا گون۔ پشواز۔

Manual, man'ū-al, *a.* By the hand. ہاتھ سے کیا گیا۔ دستی۔

—*n.* A hand book. بیاض۔ صحیفہ۔ رسالہ۔

Manufactory, man-ū-fakt'or-i, *n.* The place where goods are made for use. کارخانہ۔

Manufacture, man-ū-fakt'ūr, *n.* Anything made by the hand; anything made by art. دستکاری۔ صنعت۔ گھڑت۔ ہاتھ کی بنی ہوئی چیز۔ کاریگری۔ *v.t.* To make by art or labour; to be occupied in manufactures. دستکاری کرنا۔ صنعت کاری کرنا۔ دستکاری میں مصروف رہنا۔

Manufacturer, man-ū-fakt'ūr-ur, *n.* One who works raw materials into articles of use. دستکار۔ صناع۔ کاریگر۔

Manumission, man-ū-mish'un, *n.* The act of liberating a slave from bondage. غلاموں کو آزاد کرنا۔ خلاصی۔

Syn.—Emancipation, liberation.

Manumit, man-ū-mit', *v.t.* To release from bondage; to emancipate. غلامی سے آزاد کرنا۔ خلاص کرنا۔ رہا کرنا۔

Manure, man-ūr', *n.* Fertiliser. کھاد۔ پانس۔

—*v.t.* To fertilise; to cultivate; to apply any fertilising matter to land. کھاد ڈالنا۔ زرخیز کرنا۔ مضروع کرنا۔

Manuscript, man'ū-skript, *n.* An writing done by the hand. قلمی نوشتہ۔ ہاتھ کا لکھا ہوا کاغذ وغیرہ۔ قلمی کتاب۔ *a.* Written; not printed. دستی۔ قلمی۔

Many, men'i, *a.* Numerous; not few; a great number of. بہت سا۔ کم نہیں۔ بہت کثیر۔ جتنے۔ جیسے۔ قدر۔ کتنے ہی۔ بہت سے۔ Many persons; a great number. بہت آدمی۔ جمعیت۔ بھیڑ۔ جھنڈ۔ The—, the crowd. جم غفیر۔ Twice as—, دوچند۔ —a men, بہتیرے آدمی۔

n. A picture of the earth or a part of it on a flat surface outline. نقشہ۔ خاکہ۔

Map, map, *v.t.* To sketch; to draw. نقشہ کھینچنا۔ خاکہ بنانا۔

—*n.* A picture of the earth or a part of the earth or a part of it on a flat surface; outline. نقشہ۔ خاکہ۔

Maple, ma'pl, *n.* A kind of tree. ایک قسم کا درخت جس سے چینی بنتی ہے۔

Mar, mar, *v.t.* To blot; to disfigure; to injure. خراب کرنا۔ ضرر پہنچانا۔

—*n.* A blemish; an injury; a disfigurement. دھبہ۔ داغ۔ ضرر۔ نقصان۔ بدشکلی۔

Marasmus, ma-raz'mus, *n.* A consumption; atrophy. چھئی روگ۔ تحلیل بدن۔

Maraud, ma-rawd', *v.t.* To make a plundering excursion; to rove in quest of plunder. لوٹ مار کا دھاوا کرنا۔ لوٹنا۔ لوٹ مار کی تلاش میں پھرنا۔

Marauder, ma-rawd'ur, *n.* A freebooter; a plunderer. لٹیرا۔ غارتگر۔ رہزن۔ پنڈارا۔ قزاق۔

Marble, mar'bl, *n.* Very white piece of stone; compact limestone; a little ball of marble, or other stone, or of baked clay, used by children in play. سنگ مرمر۔ سنگ مرمر کی گولی۔

Marble paper, ابری کاغذ۔

Black marble, سنگ موسٰے۔

March, march, *n.* The third month of the year. مہینہ مارچ۔ The movement of soldiers in order. فوج کی باقاعدہ روانگی۔ کوچ۔ مُقام۔ Signal. کوچ کا بگل۔ The distance passed over in marching. منزل مسافت۔ Border. حد۔ سوانہ۔ سرحد۔ *v.t.* To cause to move. حرکت دینا۔ کوچ کرنا۔ روانہ کرنا۔ *v i.* To walk in a stately manner. خرام کرنا۔ تمکنت یا شان سے چلنا۔

March-mad, march'mad, *a.* Foolhardy; harebrained. دیوانہ۔ بہادر۔ اوجھڑ۔ نڈھڑک۔ بے تامل۔

Marchioness, mar'shun-es, *n.* The wife of a marquis. مارکوئیس کی بی بی۔ امیر کی بیگم۔

Marcid, mar'sid, *a.* Lean; withered. دُبلا۔ لاغر۔ افسردہ۔ مرجھایا ہُوا۔

Mare, mār, *n.* The female of the horse. گھوڑی۔ مادی۔

Margin, mar'jin, *n.* An edge; brink. کنارہ۔ حاشیہ۔ لب۔ کور۔

Syn.—Border, brim, verge.

Marginal, mar'jin-al, *a.* Placed in the margin; written in the margin. مندرجہ حاشیہ۔ حاشیہ پر لکھا ہُوا۔

Margrave, mar'grav, *n.* A German title of the sovereignty. جرمنی کا شاہی خطاب۔

Marigold, mar'i-gold, *n.* A plant bearing a showy yellow flower. درخت گیندا۔ گینڈے کے پھول کا درخت۔ صد برگ۔ گل مریم

Marine, ma-rēn', *a.* Naval; of the sea. بحری۔ دریائی۔

—*n.* A soldier who serves on board a ship;

naval affairs; the navy. جہاز پر کا سپاہی۔ امور بحری۔ بحری فوج۔

Mariner, mar'in-ur, *n.* A seaman; a sailor. جہازراں۔ جہاز چلانے والا۔ ملاح۔

Marital, mar'i-tal, *a.* Pertaining to a husband. زوجی۔ شوہری۔ خاوند کا۔

Maritime, mar'i-tīm, *a.* Pertaining to sea; situated near the sea. دریائی۔ بحری۔ سمندر کے قریب واقع۔

Mark, mark, *n.* A token; sign. نشان۔ علامت۔ آثار۔ Proof. دلیل۔ سند۔ A print. داب۔ چھاپ۔ A stamp. نقش۔ مہر۔ An object, butt or point, aimed at. نشانہ۔ ہدف۔ A German coin equal to a shilling. جرمنی کا ایک سکہ قیمت میں آٹھ آنے کے برابر۔ Pre-eminence; respect. عزت۔ اعلیٰ مرتبہ۔ جاہ وحشم منزلت۔ A number. نمبر۔ **A man of—,** a wellknown man. مشہور یا ذی رتبہ آدمی۔ **Beside the—,** بے مطلب۔ **Up to the—,** good enough. برابر۔ اچھا سا۔ **—time,** قواعد جنگی میں ایک ہی جگہ کھڑے کھڑے پیروں کو اٹھانا و دھرنا۔ *v.t.* or *i.* To impress; to note; to observe. نشان کرنا۔ اشارہ کرنا۔ نظر کرنا۔ دھیان دینا۔ **To—out,** to point out. بتلانا۔ To designate. مخصوص کرنا۔ **To—off,** to tick off. نشانی بنانا۔ **To—down,** to set down in writing. لکھ دینا۔ یادداشت کرنا۔

Market, mar'ket, *n.* A place for buying and selling. ہاٹ۔ بازار۔ منڈی۔
—*v.i.* To buy or sell. خرید و فروخت کرنا۔
Market gardening, باغ میں سبزی و ترکاری فروخت کے واسطے پیدا کرنا۔

Marketable, mar'ket-a-bl, *n.* Fit for the market; saleable; current. قابل بازار۔ منڈی کے لائق۔ قابل فروخت۔ فروختنی۔ چلتا۔

Marksman, marks'man, *n.* One who shoots well. نشانہ لگانے والا۔

Marl, marl, *n.* A sort of rich clay or manure. پنڈول مٹی۔ کھیتلی مٹی۔

Marmalade, mar'ma-lād, *n.* A jam of quinces. نارنگی وبھی وغیرہ کا مربا۔

Marque, mark, *n.* License of reprisal; a license to pass the marches or limits of a country for the purpose of making reprisals. حکمنامہ۔ پاداش۔ معاوضہ۔ وصول کرنے کا حکم۔ دشمن کے مال کو انتقام کی راہ سے لینے کا فرمان یا اختیار۔

Marquee, mār-kē', *n.* An officer's field-tent. عہدہ دار کا بڑا خیمہ۔

Marquetry, mark'et-ri, *n.* Inlaid work. جڑاؤ کام۔

Marquis, mar'kwis, *n.* Title of nobility. ایک خطاب۔

Marriage, mar'ij, *n.* To contract by which a man and woman become husband and wife; matrimony. نکاح۔ بیاہ۔ عقد۔ ازدواج۔ کتخدائی۔ شادی۔ **—contract,** نکاح نامہ۔ مواہدہ نکاح۔ **—deed,** مہرنامہ۔ **—fees,** بیاہ کرائی۔ عقدانہ۔ **—portion,** جہیز۔

Dissolution of—, فسخ نکاح۔ **Relationship by—,** آزار بندی رشتہ۔ **Temporary—,** متعہ۔

Marriageable, mar'ij-a-bl, *a.* Of an age suitable for marriage. شادی کی عمر کا۔ بیاہنے کے لائق۔

Marrow, mar ō, *n.* The soft fatty substance in bones; the essence. جوہر۔ مغز۔ ہڈیوں کے بھیتر کا گودا۔

Marrow-bone, mar'ō-bōn, *n.* A bone containing marrow. مغزدار ہڈی۔
—*pl. n.* The knees. گھٹنا۔ زانو۔

Marrowy, mar'ō-i, *a.* Full of marrow; pithy. مغزدار۔ پرمغز۔ گودا بھرا ہوا۔

Marry, mar'i, *v.t.* To enter into the connubial state; to unite in matrimony. منعقد کرنا۔ شادی کرنا۔ نکاح پڑھنا۔

Mars, marz, *n.* The god of war and husbandry; a planet. کسانی اور لڑائی کا دیوتا۔ منگل۔ مریخ۔

Marsh, marsh, *n.* A tract of soft wet land; a fen; a swamp. دلدل۔ پھنساؤ۔
—*a.* Fenny; wet. تر۔ دلدل دار۔

Marshal, mar'shal, *n.* An officer of the highest military rank; a pursuivant. سب سے اونچے درجہ کا فوجی سردار۔ سپہ سالار۔ نقیب۔ *v.t.* To dispose or arrange in order; to lead. آراستہ کرنا۔ ترتیب دینا۔ صف آرائی کرنا۔

Marsupial, mar-sū'pi-al, *a.* Carrying young in a pouch. تھیلی میں بچے لے چلنے والا۔

Marshy, marsh'i, *a.* Fenny; wet. دلدل دار۔ کیچڑ دار۔

Mart, mart, *n.* A place of public sale. ہاٹ۔ بازار۔ منڈی۔ گنج۔ گدڑی۔

Marten, mar'ten, *n.* A kind of weasel. ایک قسم کا نیولا جس سے سمور کی ٹوپیاں بنتی ہیں۔

Martial, mar'shal, *a.* Pertaining to war; warlike; brave. لڑائی کے متعلق۔ جنگجو۔ دلیر۔ بہادر۔ جرار۔ جنگی۔ فوجی۔ **—law,** جنگی قانون۔

Martiallism, mar'shal-izm, *n.* Bravery. بہادری۔ دلیری۔

Martin, mar'tin, *n.* One of the several species of swallow. ایک قسم کا ابابیل۔

Martinet, mar'tin-et, *n.* A strict disciplinarian. ضابطہ کا سخت پابند۔

Martingale, mar'tin-gāl, *n.* A strap fastened to a horses's girth. زیربند۔ پلیش بند۔

Martyr, mar'tur, *n.* One who by his death bears witness to the truth. شہید۔ سچ پر جان دینے والا۔
—*v.t.* To persecute; to tournament. شہید کرنا۔

درپے ہونا ۔ تنگ کرنا ۔ تکلیف دینا ۔

Martyrdom, mar'tur-dum, *n.* The death of a marty شہادت ۔

Martyrology, mar'tur-ol'o-ji, *n.* An account of martyrs; a history of martyrs.
تذکرہ شہیداں ۔ شہیدوں کی تواریخ ۔ شہادت نامہ ۔

Marvel, mar'vel, *v.t.* To wonder; to be struck with surprise. تعجب کرنا ۔ حیرت میں ہونا ۔ *n.* Wonder. تعجب ۔ A prodigy; a miracle. اچنبھا ۔ معجزہ ۔

Syn.—Wonder, admiration, astonishment.

Marvellous, mar'vel-us, *a.* Wonderful; astonishing. عجیب ۔ طرفہ ۔ نادر ۔

Marvellously, mar'vel-us-li, *ad.* Strangely; wonderfully. متحیرانہ ۔ متعجبانہ ۔

Masculine, mas'kū-lin, *a.* Having the qualities of a man; strong; not effeminate.
مردانہ ۔ مذکر ۔ نر ۔

Mash, mash, *n.* A mixture of ingredients blended together; a mixture of bran and water for cattle. مھیلا ۔ سانی ۔ مل گوبا ۔ بھرتا ۔ *v.t.* To crush into a mass; to bruise.
دلنا ۔ کچلنا ۔ پیسنا ۔ بھرتا بنانا ۔ مسل ڈالنا ۔

Mashy, mash'i, *a.* Produced by bruising.
جو کچلنے سے نکلے ۔

Mask, mask, *n.* A cover for the face; cloak; pretence; screen; disguise.
نقاب ۔ برقع ۔ بہانہ ۔ مقنع ۔
—*v.t.* To cover the face with a mask; to conceal. نقاب ڈالنا ۔ چھپانا ۔ ڈھکنا ۔ چہرہ لگانا ۔

Masker, mask-er, *n.* One who puts on a mask.
چہرہ لگانیوالا ۔ نقاب پوش ۔ چہرہ پر برقع ڈالنے والا ۔

Mason, ma'sn, *n.* A builder; member of the fraternity of Freemasons.
راج ۔ معمار ۔ مستری ۔ فری میسن ۔

Masonic, mas-on-ik, *a.* Relating to Freemasonry.
فری میسن کے متعلق ۔

Masonry, ma'sn-ri, *n.* The craft of a mason; mysteries of Freemasons. راج کا کام ۔ راز فری میسن ۔

Masquerade, mask-ur-ad', *n.* A diversion in which the company is masked. ناچ یا تماشہ جس میں سب لوگ برقع پوش ہوتے ہیں ۔ *v.t.* To go in disguise; to assemble in masks. بھیس بدلنا ۔ چہرہ لگا کر جمع ہونا ۔

Mass, mas, *n.* A heap; lump; an assemblage.
ڈھیر ۔ ہجوم ۔ مجمع ۔
—*pl.* Lower classes of the people; a Roman Catholic service. عوام الناس ۔ رومن کیتھولک فرقہ کی طریقہ عبادت ۔
—*v.t.* To form into a mass; to assemble.
انبار کرنا ۔ جمع کرنا ۔

Massacre, mas'a-kur, *n.* The indiscriminate slaughter of human beings; carnage. قتل عام ۔ کشت و خون ۔
v.t. To slaughter indiscriminately.

Masseter, mas-ē'tur, *n.* A muscle of the lower jaw. نیچے کے جبڑے کا پٹھا ۔

Massiness, mas'i-nes, *n.* Great weight; ponderousness. بڑا وزن ۔ بھاری پن ۔

Massive, mas'iv, *n.* Ponderous; weighty.
وزنی ۔ موٹا ۔ گراں ۔

Mast, mast, *n.* A pole set upright in a boat or vessel to sustain the sails, yards, etc.
مستول ۔ گن رکھا ۔

Master, mas'tur, *n.* A ruler; a chief. حاکم ۔ افسر ۔ سردار ۔ عامل ۔ ناظم ۔ The head of a household. خاندان ۔ صاحب خانہ ۔ مکھیا ۔ Teacher. اُستاد ۔ معلم ۔ Proprietor; owner; employer. مالک ۔ خاوند ۔ A young gentleman. شریف زادہ ۔ ولی نعمت ۔ A title of dignity in the universities. یونیورسٹی کا خطاب ۔ فضیلت کا خطاب ۔ Adept. کامل ۔ ماہر ۔ ہنرمند ۔ **To be—of one's self,** to have command over one's passions. اپنی خواہشوں کو قابو میں رکھنا ۔ خود مختار ہونا ۔ آپے میں ہونا ۔ —**of languages,** زبان دان ۔ **Absolute—,** مختار کل ۔ سمپورن ۔ ادھیکار ۔ *v.t.* To bring under control; to make oneself master. سر کرنا ۔ توڑنا ۔ دبانا ۔ تابع کرنا ۔ قابو کرنا ۔ زیر حکم کرنا ۔ کامل یا اُستاد ہونا ۔ دخل کامل پیدا کرنا ۔ حاوی ہونا ۔

Master-key, mas'tur-kē, *n.* A key which opens many locks. تالی جس سے بہت قفل کھلتے ہیں ۔

Masterly, mas'tur-li, *a.* Done with the skill of a master; excellent; imperious.
اُستادانہ ۔ بہت عمدہ ۔ شاہانہ ۔ عالی ۔

Master-piece, mas'tur-pēs, *n.* A capital performance. کمال خوبی ۔ اُستادی کا کام ۔ بڑھیا کام ۔

Mastery, mas'tur-i, *n.* Superiority; triumph; attainment of skills. بزرگی ۔ فوق ۔ صنعت کاری ۔ اُستادی ۔

Masticate, mas'ti-kāt, *v.t.* To chew. چبانا ۔

Mastication, mas-ti-kā'shun, *n.* The act of chewing solid food. چاب ۔ چگالی ۔ پاگر ۔

Mastiff, mas'tif, *n.* A variety of dog, large and stoutly built. ایک قسم کا بڑا کتّا ۔

Mat, mat, *n.* Texture of rushes, straw, etc.
چٹائی ۔ بوریا ۔ فرش ۔ *v.t.* To twist together; to entangle; to interweave; to cover with mat.
چٹائی بنانا ۔ اوجھانا ۔ گلو تھنا ۔ سانٹنا ۔ چٹائی بچھانا ۔ *v.i.* To grow thick together. مل کر موٹا ہونا ۔

Match, mach, *n.* A lucifer; contest; an equal; matrimonial union; agreement; one to be gained in marriage. دیاسلائی ۔ مقابلہ بازی ۔ ہمسر ۔ ثانی ۔ نسبت ۔ شادی ۔ عہد و پیمان ۔ شرط ۔ جوڑا ۔

—*v.t.* To equal; to marry; to fit together; to suit. برابر کرنا ۔ شادی کرنا ۔ ٹھیک کرنا ۔ موافق کرنا ۔

Matchless, mach'les, *a.* Unequal. بے مثل ۔ بے ہمتا ۔ لاجواب ۔ لاثانی ۔

Syn.—Unrivalled, peerless, exquisite, inimitable.

Matchlock, mach'lok, *n.* A musket fired by means of a match. توڑے دار بندوق ۔

Mate, māt, *n.* An associate; a match. رفیق ۔ شریک ۔ ساتھی ۔ One of a pair. جوڑے میں سے ایک ۔ Second officer in a merchant vessel. سوداگری جہاز کا دوسرا افسر ۔ A term at chess. بازی ۔ مات ۔ *v.t.* To marry. شادی کرنا ۔ To compete with. ہمسری کرنا ۔

Material, ma-tē'ri-al, *a.* Consisting of matter; corporeal; of consequence; important; of weighty character. مادی ۔ جسمانی ۔ ضروری ۔ اہم ۔ ضروری ۔ مقدم ۔

Syn.—Bodily, essential.

Material, ma-tē'ri-al, *n.* That of which anything is made. وہ شے جس سے کوئی چیز بنائی جاوے ۔ اسباب ۔ سامان ۔

Materialism, ma-tē'ri-al-izm, *n.* The doctrine of materialists. وہ عقیدہ جس میں روح کو جسم سے علیحدہ نہیں سمجھتے اور کہ روح کوئی چیز نہیں ہے ۔

Materialist, ma-tē-ri'al-ist, *n.* One who denies the existence of spiritual substance. وہ شخص جو روح کے وجود کا قائل نہ ہو ۔ منکر روح ۔

Materiality, ma-tē-ri-al'i-ti, *n.* Material existence; importance. قیام مادی ۔ جسمانی زندگی ۔ ضرورت ۔

Materially, ma-tē'ri-al-i, *ad.* In a material manner; substantially; essentially. بحالت مادی ۔ دراصل ۔ فی الحقیقت ۔ بطور مادہ ۔ جسمانی ۔

Maternal, ma-tur'nal, *a.* Motherly; of a mother; benefitting a mother. مادری ۔ مادرینہ ۔ ماں کا ۔

Maternity, ma-tur'ni-ti, *n.* The state, character, relation of a mother. مادری رشتہ ۔ حالت ۔ چلن یا سلسلہ ماں کا ۔

Math, math, *n.* A mowing. کٹائی ۔ درو ۔

Mathematical, math-e-mat'ik-al, *a.* Of mathematics; accurate. علم ریاضی کا ۔ درست ۔ صحیح ۔

Mathematically, math-e-mat'ik-al-i, *ad.* By mathematics; with mathematical certainty. از روئے علم ریاضی ۔

Mathematician, math-e-ma-tish'an, *n.* One versed in mathematics. ریاضی دان ۔ مہندس ۔

Mathematics, math-e-mat'iks, *n. pl.* The science which treats of whatever can be measured or numbered. علم ریاضی ۔ ہندسہ ۔

Matinee, mat-i-nē', *n.* An entertainment held in the morning. صبح کے وقت کی نواشغل ۔

Matins, mat'ins, *n.* (*pl.*) Morning worship or service. صبح کی عبادت یا نماز ۔ (of birds) گل سرود سحر ۔ بانگ ۔ پچھلی شرعی گھڑی ۔

Matrice, Matrix, mā'tris, mā'triks, *n.* A mould. سانچہ ۔ قالب ۔

Matricide, mat'ri-sīd, *n.* The murder of a mother; the killer of a mother. مادرکشی ۔ مادرکش ۔ ماں کا مارنے والا ۔

Matricidal, mat'ri-si-dal, *a.* Pertaining to matricide. مادرکشی کے متعلق ۔

Matriculate, ma-trik'ū-lāt, *v.t.* To enrol; to qualify; to be admitted to a college. داخل فہرست کرنا ۔ کالج کے رجسٹر میں نام لکھ کر ممبر بنانا ۔ مدرسے میں بھرتی کرنا ۔

Matriculation, ma-trik-ū-lā'shun, *n.* The act of matriculating. ادخال نام بزمرہ طلباء کامیاب شدہ ۔

Matrimonial, mat-ri-mō'ni-al, *n.* Conjugal. شادی کا ۔ ازدواجی ۔ نکاحی ۔

Matrimony, mat'ri-mun-i, *n.* The union of man and woman as husband and wife; marriage. شادی ۔ بیاہ ۔ نکاح ۔ ازدواج ۔

Matrix, mā'triks, *n.* A mould; the womb. رحم ۔ بچہ دان ۔ سانچہ ۔ قالب ۔

Matron, mā'trun, *n.* A wife; a house keeper; an elderly woman; a female superintendent in a hopspital or school. بی بی ۔ جورو ۔ مالکن ۔ ماما ۔ بڑی بوڑھی ۔ اسپتال یا بورڈنگ کی نگران یا منتظمہ ۔

Matronly, mā'trun-li, *a.* Elderly; grave; becoming a matron. بڑی بوڑھی کے طور پر ۔ سنجیدہ ۔ بڑی بوڑھی کے لائق ۔

Matter, mat'ur, *n.* Body; substance. جسم ۔ شے ۔ مادہ ۔ The essence. اصل ۔ جوہر ۔ Affair; concern. معاملہ ۔ کام ۔ Importance. ضرورت ۔ Amount. مقدار ۔ Thing of consequence. مضائقہ ۔ چنتا ۔ Pus ریم ۔ مواد ۔ Set-up type. جمائے ہوئے سیسہ کے حروف ۔ **It does not**—, کچھ مضائقہ یا حرج نہیں ۔ **No—which,** خواہ کوئی ۔ —**of fact,** وہ ٹائپ جس سے حقیقی یا جرا ۔ حقیقت حال ۔ **Dead**—, وہ ٹائپ جو چھپنے کے لئے ۔ چھپ چکا ہو ۔ **Live**—, کل معاملہ کی جمع ہوا ہو ۔ **Upon the whole**—, روسے ۔ *v.t.* To be of importance; to import. ضروری ہونا ۔ معنی رکھنا ۔ علاقہ رکھنا ۔ To form pus. پکنا ۔ پیپ بھرنا ۔

Matterless, mat'ur-les, *a.* Wanting matter. بے مواد ۔ پیپ سے خالی ۔

Mattery, mat'ur-i, *a.* Purulent. ریم بھرا ہوا ۔ پیپ بھرا ہوا ۔ Important. ضروری ۔

Matting, mat'ing, *n.* See **Mat.**

Mattock, mat'uk, *n.* A pick-axe. کدال ۔ پھاوڑا ۔ بھرسا ۔

Mattress, mat'res, *n.* A quilted bed. توشک ۔ سوزنی ۔

گدا۔

Maturant, mat'ū-rant, *n.* An application promoting suppuration. پکانے والی دوا۔

Maturate, mat'ū-rāt, *v.t.* or *i.* To ripen. پکانا۔ پکنا۔ پختہ ہونا۔

Maturation, mat-ū-rā'shun, *n.* The formation of matter; the state of growing ripe. پکاؤ۔ پختگی۔

Maturative, ma-tū'ra-tiv, *a.* Conducing to suppuration; ripening. پکانے والی۔

Mature, ma-tūr', *a.* Ripe; fully prepared; perfected; full-grown; become payable. رسیدہ۔ پختہ۔ تیار۔ کامل۔ بالغ۔ واجب الادا۔ *v.i.* To ripen; to perfect. پکانا۔ پختہ کرنا۔ کامل کرنا۔ پورا کرنا۔ *v.t.* To advance towards perfection; to become due. کامل ہونا۔ واجب الادا ہونا۔ مٹی پکنا۔

Maturity, ma-tūr'i-ti, *n.* Ripeness; full development; the time for becoming due. پختگی۔ بلوغ۔ انقضائے میعاد۔ پوری میعاد۔

Matutinal, mat-ū-ti'nal, *n.* Pertaining to the morning; early. صبح کا۔ سحری۔ سویرے کا۔

Maudlin, mawd'lin, *a.* Half-drunk; too sentimental. مدہوش۔ نیم مست۔ خمار آلودہ۔ زود حس۔

Maul, mawl, *n.* A heavy wooden hammer. موگرا۔ میخ چوب۔ *v.t.* To beat and bruise; to injure greatly; to maltreat severely. زد و کوب کرنا۔ زخمی کرنا۔ بری گت کرنا۔

Maulstick, mawl'stik, *n.* A stick used by artists as a rest of the hand while pointing. مصوّروں کی بیساکھی۔

Maund, mawnd, *n.* A hand basket; a weight. چنگیر۔ ڈلیا۔ ٹوکری۔ من۔

Maunder, mawn'dur, *v.i.* To mutter; to talk indistinctly. گنگنانا۔ اکھڑے اکھڑے طور سے کہنا۔

Mausoleum, maw-so-lē'um, *n.* A stately tomb or sepulchral monument. مقبرہ۔ روضہ۔

Mauve, mōv, *n.* A violet colour. بنفشی رنگ۔ ارغوانی رنگ۔

Maw, maw, *n.* A stomach. معدہ۔ پوٹہ۔ بھوجھ۔ شکم۔

Mawkish, mawk'ish, *a.* Insipid; disgusting. مکروہ۔ پھیکا۔ ناگوار۔

Maxillary, mak-sil'ar-i, *a.* Pertaining to the jawbone. جبڑے کا۔ گلپھڑے کا۔

Maxim, maks'im, *n.* A proverb; an adage; established proposition. کہاوت۔ مسئلہ۔ اصول۔ مقولہ۔

Maximum, maks'i-mum, *n.* The greatest quantity, number, etc. بڑی سے بڑی مقدار۔

May, mā, *n.* The fifth month of the Christian year. انگریزی سال کا پانچواں مہینہ۔ مئی۔ —*v.i.* To be able; to be possible; to be allowed. لائق ہونا۔ سکنا۔ ممکن ہونا۔ اجازت دیا جانا۔

May-day, mā-dā, *n.* The first day of May. مئی کا پہلا دن۔

May-hap, mā'hap, *ad.* Perhaps; it may happen. شاید۔ غالباً۔

May-pole, mā'pōl, *n.* A tall pole decorated with flowers; &c., around which dancing took place in the after part of May day. ایک لمبا بانس جس کے چاروں طرف پہلی مئی کے پچھلے حصّہ میں انگلستان میں ناچتے تھے۔

Mayor, mā'ur, *n.* The chief magistrate of a city or town. شہر کا بڑا حاکم۔

Mayoralty, mā'ur-al-ti, *n.* The office of a mayor. میئر کا عہدہ۔

Mazarine, ma-za-rēn', *n.* A deep blue colour. گہرا نیلا رنگ۔

Maze, māz, *n.* A labyrinth; perplexity; bewilderment. بھول بھلیاں۔ پیچ پاچ۔ الجھن۔ سرگردانی۔ حیرانی۔ گورکھ دھندا۔ جھنجھٹ جال۔

Maze, māz, *v.t.* To bewilder; to perplex. پریشان کرنا۔ حیران کرنا۔

Mazy, māz'i, *a.* Intricate; winding; perplexing. پیچ در پیچ۔ الجھاؤ کا۔ پریشان کرنے والا۔

Me, *pron.* The objective case of I. مجھے۔ مجھ کو۔

Mead, mēd, *n.* A fermented drink made of water and honey; meadow. شہد آبہ۔ ماءالعسل۔ چراگاہ۔ چمن زار۔ مرغزار۔

Meadow, med'ō, *n.* Flat grassy land. چراگاہ۔ سبزہ زار۔ مرغزار۔

Meagre, mē'gur, *a.* Lean; scanty; barren. لاغر۔ دبلا۔ پتلا۔ تھوڑا۔ قلیل۔ بنجر۔ اوسر۔

Syn.—Thin, languid, lean, emaciated.

Meagreness, mē'gur-nes, *n.* Leanness; want of flesh; scantiness. لاغری۔ نقاہت۔ قلت۔

Meal, mēl, *n.* The food taken at one time; a repast. خوراک۔ غذا۔ ناشتہ۔ حصہ۔ Coarse flower. موٹا آٹا۔ پیسان۔

Mealy-mouthed, mēl'i-mowthd, *a.* Bashful of speech; smooth-tongued. چکنی چپڑی باتیں کرنے والا۔

Mean, mēn, *n.* Low; base; poor. حقیر۔ ذلیل۔ کمینہ۔ غریب۔ Moderate. قلیل۔ Intermediate. اوسط۔ درمیانی۔ متوسط۔

Syn.—Base, ignoble, poor, beggarly.

Mean, mēn, *n.* The middle point; instrument. وسط۔ اوسط۔ اعتدال۔ ذریعہ۔ واسطہ۔ (*pl.*) لوازمہ آمدنی۔ اسباب By all—s, ہر طرح سے۔ جس طرح سے ہو سکے۔ By my—s, کسی طرح سے۔ By no—s, کسی طرح نہیں۔ کبھی نہیں۔ By fair—s or fowl, ایمانداری یا بے ایمانی سے جس طرح بن پڑے۔ To make —s, تدبیریں کرنا۔ *v.t.* or *i.* To intend; to purpose, to signify. ارادہ کرنا۔ مقصد رکھنا۔ معنی رکھنا۔

Meander, mē-an'dur, *n.* A winding course. گھماؤ کا راستہ۔ موڑ۔ چکر۔ پیچ۔

Meandering, mē-an'dur-ing, *a.* Winding; circuitous. پیچدار۔

Meaning, mēn'ing, *n.* Aim; import; intention. مطلب۔ مدعا۔ ارادہ۔ مقصد۔ غرض۔

Meaningless, mēn'ing-les, *a.* Devoid of meaning. بے معنی۔ بے مطلب۔

Meanness, mēn'nes, *n.* Baseness; low state. تحقیر۔ کمینہ پن۔ رذالت۔

Means, mēnz, *n. pl.* Medium resources; income. ذریعہ۔ وسیلہ۔ تدبیر۔ یافت۔ آمدنی۔

Meantime, mēn'tīm, *a.* During the internal. اثنا میں۔ اس درمیان۔

Measles, mē'zlz, *n.* An eruptive disease. چیچک۔ خسرہ۔ ماتا۔

Measurable, mezh'ur-a-bl, *a.* Capable of being measured. ناپنے کے قابل۔ قابل پیمود۔

Measure, mezh'ūr, *n.* That by which anything is measured. ناپ۔ پیمانہ۔ Limit; degree. حد۔ درجہ۔ Allotment. مقدار۔ Moderation. اعتدال۔ Time in music. تال۔ **To take ones —,** کسی کا ناپ لینا۔ کسی کی لیاقت وغیرہ کا اندازہ لینا۔ **To tread a—,** ناچنا۔ *n. pl.* Means to an end. تدبیر۔ ذریعہ۔ **To take—s,** تیاری۔ تجویز یا تدبیر کرنا۔ *v.t.* To estimate; to allot; to adjust; to compute the extent or quantity. اندازہ کرنا۔ تقسیم کرنا۔ درست کرنا۔ گننا۔ قیاس کرنا۔ ناپنا۔ منزلیں طے کرنا۔ **—for,** tit for tat. جیسے کو تیسا۔ **To—swords,** to fight a duel with swords. تلوار سے لڑنا۔ کسی سے تلوار کے دو ہاتھ کرنا۔

Measurement, mezh'ur-ment, *n.* The act of measuring; dimension. ناپ۔ پیمائش۔ اندازہ۔

Meat, mēt, *n.* Food in general; flesh. طعام۔ خوراک۔ خورش۔ گوشت۔

Mechanic, me-kan'ik, *n.* An artificer; an artisan. کاریگر۔ دستکار۔ *a.* Pertaining to machines; done by a machine; done by a force of habit; vulgar. کلوں یا علم جرثقیل کے متعلق۔ کل سے بنا ہوا۔ عادی۔ ذلیل۔ ہیچ۔

Mechanical, me-kan'ik-al, *a.* Physical; unconcious; pertaining to machines; done by a machine; pertaining to artisans. جسمانی۔ بے خبر۔ کلوں کے متعلق۔ کل سے کیا ہوا۔ کاریگروں کے متعلق۔ *Mechanical art,* دستی ہنر۔ *Mechanical verse,* تک بندی۔

Mechanics, me-kan'iks, *n.* The science which treats of the action of forces on bodies. علم جرثقیل۔ بل بدیا۔

Mechanism, mek'an-izm, *n.* Construction of machines. ساخت۔ ترکیب۔ بناوٹ۔

Mechanist, mek'an-ist, *n.* One skilled in the construction of machines. کل بنانے والا۔ کل ساز۔ کل و آلات کے ہنر میں ماہر۔

Medal, med'al, *n.* Ancient coin; coin with a divice. پرانا سکہ۔ تمغہ۔

Medallion, me-dal'i-un, *n.* An antique stamp or medal. قدیمی سکہ یا تمغہ۔ کوئی چکتی جس پر ابھری تصویر ہو۔

Medallist, med'al-list, *n.* One skilled in medals; one who has gained a medal as the reward of merit. تمغہ یا سکہ پہچاننے والا۔ تمغہ یافتہ۔

Meddle, med'l, *v.t.* To touch; to interpose. چھونا۔ ہاتھ لگانا۔ دخل دینا۔ دست اندازی کرنا۔ بلا اجازت ہاتھ لگانا۔
Syn.—Interpose, interfere.

Meddlesome, med'l-sum, *a.* Officious; given to meddling. ناحق مداخلت کرنیوالا۔ دخل در معقولات کرنیوالا۔

Mediaeval, mē-di-ē'val, *a.* Of middle ages. درمیانی زمانہ سے منسوب یعنی چھٹی صدی سے پندرھویں صدی تک۔ وسطی۔

Mediate, mē'di-āt, *v.t.* or *i.* To interpose between parties as a friend of both; to intercede. بیچ میں پڑنا۔ بیچ بچاؤ کرنا۔ سفارش کرنا۔ *a.* Intermediate; intervening. متوسط۔ درمیانی۔

Mediation, mē-di-ā'shun, *n.* Interposition; intercession. بیچ میں پڑنا۔ وساطت۔ شفاعت۔ سفارش۔
Syn.—Interposition, intercession.

Mediator, mē-di-a-tur, *n.* One who interposes; an intercessor. بیچ میں پڑنے والا۔ شفیع۔ ثالث۔

Mediatorial, me-di-at-ō'ri-al, *a.* Pertaining to a mediator. درمیانی کا۔

Mediatrix, mē'di-a-triks, *n.* A woman who mediates. ثالثہ۔

Medicable, med'i-ka-bl, *a.* Curable. قابل علاج۔

Medical, med'i-kal, *a.* Of the art of healing; medicinal. طبی۔

Medicament, med'i-ka-ment, *n.* A medicine; healing application. لیپ۔ مرہم۔ دوا۔ علاج۔

Medicate, med'i-kāt, *v.t.* To drug; to heal. دوا دینا۔ علاج کرنا۔ چنگا کرنا۔

Medicinal, me-dis'i-nal, *a.* Used in medicine; healing. صحت بخش۔ دوا میں مستعمل۔

Medicine, med'i-sin, *n.* Anything that cures; physic. علاج۔ دوا۔ اوکھد۔

Mediaeval, med'i-val, *a.* Of middle ages. درمیانی زمانہ سے منسوب یعنی چھٹی صدی سے پندرھویں صدی تک وسطی۔

Mediocre, mē'di-ō-kur, *a.* Of moderate degree. اوسط درجہ کا۔ درمیانہ۔

Mediocrity, me-di-ok'ri-ti, *n.* Middle rate; middle degree. اعتدال۔ اوسط درجہ۔ اندازیا خوبی کا۔

Meditate, med'i-tāt, *v.t.* or *i.* To think; to plan in the mind; to contemplate. خیال کرنا۔ سوچنا۔ تدبیر کرنا۔ دھیان کرنا۔ کسی بات پر خوض یا فکر کرنا۔

Syn.—Contemplate, muse, intend, contrive, design.

Meditation, me-di-ta'shun, *n.* Deep thought; serious contemplation. غور ۔ دھیان ۔ مراقبہ ۔ استغراق ۔

Meditative, med'i-ta-tiv, *a.* Given to thinking. متفکر ۔ مستغرق ۔ سوچنے والا ۔

Medium, me'di-um, *a.* Average; meddling; medial. درمیانی ۔ میانہ ۔ اوسط درجہ زور و قد وغیرہ ۔ —*n.* Middle, degree; instrument; means. ذریعہ ۔ واسطہ ۔ وسیلہ ۔ میانہ ۔ حالت یا حیثیت متوسط ۔

Medley, med'li, *n.* A mixture; a miscellany. خلط ملط ۔ آمیزش ۔ گڈ بڈ ۔ کھچڑی ۔ گھال میل ۔ آمیزش ۔

Medullar, Medullary, me-dul'ar, me-dul'ar-i, *a.* Pertaining to marrow. ہڈی کے گودے کا ۔

Meed, med, *n.* Reward; recompense. انعام ۔ عوض ۔ اجر ۔

Meek, mek, *a.* Submissive; gentle; forbearing. حلیم ۔ متحمل ۔ مطیع ۔ فرمانبردار ۔

Meekly, mek-li, *ad.* Submissively; mildness. فرمانبرداری سے ۔ ملائمیت سے ۔ نرمی سے ۔

Meekness, mek'nes, *n.* Mildness; gentleness. ملائمیت ۔ نرمی ۔ تحمل ۔

Meet, met, *v.t.* or *i.* To come face to face; to come together with hostile purposes; to assemble; to harmonize; to find; to receive; to answer; to find or experience. ملنا ۔ دو چار ہونا ۔ بلاپ ہونا ۔ آمنے سامنے ہونا ۔ درشن ہونا ۔ جمع ہونا ۔ مقابلہ ہونا ۔ یک جا ہونا ۔ پانا ۔ پیشوائی کرنا ۔ جواب دینا ۔ سنا جانا ۔ دیکھا جانا ۔ *To meet half way,* to be prepared. کسی کے ملنے یا استقبال کو آدھا راستہ جانا ۔

Meet, met, *a.* Suitable; proper; convenient. موافق ۔ درست ۔ مناسب ۔ آرام کا ۔

Meeting, met'ing, *n.* An interview; a junction; an assembly. ملاقات میل ۔ محفل ۔ مجلس ۔

Syn.—Interview, conference, company.

Melancholy, mel'an-kol-i, *a.* Gloomy; dismal; afflictive. غمگین ۔ اُداس ۔ غم آلودہ ۔ افسردہ ۔

Melancholy, mel'an-kol-i, *n.* Dejection of spirits; gloominess. دلگیری ۔ اُداسی ۔ ملال ۔ رنج ۔

Melee (*mala*), *n.* An affray; a confused debate. دنگا فساد ۔ جھگڑا ۔

Meliorate, me'lyo-rat, *v.t.* To improve. سدھارنا ۔ عمدہ کرنا ۔ بہتر کرنا ۔ بنانا ۔

Melioration, me-lyo-ra'shun, *n.* Improvement. بہتری ۔ ترقی ۔ اصلاح ۔

Melliferous, mel-if'ur-us, *a.* Producing honey. شہدآگیں ۔ شہد پیدا کرنے والا ۔

Mellifluous, mel-if'lu-us, *a.* Sweetly flowing; smooth. شیریں زبان ۔ شکرلب ۔ مدھر ۔

Mellow, mel'o, *a.* Mature; not hard; soft; jovial; drunk. پختہ ۔ رسیدہ ۔ نرم ۔ ملائم ۔ خوش ۔ مسرور ۔ مخمور ۔ سرشار ۔ *v.t.* or *i.* To ripen; to become soft. پکنا ۔ پختہ ہونا ۔ ملائم ہونا ۔ نرم ہونا ۔

Mellowness, mel'o-nes, *n.* Ripeness; maturity; softness. ملائمیت ۔ نرمی ۔ پختگی ۔ رسیدگی ۔

Melodious, me-lo'di-us, *a.* Musical; sounding sweetly. خوش آہنگ ۔ خوش الحان ۔ مدھر ۔

Syn.—Tuneful, sweet, dulcet.

Melody, mel'o-di, *n.* An agreeable succession of sounds; a tune. خوش آہنگ ۔ نغمہ ۔ ترانہ ۔

Syn.—Harmony, unison.

Melon, mel'un, *n.* A plant and its well-known fruit. خربوزہ ۔ تربوز ۔

Melrose, mel'roz, *n.* Honey of roses. گلاب کے پھولوں کا شہد ۔

Melt, melt, *v.t.* To liquefy; to relax; to soften. گھلانا ۔ گلانا ۔ ڈھیلا کرنا ۔ ملائم کرنا ۔ نرم کرنا ۔ گداز کرنا ۔

Syn.—Liquefy, dissolve, fuse.

——, *v.i.* To dissolve; to be softened; to blend; to faint. گلنا ۔ نرم ہونا ۔ ملنا ۔ بیتاب ہونا ۔ غش میں آنا ۔

Member, mem'bur, *n.* A limb of a society. رکن ۔ شریک ۔ اہل ممبر ۔ اہل رکن ۔ اہل انجمن ۔

Membership, mem'bur-ship, *n.* The state of being a member; union. شرکت ۔

Membrane, mem'bran, *n.* A thin layer formed by fibres interwoven. پردہ ۔ کھلڑی ۔ جھلی ۔

Membraneous, mem-bran'e-us, *a.* Consisting of membranes. جھلی دار ۔

Memento, me-men'to, *n.* That which reminds. ایما ۔ نشانی ۔ یادگار ۔ چتاونی ۔

Memoir, me-moir', *n.* A written account by personal recollections; a biography; an essay. سرگزشت ۔ سوانح عمری ۔ تذکرہ ۔ مضمون ۔ انجمن ۔

Memorable, mem'o-ra-bl, *a.* Worthy to be remembered; remarkable. قابل یادگار ۔ مشہور ۔ معروف ۔

Syn.—Distinguished, celebrated, remarkable, famous.

Memorandum, mem-o-ran'dum, *n.* A note to help the memory. یادداشت ۔

Memorial, me-mo'ri-al, *a.* Commemorative. یاد دلانیوالا ۔ *n.* A monumental record. یادگار ۔ A written representation. عرضداشت ۔ درخواست واجب العرض ۔

Memorialise, me-mo'ri-al-iz, *v.t.* To petition by a memorial. درخواست پیش کرنا ۔ امر قابل گزارش پیش کرنا ۔

Memorialist, me-mo'ri-al-ist, *n.* One who presents a memorial. عرض پرداز ۔ سائل ۔

Memorize, mem'o-riz, *v.t.* To commit to memory; to record. یاد رکھنا ۔ حفظ کرنا ۔

Memory, mem'o-ri, *n.* The faculty of the mind

by which it retains the knowledge of things past; remembrance. حافظہ ۔ یاد داشت ۔ یاد ۔

Menace, men'as, *v.t.* To threaten. دھمکانا ۔ ڈرانا ۔ ڈر دکھانا ۔

—*n.* Prospect; apprehension; threat. دھمکی ۔ چشم نمائی ۔ خوف ۔ بد آثار ۔ اندیشہ ۔

Menacingly, men'a-sing-li, *ad.* In a threatening way. دھمکی کے طور پر ۔

Menagerie, men-aj'ur-i, *n.* A collection of wild animals; a place where wild animals are kept. مجمع جانوراں ۔ جانور خانہ و حوض خانہ ۔

Mend, mend, *v.t.* or *i.* To grow better. ترقی کرنا ۔ بہتر سے بہتر کرنا ۔ To repair; to rectify; to hasten. اصلاح کرنا ۔ مرمت کرنا ۔ درست کرنا ۔ جلدی کرنا ۔

Syn.—Improve, better, amend, rectify.

Mendacious, men-da'shus, *a.* Lying; false; counterfeit. جھوٹا ۔ کاذب ۔ باطل ۔ بناوٹی ۔

Mendacity, men-das'i-ti, *n.* A lie; deceit. جھوٹ ۔ دغا ۔ فریب ۔ دروغ ۔ بطلان ۔

Mendicant, men'di-kant, *n.* A beggar. گدا ۔ فقیر ۔ بھکاری ۔

—*a.* Begging, بھیک مانگنا ۔

Mendicity, men'dis'i-ti, *n.* The practice of begging; the life of a beggar. گدائی ۔ بھکاری پن ۔ دریوزہ گری ۔

Menial, me'ni-al, *a.* Low; servile. نیچا ۔ حقیر ۔ ذلیل ۔ کمینہ ۔ کمینہ شخص ۔

—*n.* A servant. خدمتگار ۔ شاگرد پیشہ ۔

Menses, men'sez, *n. pl.* The monthly discharge of woman. حیض ۔ ایام ۔

Menstrual, men'stru-al, *a.* Lasting a month; monthly. مہینے بھر رہنے والا ۔ ماہواری ۔ ماہانہ ۔

Mensurable, men'su-ra-bl, *a.* That can be measured. پیمائش پذیر ۔ ممکن الپیمائش ۔

Mensuration, men-su-ra'shun, *n.* A science to measure areas; the art of measuring. مساحت ۔ پیمائش ۔

Mental, men'tal, *a.* Of the mind; intellectual. دلی ۔ قلبی ۔ باطنی ۔ ذہنی ۔ عقلی ۔ دماغی ۔

Mentally, men'tal-li, *a.* Intellectually; in meditation. من میں ۔ خیال میں ۔ عقلاً ۔

Mention, men'shun, *n.* A suggestion; notice. ذکر ۔ اشارہ ۔ اطلاع ۔ خبر ۔ *v.i.* To express in words; to name; to speak of. ظاہر کرنا ۔ ذکر کرنا ۔ چرچا کرنا ۔ نام لینا ۔

Mentor, men'tor, *n.* A wise councellor. ناصح ۔ معلّم ۔ دانا ۔ وفادار مشیر ۔

Menu, men'u, *n.* A bill of fare; a card showing the dishes to be served at an entertainment. فہرست طعام ۔ تفصیل خاصہ ۔

Mercantile, mur'kan-til, *a.* Trading; relating to commerce, تجارتی

Mercantile marine, جملہ سوداگری جہاز ۔

Mercenary, mur'se-nar-i, *a.* Venal; greedy of gain; selfish; hired. زر آشنا ۔ لالچی ۔ خود غرض ۔ کرایہ کا ۔ زر دوست ۔ غرض آشنا ۔ *n.* A hireling; a soldier hired for foreign service. اجورہ دار ۔ فوج کے سپاہی جو غیر ملک میں لڑائی کے لئے رکھے جاویں ۔

Mercer, mur'sur, *n.* One who deals in silks. ریشمی پارچہ فروش ۔ حریر فروش ۔ بزاز ۔

Merchand, murch'and, *v.t.* To traffic. تجارت کرنا ۔ سوداگری کرنا ۔

Merchandise, mur'chan-diz, *n.* Commerce; wares. لین دین ۔ سوداگری ۔ تجارت ۔ اسباب ۔ مال ۔

Merchant, mur'chant, *n.* A trader; a wholesale dealer. تاجر ۔ سوداگر ۔ تھوک فروش ۔ مہاجن ۔ *a.* Pertaining to trade. متعلق تجارت ۔

Merchantman, mer'chant-man, *n.* A trading vessel. تجارتی جہاز ۔

Merciful, mur'si-fool, *a.* Compassionate; tender; humane. رحیم ۔ رحمدل ۔ کریم ۔ غفار ۔ مہربان ۔ دیا وان ۔

Merciless, mur'si-les, *a.* Cruel; pitiless; savage. بے رحم ۔ بے درد ۔ سنگدل ۔

Mercurial, mur-kū'ri-al, *a.* Of quicksilver; active; fickle; crafty. پارہ کا ۔ سیمابی ۔ چالاک ۔ چنچل ۔ متلون مزاج ۔ مکار ۔

Mercury, mur'kū-ri, *n.* Quicksilver; a planet. پارہ ۔ سیماب ۔ عطارد ۔ بدھ ۔

Mercy, mur'si, *n.* Pity; clemency; pardon; discretion; act of kindness. رحم ۔ نرمی ۔ ترس ۔ آمیزش ۔ معافی ۔ شفقت ۔ مرضی ۔ مہربانی ۔ *To be at the*— *of*, to be under the power of. قابو میں ہونا ۔ کسی کی مرضی کے تابع ہونا ۔ *To cry for*—, to beg pardon. معافی چاہنا ۔ دہائی دینا ۔ مغفرت چاہنا ۔

Mere, mēr, *a.* Alone; absolute; this or that; only. صرف ۔ نرا ۔ فقط ۔

Merely, mēr'li, *ad.* Singly; absolutely. صرف ۔ محض ۔ فقط ۔

Meretricious, mer-e-trish'us, *a.* Lewd; pertaining to harlots; alluring by false show. کسبی کا ۔ زناکار ۔ جھوٹا ۔ تماشگی ۔ ظاہرداری کا ۔

Merge, murj, *v.t.* or *i.* To sink; to be swallowed up. ڈوبنا ۔ غرق ہونا ۔ گم ہونا ۔ غائب ہو جانا ۔ نگلا جانا ۔

Meridian, me-rid'i-an, *n.* Noon; culmination. دوپہر ۔ نصف النہار ۔ نیم روز ۔ اوج ۔

Meridional, me-rid'i-on-al, *a.* Pertaining to the meridian; southerly. نصف النہاری ۔ جنوبی ۔ دکھنی ۔

Merino, me-re'no, *n.* A kind of soft woollen cloth. ایک قسم کا اونی کپڑا ۔ مرینا ۔

Merit, mer'it, *n.* Excellence; desert; reward. جوہر ۔ حسن و عمدگی ۔ لیاقت ۔ قدر ۔ صلہ ۔ اجر ۔ (*pl.*) (*Law.*) روداد ۔ مقدمہ ۔ حقیقت حال ۔ *v.t.* To have,

a just title to; to earn by services. مستحق ہونا۔ محنت سے پیدا کرنا۔

Meritorious, mer-i-tō'ri-us, *a.* Deserving reward; praiseworthy; valuable. قابل صلہ۔ قابل تعریف۔ قیمتی۔ مستوجب۔ واجب الاجر۔ قابل انعام۔

Merle, murl, *n.* A black bird. کوئل۔ بھجنگا۔

Merlin, mur'lin, *n.* A sort of hawk. ایک قسم کا باز۔

Mermaid, mur'mād, *n.* The fabled sea-woman. بنت البحر۔ ایک خیالی دریائی جانور نصف عورت اور نصف مچھلی کی شکل کا۔

Merriment, mer'i-ment, *n.* Cheerfulness; mirth; noisy spirit. خوش طبعی۔ خرمی۔ چہل۔

Merry, mer'i, *a.* Gay; causing laughter; delightful. خوش مکھ۔ خندہ پیشانی۔ بشاش۔ خرم۔ —**make,** mirth, festival. خوشی۔ جلسہ۔ بزم۔ —**go round,** چرخ ہنڈولا۔

Syn.—Cheerful, blithe, gleeful.

Merry-andrew, mer'i-an-drōō, *n.* A zany; a clown. خوش۔ مسخرہ۔ نقال۔ جعفر زٹلی۔

Mesh, mesh, *n.* The space between the threads of a net. جال کی جھنجری۔ جالی کا چھید۔ جال۔ *v.t.* To ensnare. پھنسانا۔

Meshy, mesh'i, *a.* Netted; formed like network. جالی کا سا۔

Mesmeric, mez-mur'ik, *a.* Relating to mesmerism. متعلق بہ مسمریزم۔

Mesmerise, mez'mur-īz, *v.t.* To bring the patient into a state of sleep. مسمریزم کے عمل سے خواب طاری کرنا۔ بے ہوش کرنا۔

Mesne (*mēn*), *a.* Middle. درمیانی۔ —**process,** زرو اصلات۔ —**profits,** کارروائی درمیانی۔

Mess, mes, A dish; a medley. کھانا۔ طعام۔ خوراک۔ کھچڑی۔ گڈ بڈ۔ A number of persons who eat together. بہت سے شخص جو ایک ساتھ کھاویں۔ Embarrassment. دقت۔ الجھیڑا۔ بکھیڑا۔ **To get into a—,** بکھیڑے میں پھنسنا۔ **To make a—of,** گھال میل کرنا۔ گڈ بڈ کرنا۔ *v.i.* To eat together. ایک ساتھ کھانا۔ ہم طبق ہونا۔ ہم نوالہ ہونا۔

Message, mes'āj, *n.* An errand; any communication sent from one person to another. پیام۔ پیغام۔ سندیشہ۔

Messenger, mes'en-jur, *n.* The bearer of a message; a harbinger. قاصد۔ پیامبر۔ ہرکارہ۔ پیغمبر۔ پیشوا۔ نامہ بر۔ پیام رساں۔ مخبر۔ ایلچی۔

Syn.—Carrier, intelligencer, courier, harbinger.

Messiah, mes-sī'ā, *n.* Christ; the Saviour. نجات دینے والا۔ مسیح۔

Messieurs, mes'yurs, *n. pl.* Sirs; gentlemen. صاحبان۔ حضرات۔

Messmate, mes'māt, *n.* One eating at the same table. ہم طبق۔ ہم نوالہ۔

Messuage, mes'wāj, *n.* A dwelling house and the adjacent land. حویلی اور اس کے متعلق زمین۔

Metal, met'l, *n.* A simple fixed opaque body fusible by heat; courage; spirit; broken stone for roads. دھات۔ فلزات۔ دلیری۔ ہمت۔ کنکڑ۔ پتھر کا روڑا۔

Metallic, me-tal'lik, *a.* Consisting of metal. فلزاتی۔ دھات کا۔

Metallist, me-tal'list, *n.* A worker in metals. دھات کا کام کرنیوالا۔

Metallurgy, met'al-ur-ji, *n.* The art of working metals. دھات کے صاف کرنے کا فن۔

Metamorphose, met-a-mor'fōz, *v.t.* To transform. متبدل کرنا۔ شکل بدلنا۔ کایا پلٹ کرنا۔

Syn.—Transmute, transfigure, change.

Metamorphosis, met-a-mor'fōz-iz, *n.* A transformation. کایا پلٹ۔ تناسخ۔ تبدیل صورت۔

Metaphor, met'a-fur, *n.* A compressed simile. استعارہ۔ تشبیہ مجازی۔ کنایہ۔

Metaphorical, met-a-for'ik-al, *a.* Not literal; figuration. مستعار۔ مجازی۔ لفظی نہیں۔

Metaphrase, met'a-frāz, *n.* A literal translation. تحت لفظی۔ ترجمہ لفظی۔ برجستہ جواب۔

Metaphysical, met-a-fiz'ik-al, *a.* Abstract; pertaining to metaphysics. علم طبعی کے متعلق۔ فلسفہ کا۔ متعلق علم قویٰ ذہنی۔

Metaphysician, met-a-fi-zish'an, *n.* One versed in metaphysics. علم موجودات کا جاننے والا۔

Metaphysics, met-a-fiz'iks, *n. pl.* Psychology; ontology; the science of the mind. علم قویٰ ذہنی۔ فلسفہ۔ انسان کی روح کا علم۔ علم طبعی۔

Mete, mēt, *v.t.* To measure. ناپنا۔ *n.* Measure; limit. پیمانہ۔ ناپ۔ حد۔

Metempychosis, me-tem-si-kō'sis, *n.* Transmigration of souls from one body to another at death. اواگون۔ تناسخ۔

Meteor, mē'te-or, *n.* A luminous body in the sky. شہاب ثاقب۔ ٹوٹتا ستارہ۔

Meteorological, me-te-or-o-loj'ik-al, *a.* Pertaining to meteorology. متعلق علم حوادث سماوی۔

Meteorology, me-te-or-ol'o-ji, *n.* The science of the atmosphere and its phenomena. علم حوادث سماوی۔ علم کائنات الجو۔

Meter, mē'tur, *n.* An instrument for measuring length. پیمانہ۔ ناپ۔

Methinks, me-thingks', *v. imp.* It seems to me; it appears to me. میرے خیال میں آتا ہے۔

Method, meth'ud, *n.* Mode; manner; order; system; orderly arrangement. ترتیب۔ سلیقہ۔

قاعدہ - وضع - طریق - اسلوب -

Methodical, me-thod'i-kal, *a.* Orderly; systematic; formal. باسلیقہ - باقاعدہ - باضابطہ - باسلوب -

Methodism, meth'ud-izm, *n.* Observance of method; the doctrine and worship of the methodists. عمل - طریق - میتھوڈسٹ کی پرستش وغیرہ کے دستور -

Methodize, meth-ud'iz, *v.t.* To regulate; to dispose in due order. باقاعدہ کرنا - ترتیب دینا -

Metonymy, me-ton'i-mi, *n.* A rhetorical figure by which one word is put for another. ایک صنعت جس میں ایک لفظ کو دوسرے کے عوض استعمال کرتے ہیں -

Metre, me'tur, *n.* Measure; rhyme; verses. وزن - شعر - قافیہ -

Metrical, met'ri-kal, *a.* Consisting of verses. باوزن - مقفا -

Metropolitan, met-ro-pol'i-tan, *n.* The chief city; capital. دارالسلطنت - پایہ تخت - خاص شہر -

Metropolis, me-trop'o-lis, *a.* Pertaining to the chief city. دارالسلطنت کے متعلق - *n.* An archbishop; bishop of the mother church. بڑا پادری - بڑے گرجے کا پادری -

Mettle, met'l, *n.* Courage; spirit; sprightliness; disposition; substance. ہمت - دلیری - جرأت - پھرتی - مزاج - مادہ -

Syn.—Spirit, nerve, vigour, ardour, pluck, courage.

Mettlesome, met'l-sum, *a.* High-spirited; ardent. دلیر - تیز - چست -

Mew, mū, *n.* A sea bird. ایک سمندری چڑیا - The cry of a cat. بلّی کی آواز - A cage; an inclosure. قفس - پنجرا - احاطہ - *n. pl.* Stable. اصطبل - *v.t.* or *i.* To cry as a cat; to confine; to moult. ممیانا - قفس میں کرنا - قید کرنا - بند کرنا - پر جھاڑنا -

Miasma, mi-az'ma, *n.* Noxious effluvia; injurious exhalations arising from putrefying bodies. بدبو - مضر البخر جو اجسام سے نکلیں - مضر بخارات یا ذرے جو سڑی ہوئی چیزوں سے نکلتے ہیں -

Mica, mi'ka, *n.* A glittering mineral. ابرق - طلق - بھوڈل - چیچل -

Michaelmas, mik'el-mas, *n.* The feast of St. Michael celebrated on the 29th of September. عیسائیوں کا تیوہار جو ۲۹ ستمبر کو ہوتا ہے -

Mickle, mik'l, *a.* Much; great. بہت بڑا - **Man a little makes a mickle,** چھوٹی چھوٹی کر کے تالاب بھرتا ہے -

Microscope, mi'kro-skop, *n.* An optical instrument for viewing minute object. خوردبین -

Microscopic, mi kro-skop'ik, *a.* Very small.

بہت چھوٹا جو صرف خوردبین سے دکھائی دے -

Mid, mid, *a.* Intervening; middle. درمیانی - متوسط -

Mid-day, mid'da, *n.* Noon. دوپہر -

Midden, mid'en, *n.* A dung-hill. گھورا -

Middle, mid'l, *n.* Equally distant from the extremes; mean; intervening. درمیانی - متوسط - بچلا - **—man,** one who acts as an agent between two parties. بچولیا یا بچویا - دلال - **—ages,** آٹھویں صدی سے پندرھویں صدی تک کا عرصہ - *n.* Central portion; the midst. درمیانی حصہ - بیچ -

Middling, mid'ling, *a.* Of middle rank; mediocre. اوسط درجہ یا قد کا - متوسط - میانہ -

Midland, mid'land, *n.* The interior region of a country remote from the sea. کسی ملک کا اندرونی حصہ جو سمندر سے دور ہو - وسط ملک کا -

Midnight, mid'nit, *n.* Twelve o'clock at night. نصف شب - آدھی رات -

Midriff, mid'rif, *n.* The diaphragm. پردہ شکم جو چھاتی اور پیٹروں کے بیچ میں ہے -

Midshipman, mid'ship-man, *n.* A junior naval officer. ادنیٰ درجہ کا جہازی افسر -

Midst, midst, *n.* The middle. بیچ - درمیان - *ad.* In the middle. بیچ میں - درمیان میں -

Midway, mid'wa, *n.* The middle of the way. آدھی راہ -
—*a.* Being in the middle of the way. آدھی راہ کا -
—*ad.* In the middle of the way. آدھی راہ میں -

Midwife, mid'wif, *n.* A female who assists women in childbirth. قابلہ - دائی - جنائی -

Midwifery, mid'wif-ri, *n.* Assistance in childbirth; the profession of a midwife. دائی پن - دایہ گری - جنائی کا کام -

Mien, mēn, *n.* Aspect; look; air; manner; demeanour. صورت - وضع - شان - طور - چال -

Miff, mif, *n.* A slight feeling of resentment. ناراضگی -

Might, mit, *n.* Strength; force; ability. طاقت - زور - مجال - مقدور - لیاقت - **With—and main,** with utmost strength. حتی الوسع - تمام زور سے - **Might overcomes right,** قوت بازو سے - **Might, is right,** جس کی تیغ - اس کی دیغ - زبردست کا جوتا سر پر -

Mighty, mit'i, *n.* Powerful; valiant; violent; great, extraordinary. طاقتور - بڑا - کلاں - عظیم - عجیب - شدید - بہادر - ضروری -

Migrate, mi'grat, *v.i.* To remove from one place to another; to remove. ایک جگہ سے دوسری جگہ کو جانا - چلا جانا - نقل مکان یا وطن کرنا -

Migration, mi-gra'shun, *n.* The act of migrating.

روانگی - ایک جگہ سے دوسری جگہ کو چلا جانا -

Migratory, mi'gra-to-ri, *a.* Changing residence; roving. نقل سکونت کرنیوالا - چلتا پھرتا - بے قیام - خانہ بدوش -

Milch, milch, *a.* Giving milk. دودھ دینے والی -

Mild, mīld, *a.* Soft; not rough; not acrid; mellow; merciful; moderate. ملائم - ہموار - خوشگوار - شیریں - ہلکا - نرم دل - مدھم - سلیم الطبع -

Mildew, mil'dū, *n.* Blight. گیروی - مورچہ -

—*v.t.* or *i.* To taint with mildew. گیروی لگانا -

Mildness, mīld'nes, *n.* Gentleness; clemency. حلم - اعتدال - لطافت - نرمی - **Mildness governs more than anger,** غصّہ کی نسبت نرمی زیادہ کام دیتی ہے -

Mile, mīl, *n.* A linear measure of 1,760 yards. میل ۱۷۶۰ گز طویل -

Mileage, mīl'āj, *n.* An allowance for travelling by the mile in a conveyance بھتہ فی میل -

Miliary, mil'yar-i, *a.* Small like millet seeds. چھوٹا کنگنی یا کودوں کے دانہ کے موافق -

Ormolu, or'mo-loo, *n.* (*Fr.*) A composition of brass, zinc, and copper made to represent gold. تانبا۔ جست اور پیتل کی مرکب دھات جو سونے کی نقل ہوتی ہے۔

Ornament, or'na-ment, *n.* Jewellery; decoration; embellishment. زیور۔ گہنا۔ زینت۔ آرائش۔ زیبائش۔

Ornamental, or-na-ment'al, *ad.* Beautifying; tending to adorn. زیبائشی۔ خوشنما۔ آرائشی۔ زینت بخش۔ زیب دہ۔

Ornamentation, or-na-ment-a'shun, *n.* Decoration; embellishment. زینت۔ زیبائش۔ آرائش۔

Ornate, or-nat', *a.* Adorned; beautiful. مزیّن۔ آراستہ کیا ہوا۔ خوبصورت۔ خوب مکلّف۔

Ornithology, or-ni-thol'o-ji, *n.* The science that treats of birds. علم طیور۔ پرندوں کا مطالعہ۔

Orphan, or'fan, *n.* A child bereaved of parents. یتیم۔ لاوارث لڑکا۔ بے ماں باپ کا۔ مرھا۔

Orphanage, or'fan-aj, *n.* The state of an orphan; an institution for orphans. یتیمی۔ یتیم خانہ۔

Orpiment, or'pi-ment, *n.* A yellow arsenic. ہڑتال۔ زرنیخ۔

Ort, ort, *n.* A fragment; refuse. ٹکڑا۔ فضلہ۔

Orthodox, or'tho-doks, *a.* Sound in doctrine; approved; conventional. راسخ الاعتقاد۔ سچّا۔ پسندیدہ۔ مستحسن۔ راست۔ صادق۔ درست۔ شرعی۔ رواجی۔
Ant.—Heretical.

Orthodoxy, or'tho-doks-i, *n.* Soundness of faith. راسخ الاعتقادی۔ سچائی۔ مطابقت بہ شرع۔ کٹرپن۔

Orthoepist, or'tho-e-pist, *n.* One who is well-skilled in pronunciation. علم قرأت کا جاننے والا۔ تلفظ کا ماہر۔

Orthoepy, or'tho-e-pi, *n.* A correct pronunciation of words. صحت تلفظ۔ شدھ اچارن۔

Orthogon, or'tho-gon, *n.* A rectangular figure. شکل قائم الزاویہ۔

Orthogonal, or-thog'o-nal, *a.* Rectangular. قائم الزاویہ۔

Orthographer, or-thog'ra-fur, *n.* One versed in orthography. صحیح املاء لکھنے والا۔

Orthographically, or-thog'ra-fi-kal-li, *ad.* According to the rules of spelling words. املاء یا ہجوں کے قاعدے کے مطابق۔

Orthography, or-thog'ra-fi, *n.* The part of grammar which treats of letters and the right way of spelling words. قواعد کا وہ حصہ جس میں حروف اور ہجے یا املاء کے صحیح قاعدے بیان کئے جاویں۔

Ortive, or'tiv, *a.* Rising; eastern. بوقت طلوع۔ مشرقی۔

Ortolan, or'tō-lan, *n.* A European bird of the hunting family, esteemed as food. ایک قسم کی چھوٹی انگریزی چڑیا۔

Oscillate, os'sil-lat, *v.i.* To move backward and forward; to swing; to vibrate. آگے پیچھے حرکت کرتے رہنا (گھڑی کے لٹکن کی طرح)، لہرانا۔ جھولنا۔ تھرتھرانا۔ ہلنا۔ پس وپیش کرنا۔ بدلتے رہنا۔ بے قیام ہونا۔

Oscillation, os-sil-la'shun, *n.* A swinging backward and forward; vibration. جھولنے کی حرکت۔ تھرتھراہٹ۔

Oscillatory, os'sil-la-to-ri, *a.* Vibrating; swinging. تھرتھراتے ہوئے۔ لہراتے ہوئے۔

Oscitancy, os'si-tan-si, *n.* The act of gaping; yawning; drowsiness. جمائی۔ غنودگی۔ اونگھ۔

Osculant, os'kū-lant, *a.* Kissing; embracing. بوسہ لیتے ہوئے۔ چمٹتے ہوئے۔

Osculate, os'kū-lat, *v.t.* To kiss; to touch. بوسہ لینا۔ چومنا۔

Osier, ozh'yur, *n.* A kind of willow used in basket making. ایک قسم کا بید جس کی ٹوکریاں بنی جاتی ہیں۔

Osseous, os'e-us, *a.* Bony; like bone. ہڈی کا۔ استخوانی۔

Ossicle, os'i-kl, *n.* A little bone. چھوٹی ہڈی۔

Ossific, os-sif'ik, *a.* Having power to ossify. ہڈی بن جانے کی صفت رکھنے والا۔

Ossify, os'si-fi, *v.t.* or *i.* To change to bone. ہڈی بن جانا۔

Ossifrage, os'i-fraj, *n.* The sea-eagle. سمندری عقاب۔

Ossivorous, os-siv'or-us, *a.* Eating bones. ہڈی کھانیوالا۔ استخوان خور۔

Ostensible, os-tens'i-bl, *a.* Apparent; professed; manifest; pretended. کھلا۔ ظاہر۔ نمائشی۔

Ostensive, os-ten'siv, *a.* Tending to show; exhibiting. ظاہر۔ نمائشی۔

Ostentation, os-ten-ta'shun, *n.* Show; pageantry; parade; pretentious parade. نمائش۔ دھوم دھام۔ شان و شوکت۔ خود نمائی۔

Ostentatious, os-ten-ta'shus, *a.* Boastful; fond of vain display. شیخی باز۔ مغرور۔ متکبر۔ نمائشی۔ تمکنت آمیز۔ خودستا۔ فاقہ مست۔

Osteology, os-te-ol'o-ji, *n.* Science of the bones. بیان استخوان۔

Ostracise, os'tra-siz, *v.t.* To expel by a popular vote. خارج کرنا۔ شہر بدر کرنا۔

Ostracism, os'tra-sizm, *n.* Banishment by popular votes on shells. جلاوطنی ۔ اخراج ۔ دیس نکالا ۔ شہر بدر۔

Ostrich, os'trich, *n.* A well known large bird. شتر مُرغ ۔

Otalgia, ō-tal'ji-a, *n.* Ear-ache. کان کا درد ۔

Other, uth'ur, *a.* Not the same ; opposite. دوسرا ۔ کوئی اَور ۔ غیر ۔ برعکس ۔ **The other day,** حال میں ۔ ابھی تھوڑے دن ہوئے ۔ اس روز ۔ **Somebody or—,** کوئی نہ کوئی ۔ **Something or—,** کچھ نہ کچھ ۔ **Somewhere or—,** کہیں نہ کہیں ۔ **The others.** باقی ۔

Otherwise, uth'ur-wiz, *ad.* In a different manner ; in other respects. دوسری طرح پر ۔ بصورت غیر ۔ ورنہ ۔

Otiose, o'shi-ōs, *a.* Being at rest ; idle. آرام میں ۔ سست ۔ بیکار ۔ نکھٹو ۔

Otter, ot'ur, *n.* An amphibious quadruped. اود بلاؤ ۔

Otto, ot'ō, *n.* A perfume. عطر ۔

Ottoman, ot'ō-man, *n.* A Turk. ترک ۔ عثمانی ۔

Ouch, owch, *n.* Socket of a precious stone ; a carcanet of gold. نگینہ کا گھر ۔ سنہری طوق یا زنجیر ۔

Ought, awt, *v.t.* To be morally necessary ; to be bound in duty. ضروری ہونا ۔ راغب ہونا ۔ چاہیئے کہ ۔

Ounce, owns, *n.* A weight. اونس ۔ ایک وزن قریب ڈھائی تولہ کے ۔ آدھی چھٹانک ۔

Ouphe, ōōf, *n.* A goblin ; a fairy. بھوت ۔ پری ۔

Our, owr, *a.* Belonging to us. ہمارا ۔ اپنا ۔ ہم سبھوں کا ۔

Ourselves, owr-selvz', *pron. pl.* We. ہم خود ۔ ہم آپ ۔

Oust, owst, *v.t.* To eject ; to remove. بے دخل کرنا ۔ نکال دینا ۔ **To—from a holding,** کاشت یا قبضہ سے بے دخل کرنا ۔

Ouster, ows'tur, *n.* Ejection. بے دخل ۔ اخراج ۔

Out, owt, *ad.* Away ; not at home ; completely ; in error ; at a loss ; not in employment ; discovered ; not in concealment ; extinction ; not in office ; to the end (as : to sleep *out* the whole morning) without restraint (as: laught *out*); uncovered ; away (as : *out* with the dogs) ; motive (as : a thing is done *out* of envy) ; beyond. باہر ۔ دور ۔ گھر پر نہیں ۔ بالکل ۔ غلطی میں ۔ حیران ۔ معطل ۔ بیکار ۔ ظاہر ۔ افشاں ۔ فاش ۔ بے پردہ ہو چکنا ۔ اختتام ۔ برطرف ۔ معزول ۔ نکلنا ۔ اٹھنا ۔ آخر تک ۔ سارے تمام ۔ بلا مزاحمت ۔ ننگا ۔ برہنہ ۔ فاصلہ پر ۔ دور ۔ غرض یا باعث سے پرے ۔ بہت ہی ۔ **—and—,** completely. بالکل ۔ **—at elbows,—at heels,** in very poor circumstances. نہایت ابتر حالت میں ۔ پھٹے حالوں ۔ **—of,** in consequence of. بوجہ ۔ بسبب ۔ Taken from, منجملہ ۔ Beyond, باہر ۔ **—of hand,** immediately. فوراً ۔ **—of print,** not available. جو دستیاب نہ ہو سکے ۔ **—of sorts,** unwell. بے سُرا ۔ بے علیل ۔ **—of tune,** discordant. بے موقع مذاق ۔ **To be witty—of season,** میل ۔ **To make an—,** (*Print.*) کرنا ۔ **—of date,** غیر مروّج ۔ **—of question,** چھوڑنا ۔ جس کا ذکر فضول ہے ۔ **—of the common run,** غیر معمولی ۔ طرفہ ۔

Out, owt, *v.t.* To expel. نکال دینا ۔ خارج کرنا ۔ *int.* Begone ; off. بھاگ ۔ نکل ۔ باہر ہو ۔ دور ہو ۔

Outbalance, owt-bal'ans, *v.t.* To outweigh. وزن میں زیادہ ہو جانا ۔ بڑھ جانا ۔

Outbid, owt-bid', *v.t.* To bid more. بڑھنا ۔ زیادہ بولی بولنا ۔ دوسرے سے زیادہ قیمت لگانا ۔

Outbreak, owt'brak, *n.* A disturbance ; an eruption. بلوہ ۔ ہنگامہ ۔ غدر ۔

Outcast, out'kast, *n.* One expelled. ذات باہر ۔ برادری سے خارج ۔ دیس سے خارج ۔

Outcome, owt'kum, *n.* Result ; consequence. حاصل ۔ نتیجہ ۔

Outcry, owt'krī, *n.* A vehement cry ; clamour. دھائی ۔ غل غپاڑہ ۔ چلاّہٹ ۔ شور ۔ فغاں ۔

Outdo, owt'dōō, *v.t.* To excel ; to surpass. سبقت لے جانا ۔ کان کاٹنا ۔

Outdoor, owt'dōr, *a.* Without the house ; exterior ; the open air. باہری ۔ بیرونی ۔ کھلے میں ۔

Outdoors, owt'dōrz, *ad.* Out of the house ; abroad. باہر ۔ گھر کے باہر ۔

Outer, owt'ur, *a.* Exterior. باہری ۔ بیرونی ۔

Outermost, owt'ur-mōst, *a.* Outward ; farthest. سب سے دور ۔ سب سے باہر ۔

Outface, owt'fas, *v.t.* To resist by effrontery ; to brave. مقابلہ کرنا ۔ ہم چشمی کرنا ۔ شوخ چشمی سے دبا لینا ۔ شرمانا ۔ منہ مار دینا ۔

Outfit, owt'fit, *n.* Equipment for a voyage. سفر وغیرہ کا سامان ۔ اسباب سربراہی ۔

Outgo, owt-gō', *v.t.* To outdo. آگے نکل جانا ۔ بڑھ جانا ۔ سبقت لے جانا ۔

Outgrow, owt-grō', *v.t.* To surpass in growing. زیادہ بڑھ جانا ۔ روئیدگی میں سبقت لے جانا ۔

Outgrowth, owt'grōth, *n.* An excrescense. ابھار ۔ نکاس ۔ To result. نتیجہ ۔

Out-house, owt'hows, *n.* An out-building. گھر کے باہر چھوٹا مکان ۔ شاگرد پیشہ کا مکان ۔

Outing, owt'ing, *n.* Excursion. سیر ۔ ہوا خوری ۔

Outlandish, owt'land-ish, *a.* Uncouth ; foreign. گنوار ۔ عجیب ۔ اجنبی ۔ باہر کا ۔

Outlast, owt-last', *v.t.* To survive. زیادہ ٹھہرنا ۔ زیادہ چلنا ۔ بچ رہنا ۔

Outlaw, owt'law, *n.* A person excluded from the benefit of the law.
وہ شخص جو حفاظت قانونی سے خارج ہو۔

Outlaw, owt'law, *v.t.* To deprive of the protection of law. حفاظت قانونی سے خارج کرنا۔ باغی مشتہر کرنا۔ قانون کی پناہ کا مستحق نہ رکھنا۔

Outlawry, owt'law-ri, *n.* Act of depriving of the benefit of the law. اخراج از پناہ قانون۔

Outlay, owt'la, *n.* Expenditure. خرچ۔ صرفہ۔

Outlet, owt'let, *n.* An exit. راہ۔ موہری۔ نکاس۔ مخارج۔

Outline, owt'lin, *n.* A sketch ; contour.
خانہ۔ نقشہ۔ باہر کا خط۔ حدود۔ گھیرا۔ چوکھٹا۔

Outlive, owt'liv, *v.t.* To survive.
زیادہ ٹھہرنا۔ زیادہ جینا۔ بچنا۔

Outlook, owt'look, *n.* Vigilance ; prospect.
ہوشیاری۔ نگہبانی۔ خبرداری۔ دور اندیشی۔ اُمید۔

Outlying, owt'li-ing, *a.* Detached on the frontier; exterior. بیرونی۔ دور پڑا ہوا۔ الگ۔ باہر۔ سرحدی۔

Outmost, owt'most, *a.* Farthest in the extremity.
انتہا پر۔ سب سے دور۔

Outnumber, owt-num'bur, *v.t.* To exceed in number. شمار میں بڑھ جانا۔

Outpace, owt-pas', *v.t.* To outgo. آگے نکلنا۔

Outpatient, owt'pa-shent, *n.* A patient not residing in a hospital, but receiving medical advice.
مریض جو شفاخانہ میں نہ رہے لیکن علاج شفاخانہ میں ہو۔

Outpost, owt'post, *n.* A station at a distance from an army. لشکر سے دور پڑاؤ سے باہر۔ چوکی۔

Outpour, owt-por', *v.t.* To pour out.
انڈیلنا۔ تڑبڑا دینا کسی چیز کا۔

Outrage, owt'raj, *v.t.* or *i.* To treat with excessive abuse ; to violate. سخت سست کہنا۔ ازالہ بکارت کرنا۔ بگاڑنا۔ پردہ دری کرنا۔ خراب کرنا۔ حرمت لینا۔ ستم کرنا۔
n. Affront ; gross injury. بدعت۔ ظلم۔ ستم۔ جور۔ زیادتی۔ زنا بالجبر۔ سخت خلاف ورزی۔ حجاب۔ زیانی۔ تشدد۔

Outrageous, owt-raj'us, *a.* Exorbitant ; [violent ;] wanton. شدید۔ ظالمانہ۔ سخت۔

Outre', oot-ra', *a.* Strikingly odd.
عجیب۔ نرالا۔ انوکھا۔

Outreach, owt-rech', *v.t.* To reach beyond.
آگے نکل جانا۔ بڑھ جانا۔

Outride, owt-rid', *v.t.* To ride faster than.
سواری میں آگے نکل جانا۔

Outright, owt'rit, *a.* At once ; completely.
پورے طور سے۔ بالکل۔ بلا توقف۔

Outrival, owt-ri'val, *v.t.* To surpass in anything.
سبقت لے جانا۔ فضیلت رکھنا۔

Outrun, owt-run', *v.t.* To surpass in running ; to outstrip. دوڑنے میں آگے نکل جانا۔ بڑھ جانا۔

Outset, owt'set, *n.* Beginning ; opening. ابتداء۔ آغاز۔ شروع۔

Outshine, owt-shin', *v.t.* To excel in splendour.
جلوہ یا روشنی میں بڑھ جانا۔
—*v.i.* To shine forth. جلوہ گر ہونا۔

Outside, owt'sid, *n.* The exterior ; the utmost.
باہری۔ *a.* External. باہر۔ حد۔ سب سے دور۔

Out-skirt, owt'skurt, *n.* Suburb ; border.
سرحد۔ حد۔ کنارہ۔ سواد۔

Out-speak, owt-spek', *v.t.* To speak boldly.
دلیرانہ بات چیت کرنا۔

Outspread, owt-spred', *v.t.* To expend ; to extend.
کھولنا۔ پھیلانا۔

Outstand, owt-stand', *v.i.* To stand out ; to remain unpaid. باہر نکلا ہوا ہونا۔ باقی رہنا۔ کھڑا ہونا۔
v.t. To resist ; to stand beyond the proper time. روکنا۔ ڈٹنا۔ زیادہ ٹھہرنا۔

Outstanding, owt-stand'ing, *a.* Undischarged ; unpaid. غیر موددی۔ باقی۔ غیر وصولی۔

Outstretch, owt-strech', *v.t.* To extend ; to spread out. پسارنا۔ پھیلانا۔

Outstrip, owt-strip', *v.t.* To outgo ; to leave behind. بڑھ جانا۔ پیچھے چھوڑنا۔

Outvalue, owt-val'u, *v.t.* To transcend in value.
قیمت میں بڑھ جانا۔

Outvie, owt-vi', *v.t.* To excel ; to surpass ; to exceed. افضل ہونا۔ سبقت لے جانا۔ بڑھ جانا۔

Outvote, owt-vot', *v.t.* To conquer by plurality of votes. زیادہ رائیں حاصل کرنا۔ کثرت رائے سے فتح پانا۔

Outward, owt'ward, *a.* Exterior ; public. باہری۔ عام۔ *ad.* Beyond ; away. باہر کی طرف۔ دور۔

Outwardly, owt'ward-li, *a.* Externally.
دیکھنے میں۔ بظاہر۔

Outwear, owt-war', *v.t.* To wear out ; to outlast.
گھس ڈالنا۔ زیادہ ٹھہرنا۔

Outweigh, owt-wa', *v.t.* To exceed in weight.
وزن میں زیادہ ہونا۔

Outwit, owt-wit', *v.t.* To defeat by supeior craft.
مات کرنا۔ مغلوب کرنا۔ ہوا دینا۔

Outwork, owt'wurk, *v.t.* To surpass in labour.
زیادہ کام کرنا۔

Oval, o'val, *a.* Oblong. بیضوی۔ گول۔
n. A figure in the shape of an egg. شکل بیضوی۔

Ovarious, o-va'ri-us, *a.* Consisting of eggs.
انڈوں کا۔

Ovary, o'var-i, *n.* The part of the female animal in which eggs are lodged. انڈیا کوٹھلا۔

Ovation, o-va'shun, *n.* A lesser kind of triumph. ادنیٰ اقسام کی فتح۔ —*a.* An expression of popular applause.
آفرین۔ کلمہ عام تعریف۔ تحسین۔

Oven, uv'n, *n.* An arched cell for baking, etc.
چولھا۔ تنور۔ بھٹی۔

Over, ō'vur, *prep.* Across; above; beyond; in spite of; upon. وار پار۔ اُوپر۔ بڑھ کر۔ باوجود۔ *ad.* Crosswise; throughout; superfluously; finished. آر پار۔ ایک سرے سے دوسرے سرے تک۔ اوپر۔ *a.* Upper; past. اُوپر کی۔ گزشتہ۔ **—and—**, repeatedly. بار بار۔ بلکہ مکرر۔ دہرا کر۔ **—again**, once more. ایک دفعہ اور۔ پھر۔ **—and above**, besides. علاوہ۔ ماسوا۔ اسکے۔ **—against**, opposite. بہ مقابل۔ **—head and ears**, completely. سراپا۔ سراسر۔ **To give—**, to consider as in a hopeless state. ہاتھ دھو بیٹھنا۔ **To run—**, to overflow. بہ نکلنا۔ اُبل پڑنا۔ To take a rapid survey of. سرسری طور سے ملاحظہ کرنا۔ **All—**, in every part; completely. ہر جگہ۔ پورے طور سے۔ **To throw—**, to desert; to betray. ترک کرنا۔ دشمن کے حوالے کرنا۔ **It is all over with a person or thing**, means that the person or thing is ruined or undone. فلاں شخص یا چیز کا کام تمام ہو گیا۔ **—or under**, کم و بیش۔ اونے پونے۔ **To go—**, پار جانا۔ **To run—**, لبریز ہونا۔

Overact, ō-vur-akt', *v.t.* To act to excess. حد سے زیادہ کام کرنا۔

Overarch, ō-vur-arch', *v.t.* To cover with an arch. محراب سے ڈھکنا۔ *v.i.* To hang over. لٹکا رہنا۔

Overawe, ō'vur-aw', *v.t.* To terrify; to awe exceedingly. خوف دلانا۔ دہشت دلانا۔

Overbalance, ō-vur-bal'ans, *v.t.* To weigh down; to preponderate. بھاری ہونا۔ وزن میں زیادہ ہونا۔ وزنی کرنا۔

Overbear, ō-vur-bār', *v.t.* To overcome; to subdue; to domineer over. زیر کرنا۔ مغلوب کرنا۔ دبانا۔

Overbearing, ō-vur-bār'ing, *a.* Haughty; insolent; subduing. متکبر۔ گھمنڈی۔ سرکش۔ زبردست۔ دبانے والا۔ مدمغ۔

Overboard, ō'vur-bōrd, *a.* Out of a vessel. جہاز یا کشتی کے باہر۔ *To fall over*, to fall into sea. جہاز سے گر پڑنا۔

Overburden, ō-vur-bur'dn, *v.t.* To load to excess. بہت سا لاد دینا۔

Overcast, ō-vur-kast', *v.t.* To darken; to compute too high. اندھیرا کرنا۔ بہت زیادہ نکلنا۔ چھپانا۔

Overcharge, ō-vur-charj', *v.t.* To load or charge to excess; to exaggerate. زیادہ لادنا۔ زیادہ بھر دینا۔ مبالغہ کرنا۔ بڑھانا۔ *n.* An excessive load; an excessive charge. زیادہ بوجھ۔ زیادہ قیمت۔ زیادہ طلبی۔

Overcoat, ō-vur-kōt, *n.* A great coat. بڑا کوٹ جو سب کے اوپر پہنتے ہیں۔

Overcome, ō-vur-kum', *v.t.* To surmount; to conquer. شکست دینا۔ مغلوب کرنا۔ فتح کرنا۔ جیتنا۔ سر کرنا۔ زیر کرنا۔ He that *overcomes* his passions *overcomes* his greatest enemies. جس نے اندری جیتی مانو اندر جیتا۔

Overdo, ō-vur-dōō', *v.t.* To do too much. حد سے زیادہ کرنا۔

Overdose, ō-vur-dōs', *n.* An excessive dose. زیادہ سے زیادہ دینا۔

Overdraw, ō-vur-draw', *v.t.* To draw orders beyond the credit; to exaggerate. جسقدر روپیہ جمع ہو اس سے زیادہ کی ہنڈی کرنا یا نکالنا۔ جمع سے زیادہ وصول کرنا۔ مبالغہ کرنا۔ بڑھانا۔

Overdue, ō-vur-dū', *a.* Past the time of payment. جس کی ادائیگی کی میعاد گزر گئی ہو۔

Over-eat, ō-vur-ēt', *v.t.* To eat too much. بہت کھا جانا۔

Overfill, ō-vur-fil', *v.t.* To fill to excess. خوب بھر لینا یہانتک کہ بہ نکلے۔

Overflow, ō-vur-flō', *v.t.* or *i.* To flow over; to flood; to overwhelm; to abound. بہ نکلنا۔ امنڈنا۔ چڑھنا۔ غرق کرنا۔ ڈبونا۔ کثرت سے ہونا۔ *n.* An inundation; a super-abundance. طغیانی۔ طوفان۔ سیلاب۔ زیادتی۔ کثرت۔ افزونی۔ افراط۔

Overflowing, ō-vur-flō'ing, *a.* Copious; abundant. بکثرت۔ زیادہ۔ *—n.* Exuberance; an overflow. طغیانی۔ لبریزی۔

Overgrow, ō-vur-grō', *v.i.* To cover with growth; to grow beyond the natural size. چھانا۔ پھیل جانا۔ بڑھ جانا۔

Overhang, ō-vur-hang', *v.t.* or *i.* To jut over; to hang over. لٹک پڑنا۔ نکل آنا۔

Overhaul, ō-vur-hawl', *v.t.* To inspect; to overtake. ملاحظہ کرنا۔ جا پکڑنا۔ پہنچ جانا۔

Overhead, ō'vur-hed, *a.* Aloft; above. سر پر۔ اونچے۔

Overhear, ō-vur-hēr', *v.t.* To hear by accident. اتفاقاً سن لینا۔ کان پڑ جانا۔ سن پانا۔

Overjoy, ō-vur-joi', *v.t.* To transport with gladness. خوشی سے باغ باغ کرنا۔

Overland, ō'vur-land, *a.* Journeying by land. خشکی کی راہ۔

Overlay, ō-vur-lā', *v.t.* To lay too much upon; to smother; to overwhelm. بہت لاد دینا۔ گلا گھونٹنا۔ دم رکنا۔ دبا رکھنا۔ دبا مارنا۔

Overleap, ō-vur-lēp', *v.t.* To omit; to leap over. ڈانک یا پھاند جانا۔ چھوڑ جانا۔

Overload, ō-vur-lōd', *v.t.* To load to excess. بہت زیادہ لادنا۔

Overlook, ō-vur-lōōk', *v.t.* To supervise; to examine. نگرانی کرنا۔ غور کرنا۔ جانچنا۔ To view from a higher place اوپر سے دیکھنا۔ To neglect; to excuse.

چشم پوشی کرنا۔ معاف کرنا۔ طرح دینا۔ پہلو تہی کرنا۔
درگزر کرنا۔ اغماض کرنا۔ To pass by. فروگذاشت کرنا۔

Overmatch, ō-vur-mach′, *v.t.* To subdue ; to vanquish. مغلوب کرنا۔ دبانا۔

—*n.* One superior in power. زبردست۔ غالب۔

Overlord, ō-vur-lawrd′, *n.* A superior lord. آقا۔ مہیپت۔

Overmuch, ō-vur-much′, *a.* Too much. حد سے زیادہ

Overnice, ō-vur-nīs′, *a.* Fastidious. تنگ مزاج۔ باریک بین۔ نازک پسند۔

Overnight, ō′vur-nīt, *ad.* Last night. کل شام کو۔ رات بھر۔ گزشتہ رات کو۔

Over-officious, ō′vur-of-fish-us, *a.* Too ready to intermeddle. زیادہ دست انداز۔

Overpay, ō-vur-pā′, *v.t.* To pay too much. محنت سے زیادہ دینا۔ زیادہ دام دے دینا۔

Overplus, ō′vur-plus, *n.* Surplus. بیشی۔ فاضل۔

Overpower, ō-vur-pow′ur, *v.t.* To vanquish ; to subdue. زیر کرنا۔ دبانا۔ مغلوب کرنا۔

Overrate, ō-vur-rāt′, *v.t.* To value too highly. زیادہ دام لگانا۔ بڑھانا۔

Override, ō-vur-rīd′, *v.t.* To trample down ; to ride over. کچل ڈالنا۔ بہت سواری لینا۔

Overrule, ō-vur-rōōl′, *v.t.* To reject ; to control by superior authority ; to abrogate. باطل کرنا۔ اپنے تحت میں رکھنا۔ تحکم کرنا۔ رد کرنا۔ خارج کرنا۔

Overruling, ō-vur-rōōl′ing, *a.* Controlling. سب پر قادر۔ An *overruling* providence. رزّاق۔ قادر۔ رب العالمین۔

Overrun, ō-vur-run′, *v.t.* To run over ; to invade ; to abuse ; to ravage ; to go beyond. دوڑ جانا۔ لوٹنا۔ تاخت و تاراج کرنا۔ کسی ملک پر چڑھائی کر کے قبضہ کر لینا۔ آگے جانا۔ بے جا استعمال کرنا۔

—*v.i.* To be in excess ; to overflow. زیادہ ہونا۔

Oversee, ō-vur-sē′, *v.t.* To superintend. نگرانی کرنا۔ To omit. چھوڑ جانا۔ بے التفاتی کرنا۔

Overseer, ō-vur-sēr′, *n.* Supervisor. نگران۔ نگہبان۔ منتظم۔ داروغہ۔ اورسیر۔

Overset, ō-vur-set′, *v.t.* or *i.* To upset ; to subvert ; to turn over. الٹ دینا۔ زیر و زبر کرنا۔ اوندھانا۔ تہ و بالا کرنا۔

Overshade, ō-vur-shād′, *v.t.* To render dark. اندھیرا کرنا۔ ڈھانک لینا۔

Overshadow, ō-vur-shad′ō, *v.t.* To darken ; to shelter. اندھیرا کرنا۔ حفاظت کرنا۔ سایہ کرنا۔ رعب سایہ کے نیچے لانا۔

Overshoot, ō-vur-shoot′, *v.t.* To pass swiftly over ; to go beyond the mark. نشانہ سے آگے نکل جانا۔ جلدی سے نکل جانا۔

Oversight, ō′vur-sīt, *n.* Superintendence. نگہبانی۔ نگرانی۔ An omission. غلطی۔ بھول۔ چوک۔ سہو۔ خطا۔

Syn.—Slip, error.

Ant.—Mark, notice.

Overskip, ō-vur-skip′, *v.t.* To neglect ; to skip over. فروگذاشت کرنا۔ پھاند جانا۔ نظرانداز کرنا۔

Oversleep, ō-vur-slēp′, *v.t.* To sleep too long. بہت زیادہ سو جانا۔

Overspent, ō-vur-spent′, *a.* Wearied to excess. بہت تھکا ہوا۔

Overspread, ō-vur-spred′, *v.t.* To cover ; to scatter over. ڈھانکنا۔ پھیل جانا۔ چھا جانا۔ معمور ہونا۔

Overstate, ō-vur-stāt′, *v.t.* To exaggerate. مبالغہ کرنا۔ بڑھا کر کہنا۔

Overstay, ō-vur-stā′, *v.t.* To stay beyond the limits of. حد سے زیادہ ٹھہرنا۔ غیر حاضر ہونا۔

Overstep, ō-vur-step′, *v.t.* To exceed. حد سے آگے جانا۔

Overstock, ō-vur-stok′, *v.t.* To fill too full. بہت زیادہ بھرنا۔ ریل پیل کرنا۔ پاٹنا۔

Overstrain, ō-vur-strān′, *v.t.* To strain too much to exert to excess. زیادہ کھینچنا۔ تاننا۔ کسی عضو سے کام لینا۔

Overtax, ō-vur-taks′, *v.t.* To tax too heavily. زیادہ محصول لینا۔ زیادہ کام لینا۔

Overt, ō′vurt, *a.* Open ; public ; manifest. کشادہ۔ کھلا ہوا۔ عام۔ ظاہر۔ عیاں۔ صریح۔ آشکارا۔

Ant.—Covert, secret, hidden.

Overtake, ō-vur-tāk′, *v.t.* To come up with ; to discover ; to capture. پہنچ جانا۔ معلوم کرنا۔

One, wun, *a,* Single. ایک۔ واحد۔ An ...

جا گھیرنا۔ پکڑ لینا۔

Overtask, ō-vur-task', *v.t.* To impose too much work on. بہت زیادہ کام لینا۔

Overthrow, ō-vur-thrō', *v.t.* To defeat; to upset; to demolish. شکست دینا۔ مغلوب کرنا۔ اُلٹ دینا۔ چت کرنا۔ غارت کرنا۔ اوندھانا۔ پٹک دینا۔ —*n.* Downfall; ruin. بربادی۔ تباہی۔

Overtime, ō'vur-tīm, *n.* Time during which one works beyond the regular hours. معمولی گھنٹوں سے زائد وقت۔

Overtop, ō-vur-top', *v.t.* To tower above; to surpass; to rise above; to obscure; to transgress. چھپا لینا۔ سبقت لے جانا۔ بلند ہونا۔ بڑھ جانا۔

Overture, ō'vur-tūr, *n.* An aperture. سوراخ۔ An offer. پیغام۔ An introductory piece of music. ابتدائی گیت۔ A proposal; disclosure. تجویز۔ درخواست۔ اعلان۔

Overturn, ō-vur-turn', *v.t.* To conquer; to subvert; to demolish. فتح کرنا۔ برباد کرنا۔ اُلٹ دینا۔

Overturn, ō-vur-turn', *n.* Overthrow. شکست۔

Overvalue, ō-vur-val'ū, *v.t.* To value excessively. بہت زیادہ دام لگانا۔ حد سے زیادہ آنکنا۔

Overweening, ō-vur-vēn'ing, *a.* Arrogant; conceited. مغرور۔ متکبر۔ گھمنڈی۔

Syn.—Conceited, haughty, proud, arrogant, vain, egotistical.

Overweigh, ō-vur-wā', *v.t.* To overbalance. وزن میں زیادہ ہونا۔

Overweight, ō-vur-wāt, *n.* Preponderance. زیادتی وزن۔

Overwhelm, ō-vur-hwelm', *v.t.* To crush; to subdue; to immerse. غرق کرنا۔ مغلوب کرنا۔

Overwork, ō-vur-wurk', *v.t.* To work beyond strength; to tire with labour; to decorate all over. تھکا مارنا۔ حد سے زیادہ محنت لینا۔ سب طرف سے سجانا۔

Overworn, ō-vur-wōrn', *a.* Worn out; spoiled by use. گھسا ہُوا۔ فرسودہ۔ سال خوردہ۔

Oviform, ō'vi-form, *a.* Egg-shaped. بیضوی۔

Ovine, ō'vīn, *a.* Pertaining to sheep; consisting of sheep. ریوڑ۔ گلہ۔

Oviparous, ō-vip'a-rus, *a.* Producing eggs. انڈا دینے والا۔

Owe, ō, *v.t.* or *i.* To possess; to be in debt to; to be obliged for. مالک ہونا۔ قابض ہونا۔ قرضدار ہونا۔ دھرانا۔ ممنون ہونا۔ شکرگزار ہونا۔ احسان مند ہونا۔

Owing, ō'ing, *a.* Due. واجب۔ حق دین۔ Ascribable; consequential. بوجہ۔ بسبب۔ بہ طفیل۔

Owl, owl, *n.* A bird of prey that hoots by night. بوم۔ اُلو۔ چغد۔

Owlet, owl'et, *n.* A little owl. چھوٹا اُلو۔

Own, ōn, *a.* Belonging to; peculiar. اپنا۔ ذاتی۔ خاص۔ مخصوص۔ *v.t.* To avow. قبول کرنا۔ اقرار کرنا۔ ماننا۔ To have a legal title to. مستحق ہونا۔ حق دار ہونا۔ **To—a fault,** قصور کا اقرار کرنا۔

Syn.—Hold, possess, have.

Ant.—Forfeit, lose, miss.

Owner, ōn'ur, *n.* One who owns; a rightful proprietor. مالک۔ حقدار۔

Ownership, ōn'ur-ship, *n.* Proprietorship. حق مالکانہ۔ حیثیت۔

Ox, oks, *n.* A male of bovine quadrupeds. بیل۔ گاؤ۔

Oxygen, oks'i-jen, *n.* A gas without colour, taste or smell forming that part of the air which supports life and flame. آکسیجن۔ ایک عنصر ہوائی جو زندگی اور جلنے کا ممد ہے۔

Oxygon, oks'i-jun, *n.* A triangle, having three angles. مثلث سہ زاویہ۔

Oxymel, oks'i-mel, *n.* سکنجبین۔

Oyez, oyiz, *v.* *imperative.* Hear; attend. سنو۔ متوجہ ہو۔

Oyster, ois'tur, *n.* A bivalve shell-fish or mollusc. سیپ۔ صدف۔ گھونگھا۔ کستورا مچھلی۔

Oysterbed, ois'tur-bed, *n.* A bed or breeding place for oysters. سیپی کے جمع ہونے کی جگہ۔

Ozaena, ō'zena, *n.* A fetid ulcer in the nostril. ناکڑا۔ پینس۔ ناک کی بیماری۔

Ozone, ō'zōn, *n.* A kind of gas with a peculiar odour; a modification of oxygen existing in the atmosphere. ایک قسم کی آکسیجن۔

P

Pabulum, pa'bū-lum, *n.* Food; fuel; support; aliment. کھانا۔خوراک۔غذا۔ایندھن۔

Pace, pās, *n.* A step; walk. قدم۔روش۔رفتار۔رہوار۔ Measure of five feet. پانچ فٹ کا پیمانہ۔ **To keep—with,** to go as fast as. برابر چلنا۔ہمقدم ہونا۔

Pace, pās, *v.t.* or *i.* To walk slowly; to move by paces; to go. آہستہ آہستہ چلنا۔خرام کرنا۔ ٹہلنا۔چلنا۔

Pacha, Pashaw, pa'cha, pa'sha, *n.* A Turkish viceroy or governor. پاشا۔ترکی حاکم۔

Pacific, pas'i-fik, *a.* Conciliatory; mild; calm. صلح کُن۔ملاپی۔حلیم۔ساکن۔استقر۔ٹھہرا ہوا۔ **—Ocean,** بحرالکاہل۔

Pacification, pas-i-fi-kā'shun, *n.* The act of making peace; reconciliation. صلح۔مصالحت۔ میل۔ملاپ۔

Pacificatory, pa-sif'i-kā-to-ri, *a.* Tending to make peace. صلح آمیز۔میل ملاپ کا۔

Pacify, pas'i-fī, *v.t.* To appease; to tranquillize; to quiet. تسکین دینا۔ٹھنڈا کرنا۔دھیرج دینا۔آسائش دینا۔فرو کرنا۔روکنا۔

Pack, pak, *n.* A bundle; a bale. بقچہ۔گٹھڑی۔لبنہ۔ A set of playing cards. تاش۔گنجیفہ۔ Confederation. جماعت۔ A number of hounds. شکاری کتوں کا گروہ۔ *v.t.* or *i.* To bind up; to crowd into; to plot; to load; to depart in haste. گٹھڑی یا بقچہ باندھنا۔جکڑنا۔کسنا۔باندھنا۔مجتمع کرنا۔ سازش کرنا۔لادنا۔روانہ ہونا۔چل دینا۔ **To—cards,** گنجیفہ ملانا۔ **To send—ing,** نکالدینا۔ **To—off,** بے عزتی سے نکالنا۔ بندھنا۔بوریا سمبھالنا۔

Package, pak'āj, *n.* A parcel; bale. بقچہ۔گٹھڑی۔پارسل۔

Packer, pak'ur, *n.* One who packs goods. مال کو باندھنے والا۔

Packet, pak'et, *n.* A small bundle; mail boat. گٹھڑی۔ڈاک کا جہاز۔

Packhorse, pak-hors', *n.* A house of burden. لدو گھوڑا۔

Packman, pak'man, *n.* A peddler. بساطی۔

Packthread, pak'thred, *n.* Twine for binding packs. سُتلی۔ڈوری۔بندھن۔تراین۔

Pact, pakt, *n.* A covenant; league. عہد و پیمان۔بندش۔

Pad, pad, *n.* A robber that infests the road on foot. رہزن۔ٹھگ۔ A soft cushion or saddle. گدی یا چار جامہ۔ A block of blotting paper. جاذب کاغذ کی دفتی۔ *v.t.* To stuff. بھر دینا۔

Paddle, pad'l, *v.i.* To play in water; to dabble in water with the hands or the feet; to touch with the fingers; to row; to move in the water as a duck does. پانی میں کھیلنا ہاتھ پاؤں مارنا۔چھونا۔چپو چلانا۔بطخ سا پانی میں سرکنا۔ **To—one's own cause,** to mind one's own business. اپنا کام دیکھنا۔ *n.* An oar. ڈانڈ۔چپوار۔

Paddock, pad'uk, *n.* A small inclosure for pasture; a toad. چارہ کا باڑہ۔مینڈک۔

Paddy, pad'i, *n.* Rice in the husk. دھان۔

Padlock, pad'lok, *n.* A lock for a staple. قفل۔

Paean, pe' an, *n.* A song of triumph. فتح کا گیت۔خوشی کا راگ۔

Pagan, pa'gan, *n.* A heathen; an unenlightened person. کافر۔بت پرست۔

Paganism, pa'gan-izm, *n.* Heathenism; idolatory. کفر۔شرک۔بت پرستی۔

Page, pāj, *n.* A boy attending a person of high degree. خاص بردار۔خدمتگار۔غلام۔ One side of a leaf. صفحہ۔

Page, pāj, *v.t.* To mark the pages of. صفحہ لگانا۔

Pageant, paj'ant, *n.* A splendid show; a spectacle; brilliant spectacle. نمائش۔

Pageantry, paj'ant-ri, *n.* Show; pomp. نمائش۔دھوم دھام۔حشمت۔

Pagoda, pa-gō'da, *n.* A Buddhist idol and temple; a sacred building. بدھ مذہب والوں کی مورت و مندر۔مخروطی شکل کی مقدس عمارت۔

Pail, pāl, *n.* A vessel for carrying liquids. سبو۔گھوڑا۔سبوچہ۔ڈول۔

Pain, pān, *n.* An uneasy sensation; bodily distress; disquietude; penalty. درد۔دُکھ۔ جسمانی تکلیف۔غم۔تردد۔پریشانی۔سیاست۔ *v.t.* To torture; to distress. تکلیف دینا۔اذیت دینا۔

Painful, pān'fool, *a.* Full of pain; difficult. پُر درد۔غم آلودہ۔مشکل۔دشوار۔

Syn.—Tormenting, torturing, agonizing, excruciating.

Painstaking, pāns'tāk-ing, *a.* Taking trouble; industrious; giving great attention. جفاکش۔محنت کش۔محنتی۔

Paint, pānt, *v.t.* To cover with colours; to

delineate رنگنا - رنگ آمیزی کرنا - تصویر اُتارنا - نقشہ بنانا -

v.i. To practise painting. رنگ سازی کرنا - تصویر کھینچنا - *n.* A pigment. رنگ - روغن -

Painter, pānt'ur, *n.* One who paints. مصوّر - نقاش -

Painting, pānt'ing, *n.* To act, of laying on colours; a picture. رنگ آمیزی - نقاشی - تصویر -

Pair, pār, *n.* Two of a sort; a couple; a set; a husband and wife. ایک طرح کے دو - جوڑا -

—*v.t.* or *i.* To couple; to fit to form a pair of; to unite in marriage. جفت کرنا - جوڑا ملانا -

Palace, pal'ās, *n.* A royal residence; a splendid building; a stately mansion. محل شاہی - کاخ - قصر - ایوان - عالیشان عمارت - دولت سرا -

Paladin, pal'a-din, *n.* A knight-errant; a well-known hero. مرد شجاع -

Palanquin, pal-an-kēn', *n.* A kind of covered carriage borne on the shoulders. پالکی - نالکی -

Palatable, pal'a-ta-bl, *a.* Agreeable to the taste or mind. لذیذ - خوش ذائقہ - خوش گوار -

Palatal, pal'a-tal, *a.* Of palate. تالو کا - *n.* A letter uttered by the aid of the palate. وہ حرف جو تالو سے بولا جاوے -

Palate, pal'āt, *n.* The roof of a mouth; liking; mental taste. تالو - کام - پسند - ذوق - شوق -

Palatial, pa-lā'shi-al, *a.* Pertaining to a palace. محل کے متعلق - Holding office in the king's palace. شاہی محل سرا کا ملازم - محلی - Royal; magnificent. شاہی - عالیشان -

Palatinate, pa-lat'i-nāt, *n.* The territory of a palatine. حاکم کا علاقہ -

Palatine, pal'a-tīn, *n.* A person invested with royal privileges. شاہی اختیار رکھنے والا شخص -

Palaver, pa-lav'ur, *n.* Idle talk; discussion; flattery. بیہودہ گوئی - خوشامد - چاپلوسی -

Pale, pāl, *a.* Pallid; not ruddy; wan; dim. زرد - پھیکا - بدرنگ - دھندھلا - To grow—, ہوائیاں اُڑنا - *n.* A picket; a fence; an inclosure; a district. کھونٹا - باڑا - احاطہ - علاقہ - *v.t.* To inclose with pales; to encompass. کٹہگھرا لگانا -

Pale, pāl, *v.t.* To turn pale. زرد ہونا - پیلا ہونا - مدھم پڑ جانا -

Paleness, pāl'nes, *n.* Lack of lustre. زردی - بے رونقی -

Paleology, pal-e-ol'o-ji, *n.* A treatise on antiquities. کتاب جس میں قدیم باتوں کا ذکر ہو -

Palindrome, pal'in-drōm, *n.* A word, verse or sentence that reads the same either backward or forward. لفظ یا سطر یا جملہ جو اُلٹا سیدھا یکساں پڑھا جاوے -

Palfrey, pal'fri, *n.* A saddle horse; a small lady's horse. سواری کا گھوڑا - عورتوں کا چھوٹا گھوڑا - ٹٹو - ٹانگن -

Paling, pāl'ing, *n.* An inclosure. احاطہ - گھیرا - جنگلہ -

Palisade, pal-i-sād', *n.* A fortification of pales. کٹہگھرا بندی - نوکدار لکڑیوں کی مورچہ بندی -

v.t. To surround with palisades. نوکدار لکڑیوں سے مورچہ بندی کرنا -

Pall, pal, *n.* A cloak a cloth spread over the coffin at a funeral. لبادہ - قبا - چغہ - سیاہ کفن - —*v.t.* or *i.* To weaken; to become tasteless. کمزور کرنا - بے مزہ ہونا -

Palladium, pal-lā'di-um, *n.* A statue of Pallas; a safeguard. پیلاس کی مورت - پناہ - حفاظت - A kind of metal. ایک قسم کی دھات -

Pallet, pal'et, *n.* A small poor bed; a bed of straw. غریبانہ بستر - پھوس کا بستر -

Palliasse, pa-lyas', *n.* An under mattress of straw. بھوسہ بھرا ہوا بستر - بھس بھری توشک -

Palliate, pal'i-āt, *v.t.* To cover; to extenuate; to abate. ڈھکنا - گھٹانا - تخفیف کرنا - کم کرنا - ہلکا کرنا -

Syn.—Cover, cloak, hide, extenuate.

Palliation, pal-i-ā'shun, *n.* Excuse; mitigation; a means of softening or excusing. معذرت - پردہ پوشی - گھٹاؤ -

Palliative, pal'i-ā-tiv, *a.* Mitigating; extenuating. تسکین بخش - عذر آور - کم کرنیوالا - *n.* That which abates. تخفیف کرنیوالا - گھٹانے والا - مخفف - مسکن -

Pallid, pal'id, *a.* Not bright; wan. دھندھلا - زرد - بدرنگ - پژمردہ -

Syn.—Wan, ashy, colourless, pale.

Pallidity, pal-lid'i-ti, *n.* Paleness; wanness. زردی - پھیکاپن -

Palm, pam, *n.* The inner part of the hand; a tree with branches only at the top; victory; supremacy. ہتھیلی - کف دست - درخت خرما - کھجور کا درخت - فتح - غلبہ -

—*v.t.* To strike; to juggle; to handle; to impose by fraud; to cheat. مٹھی میں چھپانا - فریب دینا - دھوکے سے گلے مڑھنا -

Palm, pam, *v.t.* To strike; to juggle; to handle; to impose by fraud. لگانا - مارنا - مٹھی میں چھپانا - چھونا - فریب دینا - دھوکے سے گلے مڑھنا -

Palmated, pam-āt'id, *a.* Having the shape of the hand; entirely webbed. ہتھیلی کی طرح کا جھلی دار -

Palmer, pam'ur, *n.* A traveller from holy

land, who carries a palm branch; a crusader. جہادی۔

Palmister, pal'mist-ur, *n.* A fortune-teller. ہاتھ دیکھکر نوشتہ تقدیر بتلانے والا۔ سامدرکی۔ رمال۔

Palmistry, pal'mist-ri, *n.* The art of telling fortune by the lines of hand. ہست ریکھا کا علم۔

Palmy, pam'i, *a.* Bearing palms. کھجور کے درختوں سے بھرا ہُوا۔ Prosperous. فیروزمند۔ سرسبز۔ تروتازہ۔

Palpable, pal'pa-bl, *a.* Easily perceived; plain. جو چھونے سے معلوم ہو سکے۔ صاف۔

Palpitant, pal'pi-tant, *a.* Throbbing. دھڑکتا ہُوا۔ تڑپتا ہُوا۔

Palpitate, pal'pi-tat, *v.i.* To throb; to beat more quickly than usual; to flutter; to pulsate violently. دھڑکنا۔ پھڑکنا۔

Palpitation, pal-pi-ta'shun, *n.* A throbbing. دھڑ دھڑاہٹ۔ دل کی حرکت۔ دھکدھکی۔

Palsied, pawl'zid, *a.* Paralytic; helpless killed with palsy. مفلوج۔ بیچارہ۔

Palsy, pawl'zi, *n.* Paralysis. فالج۔ لقوہ۔ رعشہ۔ *v.t.* To paralyse. لقوہ مارا جانا۔ فالج کرنا۔

Palter, pawl'tur, *v.t.* To shuffle; to tamper with; to equivocate. ادل بدل کرنا۔ کسی کام میں ہاتھ ڈالنا۔

Paltriness, pawl'tri-nes, *n.* Meanness. کمینہ پن۔ حقارت۔

Paltry, pawl'tri, *a.* Mean; comtemptible; worthless; insignificant. کمینہ۔ حقیر۔ ناچیز۔ بے قدر۔ لایعنی۔

Syn.—Little, insignificant, petty, trivial, trifling.

Ant.—Noble, worthy, magnificant.

Pam, pam, *n.* The knave of clubs. پان کا غلام۔

Pamper, pam'pur, *v.t.* To feed luxuriously. خوب کھلانا۔ اگھا دینا۔ چھکا دینا۔ To indulge to excess. ناز و نعمت سے پالنا۔

Pampered, pam'pur-ed, *a.* Overfed; luxuriant. سیر۔ کثرت سے۔ تروتازہ۔

Pamphlet, pam'flet, *n.* A small printed book consisting of sheets merely stitched together; a brochure. رسالہ۔ کم حجم کی کتاب۔ چوپتی۔

Pamphleteer, pam-flet'er, *n.* A writer of pamphlets. رسالہ نویس۔

Pan, pan, *n.* A broad shallow vessel. کڑاہی۔ The part of a flintlock. بندوق کا پیالہ۔ The brain pan; the cranium. کاسہ سر۔ کھوپڑی۔

Panacea, pan-a-se'a, *n.* A cure for all diseases. کل بیماریوں کی ایک دوا۔

Pancake, pan'kak, *n.* A thin cake of flour, etc., fried in pan. پوری۔ ٹکیا۔ مال پوا۔ پوچی۔

Pancratic, pan-krat'ik, *a.* Athletic. کشتی کے فن کا۔

Pancreas (Pronounced *Pan-kre-as*), *n.* The sweet-bread; a fleshy gland of the body. میٹھی روٹی۔ لبلبا۔ غدود۔

Pandemonium, pan'de-mo'ni-um, *n.* Abode of all demons. بھوتوں کا مسکن۔

Pander, pan'dur, *n.* A procurer. قلبتاں۔ قوم ساق۔ بھڑوا۔ *v.t.* or *i.* To minister to the evil desires of others. قلتبانی کرنا۔ دلالی کرنا۔

Pane, pan, *n.* A plate of glass; square in a pattern. شیشہ کی تختی۔ شیشہ مربع۔

Panegyric, pan-e-jir'ik, *n.* A laudatory discourse; an eulogy. مدح امیز کلام۔ قصیدہ۔

Panegyrist, pan-e-jir'ist, *n.* One who praises. مدح کرنیوالا۔ توصیف کنندہ۔

Panel, pan'el, *n.* A compartment of a wainscot. کواڑ کا دلھا۔ A roll of jurors. فہرست اہل جیوری۔ *v.t.* To form with panels. کواڑ میں دلھا لگانا۔

Pang, pang, *n.* Agony; a throe. تکلیف۔ دُکھ۔ درد۔ دردزہ۔ سکرات الموت۔ جانکنی۔ نزع۔

Syn.—Agony, anguish, distress.

Ant.—Delight, pleasure, enjoyment.

Panic, pan'ik, *n.* Sudden fright without cause; a groundless fear. ناگہانی خوف۔ ہیبت۔

Panicle, pan'i-kl, *n.* The soft woolly beard of plants; an irregular branch; cluster of flowers. بیل۔ سٹہ۔

Pannier, pan'yur, *n.* A wicker basket to be carried on a horse's back. ٹوکرا۔ خوانچہ۔

Panoply, pan'o-pli, *n.* A full suit of armour. پورے جسم کی زرہ۔

Panorama, pan-o-ra'ma, *n.* A view in every direction; painting of extensive scenes successively unrolled before the spectators. پورا مناظر۔ مناظر کی تصاویر جوکہ حاضرین کو دکھائی جائیں۔

Pansy, pan'zi, *n.* A kind of violet; heart's-ease. ایک قسم کا بنفشہ۔ ایک قسم کا سوسن۔ گل دل آرام۔

Pant, pant, *v.t.* To breathe quickly; to desire earnestly. ہانپنا۔ ترسنا۔ *—n.* A gasp; palpitation. ہانپ۔ دل کی حرکت۔

Pantaloon, pan-ta-loon', *n.* A buffoon. بھانڈ۔ نقال۔ مسخرہ۔ *pl.* Trousers. پاجامہ۔ پتلون۔

Pantheism, pan'the-izm, *n.* The belief that God and universe are one. عقیدہ جس میں دنیا کو خدا مانتے ہیں۔

Pantheist, pan'the-ist, *n.* One who holds pantheism. اس عقیدہ کا معتقد کہ تمام دنیا خدا ہے۔

Pantheon, pan'the-on, *n.* A temple in Rome sacred to all the gods. سب دیوتاؤں کا مندر۔

جو روم میں بنا تھا۔

Panther, pan'thur, *n.* A spotted wild beast. تیندوا۔ یوز۔ پلنگ۔

Pantler, pant'lur, *n.* A servant in charge of the pantry. بھنڈاری۔

Pantograph, pan'tō-graf, *n.* An instrument to copy maps, etc. نقشہ جات کی نقل کرنے کا آلہ۔

Pantomime, pan-tō-mīm, *n.* A scene in dumb show; one who acts without speaking. نقل میں جو اشاروں سے مطلب ظاہر کرے۔ گونگوں کی نقل۔

Pantry, pan'tri, *n.* An apartment for provisions. بھنڈار۔ مودی خانہ۔ نعمت خانہ۔

Pap, pap, *n.* A nipple or teat; a soft food for infants. سر پستان۔ بچوں کا ملائم کھانا۔ لطیف غذا۔

Papa, pa-pa', *n.* Father. باپ۔ ابّا۔ والد۔

Papacy, pa'pa-si, *n.* The office or authority of the Pope. پوپ یعنی روم کے سردار پادری کا عہدہ۔

Papal, pa'pal, *a.* Relating to the Pope. پوپ کے متعلق۔

Paper, pa'pur, *n.* A thin substance for writing on or for printing on; a document; a newspaper; bills for exchange, etc. کاغذ۔ قرطاس۔ اخبار۔ ہنڈی وغیرہ۔ دستاویز۔ **—credit,** دلوٹی۔ تمسک۔ **—weight,** ٹیپ۔ *v.t.* To cover with paper. کاغذ سے مڑھنا۔ کاغذ چڑھانا۔

Paper-money, pa'pur-mun'i, *n.* A bank note or the like circulated instead of coin. نوٹ۔ ہنڈی۔

Papery, pa'pur-i, *a.* Like paper. کاغذ کی مانند۔

Papist, pa'pist, *n.* An adherent of the Church of Rome. روم کے گرجے کا پیرو۔

Papulous, pap'ū-lus, *a.* Full of pimples. پھنسی سے بھرا ہوا۔

Par, par, *n.* State of equality; equal value. برابری۔ مساوات۔ قیمت۔ **Above—,** بڑھا۔ بادھے سے۔ **Below—,** گھاٹے سے۔ کمتی۔ **On a—,** برابر۔ **To be at —,** برابر ہونا۔

Parable, par'a-bl, *n.* An allegory; a similitude; a thing darkly or figuratively expressed; proverb. مثال۔ نظیر۔ کنایہ۔ معمّہ۔ کہاوت۔ مثل۔

Parabola, par'a-bo-la, *n.* A conic section. شکل قریب البیضوی۔

Paracentric, par-a-sen'trik, *a.* Deviating from circularity. دائرے سے متجاوز۔ جو گول نہ ہو۔

Parachute, par'a-shōōt, *n.* An umbrella-like thing which enables a person to drop down safely from a balloon. ہوا سے اترنے کی چھتری۔

Paraclete, par'a-klēt, *n.* An advocate; the Holy Spirit. حامی۔ تسلّی بخش۔ روح القدس۔

Parade, par-ad', *n.* Display; military order; a place for military display. نمائش۔ دھوم دھام۔ نمائشہ۔ جلوس۔ صف آرائی۔ قواعد۔ قواعد کا میدان۔ پریڈ۔ *v.t.* or *i.* To show off; a marshal in military order; to walk as if for show. شان و شوکت دکھاتے پھرنا۔ صف آرائی کرنا۔ نمائش سے با نزاکت سے چلنا۔ قواعد کرانا۔

Paradigm, par'a-dim, *n.* A pattern; an example. نظیر۔ تمثیل۔

Paradise, par'a-dis, *n.* The garden of Eden; a place of bliss. باغ عدن۔ بہشت۔ فردوس۔ جنت۔ خلد۔ مرگ۔

Paradox, par'a-doks, *n.* A proposition seemingly absurd yet true in fact; self contradictory. وہ بات جو دیکھنے میں باطل معلوم ہو مگر حقیقت میں حق ہو۔ خلاف قیاس بات۔

Paradoxical, par-a-doks'ik-al, *a.* Having the nature of a paradox. جو دیکھنے میں باطل اور اصل میں حق ہو۔ خلاف قیاس۔ بعید العقل۔

Paragoge, par-a-gō'jē, *n.* The addition of a letter to a word. لفظ کے اخیر میں کسی حرف کی زیادتی۔

Paragon, par'a-gon, *n.* A perfect model of excellence. عمدگی کا نمونہ۔ بے نظیری کی مثال۔ نظیر کامل۔ *v.t.* To rival; to serve as a model for; to surpass; to compare. (حسن یا خوبی کی) کسی کے ہمسر یا ہم چشم ہونا۔ کسی کے لئے نمونہ ہونا۔ کسی پر سبقت لیجانا یا فوق رکھنا۔

Paragraph, par'a-graf, *n.* A distinct passage; short passage. دفعہ۔ فقرہ۔

Parallel, par'al-lel, *a.* Side by side; equally extended and distant; like; similar. پہلو بہ پہلو۔ برابر فاصلہ پہ پھیلا ہوا۔ متوازی۔ ہم شکل۔ ویسا ہی۔ *n.* A line which at all points is equidistant from another line. خط متوازی۔ عرض بلد کا نشان۔ سمانتر ریکھا۔ Likeness; a comparison made; counterpart. مثال۔ مقابلہ۔ مشابہ۔ نقل مثنیٰ۔ *v.t.* To correspond to; to make equal to. مطابق کرنا۔ برابر کرنا۔ مساوی کرنا۔

Parallelism, par'al-lel-izm, *n.* Being parallel; compassion. مقابلہ۔ مساوات۔

Parallelogram, par-al-lel'ō-gram, *n.* Four-sided rectilineal figure whose opposite sides are parallel. متوازی الاضلاع۔

Paralogism, par-al'ō-jizm, *n.* A reasoning which is contrary to logical rules. حجت خلاف قواعد منطق۔ دلیل باطل۔ حجت بے اصل۔

Paralogy, par-al'ō-gi, *n.* An act of false reasoning. دلیل جعلی۔

Paralyse, par'a-līz, *v.t.* To affect with palsy; to weaken action. سست کرنا۔ فالج کرنا۔ لقوہ مارجانا۔

Paralysis, pa-ral'i-sis, *n.* The loss of voluntary

motion or feeling; palsy; powerlessness. قوتِ حرکت کا زوال۔

Paralytic, par-a-lit'ik, *a.* Affected with palsy. مفلوج۔ لقوہ مارا ہوا۔ *n.* One affected with paralysis. مفلوج شخص۔

Paramatta, par-a-mat'a, *n.* A light cloth of wool and cotton or silk. ریشم یا سوت یا اون ملا ہوا کپڑا۔

Paramount, par'a-mownt, *a.* Superior to all others. اعلیٰ۔ مقدم۔ Eminent. بلند مرتبہ۔ شان والا۔ **Lord—,** بادشاہ۔ **The—power,** مہاراج ادھیراج۔

Syn.—Principal, chief, supreme, pre-eminent.

Ant.—Inferior, minor, subordinate.

Paramour, par'a-mōōr, *n.* Illicit partner of a married man or woman. یار۔ آشنا۔

Parapet, par'a-pet, *n.* A wall breast high. سینہ تک اونچی دیوار۔ مورچہ۔ فصیل۔ کمر کوٹہ۔ سینہ پناہ۔

Paraphernalia, par-a-fur-nal'i-a, *n. pl.* Apparel and ornaments; that which bride brings over and above her dowry. زیور و اسباب۔ ساز و سامان۔ جہیزی مال۔ استری دھن۔

Paraphrase, par'a-fraz, *n.* A copious explanation; a free interpretation. دوسری عبارت میں تفصیل یا شرح۔ تفصیلی بیان۔ مفصل ترجمہ۔ نظم کو سلیس نثر بنانا۔

Paraphrase, par'a-fraz, *v.t.* or *i.* To interpret or translate freely and amply. تفصیل سے ترجمہ کرنا یا بیان کرنا۔ نظم کو سلیس کر کے بیان کرنا۔

Parasite, par'a-sit, *n.* A hanger-on; one who lives upon another; a sycophant; a climbing plant growing on another. ٹکر خور۔ دوسروں پر گزارہ کرنیوالا۔ خوشامدی۔ ٹوٹا بیل جو کہ درخت پر لگتی ہے۔

Parasitic, par-a-sit'ik, *a.* Fawning; growing on another plant. خوشامدی۔ دوسرے پیڑ پر پیدا ہونے والا پودا۔

Parasol, par'a-sol, *n.* A sunshade; small umbrella used by ladies. مستورات کی چھوٹی چھتری۔

Parboil, par'boil, *v.t.* To boil in part. نیم جوش کرنا۔ آدھ کچرا پکانا۔

Parcel, par'sel, *n.* A small part; a lot; any mass; a bundle; packet. ٹکڑا۔ ڈھیر۔ تودہ۔ گٹھڑی۔ پلندہ۔

—*v.t.* To divide by parts; to distribute. تقسیم کرنا۔ بانٹنا۔

Parcenary, par'se-nā-ri, *n.* Joint heirship. شراکت از روئے وراثت۔

Parcener, par'se-nur, *n.* A co-heir. ہم ورثہ۔ ہم میراث۔ پتی دار۔

Parch, parch, *v.t.* or *i.* To roast slightly; to burn the surface of; to dry up. بھوننا۔ خشک کرنا۔ بریاں کرنا۔

Parchment, parch'ment, *n.* The skin of sheep or goats prepared for writing. لکھنے کے لئے کمایا ہوا چمڑا۔

Pardon, par'don, *n.* Remission of punishment; forgiveness. معافی۔ عفو۔ **I beg your—,** مجھے معاف کیجئے میں نے اچھی طرح سنا نہیں۔ میں نے اچھی طرح نہیں سمجھا۔ **—me,** مجھے معاف کیجئے بے ادبی معاف۔ **—this freedom;** گستاخی معاف۔ میں آپ سے اتفاق نہیں کر سکتا۔ **Free—,** معافی مطلق۔ *v.t.* To remit; to forgive. بخشنا۔ معاف کرنا۔ درگزر کرنا۔

Syn.—Absolve, excuse, acquit.

Pardonable, par'don-a-bl, *a.* Excusable. قابل معافی۔

Pardoner, par'don-ur, *n.* One who pardons. خطا بخش۔ معاف کرنیوالا۔ آمرزگار۔ غفار۔ بخشندہ۔

Pare, pār, *v.t.* To cut off little by little; to trim. کاٹنا۔ تراشنا۔ چھیلنا۔ چھانٹنا۔ کھینچنا۔ **To—the nails,** ناخون کاٹنا یا تراشنا۔

Parent, par'ent, *n.* A father or mother; forefather; cause; source. ماں یا باپ۔ بانی۔ موجب۔ مخرج۔ چشمہ۔ ماخذ۔

Parentage, par'ent-aj, *n.* Extraction; birth. اصل۔ نسب۔ نسل۔ توالد۔ ولدیت۔

Parental, par'ent-al, *a.* Pertaining to or becoming parents; affectionate. متعلق بہ والدین۔ شفیق۔

Parenthesis, pa-ren'the-sis, *n.* A sentence or part of a sentence inserted in the midst of another sentence; mark ( ) used to mark off a parenthesis. جملہ معترضہ۔ جملہ معترضہ کی یہ ( ) علامت۔

Parer, pār'ur, *n.* An instrument for paring. تراشنے کا آلہ۔ تراشنے والا۔

Parget, par'jet, *n.* Plaster. پلستر۔ قلعی۔

Pariah, par'i-a, *n.* One belonging to lowest caste in Southern India; an out-caste. جنوبی ہندوستان میں نیچ قوم کا شخص۔ برادری سے خارج۔

Paring, pār'ing, *n.* A piece clipped off. کترن۔ چھلکا۔ تراش۔ چھیلن۔

Parish, par'ish, *n.* An ecclesiastical division of a town or country under a Christian minister. پادری کا علاقہ۔ بستی۔ *a.* Belonging to a parish. پادری کے علاقہ کے متعلق۔

Parishioner, pa-rish'un-ur, *n.* One who belongs to a parish. پادری کے علاقے کا شخص۔

Parity, par'i-ti, *n.* Equality; analogy. برابری۔ یکسانی۔ مشابہت۔ مناسبت۔

Park, park, *n.* A piece of ground inclosed; the train of heavy artillery. احاطہ۔ گھیرا۔ بھاری توپ خانہ۔

Parlance, par'lans, *n.* Conversation; idiom.

گفتگو۔ بات چیت۔ مکالمہ۔ محاورہ۔

Parley, par'li, *n.* Mutual conversation; a conference. مکالمہ باہمی۔ مشورہ۔
—*v.i.* To speak with another; to discuss orally. مشورہ کرنا۔ گفت وشنید کرنا۔

Parliament, par'li-ment, *n.* The grand legislative council of the United Kingdom of Great Britain and Ireland. پارلیمنٹ گریٹ برٹن اور آئرلینڈ کے امور ملکی اور توضیع قوانین کی اعلیٰ مجلس۔ اُمرا و اراکین ملک و وکلا رعایہ کی سب سے اعلیٰ مجلس۔

Parlour, pur'lur, *n.* A family-sitting room; room for receiving guests in. نشست گاہ۔ گول کمرہ۔ دیوان خانہ۔

Parlous, par'lus, *a.* Hard to escape from or deal with; embarrassing. دشوار۔

Parody, par'o-di, *n.* A writing or composition in which the words and thoughts of an author are copied and burlesqued. اس طرح کی تضمین جس میں مصنف کے معنی دوسری طرف پھر جاویں۔ تضمین ونقل کرنا۔
—*v.t.* To copy and burlesque. تضمین ونقل کرنا۔

Parole, par-ōl', *n.* A word; oral declaration; a verbal promise; a promise or word of honour (to return to custody). کلام۔ لفظ۔ زبانی بات چیت۔ زبانی اقرار۔ پوشیدہ وعدہ (حراست میں پھر آجانے کا)۔ A military pass-word. لفظ جس سے فوج والے اپنے ساتھیوں کو جان لیتے ہیں۔ —*a.* Oral. زبانی۔

Paronomasia, } par-ō-nō-mā'zhi-a, par-ō-nō-ma-
Paronomasy, } zi, *n.* A pun or play upon words of similar sound but different meaning. ذومعنی الفاظ۔

Paroxysm, par'oks-izm, *n.* A short sudden attack of pain; any severe fit. درد کا غلبہ۔ مروڑ۔ دورہ۔

Parrakeet, par'a-kēt, *n.* A small species of parrot. لوٹیاں۔ طوطے کی ایک چھوٹی قسم۔

Parricide, par'ri-sīd, *n.* One who murders his parents. ماں یا باپ کا قاتل۔

Parrot, par'rut, *n.* A well-known bird. طوطا۔ سوا۔ سگا۔

Parry, par'i, *v.t.* To prevent; to ward off; to evade; to turn aside. روکنا۔ ٹال دینا۔ دور کرنا۔

Parse, pars, *v.t.* To name the parts of speech and show their relations in a sentence. ترکیب نحوی کرنا۔

Parsee, par'sē, *n.* One of the followers of the ancient Persians living in India; a fire-worshipper. پارسی۔ آتش پرست۔

Parsimonious, par-si-mō'ni-us, *a.* Frugal; saving; miserly. کفایت شعار۔ جزرس۔ کم خرچ۔ بخیل۔ کنجوس۔

Syn.—Avaricious, covetous, niggardly.
Ant.—Profuse, self-sacrificing, liberal.

Parsimony, par'si-mun-i, *n.* Economy; frugality; undue care in the use of money. جزرسی۔ بجہت کفایت شعاری۔

Parsley, pars'li, *n.* A common pot-herb. کرفس۔

Parsnip, pars'nip, *n.* A plant with a carrot-like root. گاجر کی قسم۔

Parson, par'sn, *n.* A clergyman. پادری۔

Parsonage, par'sn-āj, *n.* The house of a parish minister. پادری کا مکان۔

Part, part, *n.* A fragment; share; interest; party; business. جز۔ ٹکڑا۔ حصہ۔ رقم۔ تعلق۔ رکن۔ طرفدار۔ کام۔ **For the most—,** commonly. عموماً۔ **In—,** in some degree; partly. کچھ۔
—and parcel, an essential portion. جزو خاص۔
—of speech (*Gram.*) the class; of a word with regard to its meaning and connection in the sentence. نوعیت نامہ۔ **To play one's— well,** to behave oneself nicely. خوب نباہنا۔
For my—, میری طرف سے۔ **To take in good—,** مستحسن یا بھلا سمجھنا۔ اچھا سمجھنا۔ **To take in ill—,** برا ماننا۔ **To take—,** طرفداری کرنا۔ **In good—,** اچھے یا دوستانہ طور سے۔ —*pl.* Qualities. اوصاف۔ Regions. اقلیم۔ ممالک۔

Part, part, *v.t.* or *i.* To divide; to distribute. تقسیم کرنا۔ بانٹنا۔ نکالنا۔ جدا کرنا۔ To disunite; to separate. جدا ہونا۔ الگ ہونا۔ To take leave. رخصت ہونا۔ **To—with,** چھوڑنا۔ تیاگنا۔

Partake, par-tāk', *v.t.* To take part in or of; to participate; to get a share of. حصہ لینا۔ شریک ہونا۔ شامل ہونا۔

Parterre, par-ter', *n.* Beds of flowers; the pit of theatre. پھول تختہ۔ باغیچہ۔ چمن۔ سبزہ زار۔ پھلواڑی۔

Partial, par'shal, *a.* Affecting a part only; not whole or entire; biased. جزوی۔ کہیں کہیں۔ طرفدارانہ۔ راغب۔ طرفدار۔

Partiality, par-shal'i-ti, *n.* Undue bias. جانبداری۔ طرفداری۔ میلان۔

Partially, par'shal-li, *ad.* In part; with undue bias. جزواً۔ تھوڑا۔ جانب داری سے۔

Partible, par'ti-bl, *a.* Divisible. قابل تقسیم۔ جدا ہونے کے قابل۔

Participant, par-tis'i-pant, *a.* Sharing. شریک۔ —*n.* A sharer. حصہ دار۔ شریک۔ ساجھی۔

Participate, par-tis'i-pāt, *v.t.* To take a part along with others. حصہ دار ہونا۔ شریک ہونا۔ حصہ لینا۔

Participation, par-tis-i-pā'shun, *n.* The act of sharing; distribution; taking part or sharing in. شراکت۔ حصہ داری۔ تقسیم۔

Participle, par'ti-si-pl, *n.* A word partaking of the properties of a noun, an adjective and a verb. وہ لفظ جو فعل اور صفت دونوں کی خاصیت رکھتا ہو۔ **Present—**, اسم حالیہ۔ **Perfect—**, ماضی معطوفہ۔ **Active—**, اسم فاعل۔ **Passive—**, اسم مفعول۔

Particle, par'ti-kl, *n.* An atom; a little part. ٹکڑا۔ جز۔ ریزہ۔ ذرہ۔ لایتجزیٰ۔

Particular, par-tik'u-lar, *a.* Pertaining to a single person or thing; individual; singular; precise; nice. خاص۔ مخصوص۔ علیحدہ۔ مفرد۔ عجیب۔ نرالا۔ **In—**, علی الخصوص۔ خصوصاً۔

Syn.— Minute, individual, respective.

Ant.—General, rouch.

Particular, par-tik'u-lar, *n.* A single point. خاص بات۔ امر۔ An individual. نفر۔ فرد۔ *pl.* Details. تفصیل۔

Particularise, par-tik'u-lar-iz, *v.t.* or *i.* To name specially; to mention distinctly. تفصیل بیان کرنا۔ جُدا جُدا کرنا۔ شرح وار بیان کرنا۔ مخصوص کرنا۔

Particularly, par-tik'u-lar-li, *ad.* Singly; specially. مفرداً۔ جدا جدا۔ بالخصوص۔ خاص کرکے۔ تاکید سے۔

Parting, part'ing, *n.* Leave-taking; the act of separating. علیحدگی۔ جُدائی۔ ہجر۔ مفارقت۔

Partisan, par'ti-zan, *n.* An adherent to faction. طرفدار۔ ساتھی۔ رفیق۔

Syn.—Follower, disciple.

—*a.* Pertaining to a faction. کسی فرقہ کے متعلق۔

Partisanship, par'ti-zan-ship, *n.* The state of being a partisan. شراکت۔ حصہ داری۔

Partition, par-tish'un, *n.* Division; that which divides. تقسیم۔ بانٹ۔ آڑ۔ اوٹ۔

Partitive, par'ti-tiv, *a.* Distributive; making a part. بانٹنے والا۔

Partitive, par'ti-tiv, *n.* A word denoting a part. وہ لفظ جس سے ایک جُز ظاہر ہو۔

Partly, part'li, *ad.* With respect to a part; in some measure. قدرے۔ کسی قدر۔ کچھ۔ ذرا۔

Partner, part'nur, *n.* An associate; a sharer; a person associated with others in business; a husband or wife. شریک۔ ساجھی۔ حصّہ دار۔ شوہر یا جورو۔

Partnership, part'nur-ship, *n.* Joint interest or ownership. شراکت۔ پتی داری۔ ساجھا۔

Partridge, par'trij, *n.* A well known game-bird. تیتر۔ درّاج۔

Parturition, par-tū-ri'shun, *n.* The act of giving birth; delivery. جننا۔ بچہ دینا۔ زچگی۔ پیدائش۔

Party, part'ti, *n.* A select company; a faction. چیدہ جماعت۔ پنچایت۔ فرقہ۔ Side. طرف۔ جانب۔ A detachment of troops. دستہ فوج۔ A partaker. شریک۔ A litigant; an individual. فریق مقدمہ۔ شخص۔ **—coloured**, variegated; dappled. بوقلموں۔ پچرنگا۔ چتکبرا۔ **Interested—**, اہل غرض۔ صاحب غرض۔

Parvenu, par've-nū, *n.* An upstart; person of obscure origin who has gained a position. نوخیز۔ کم ظرف۔ جو دولت پاکر بڑھ گیا ہو۔

Physique, fi-zēk, *n.* Bodily form; constitution; natural strength. جسمانی بناوٹ۔ ڈیل ڈول۔ قدرتی طاقت۔

Phytivorous, fi-ti-vo'rus, *a.* That eats grass or vegetables. گھاس یا نباتات کھانیوالا۔

Phytology, fi-tol'o-ji, *n.* The science of plants; botany. علم نباتات۔

Pianist, pi-an'ist, *n.* A player on the pianoforte. پیانو باجا بجانے والا۔

Pianoforte, pi-an'o-for-ta, *n.* A musical instrument. انگریزی باجا۔ پیانو۔

Piazza, pi-az'a, *n.* A portico or covered walk. پیش طاق۔ پٹی ہوئی یا سایہ دار روش۔

Pica, pi'ka, *n.* A size of printing type. ایک قسم کی چڑیا۔ بڑے چھاپے کا حرف۔ پیکا۔

Pick, pik, *v.t.* To pluck; to select; to collect; to pierce; to open; to pull off; to cleanse; to take up suddenly. توڑنا۔ کھونٹنا۔ چننا۔ پسند کرنا۔ جمع کرنا۔ چھیدنا۔ کھولنا۔ نکال لینا۔ خلال کرنا۔ جلدی سے اٹھانا۔ **To—off,** to gather. جمع کرنا۔ اچکنا۔ To take off. نکال لے جانا۔ To aim at and kill. تاک کر نشانہ مارنا۔ **To—up,** to lift. اٹھانا۔ To gather by chance or indiscriminately. اٹھا لینا۔ پا جانا۔ To learn. سیکھنا۔ **To pick up a bargain,** سودا بنانا پٹنا یا کرنا۔ **To—to pieces,** دھجیاں بکھیرنا۔ **To—a pocket,** جیب کترنا۔ **To—out,** to select. چن لینا۔ **To—a hole in one's coat,** to find fault with one. عیب جوئی کرنا۔ **To—a lock,** to open a lock with a false key. تالا توڑنا۔ **To—a quarrel,** to seek cause for quarrelling. چھیڑ کر لڑنا۔ *v.i.* To eat slowly; to do anything leisurely; to steal. آہستہ آہستہ کھانا۔ کسی کام کو آہستگی سے کرنے میں کوئی دقیقہ نہ چھوڑنا۔ *n.* A sharp pointed iron tool. نوکدار لوہے کا اوزار۔ کدالی۔ Choice. پسند۔

Pickaxe, pik'aks, *n.* An axe that has a sharp point. کدال

Picked, pik'ed, *a.* Selected; sharp. چیدہ۔ چنا ہوا۔ تیز۔

Pickeer, pik'ur, *v.i.* To rob; to skirmish. لوٹ مار کرنا۔ دھاوا بول دینا۔

Picket, pik'et, *n.* A sharp-pointed stake; a pale. نوکدار میخ۔ کھونٹا۔ A small guard or outpost. طلایہ۔ قراول۔ *v.t.* To fortify or enclose with pickets; to post as a guard; to fasten; to a stake or peg. نوکیلی کھمبیوں سے مورچہ بندی یا محفوظ کرنا۔ گھیرنا۔ قراول تعین کرنا۔ کھونٹے سے باندھنا۔

Pickle, pik'l, *n.* A liquid for preserving food. عرق اچار یا مربے کیلئے Brine. کھاری پانی۔ Anything pickled. اچار۔ مربا۔ **To have a rod in—,** سزا تیار رکھنا۔ **To be in a—,** مصیبت میں گرفتار ہونا۔

Pickpocket, pik'po-ket, *n.* One who cunningly steals from another's pocket. گٹھ کترا۔ گرہ کٹ۔

Picnic, pik'nik, *n.* A pleasure party in which each person furnishes refreshment. کھانا جس میں ہر شخص کچھ نہ کچھ کھانا ہے۔ اُگٹ۔ جلسہ۔

Pictorial, pik-to'ri-al, *a.* Illustrated by pictures. بالتصویر۔ مصوّر۔

Picture, pik'tūr, *n.* A likeness; any vivid representation or description. تصویر۔ نقش و نگار۔ شبیہ۔ حلیہ۔ *v.t.* To paint; to describe in a vivid manner. تصویر کھینچنا۔ نقش و نگار کرنا۔ خاکہ اُتارنا۔

Picturesque, pik-tūr-esk, *a.* Fitted to form a good picture. تصویر کی مانند۔ دلکش۔ خوشنما۔ واضح۔

Piddling, pid'l-ing, *a.* Trifling. ادنےٰ۔ ناچیز۔ اوچھا۔

Pie, pi, *n.* An article of food consisting of baked flour with something in it or under it. کچوری۔ سموسہ۔ The magpie. ایک قسم کی چڑیا۔

Piebald, pi'bald, *a.* Of various colours. رنگ برنگ کا۔ بوقلموں۔ گوناگوں۔ ابلق۔

Piece, pēs, *n.* A fragment; a patch. پرزہ۔ ٹکڑا۔ تھیگلی۔ پیوند۔ A literary or artistic composition. قطعہ۔ مضمون۔ A picture. تصویر۔ A gun. بندوق۔ A coin. سکہ۔ Job. کام۔

Syn.— Part, portion fragment, bit, scrap.

Ant.—Whole, entire, complete.

Piece, pēs, *v.t.* or *i.* To patch; to unite. پیوند لگانا۔ ملانا۔ سانٹنا۔

Piecemeal, pēs'mel, *a.* Single; separate; in pieces or parts; by little and little. الگ۔ علیحدہ۔ فرد۔ فرد۔ ریزہ ریزہ۔ ٹکڑے ٹکڑے۔ تھوڑا تھوڑا۔ *ad.* In pieces; gradually. الگ الگ کرکے۔ فرداً فرداً۔ رفتہ رفتہ۔

Piece-work, pēs'wurk, *n.* Work paid for by the quantity performed. وہ کام جس کی اجرت کام کے حساب سے ملے۔

Pied, pid, *a.* Spotted; variegated. رنگا رنگ۔ بوقلموں۔ گوناگون۔

Pier, per, *n.* A mole projecting into the sea; a projecting wharf or landing place; support of an arch. باندھ جو سمندر کے اندر تنگ چلا گیا ہو۔ پل کا پایا۔ محراب کا پایا۔ پانی میں بڑھا ہوا چبوترا جہاں کشتی یا جہاز کا مال چڑھایا اتارا جاتا ہے۔ نکاسوان پکا گھاٹ۔

Pierce, pers, *v.t.* or *i.* To pick; to make a hole through or into; to bore; to move deeply.
چبھونا۔ گھس جانا۔ گڑھا کھودنا۔ جوش یا اثر پیدا کرنا۔

Piercer, pers'ur, *n.* An instrument that bores.
برما۔ چھینی۔

Piercing, pers'ing, *a.* Penetrating; keen; cutting.
تیز۔ جگر دوز۔

Piety, pi'e-ti, *n.* Reverence with love of the Supreme Being; religious duty or reverence.
خدا ترسی۔ خدا کی محبت اور ادب۔ پارسائی۔ تقوےٰ۔ زہد۔ وفاداری۔

Pig, pig, *n.* A swine; mass of melted metal.
سور۔ دھات کا ڈلا۔

A *pig in a poke*, a blind bargain.
وہ چیز جو بن دیکھے خریدی گئی ہو۔

Pigeon, pi'jun, *n.* A well known bird.
کبوتر۔

Pigeon-hearted, pi'jun-hert-ed, *a.* Fearful; timid.
بزدل۔ ڈرپوک۔

Pigeon-hole, pi'jun-hōl, *n.* A little opening in a case for papers, letters, etc.
کاغذ وغیرہ رکھنے کے خانے۔

Pigment, pig'ment, *n.* A paint; dye.
رنگ و روغن۔ رنگ کرنے کا روغن۔

Pigmy, pig'mi, *n.* A dwarf.
بونا۔ کوتاہ قد۔ ٹھنگنا۔

Pike, pīk, *n.* A lance; pick-axe; spear; a fresh-water fish.
برچھی۔ نیزہ۔ بھالا۔ مچھلی کی ایک قسم۔

Piked, pīk'ed, *a.* Ending in a point; acuminated.
نوکیلا۔ نوکدار۔ تیز۔

Pike-staff, pīk'staf, *n.* The wooden handle of a pike.
بھالے کی چھڑ۔ بلم۔

Pilaster, pi-las'tur, *n.* Square pillar.
چوکور۔ کھمبا۔ مربع۔ ستون۔

Pile, pīl, *n.* A heap; an accumulation; an edifice; a large stake.
ڈھیر۔ تودہ۔ انبار۔ عمارت۔ کلاں۔ لٹھا۔ کھمبا۔

Syn.—Heap, mass, collection.

—, *v.t.* To accumulate; to drive piles into.
جمع کرنا۔ ڈھیر لگانا۔ لمبے گاڑنا۔

Piles, pilz', *n. pl.* Small swettings at the lower part of rectum; a disease.
بواسیر۔

Pilfer, pil'fur, *v.t.* or *i.* To steal in small quantities; to filch.
چرانا۔ اڑا لینا۔ اٹھائی گیری کرنا۔

Pilgrim, pil'grim, *n.* One who journeys to visit holy places.
جاتری۔ زائر۔ حاجی۔ گھومنے والا۔ سیاح۔

Pilgrimage, pil'grim-aj, *n.* A journey to a sacred place.
جاترا۔ زیارت۔ حج۔

Pill, pil, *n.* A medicine made up into small ball.
گولی۔ حب۔

—, *v.t.* or *i.* To rob; to plunder.
لوٹنا۔ اتار لینا۔

Pillage, pil'aj, *n.* Plunder.
لوٹ۔ غنیمت۔

Syn.—Booty, spoil, prey.

—, *v.t.* To plunder; to spoil.
لوٹ مار کرنا۔ غارت کرنا۔ خراب کرنا۔

Pillar, pil'ur, *n.* A column; an upright support for a roof etc.
ستون۔ لاٹھ۔

Pillion, pil'yun, *n.* A ladies light saddle.
گھوڑے کی زین۔

Pillory, pil'o-ri, *n.* A frame of wood with holes for the head and hands of criminals.
لکڑی کا کٹھرا جس میں سر اور ہاتھ ڈال کر مجرم کو سزا دیتے ہیں۔

v.t. To put in the pillory, to expose to ridicule.
سزا کے کٹھرے میں کھڑا کرنا۔ تختۂ مشق بنانا۔

Pillow, pil'ō, *n.* A cushion for the head.
تکیہ۔ بالش۔

v.t. To lay for support.
تکیہ لگانا۔

Pillow-case, pil'ō-kas, *n.* A covering for a pillow.
تکیہ کا غلاف۔

Pilot, pī'lot, *n.* One who steers a ship; a helmsman.
جہاز کا رہنما۔ رہبر۔ مانجھی۔

v.t. To steer; to direct.
کھینا۔ جہاز چلانا۔ رہنمائی کرنا۔

Pimp, pimp, *n.* A procurer.
دلاّلہ۔ بھڑوا۔ کٹنا۔ قلتبان۔

Pimp, pimp, *v.t.* To pander.
کٹناپن کرنا۔ دلالی کرنا۔

Pimple, pim'pl, *n.* A small solid round tumour on the skin.
پھنسی۔ مہاسا۔

Pin, pin, *n.* A thin pointed instrument for fastening articles of dress, papers etc.; peg; bolt.
آلپین۔ کیل۔ پن۔ بلّی۔

Pin and web, cataract.
موتیا بند۔

v.t. To fasten with a pin; pound.
پن لگانا۔ جوڑنا۔

To pin one's faith on.
کسی پر پورا بھروسہ رکھنا۔

Pin prick.
معمولی چھیڑ چھاڑ۔

In merry pin.
خوش مزاج۔ مگن۔

On pins and needles.
بے چین۔ بیقرار۔ بے صبر۔

Pincers, pin'surz, *n. pl.* An instrument by which anything is drawn out.
چمٹی۔ دست پناہ۔

Pinch, pinsh, *v.t.* or *i.* To squeeze; to nip.
نوچنا۔ چٹکی لینا۔

To gripe; to pain.
درد کرنا۔ مروڑنا۔

To straiten.
تنگ کرنا۔

To be thrifty.
کفایت شعار ہونا۔

To know where the shoe pinches, to know where the cause of trouble lies.
تکلیف کی خاص وجہ کو جاننا۔

To—the belly,
پیٹ کاٹنا۔ بھوکے مارنا۔

Pinch, pinsh, *n.* A gripe.
چٹکی۔

Opression; a difficulty.
وقت ضرورت۔ تکلیف۔ مشکل۔

At a—,

Pinchback, pinsh'bak, *n.* An alloy of copper and zink resembling gold.
ایک مصنوعی دھات۔

Pinchers, pinsh'urz, *n. pl.* An instrument for drawing nails, etc.
کیل وغیرہ نکالنے کا آلہ۔

Pincushion, pin'kū-shi'on, *n.* A small cushion in which pins are kept.
پن رکھنے کی چھوٹی گدی۔

Pine, pīn, *n.* A forest tree.
چیل کا درخت۔

v.i. To languish.

to waste away. افسردہ ہونا۔ غم سے گھُلنا۔ لاغر ہونا۔ کڑھنا۔ جھُرنا۔ لٹنا۔

Pine-apple, pin'ap-l, *n.* A well-known fruit. انناس۔

Pinery, pin'ur-i, *n.* A place where pine trees grow. صنوبر کے درخت اُگنے کا مقام۔

Pinfold, pin'fold, *n.* Enclosure for cattle. جانوروں کے بند رکھنے کا احاطہ۔

Pinion, pin'yun, *n.* A bird's wing; quill; a small toothed wheel; fetter of the arms. بازو۔ پر۔ چھوٹا دندانہ دار پہیّہ۔

Pinion, pin'yun, *v.t.* To bind the wings; to chain. بازو باندھنا۔ پر باندھنا۔ قید کرنا۔ بیڑی ڈالنا۔

Pink, pingk, *n.* A garden-flower of a brilliant colour; pale red; slightly inclining to purple; an eye. ایک قسم کا خوشبودار چمکیلا پھول۔ گلابی رنگ۔ آنکھ۔

—*v.t.* To punch with small holes; pierce with sword etc.; to wink. چھوٹے سوراخ کرنا۔ کونچنا۔ پلک مارنا۔

Pink-eye, pink'i, *n.* A disease attacking horses; kind of influenza. گھوڑوں کی بیماری کی ایک قسم۔ انفلوئنزہ۔

Pink-eyed, pingk'id, *a.* Having small eyes. چھوٹی آنکھوں والا۔

Pin-money, pin'mon-ni, *n.* A wife's pocket money. زوجہ کا جیب خرچ۔

Pinnacle, pin'a-kl, *n.* An ornamental turret; the highest point; natural peak; climax. چوٹی۔ کنگورا۔ نوکیلی مینار۔

Pint, pint, *n.* Half a quart. آدھ سیر کے قریب کا ایک پیمانہ۔ آدھا بوتل۔

Pintle, pin'tl, *n.* A little pin. چھوٹی پن۔

Pioneer, pi-o-ner', *n.* One who goes before to clear the way for another. وہ شخص جو آگے جا کر دوسروں کیواسطے راستہ صاف کرے۔

Pious, pi'us, *a.* Godly; holy; religious. صالح۔ خدا پرست۔ دیندار۔

Pip, pip, *v.i.* To chirp or cry as a bird. چوں چوں کرنا۔ *n.* A disease of fowls. پرندوں کی بیماری۔

Pipe, pip, *n.* A wind musical instrument; tube for smoking; any long hollow tube; cask. بنسی۔ نے۔ پتلی نلی۔ پیپا۔

—*v.t.* To play on a pipe; to whistle. بانسری بجانا۔ سیٹی بجانا۔

To pipe one's eye, to pay the piper. رونا۔ خرچ برداشت کرنا۔ آنسو بہانا۔

Pipeclay, pip'kla, *n.* A species of white clay. ایک قسم کی سفید مٹی۔

Pipkin, pip'kin, *n.* A small earthen ware. ہانڈی۔

Piquancy, pe'kan-si, *n.* Pungency; sharpness; tartness. چرپراہٹ۔ تیزی۔ ترشی۔ شوخی۔

Piquant, pe'kant, *a.* Sharp; pungent. تیز۔ چرچرا۔ شوخ۔

Pique, pek, *n.* Offence; wounded pride; spite; keenly felt desire; nicety. ناراضی۔ آزردگی۔ کینہ۔ شوق۔ دقیقہ۔ رمز۔ *v.t.* To irritate; to stimulate; to pride. دق کرنا۔ اوبھارنا۔ تحریک کرنا۔ غصّہ بھڑکانا۔

Syn.—Offend, nettle, stimulate, affront, vex.

Ant.—Gratify, please, satisfy, approve.

Piracy, pi'ra-si, *n.* Robbery in the high seas; literary theft; plagiarism; breach of copyright. ڈکیتی۔ عبارت کی چوری۔ غصب حق تصنیف۔

Pirate, pi'rat, *n.* A sea robber; marauder; plagiarist. دریائی ڈاکو۔ سمندری چور حق تصنیف کا غاصب۔

—*v.t.* or *i.* To rob on the sea; taking without leave. دریائی ڈکیتی کرنا۔ بغیر اجازت کے لے لینا۔

Pirn, pirn, *n.* A bobbin; reel. پھرکی۔ چرخی۔ ریل۔ اٹیرن۔

Pismire, pis'mir, *a.* The ant or emmet. چیونٹی۔

Pistachio, pis-ta'shi-o, *n.* An edible nut. پستہ۔

Pistil, pis'til, *n.* The seed bearing organ of a flower with greenish kernel. گربھ کیسر۔

Pistol, pis'tol, *n.* A small firearm held and fired by one hand. پستول۔ طمنچہ۔

—*v.t.* To shoot with a pistol or disc. پستول مارنا۔

Piston, pis'tun, *n.* A short cylinder made to fit exactly the cavity of a pump and to work up and down in it alternately. پچکاری کا ڈنٹا۔ نلی یا بمبے کی ڈاٹ۔

Pit, pit, *n.* A deep hole in the earth; an abyss; any hollow excavation; the grave; a pock mark; an area where cocks fight. گڑھا۔ غار۔ قعر۔ خندق۔ قبر۔ چیچک کا داغ۔ مرغوں کے لڑنے کا میدان۔

v.t. To indent. دندانے ڈالنا۔ To mark with pits. داغدار کرنا۔ To set against in competition. لڑانا۔

Pitapat, pit'a-pet, *n.* A light quick step. تیز قدم۔ پھڑ پھڑاہٹ۔

—*ad.* In a flutter. پھڑپھڑاتا ہوا۔

Pitch, pich, *n.* A black tenacious substance obtained from boiling down tar; a resin from pine or fir-tree. دھونا۔ قیر۔ رال۔ *n.* A point; a degree of elevation or slope; rate; a descent; a throw; a fall. حد۔ درجہ۔ نشیب و فراز۔ نرخ۔ اوتار۔ ڈھال۔ پھینک۔ انداخت۔ *v.t.* To hurl; to plant; to fix in array. پھینک کر مارنا۔ گاڑنا۔ قطار میں نصب کرنا۔ To—and pay, نقد سودا کرنا۔ —ed battle, کھڑے میدان کی لڑائی۔ اس ہاتھ لینا اس ہاتھ دینا۔ *v.i.* To settle; to fall headlong; to

encamp. صف آرائی کرنا۔ ٹکنا۔ منہ کے بل گرنا۔ اوندھا گرنا۔ خیمہ ڈالنا۔ To—into, to fall into. گرنا۔ To attack. حملہ کرنا۔ آپڑنا۔ **—and toss,** a game of tossing by pitching a coin at a mark. شیر بکری کا کھیل۔

Pitch-dark, pich'dark, *n* Very dark. اندھیرا۔ تاریکی۔

Pitcher, pich'ur, *n.* An earthen vessel for holding water. گھڑا۔ سبو۔ گگری۔ مٹکی۔ **Pitchers have ears,** دیوار کے بھی کان ہوتے ہیں۔

Pitchfork, pich'fork, *n.* A fork used in grain. کانٹا جس سے اناج وغیرہ کی پولی پھینکتے ہیں۔

Piteous, pi'te-us, *a.* Sorrowful; wretched; compassionated, poor. پُرملال۔ آفت رسیدہ۔ قابل رحم۔ درد انگیز۔ غریب۔ مفلوک۔

Syn.—Mournful, woeful, distressing, sorrowful.

Ant.—Joyous, pleasant, gay, lively, agreeable.

Piteously, pi'te-us-li, *ad.* In a piteous manner. درد انگیزی۔

Pitfall, pit'fal, *a.* A hole slightly covered as a trap. چور گڑھا۔ غار جس پر جانوروں کے پھنسانے کے لئے کچھ بچھا دیا جاوے۔

Pith, pith, *n.* The soft spongy cellular tissues marrow; strength or force; vigour; importance. گودا۔ مغز۔ ڈھیر۔ طاقت۔ زور۔ اہمیت۔

Pithy, pith'i, *a.* Containing pith; forcible. پُرمغز۔ مغزدار۔ طاقتور۔

Pitiable, pi'ti-a-bl, *a.* Deserving pity; mournful; miserable. واجب الرحم۔ رحم کے لائق۔ محزون۔ غمگین۔ حقیر۔ متبذل۔

Pitiful, piti-ful, *a.* Tender; compassionate; miserable; despicable. ملائم۔ ذلیل۔ حقیر۔

Pitiless, pi'ti-les, *a.* Unmerciful; hardhearted. بے رحم۔ سنگدل۔

Pitman, pit'man, *n.* One who works in a pit; a miner. کان میں کام کرنیوالا۔

Pit-saw, pit'sa, *n.* A large saw worked by two men. ایک بڑا آرا۔

Pittance, pit'ans, *n.* A small quantity. قلیل وظیفہ۔ راتب۔ بھتا۔ چھوٹا حصہ۔ تھوڑی چیز۔

Pituitous, pi'tū-ti-us, *a.* Consisting of mucus. بلغمی۔

Pity, pi'ti, *n.* Sympathy with the sufferings of another; compassion. رحم۔ ہمدردی۔ غمخواری۔ دیا۔ **A thousand pities,** افسوس صد افسوس۔

Syn.—Compassion, commiseration, fellow-feeling.

Ant.—Cruelty, ferocity, rigor, severity.

—*v.t.* To compassionate. غمخواری کرنا۔ رحم کرنا۔

نرس کھانا۔

Pivot, pi'vut, *n.* A pin on which a body oscillates or turns; turning point. چول۔ کیل۔ جس پر کوئی چیز گھومے۔

Placable, pla'ka-bl, *a.* That may be appeased or pacified. جو فرو ہو سکے۔ ملائم۔ سلیم۔

Placard, plak'urd, *n.* A written or printed bill posted in a public place; poster. اشتہار۔ —*v.t.* To notify publicly. مشتہر کرنا۔

Place, plas, *n.* A portion of space; site. جگہ۔ موقع۔ Grade; calling. درجہ۔ پیشہ۔ Room; residence; Lieu. مکان۔ مسکن۔ بجائے۔ Office; employment. نوکری۔ جگہ۔ **In the—of,** instead of. بجائے۔ بعوض۔ **To take—,** to happen. واقع ہونا۔ **Out of—** بے محل۔ بے جا۔ **To give—,** جگہ دینا۔ ہٹ جانا۔ *v.t.* To put in a particular spot or position; to fix; to invest; to attribute. رکھنا۔ مقرر کرنا۔ قائم کرنا۔ ممتاز کرنا۔ لگانا۔

Placeman, plas'man, *n.* One who has an office, especially under a Government. سرکاری ملازم۔

Placid, plas'id, *a.* Contented; gentle; quiet; serene; composed. صابر۔ قانع۔ ملائم۔ سلیم۔ حلیم۔ متحمّل۔ بُردبار۔

Placidity, pla-si'di-ti, *n.* State or quality of being placid. ملائمیت۔ استقلال۔ اطمینان۔

Placidly, pla'sid-li, *ad.* Mildy; calmly. نرمی سے۔ ملائمت سے۔

Placket, plak'et, *n.* A petticoat. چھوٹا کوٹ۔

Plagiarism, pla'ji-a-rizm, *n.* Literary theft. عبارت کی چوری۔

Plagiarist, pla'ji-a-rist, *n.* A literary thief. عبارت کا چور۔

Plague, plag, *n.* An infectious disease. وبا۔ Anything that vexes or troubles. مہاماری۔

Plaguy, plagi, *a.* Troublesome; annoying. وبال جان۔ تکلیف دہ۔ ایذا رساں۔

Plaice, plas, *n.* A flat fish. ایک بڑی مچھلی۔

Plain, plan, *a.* Smooth; level; چکنا۔ ہموار۔ Uninterrupted. کھلا۔ Natural; evident. اصلی۔ ظاہر۔ Sincere; frank. راست باز۔ کھرا۔ بے تکلّف۔ Not rich; homely; not ornamented. روکھا۔ خشک۔ صاف۔ سادہ۔ **—speaking,** صاف گوئی۔ **—dealing,** صاف معاملگی۔ **That is the very plain song of it,** ٹھیک یا سچی بات یہ ہے۔ *n.* Level land; a field of battle. ہموار سطح۔ ہموار زمین۔ میدان جنگ۔ *v.t.* To level; to explain. ہموار کرنا۔ برابر کرنا۔ روشن کرنا۔ *ad.* Not obscurely; simply. صاف صاف۔ بے ساختہ۔

Plainly, plān'li, *a.* Sincerely; clearly.
صاف صاف ۔صفائی سے ۔سچائی سے ۔

Plainness, plān'nes, *n.* Levelness; clearness; want of ornament; artlessness. ہمواری ۔برابری ۔
صفائی ۔بے آراستگی ۔سادگی ۔بے ساختگی ۔

Plaint, plānt, *n.* Lamentation; a complaint.
فریاد ۔ہائے توبہ ۔نالش ۔شکایت ۔استغاثہ ۔

Plaintiff, plānt'if, *n.* The person who brings a law-suit; complainant; prosecutor.
مدعی ۔فریادی ۔

Plaintive, plānt'iv, *a.* Complaining; sad.
فریادی ۔نالاں ۔غمگین ۔اندوہ گیں ۔

Plait, plāt, *n.* A fold crease; braid.
چنٹ ۔پرت ۔
—*v.t.* To fold; to braid. تہ کرنا ۔جالی بنانا ۔

Plan, plan, *n.* A form; a design; a draught on a plane; a plot. ڈول ۔ڈھانچہ ۔نقشہ مسطح ۔بندش ۔
تدبیر ۔سازش ۔

Syn.—Contrivance, device.

——. *v.t.* To form a design of; to devise; to continue in thought. خاکہ بنانا ۔نقشہ کھینچنا ۔
بندش کرنا ۔تدبیر کرنا ۔منصوبہ کرنا ۔

Planch, plan'ch, *v.t.* To cover with boards.
تختہ بندی کرنا ۔تختوں سے پاٹنا ۔

Plane, plān, *n.* Perfectly level surface; flat; a carpenter's tool to smooth wood.
ہموار سطح ۔رندہ ۔

—*v.t.* To make level or smooth.
چکنا کرنا ۔صاف کرنا ۔

—*a.* Flat; even. ہموار ۔چپٹا ۔

Planet, pla'net, *n.* A celestial body revolving round the sun. سیارہ ۔کرہ ۔اجسام سماوی جو
آفتاب کے گرد دورہ کرتے ہیں ۔

Planetary, pla'net-a-ri, *a.* Of or consisting of planets; revolving. سیاروں کا ۔سیاروں کے
متعلق ۔گردش کرنیوالا ۔

Planish, pla'nish, *v.t.* To make smooth. چکنا کرنا ۔

Planisphere, pla-nis'fēr, *n.* A globe prejected on a plane. کرہ جو سطح کے اوپر نکالا ہے ۔

Plank, plangk, *n.* A thick strong piece of sawn timber. تختہ ۔پھٹا ۔پٹڑا ۔ *v.t.* To lay with planks. تختہ لگانا ۔تختہ بندی کرنا ۔

Plant, plant, *n.* A vegetable; a herb. نباتات ۔
پودا ۔درخت ۔نہال ۔بوٹی ۔ Fixtures. سامان ۔جوڑ ۔ A staff. ڈنڈا ۔ Tools. اوزار ۔ *v.t.* To set in the ground; to establish; to settle. نصب کرنا ۔گاڑنا ۔
بونا ۔لگانا ۔قائم کرنا ۔بسانا ۔

Plantain, plan'tan, *n.* A tropical plant of the same genius as banana. کیلا ۔

Plantation, plant-a'shun, *n.* The place planted; a colony; a cultivated estate.
باغ ۔نخلستان ۔نوآبادی ۔کھیتی ۔

Planter, plant'ur, *n.* One who plants; cultivator of soil; one who owns a plantation abroad. بونے یا لگانیوالا ۔مالک زراعت ۔مالک باغ ۔

Plash, plash, *n.* Marshy pool; a puddle.
بند پانی ۔نالا ۔

—*v.t.* To splash; to entwine branches.
چھپ چھپانا ۔ڈالیوں کو باندھنا ۔

—*v.i.* To make a noise in a water.
پانی میں شور کرنا ۔

Plashy, plash'i, *a.* Abounding with puddles; watery. چھوٹے چھوٹے نالوں سے بھرا ہوا ۔آبی پچپچا ۔

Plasm, pla'sum, *n.* A mould; a formless elementary matter. سانچہ ۔قالب ۔بیڈول ۔غیر مرکب بنیادی مادہ ۔

Plashma, plas'ma, *n.* A mould; formless matter.
سانچہ ۔قالب ۔غیر مرکب بنیادی مادہ ۔

Plaster, plas'tur, *n.* A composition of lime, sand and water used to cover walls, etc.; an adhesive salve.
پلستر ۔استر ۔ضماد ۔گارا ۔لیئی ۔

Plaster, plas'tur, *v.t* To cover with plaster.
پلستر کرنا ۔استر کرنا ۔لیپنا ۔پوتنا ۔

Plasterer, plas'tur-ur, *n.* One who overlays with plaster پلستر کرنیوالا ۔

—*v t.* To cover with plaster پلستر کرنا ۔لیپنا ۔

Plastic, plas'tik, *a.* Giving form; susceptible of being moulded; pertaining to moulding.
شکل دینے والا ۔بنانے یا ڈھالنے کے قابل ۔ڈھالنے
کے متعلق ۔نقش بند ۔شکل پذیر ۔

Plat, plat, *v.t.* To weave. بُننا ۔گوندھنا ۔

—*n.* A piece of ground laid out with some design. چھوٹا میدان ۔

Plate, plāt, *n.* Thin broad piece of metal wrought gold or silver articles for domestic use; a dish; a trencher.
پترا ۔تختی ۔چاندی یا سونے کے ظروف ۔تھالی ۔رکابی ۔چادر ۔

—*v.t.* To cover with metal; adorn with plate.
ملمع کرنا ۔چار آئینہ لگانا ۔

Plateau, pla-tō', *n.* A table-land.
بلند ہموار میدان ۔سطح مرتفع ۔

Platform, plat'form, *n.* A floor of timber, stone etc., raised level surface. چبوترہ ۔پلیٹ فارم ۔

Platinum, pla'tin-um, *n.* A metal.
ایک سفید رنگ کی دھات ۔

Platitude, pla'ti-tūd, *n.* Insipidity; a weak remark; staleness of ideas and thought; triteness. پھیکاپن ۔سیٹھاپن ۔بے عقلی ۔کمزور رائے ۔
بھرپن ۔بے لطفی ۔بے معنی بات ۔

Syn.—Flatness, dulness.

Platonic, pla-ton'ik, *a.* Relating to Plato. متعلق بہ افلاطون ۔ Spiritual; intellectual.
روحانی ۔عقلی ۔ذہنی ۔

Platonic-love, pla-ton'ik-luv, *n.* Pure, passio-

پاک ۔ غیر نفسانی محبت ۔
-less love.

Platter, plat'ur, *n.* A large flat dish. پرات ۔ تھال ۔ طشت ۔ خوانچہ ۔

Plaudit, plaw'dit, *n.* Praise bestowed; round of applause; quality of being plausible. آفرین ۔ شاباش ۔ تحسین ۔

Plausibility, plawz'i-bl-i-ti, *n.* Speciousness. نمائش ۔ ظاہری رکھاوٹ ۔ چرب زبانی ۔

Plausible, plawz'i-bl, *a.* Fair spoken; specious. ظاہردار ۔ نمائشی ۔

Play, pla, *v.t.* or *i.* To sport; to act; to mock; to trifle; to practise a trick; to wanton; to move; to game. کھیلنا ۔ داؤ چاؤ کرنا ۔ گنوانا ۔ کھیل سمجھنا ۔ چل دینا ۔ دھوکا دینا ۔ دل لگی کرنا ۔ کھلاڑیاں کرنا ۔ چلنا ۔ کام دینا ۔ بازی کھیلنا ۔ نقل کرنا ۔ سوانگ بھرنا ۔ منہ چڑھانا ۔ **To—fast and loose,** to feign, to pass off for. حیلہ یا مکر کرنا ۔ بننا ۔ کہنا کچھ اور کرنا کچھ ۔ **To—one false,** to deceive one. چھلنا ۔ دغا کرنا ۔ دھوکا دینا ۔ **To—on or upon,** to perform on an instrument. بجانا ۔ To delude. دھوکا دینا ۔ ہنسی اڑانا ۔ ٹھٹھا کرنا ۔ **To—with,** to trifle with. کھیلنا ۔ بہکانا ۔ To gamble with. جوا کھیلنا ۔ **To play on one's credulity,** کسی کی زود اعتقادی پر کھیلنا ۔ الو بنانا ۔ **To—off,** دکھانا ۔ **To—into a person's hand,** جیسا دوسرا چاہتا ہے ویسا ہی کرنا ۔ اسی کی گوں کی کرنا ۔ **To—out the play,** کھیل یا کھیلا کو خاتمے تک پہونچانا ۔ Any exercise for diversion. لہو و لعب ۔ Recreation. تفریح ۔ دل لگی ۔ مذاق ۔ Jest. مذاق ۔ A dramatic play. نقل ۔ Freedom of action. آزادی ۔ اختیار ۔ Frolic. کلول ۔ چوچلا ۔ **To hold in—,** to keep occupied. مشغول رکھنا ۔ **To give—to,** to bring into action. کام میں لانا ۔ **—upon words,** a pun. تجنیس ۔ جگت ۔ ذو معنی ۔ **Fair—,** راستبازی ۔ **Foul—,** دغابازی ۔

Play-bill, pla'bil, *n.* A printed advertisement of a play. نقل کا اشتہار ۔ تماشہ کی چھپی ہوئی تفصیل ۔

Player, pla'ur, *n.* One who plays; an actor on the stage. کھلاڑی ۔ نقال ۔ سوانگیا ۔

Playfellow, pla'fel-o, *n.* A companion in diversions. ہمجولی یار ۔ لنگوٹیا یار ۔

Playful, pla'ful, *a.* Sportive; fond of play or fun; jocular. کھلاڑی ۔ زندہ دل ۔ شوخ ۔ خوش طبع

Playfulness, pla'ful-nes, *n.* Sportiveness. کھلاڑی پن ۔ شوخی ۔

Play-house, pla'hows, *n.* A theatre; a house in which plays are acted. شوخی ۔ تھیٹر ۔ تماشہ گاہ ۔

Playmate, pla'mat, *n.* A companion in sports. کھیل کا ساتھی ۔ لنگوٹیا یار ۔

Plaything, pla'thing, *n.* A toy. کھلونا ۔

Plea, ple, *n.* A suit or action at law; that which is alleged in support; pleading. دلیل ۔ نکتہ ۔ اعتراض ۔

Plead, pled, *v.t.* or *i.* To argue in support of a claim; to defend; to address court as advocate on behalf of either party; to supplicate earnestly; to admit or deny a charge. وکالت کرنا ۔ دلیل لانا ۔ جواب دینا ۔ التجا کرنا ۔ عذر پیش کرنا ۔ جرم کا اقبال یا انکار کرنا ۔ *To plead ignorance.* لاعلمی بیان کرنا ۔

Pleader, pled'ur, *n.* One who pleads; one who speaks for or against. وکیل ۔

Pleading, pled'ing, *n.* The act or form of pleading. دلیل ۔ بحث ۔ سوال و جواب ۔

Pleasant, ple'zant, *a.* Agreeable to mind, feeling or senses; delightful; gay; sportive. دلچسپ ۔ مرغوب ۔ خوش آیند ۔ بشاش ۔ خوش طبع ۔

Pleasantly, ple'zant-li, *ad.* Happily; gaily. خوشی سے ۔ ہنسی سے ۔

Pleasantry, ple'zant-ri, *n.* Gaiety; agreeableness; cheerfulness; lively talk; a jest. خوشی ۔ شوخی ۔ مسرت ۔ ظرافت ۔ دل لگی ۔ خوش طبعی ۔

Please, plez, *v.t.* To gratify; to satisfy; to content. خوش کرنا ۔ محظوظ کرنا ۔ راضی کرنا ۔ *v.i.* To like; to choose; to comply. خوش ہونا ۔ پسند کرنا ۔ چاہنا ۔ منظور کرنا ۔

Pleasing, plez'ing, *a.* Giving pleasure or gratification; pleasant; delightful; acceptable. دلچسپ ۔ خوشگوار ۔ دلپسند ۔ دلکشا ۔ مقبول ۔ پسندیدہ ۔

Pleasure, ple'zhur, *n.* Delight; gratification; indulgence; will; preference; a choice; a favour. خوشی ۔ تفریح طبع ۔ عیش و عشرت ۔ مرضی ۔ پسند ۔ مہربانی ۔ *v.t.* To gratify; to please. محظوظ کرنا ۔ خوش کرنا ۔ خاطر کرنا ۔

Plebeian, ple-be'an, *a.* Common; vulgar of birth; low. عوام ۔ نیچ ۔ ایرہ وغیرہ ۔ ادنے ۔ بازاری ۔ گنوار ۔ —*n.* One of the low rank of men. عوام میں سے کوئی شخص ۔

Pledge, plej, *n.* Security; pawn; a surety. ضمانت ۔ کفالت ۔ رہن ۔ گرو ۔ ضامن ۔ کفیل ۔ A drinking to the health of. کسی کی صحت کیواسطے مے نوشی ۔ **To hold in pledge,** ضمانت میں رکھنا ۔ **To take the—,** شراب نوشی سے پرہیز کے اقرارنامہ پر دستخط کرنا ۔ *v.t.* To pawn; to give as security; to drink the health of. گرو رکھنا ۔ ضمانت دینا ۔ مے نوشی کے ساتھ بہبودی کی دعا کرنا ۔ جام صحت پینا ۔ **To pledge one's self,** اپنے اوپر کسی بات کا ذمہ لینا ۔ زبان دینا ۔

Pledgee, plej-e', *n.* The person to whom anything is pledged. گروی رکھنے والا ۔

Pleiades, pli'a-dez, *n. pl.* A cluster of seven

small stars. سپلت رشی - پروین - ثریا - کچ پچیا۔

Plenary, ple'na-ri, *a.* Full. پورا - کل - تمام۔

Plenipotence, Plenipotency, ple-nip' o-tens, ple-nip'o-ten-si, *n.* Fulness or completeness of power. اختیار کامل - پوری طاقت۔

Plenipotent, ple-nip'o-tent, *a.* Possessing full powers. کل اختیار والا۔

Plenipotentiary, ple'ni-po-ten'shi-ar-i, *n.* A person with full powers to act for another. مختار یا ایلچی جس کو غیر سلطنت سے عہد و پیمان وغیرہ کرنے کے کل اختیارات حاصل ہوں۔

Plenitude, ple'ni-tūd, *n.* Fulness; abundance. کمال - کثرت - فراوانی - زیادتی - بھرپوری۔

Plenteous, plen'ti-us, *a.* Ample; copious; rich. بہت زیادہ - کافی - کثیر۔

Plentiful, plen'ti-fool, *a.* Copious; fruitful; exuberant; extravagant. بہت زیادہ - زرخیز - وافر - فراواں - کثیر - فضول خرچ۔

Plentifulness, plen'ti-fool-nes, *n.* Abundance; copiousness. کثرت - افراط - زیادتی۔

Plenty, plen'ti, *n.* Sufficiency. کثرت - زرخیزی - افراط۔

—*a.* Abundant. بہ افراط۔

Pleonasm, ple'on-azm, *n.* Redundancy of expression. بیان زائد۔

Plethora, pleth'o-ra, *n.* Excess of blood. افراط خون۔

Pleurisy, plū'ri-si, *n.* An inflammation of the membrane that covers the inside of the thorax. ذات الصدر - سینہ کی بھیتری جھلّی کا آماس۔

Pliable, pli'a-bl, *a.* Bending; easy to be bent. نرم - لچکدار - جھکنے کے قابل۔

Pliability, pli-a-bil'i-ti, *n.* Flexibility. لچک - ملائمیت - خم و چم - نرمی۔

Pliancy, pli'an-si, *n.* Flexibility. ملائمیت - لچکداری۔

Pliant, pli'ant, *a.* Flexible; easily influenced; docile. لچکیلا - نرم - تربیت پذیر۔

Pliers, pli'urz, *n. pl.* An instrument to hold and bend wires etc. سنسی - چمٹی - تاروں وغیرہ کے پکڑنے اور جھکانے کا اوزار۔

Plight, plit, *v.t.* To pledge as a word of honour. رہن یا گروی رکھنا - زبان دینا۔

—*n.* A pledge; predicament; condition; state esp. in bad sense. رہن - گت - وسا - حالت - پیچ - وعدہ - حالت زار۔

Plinth, plinth, *n.* The flat square member at the base of a column. ستون کا چوگوشہ پایا - پہیل پایہ کی کرسی۔

Plod, plod, *v.i.* To toil heavily; walk laboriously; travel or work slowly but steadily. مشقت کرنا - سستی سے چلنا۔

Plodding, plod'ing, *n.* Slow motion or study. آہستہ چال یا بڑھائی۔

Plot, plot, *n.* A plain piece of ground; the story of play or of a novel; a conspiracy; secret design; an intrigue; plan of play, poem, novel, etc. ہموار قطعہ زمین - ایک ناول کی کہانی - تدبیر - سازش - ناول و نظم یا ڈرامہ کا پلاٹ۔

—*v.t.* or *i.* To devise; to conspire; to make plan or map. تدبیر کرنا - سازش کرنا - نقشہ بنانا - خاکہ اُتارنا۔

Plotter, plot'ur, *n.* A contriver; a conspirator. بندش کرنیوالا - سازشی - منصوبہ باز۔

Plough, plou, *n.* A well-known implement to turn and break the soil; tillage. ہل - قلبہ - تردّد - زمین - سوت۔ **To put one's hand to the—**, to begin an undertaking. کسی کام کو شروع کرنا۔ **To —up or out**, کھود کر نکال دینا۔ *v.t.* To trench and turn up the ground with a plough; to furrow. قلبہ رانی کرنا - ہل چلانا - جوتنا - باہنا - چیرنا - پھاڑنا۔

Plough-land, plou'land, *n.* Land suitable for tillage. ہل چلانے کے قابل زمین۔

Ploughman, plou'man, *n.* One who manages a plough. ہرواہا - قلبہ ران - ہل جوتنا کسان۔

Plough-share, plou'shār, *n.* The iron blade of a plough which cuts the ground. ہل کا پھاڑ۔

Plover, pluv'ur, *n.* The name of a bird. ایک قسم کی چڑیا - کنکلا۔

Pluck, pluk, *v.t.* To pull with sudden force; to twitch; to pull off. توڑ لینا - نوچنا - کھسوٹنا - جھٹکنا - کھینچنا۔ To reject at an examination. امتحان سے خارج کرنا۔ **To—up courage or spirit**, ہمت باندھنا - دلیری پکڑنا۔ *n.* The heart, liver and lungs of an animal; spirit; courage. دل و جگر و شش جانوراں - دل - ہمت - حوصلہ - جگر۔

Plug, plug, *n.* A stopple or stopper; piece of wood or other substance used to fill gap or act as wedge. ڈاٹ - ڈامٹا۔

—*v.t.* To stop with a plug; to flushing. ڈاٹ لگانا۔

Plum, plum, *n.* A well-known tree and its fruit. کنار - بیر - درخت بیر - درخت کنار۔

Plumage, plum'aj, *n.* A bird's feathers. بال و پر۔

Plumb, plum, *n.* A mass of lead attached to a line; an instrument to show the perpendicular position. سیسہ کا ساہل - شاقول - لٹکن۔

a. Perpendicular. عمودی۔ *v.t.* To adjust by a plumb line; to sound.
ساحل کرنا۔ پانی کی تھاہ لینا۔

Plumber, plum'ur, *n.* One who works in lead; artisan who fits and repairs pipes etc.
سیسہ کا کام کرنیوالا۔ پانی کے نل لگانیوالا۔ یا مرمت کرنیوالا۔

Plumbery, plum'u-ri, *n.* A manufacturer in lead.
سیسے کا کام کرنیوالا۔

Plume, ploōm, *n.* A feather. پر و بال۔ A token of honour; a crest; pride. تمغہ امتیاز۔ کلغی۔ فخر۔ *v.t.* To pick and adjust feathers; to pride; to value. پروں سے آراستہ کرنا۔ کلغی لگانا۔ فخر کرنا۔ قدر کرنا۔
To—one's self, طرّا لگانا۔ فخر کرنا۔

Plummet, plum'et, *n.* A piece of lead attached to a line used in sounding depth of water. تھاہ لینے کا لنگر۔ پنسال۔ خط کھینچنے کی سیسے کی سلائی۔ ساحل۔

Plump, plump, *a.* Fat; full; round.
فربہ۔ موٹا۔ گداز۔ بھرا ہوا۔ چوکور۔
Syn.—Stout, fat, fleshy.
Ant.—Lean, scraggy.
—*v.t.* To fatten; to dilate. فربہ کرنا۔ موٹا کرنا۔ چوڑا کرنا۔ پھیلانا۔ *v.i.* To fall suddenly. یک بیک گر پڑنا۔ دھڑسے گرنا۔ *ad.* With a sudden fall; heavily. یک بیک۔ زور سے۔

Plumpness, plump'nes, *n.* Fulness; fatness; distention. جسامت۔ موٹاپن۔ فربہی۔

Plunder, plun'dur, *v.t.* To pillage; to rob.
لوٹنا۔ غارت کرنا۔ چرانا۔ موسنا۔ زبردستی لینا۔

Plunder, plun'dur, *n.* Booty; pillage; spoil.
تاخت و تاراج۔ غارت۔ غنیمت۔ لوٹ۔

Plunderer, plun'dur-ur, *n.* A pillager; rubber.
لٹیرا۔ ڈاکو۔ غارتگر۔

Plunge, plunj, *v.t.* or *i.* To force into; to drive; to fall into; to distress. ڈبونا۔ بورنا۔ ڈبکی لگانا۔ تکلیف میں پڑنا۔ *n.* The act of plunging. بڑکی۔ ڈبکی۔ غوطہ۔

Plunger, plunj'ur, *n.* One who plunges; a diver.
غوطہ خور۔ ڈبکی لگانیوالا۔

Pluperfect, ploō'pur-fekt, *a.* and *n.* (*Gram.*) Applied to that tense of a verb which denotes that an action was finished at a certain period to which the speaker refers.
ماضی بعید۔ گزشتہ زمانہ۔

Plural, plu-ral, *a.* Expressing more than one.
جمع۔ صیغہ جمع۔ بہو بچن۔ ایک سے زیادہ۔

Pluralist, ploō'ral-ist, *n.* A clergyman who holds more benefices than one at a time.
ایک سے زیادہ وجہ معاش رکھنے والا۔ ذرائع آمدنی رکھنے والا۔

Plurality, ploō-ral'i-ti, *n.* Consisting of more than one; the majority. کثرت۔ جمعیت۔ تعداد۔

Pluralize, plōō-ral'īz, *v.t.* To make plural; to hold more than one benefice. جمع بنانا۔

Plus, plus, *n.* This sign+ of addition. جمع کی علامت۔

Plush, plush, *n.* A cloth like velve.
مخمل کی قسم کا کپڑا۔

Plutocracy, plōō-tok'rā-si, *n.* Government by the rich classes. دولت مندوں کی حکومت۔

Pluvial, plōō'vi-al, *a.* Rainy. بارانی۔

Pluviometer, plōō-vi-om'et-ur, *n.* A rain-gauge.
برساتی پانی ناپنے کا آلہ۔

Ply, plī, *v.t.* or *i.* To work closely; to keep busy; to practise diligently; to yield; to urge.
محنت کرنا۔ مشغول رکھنا۔ مشقت کرنا۔ جھکنا۔ تاکید کرنا۔
To—for, to work for hire. اجرت پر کام کرنا۔
To—with, to keep constantly going. برابر چلتے رہنا۔ *n.* A fold; a twist; bent. تہ۔ برت۔ لٹ۔ موڑ۔ خم۔ پھیر۔ میل۔ Bias. رغبت۔
To take the —, خم کھانا۔ مڑنا۔

Plyer, plī'ur, *n.* One who plies. محنتی۔

Pneumatic, nū-mat'ik, *a.* Of air; moved by means of air.
ہوائی۔ بادی۔ ہوا سے چلتا ہوا۔ ہوا سے چلنے والا۔

Pneumatics, nū-mat'iks, *a.* That branch of physics which treats of air and other elastic fluids. علم باد۔

Pneumonitis, nū-mo-nī'tis, *v.t.* Inflammation of the lungs. پھیپھڑے کا ورم۔ شش کی سوزش۔

Poach, pōch, *v.t.* or *i.* To stab; to thrust; to cook egg by dropping it without shell in boiling water; to be damp; to encroach; to steal in game. بھونکنا۔ چھیدنا۔ انڈے کو نیم پخت کرنا۔ نم ہونا۔ تر ہونا۔ شکار میں جانور چرانا۔

Poacher, pōch'ur, *n.* One who steals game.
شکار کے جانور چرانیوالا۔

Poachy, pōch'i, *a.* Wet and soft. نرم۔ تر۔

Pock, pok, *n.* A pustule on the skin in an eruptive distemper.
دانہ۔ چیچک۔ چھالا۔ آبلہ۔ پھنسی۔ پھٹریا۔

Pocket, pok'et, *n.* A small bag attached to a garment. جیب۔ خریطہ۔ پاکٹ۔ **Pocket-picking,** جیب کترنا۔ *v.t.* To put in the pocket. جیب میں رکھنا۔
To—an insult, to submit to an insult without apparent displeasure.
کسی چھیڑ چھاڑ کو بلا ناخوشی ظاہر کئے ہوئے برداشت کرنا۔

Pocket-book, pok'et-bōōk, *n.* A small book to be carried in the pocket.
جیبی کتاب۔ حمائل۔ بیاض۔ گٹکا۔

Pocket-money, pok'et-muni, *n.* Money to meet occasional expenses. جیب خرچ۔

Pocky, pok'i, *a.* Having pocks or pustules.
چیچک میں مبتلا۔ چیچک والا۔ آتشک زدہ۔

Poculent, pok'ū-lent, *a.* Fit for drink. پینے کے لایق ۔ نوشیدنی ۔

Pod, pod, *n.* Capsule; seed-vessel of certain plants, as peas. ڈھونڈھی ۔ پھلی ۔

—*v.i.* To swell and appear like a pod. پھلی کی طرح پھولنا ۔

Podgy, po'ji, *a.* Fat and short. چھوٹا قد اور ٹھگنا ۔

Poem, pō'm, *n.* A metrical composition. نظم ۔ کبت ۔ غزل ۔ قصیدہ ۔

Poesy, pō'e-si, *n.* The art of making or composing poems; poems collectively. فن شاعری ۔ مجموعہ نظم ۔

Poet, pō'et, *n.* One who writes poetry; author of a poem. شاعر ۔ کب ۔

Poetaster, pō'et'as-tur, *n.* A petty writer of verses. نوآموز شاعر ۔ شاعر کی دم ۔

Poetess, pō'et-es, *n.* A female poet. شاعرہ ۔

Poetic, Poetical, pō'et'ik, pō-t'ik'al, *a.* A pertaining to poetry; expressed in poetry. شاعرانہ رنگین ۔ پیرایہ استعارہ ۔

Poetise, pō'et'iz, *v.i.* To compose verse. نظم لکھنا ۔ شعر بنانا ۔

Poetry, pō'et-ri, *n.* Metrical composition; art or work of poet; rhyme. نظم ۔ اشعار ۔ قافیہ بندی ۔

Poignancy, poin'an-si, *n.* Keenness; asperity; sharpness. تیزی ۔ حدت ۔

Poignant, poin'ant, *a.* Sharp to the taste; keen; bitter; severe. تلخ ذائقہ ۔ تیز ۔ تند ۔ سخت ۔

Point, point, *n.* The sharp end of any thing. نوک ۔ بھال ۔ پیکان ۔ (*Geom.*) That which has no magnitude. نقطہ ۔ A mark of punctuation. ٹھہراؤ کا نشان ۔ Direction. طرف ۔ A cape. راس ۔ Degree. درجہ ۔ Characteristic. خصوصیت ۔ Aim; purpose. مقصد ۔ مراد ۔ Moment. وقت ۔ لحہ ۔ The end or verge. خاتمہ ۔ Example. نمونہ ۔ Matter. بات ۔ Nicety. دقیقہ ۔ A mark in certain games to denote the degree of progress. کھیل کا نشان ۔ **Cardinal—s,** the four quarters. ربع مسکون ۔ **—device,** nice to excess. تکلف مزاج ۔ **On the—of death,** at the last gasp. جان بلب ۔ **Vowel—s,** marks representing the vowels. اعراب ۔ **To miss the—,** اصل بات کو نہ پہونچنا ۔ **At—,** completely. پوری طرح ۔ سرتاپا ۔ **At a—,** prepared. کمربستہ ۔ **At all—s,** ہر طرح سے ۔ **Points at issue,** امور تصفیہ طلب ۔ **—of order,** سلیقہ ۔ دستور یا ضابطہ کی بات ۔ **To stand up on—s,** تکلف کرنا ۔ ذرہ ذرہ بات پر ناک چڑھانا ۔ **To—,** exactly. ٹھیک ٹھیک ۔ بعینہٖ ۔ جیسا کہا گیا ۔ **To carry one's—,** غرض حاصل کرنا ۔ **To strain a—,** حدود معینہ سے باہر جانا ۔

Point, point, *v.t.* or *i.* Furnished with point to sharpen; to indicate; to punctuate. نشانہ لگانا ۔ تیز کرنا ۔ صاف ظاہر کرنا ۔ عبارت میں وقف کی علامت لکھنا ۔

Point-blank, point'blangk, *a.* Explicit; express; straight. صاف ۔ ظاہر ۔ سیدھا ۔

Pointer, point'ur, *n.* An index; hand of clock, balance etc., rod used for pointing to words etc., on blackboard map etc.; a kind of dog trained to point out game. پوائنٹر ۔ نشان ۔ شکاری کتے کی ایک قسم ۔

Point-lace, point'las, *n.* A fine kind of lace. لیس کی ایک عمدہ قسم ۔

Pointsman, points'man, *n.* A man who has charge of the points or switches on a railway. وہ شخص جس کے ذمہ ریل گاڑی کا ایک راستہ سے دوسرے راستہ پر لے جانے کا کام سپرد رہتا ہے ۔

Poise, poiz, *n.* Weight; balance; state of indirection, suspense. وزن ۔ موزونی ۔ ڈانواڈول ۔

Poise, poiz, *v.t.* To balance; to examine; to oppress; to weight down. وزن کرنا ۔ جانچنا ۔ تکلیف دینا ۔ دبانا ۔

Poison, poi'zn, *n.* Kill by venom; that which when eaten or drunk causes disease or death. زہر ۔ کوئی مہلک شے ۔

—*v.t.* To kill with poison; to taint. زہر دینا ۔ ملا دینا ۔

Poisonous, poi'zn-us, *a.* Having the qualities of poison; deadly. زہریلا ۔ زہردار ۔ مہلک ۔

Poke, pōk, *n.* A bag; a pouch; a thrust. تھیلا ۔ جھولا ۔

Poke, pōk, *v.t.* or *i.* To thrust against; to grope; to feel. بھونکنا ۔ ہول مارنا ۔ ٹٹولنا ۔ معلوم کرنا ۔ **To—fun at a person,** کسی کی کھلّی کرنا ۔ کسی کو ہدف مذاق بنانا ۔ **To buy a pig in a—,** کسی چیز کو بن دیکھے خرید لینا ۔

Poker, pōk-ur, *n.* A metal rod for stirring fire. آگ کریدنے کا کوچھا ۔

Polar, pō'lur, *a.* Of the pole; near the pole. قطبی ۔ قطب کے نزدیک کا ۔

Pole, pōl, *n.* A long slender piece of wood. بلی ۔ چوب ۔ A measure of length of 5½ yards. ساڑھے پانچ گز کا ناپ ۔ One of the extremities of the earth's axis. قطب ۔ A Polander. ملک پولینڈ کا رہنے والا ۔

Pole-axe, pōl'ax, *n.* A battle axe; an axe used for killing cattle. گنڈاسا جو جانور مارنے کے کام آتا ہے ۔

Pole-cat, pōl'kat, *n.* An animal like a weasel, with a disagreeable smell. اود بلاؤ ۔

Polemic, pō-lem'ik, *n.* A disputant; controvertionist; controversial discussion.
حجت کرنیوالا۔ وہ بحث جس میں اختلاف رائے ہو۔

Pole-star, pōl'star, *n.* A star vertical to the pole of the earth; guide.
ستارہ قطب۔ دھروتارا۔ رہنما۔ رہبر۔ اگوائی۔ ہادی۔

Police, pō-lēs', *n.* The civil administration; public orders; a body of civil officers for enforcing orders etc. in a town or country.
بندوبست شہر۔ پولیس کا سپاہی۔

Policeman, pō-lēs'man, *n.* One of the ordinary police in a town or country. پولیس۔

Police-station, pō-lēs-stā'shun, *n.* The head-quarters of a body of police. تھانہ۔ کوتوالی۔

Policy, pol'i-si, *n.* Art or system of management. طریق یا فن انتظام۔ A stratagem; prudence.
حکمت عملی۔ جوڑ توڑ۔ دور اندیشی۔ فطرت۔ عیاری۔ حرفت۔ Wit. جگت۔
محسن تدبیر۔ حکمت۔ دور اندیشی۔ احتیاط۔
A contract of insurance. بیمہ۔ معاہدہ۔ تحریری عہد و پیمان۔
Crooked—, کج تدبیر۔ کوتاہ معاملہ۔ **Public—,** رواج ملک۔ ولیس چلن۔
Sound—, راست معاملگی۔ نیک صلاح۔ دور اندیشی۔
The—of the regulations, منشا قوانین۔
Policy goes beyond strength, طاقت وہ کام نہیں دیتی جو تدبیر دیتی ہے۔
—*v.t.* or *i.* To make smooth and glossy; to refine. چکنا کرنا۔ پالش کرنا۔ صیقل کرنا۔ صاف کرنا۔ سدھارنا۔ مہذب کرنا۔ شستہ کرنا۔ آراستہ کرنا۔

Polish, po'lish, *n.* A glossy surface; elegance of manners. چکنی سطح۔ شائستگی۔ تہذیب۔
—*v.t.* or *i.* To make smooth and glossy. چمکیلا کرنا۔ پالش کرنا۔

Polite, pō-līt', *a.* Polished; courteous. شائستہ۔ خلیق۔ مہذب۔

Politely, pō-līt'li, *ad.* In a polite manner; gently. خوش اخلاقی سے۔ شرافت سے۔

Politeness, pō'līt-nes, *n.* Good breeding; courtesy. خوش اخلاقی۔ تہذیب خلق۔

Politic, pō'li-tik, *a.* Well devised; sagacious; political; subtle. مصلحت آمیز۔ مدبر ملک۔ عیار۔

Political, pō'lit-ik-al, *a.* Pertaining to public affairs or politics; public. ملکی۔ عام۔ سرکاری۔ **—economy,** انتظام ملک کے متعلق۔ سرکاری۔ علم سیاست۔

Politician, pō-li-ti'shan, *n.* One versed in or occupying himself with politics; a man of deep contrivance. مدبر ملک۔ سیاست دان۔ پر فطرت شخص۔ عیار۔

Politics, po'li-tiks, *n. pl.* The science of government. علم سیاست۔

Policy, po'li-si, *n.* The form or system of civil government; method of government. کسی ملک کا دستور۔ انتظام مملکت۔

Polity, pō'li-ti, *n.* The constitution of civil government of a country. کسی ملک کا دستور۔ دستور سلطنت۔ انتظام مملکت۔ راج ڈھنگ۔

Poll, pōl, *n.* The head; a person; a register of persons; the place of election; an election. سر۔ راس۔ نفر۔ کس۔ فہرست اشخاص۔ مقام انتخاب۔ انتخاب عہدہ داران۔ *v.t.* To lop; to shear; to enrol; to bring to the polls. تراشنا۔ کاٹنا۔ داخل فہرست کرنا۔ رائے دینا۔ *v.i.* To give votes. بھرتی کرنا۔

Pollard, pol'urd, *n.* A tree with its top cut off; a stag that has lost horns. تراشا ہوا درخت۔ بارہ سنگا جس کا سینگ گر گیا ہو۔

Pollen, pol'en, *n.* Fecundating dust of plants. پھولوں کی خاک۔ پراگ۔

Poll-tax, pol'taks, *n.* A capitation tax. محصول فی کس۔

Pollute, pol-lūt', *v.t.* To make foul; to defile; to corrupt. نجس کرنا۔ ناپاک کرنا۔ خراب کرنا۔
Syn.—Defile, contaminate, disorder.
Ant.—Clarify, refine, purify, filter.

Pollution, pol-lū'shun, *n.* Uncleanliness vitation; defilement. ناپاکی۔ خرابی۔ آلودگی۔

Poltroon, pol-trōōn, *n.* A dastard; a coward. ڈرپوک۔ بزدل۔

Poltroonery, pol-trōōn'ur-i, *n.* Cowardice. بزدلی۔

Polyandry, po-li-an'dri, *n.* The plurality of husbands. ایک عورت کے کئی شوہر ہونیکا رواج یا چال۔

Polygamy, po-lig'a-mi, *n.* The practice of having more wives that one at the same time. کثیر الازدواجی۔ کئی عورتوں سے شادی کرنا۔

Polyglot, po'li-glot, *n.* A person who understands many languages; a book of the same text in several languages. کئی زبانوں کا جاننے والا۔ بسیار زبان۔ ہفت زبان۔ کئی زبان میں لکھی ہوئی کتاب۔

Polygon, po'li-gon, *n.* A plane figure of many angles and sides. شکل کثیر الاضلاع۔

Polygonal, po-lig'o-nal, *a.* Of many angles and sides. کثیر الزاویہ۔

Polyhedron, po-li-hē'dron, *n.* A figure containing many sides. کثیر الاضلاع۔

Polysyllable, po'li-sil-a-bl, *n.* A word of many syllables. کئی ہجے کئی زبان کا لفظ۔

Polytheism, po'li-thē-izm, *n.* The doctrine of plurality of gods. بت پرستی۔ کئی دیوتاؤں کی پوجا۔

Pomander, pōm'an-dur, *n.* A scent-ball. خوشبو کی گولی۔ عطریات کی گولی۔

Pomegranate, pŏm'gran-āt, *n.* A well known fruit having the size of an orange. انار۔

Pommel, pum'el, *n.* A knob. گھنڈ۔ گولا۔ The knob on a sword-hilt; a knob on a saddle bow. تلوار کے قبضہ کی گرہ۔ *v.t.* To beat roughly; to punch. مارنا۔ کوٹنا۔ چھیدنا۔

Pomp, pomp, *n.* Display; splendour; a showy procession. طمطراق۔ دھوم دھام۔ شان وشوکت۔

Pomposity, pom-pos'i-ti, *n.* Great show; ostentation. نمائش۔ شیخی۔ شان۔ خود نمائی۔

Pompous, pomp'us, *a.* Showy; splendid; displaying pomp. باشان وشوکت۔ پرشکوہ۔

Pond, pond, *n.* A body of stagnant water. ڈگی۔ حوض۔ تلیا۔

Ponder, pon'dur, *v.t.* To weigh in the mind; to examine; to consider. غور وخوض کرنا۔ فکر کرنا۔ جانچنا۔ خیال کرنا۔

Ponderosity, pon-dur-os'i-ti, *n.* Weight; heaviness. گرانی۔ وزن۔ ثقل۔ بوجھ۔

Ponderous, pon'dur-us, *a.* Massive; weighty; heavy; forcible. بھاری۔ ضروری۔ اہم۔ قوی۔

Poniard, pon'yard, *n.* A small dagger. چھرا۔ خنجر۔ کٹار۔

Pontiff, pon'tif, *n.* A high priest; the pope. بڑا پادری۔ روم کا لاٹ پادری۔

Pony, pō'ni, *n.* A small horse. ٹٹو۔ یابو۔

Poodle, pōō'dl, *n.* A small-dog with long silky hair. چھوٹا کتا جس کے ریشم جیسے بال ہوں۔

Pooh, pōō, *interj.* An exclamation of contempt. لعنت۔ کلمۂ تحقیر۔

Pool, pōōl, *n.* A small body of still water. کنڈ۔ پوکھر۔ تلیا۔ ڈابو۔

Poop, pōōp, *n.* The stern of a ship. جہاز کا سب سے پیچھے کا حصّہ۔

Poor, pōōr, *a.* Needy; paltry; sterile; emaciated; trifling; wretched; meek; humble; worthy of pity. غریب۔ محتاج۔ حقیر۔ اوسر۔ دبلا۔ ناچیز۔ پشیمان۔ بدبخت۔ حلیم۔ مساکین۔ قابل رحم۔ نگوڑا۔ بدنصیب۔

Poorly, pōōr'li, *ad.* Without means; in a poor manner; meanly. مفلسی سے۔ تنگی سے۔
—*a.* Indisposed. علیل۔

Poorness, pōōr'nes, *n.* Poverty; sterility; meanness. غریبی۔ افلاس۔ کم پیداواری۔ خفت۔

Poor-spirited, pōōr-spi'rit-ed, *a.* Cowardly; base. بزدل۔ کمینہ۔

Pop, pop, *n.* A small quick report. تڑاکا۔ دھڑاکا۔ پٹ پٹ۔
v.t. or *i.* To enter in or go out suddenly; to thrust suddenly. یکایک داخل ہونا یا باہر جانا۔ گھسنا۔

Pope, pōp, *n.* The head of the Roman Catholic church. رومی کیتھولک گرجے کا بڑا پادری۔

Popedom, pōp'dum, *n.* The dignity or jurisdiction of the pope. روم کے افسر پادری کا عہدہ۔

Popery, pōp'ur-i, *n.* The doctrines and practices of the Roman Catholic church. روم کے گرجے کا مذہبی اصول۔

Poplar, pop'lur, *n.* A tree of several species. کئی ذات کا ایک درخت۔ چنار۔

Popin, pop'in, *n.* A cloth of silk and worsted. ایک قسم کا ریشمی کپڑا۔ پاپلین۔

Poppy, pop'i, *n.* A narcotic plant. خشخاش۔ پوست۔

Populace, po'pū-lās, *n.* The common people; the mob. عوام الناس۔ خلقت۔ رعایا۔
Syn.—Commonality, mob, rabble, people, crowd, multitude.

Popular, pō'pū-lur, *a.* Pertaining to the public plain; beloved by the people; prevailing. عوام کے متعلق۔ رائج۔ ہردلعزیز۔

Popularise, po'pū-lur-īz, *v.t.* To make suitable and common to the people generally. عام پسند کرنا۔ رواج دینا۔ ہردلعزیز بنانا۔

Popularity, po'pū-la'ri-ti, *n.* Public favour. شہرت۔ ہردلعزیزی۔

Popularly, po'pū-lar-li, *ad.* In a popular manner. عام پسند طور سے۔

Populate, po'pū-lāt, *v.t.* To furnish with inhabitants. آباد کرنا۔ بسانا۔

Population, po-pū-la'shun, *n.* Total number of inhabitants. آبادی۔

Populous, po'pū-lus, *a.* Full of people. آباد۔ خوب بسا ہوا۔

Porcelain, pōr's-lān, *n.* Chinaware. شفاف چینی کے برتن۔

Porch, pōrch, *n.* An entrance to a building; a portico. دہلیز۔ ڈیوڑھی۔ پیش گاہ۔

Porcupine, pōr'kū-pīn, *n.* A small quadruped with erected spines. خارپشت۔ ساہی۔

Pore, pōr, *n.* A minute orifice in the skin; a small hole. مسام۔ سوراخ۔

Pore, pōr, *v.t.* To look steadily and minutely. بغور دیکھنا۔ دیدہ ریزی کرنا۔ مطالعہ میں غرق ہونا۔

Pork, pōrk, *n.* The flesh of swine. سور کا گوشت۔

Porker, pōrk'ur, *n.* A hog. سور۔

Porous, pōr'us, *a.* Full of pours. مسام دار۔

Porphyry, por'fir-i, *n.* A kind of precious stone. سنگ سماق۔

Porpoise, pōr'po-is, *n.* The sea-hog. دریائی سور۔

Porridge, pōr-ij, *n.* A kind of broth. لپسی۔ دلیا۔

Porringer, pō'rin-jur, *n.* A small metallic

vessel for holding porridge. کٹورا۔شوربادان۔تھالی۔

Port, port, *n.* A harbour; an entrance; mien; a kind of wine from Oporto. بندرگاہ۔دروازہ۔چال ڈھال۔پرتگیزی شراب۔

Port, port, *v.t.* To turn to the left. بائیں طرف موڑنا۔

Portable, pōrt'a-bl, *a.* That may be easily carried. ہلکا۔سبک۔اُٹھالے چلنے کے لائق۔

Syn.—Movable, light, handy.

Ant.—Ponderous, weighty.

Portage, pōrt'āj, *n.* Carriage; the price of carriage. اُٹھائی۔کرایہ بار برداری۔

Portal, pōrt'al, *n.* A small gate; the arch over a gate. چھوٹا دروازہ۔پھاٹک پر کی محراب۔

Porte, pōrt, *n.* The Turkish Court. عدالت عثمانیہ۔

Portend, por-tend', *v.t.* To forebode; to augur. پیش گوئی کرنا۔فال کہنا۔کسی امر کا شگون ہونا۔

Portent, por'tent, *n.* A bad omen. فال بد۔منحوس۔بدشگون۔

Portentous, por'tent-us, *a.* Ominous; monstrous. منحوس۔بہت بڑا۔

Porter, pōrt'ur, *n.* A door keeper; one who carries load for hire. دربان۔مزدور۔قلی۔

Portfolio, pōrt-fō'li-ō, *n.* A portable case for loose papers. جزدان۔

Portico, pōr'ti-kō, *n.* Colonnade; a covered space inclosed by columns; a piazza. ستونوں سے گھری لپٹی ہوئی جگہ۔

Portion, pōr'shun, *v.t.* To divide; to endow. تقسیم کرنا۔بانٹنا۔بخشنا۔عطا کرنا۔ *n.* A part; an allotment. حصہ۔قسمت۔بانٹ۔بکھیرا۔

Portliness, pōrt'li-nes, *n.* Stateliness; dignity of personal appearance; corpulence. سج دھج۔جسامت۔مٹاپا۔فربہی۔

Portly, pōrt'li, *a.* Of noble appearance; stately; corpulent. شاندار۔فربہ۔ہاتھلین۔شہیم۔لہیم۔

Portmanteau, port-man'tō, *n.* A leather bag for clothes etc. کپڑوں کے لئے سفری چمڑے کا صندوق۔

Portrait, pōr'trāt, *n.* A picture of a living being. شبیہ۔تصویر۔ Any vivid representation in words. نقشہ۔روشن بیان۔تعریف۔

Portray, pōr-trā, *v.t.* To draw; to describe graphically. تصویر کھینچنا۔بیان کرنا۔

Pose, pōz, *n.* Attitude. وضع۔ڈھنگ۔

v.t. To put a stop to; to puzzle by questioning. بند کر دینا۔سوالوں سے گھبرا دینا۔

Position, pō-zish'un, *n.* Site; attitude; state; social condition. مقام۔موقع۔وضع۔حالت۔درجہ۔حیثیت۔رتبہ۔

Syn.—Station, situation, spot, place, locality, post.

Positive, poz'i-tiv, *a.* Absolute; real; clearly expressed; decisive; confident; dogmatical. تمام۔بالکل۔اصلی۔صریح۔صاف صاف۔قطعی۔یقینی۔محقق۔تفصیل نفسی۔ہٹی۔خود رائے۔ —degree, —opinion, تحقیق رائے۔ To be— as to a fact, یقین جاننا۔

Positively, poz'i-tiv-li, *a.* Directly; certainly; realy. فی الواقع۔یقیناً۔درحقیقت۔

Positiveness, poz'i-tiv-nes, *n.* Reality; full confidence. اصلیت۔یقین۔

Possess, poz'zes', *v.t.* To have as an owner; to seize; to acquire; to accomplish; to have the mastery over. مالک ہونا۔قبضہ کر لینا۔حاصل کرنا۔دخل رکھنا۔تمام کرنا۔مالک ہونا۔سوار یا غالب ہونا۔

What *possessed* you that did such thing. تم پر کیا سوار ہوا کہ تم نے ایسی حرکت کی۔

Possession, poz-zes'shun, *n.* The state of owing; the thing possessed; property. قبضہ۔مال مقبوضہ۔ملک۔مال اسباب۔ملکیت۔ —**is nine points of the law,** القبض دلیل الملک۔ **Forcible—,** قبض بالجبر۔ **Warrant of—,** دخل نامہ۔

Possessive, poz-ze'siv, *a.* Having possession. قابض۔

Possibility, pos'i-bi'li-ti, *n.* The power of being; a contingency. احتمال۔امکان۔امر ممکن۔اتفاق۔

Possible, pos'i-bl, *a.* That may be; that can be done. ممکن۔ہو سکنے والا۔

Possibly, pos'i-bli, *ad.* Perhaps; perchance. شاید۔غالباً۔

Post, pōst, *n.* A pillar; a station; employment; the mail; a sort of writing paper. ستون۔کھمبا۔مقام۔خدمت۔ڈاک۔ایک قسم کا کاغذ۔

—*v.t.* To advertise; to place; to put in the post office. مشتہر کرنا۔متمکن کرنا۔رکھنا۔ڈاکخانہ میں ڈالنا۔

—*v.i.* To travel with speed. جلد چلنا۔

Postage, pōst' aj, *n.* The money paid for the conveyance of letters. ڈاک کا محصول۔

Postal, pos'tal, *a.* Relating to post or the carrying of mails. متعلقہ ڈاک۔

Post-date, pōst-dāt, *v.t.* To date after the real time. اصلی تاریخ کے بعد کی تاریخ لکھنا۔مدت بڑھا کر لکھنا۔

Poster, pōst-ur, *n.* A courier; a placard. قاصد۔اشتہار۔

Posterior, pos-tē'ri-or, *a.* Later; hinder. بعد کا۔موخر۔پچھلا۔پسین۔

Posterity, pos-tē'ri-ti, *n.* Descendants; children. نسل۔اولاد۔لڑکے بالے۔ **To the latest—,** نسلاً بعد نسلاً۔

Postern, pōst'urn, *a.* Behind. پچھلا۔موخر۔

—*n.* Any small door or gate. چھوٹا پھاٹک۔

Postfix, pōst-fiks, *n.* A suffix. جو پیچھے لگایا جاوے۔ *v.t.*

To affix. جوڑنا - پیچھے لگانا۔

Post-haste, pōst'hāst, *a.* With speed. تیز رفتاری سے۔

Posthumous, post'ū-mus, *a.* Born or published after one's decease. بعد وفات پیدا ہوا یا بعد انتقال مصنف چھاپا گیا۔ —child, جو بچہ ماں یا باپ کے مرنے کے بعد ہو۔

Postil, pos'til, *n.* A marginal note; comment. حاشیہ کی شرح۔

Postillion, pos-til'ion, *n.* The rider of a coach horse. گاڑی ہانکنے والا۔
Sofa, sō'fa, *n.* A long, stuffed seat. کُرسی دار نشست گاہ۔ کوچ۔

Soffit, sof'it, *n.* The under part of a lintel or ceiling. سِرول یا چھت کے نیچے کا حصہ۔

Soft, soft, *a.* Not hard; easily yielding; smooth; gentle; mild; pleasing to the eye; kind; malleable. ملائم۔ نرم۔ نازک۔ چکنا۔ صاف۔ دھیما۔ کومل۔ خوشنما۔ ہلکی۔ میٹھی۔ شفیق۔ مہربان۔ گلنے والا۔

A—answer turneth away wrath, زبان شیریں، ملک گیری۔ ملائم جواب غصہ کو دھیما کر دیتا ہے۔

—spoken, speaking gently; affable. شیریں زبان۔ خلیق۔

Soften, sof'n, *v.t.* or *i.* To make or become soft; to mitigate; to palliate. ملائم کرنا یا ہونا۔ کم کرنا۔ گھٹانا۔

Softly, soft'li, *ad.* Gently. آہستہ سے۔ ملائمیت سے۔

Soho, sō-hō', *int.* A sportsman's hollo. شکاری کی آواز۔ سوہو۔ ارے۔

Soil, soil, *v.t.* To make dirty; to defile; to stain; to manure. دھبّہ لگانا۔ ناپاک کرنا۔ گندہ کرنا۔ کھاد یا پانس ڈالنا۔

—, *n.* Dirt. میلا۔ Spot. داغ۔ Stain. دھبّہ۔ Manure. پانس۔ Pollution. نجاست۔ *n.* The upper stratum of the earth; mould; land; manure; country. مٹی۔ چکنی مٹی۔ زمین۔ دھرتی۔ کھاد۔ جنم بھوم۔ زاد بھوم۔

Barren—, بیٹ پڑ۔ اوسر دھرتی۔ Miry, oozy—, کھیلا۔ دلدل۔ Poor—, بودی یا ماڑی دھرتی۔ Rich—, کھتیا بھوم۔ چکنوٹ۔ موتیارہ۔ To take—, کیچڑ میں لوٹنا۔

Sojourn, sō'jurn, *v.t.* To dwell for a time. چند روز کے لئے رہنا۔

—*n.* A temporary residence. چند روز کیلئے قیام۔

Solace, sol'as, *v.t.* To comfort; to console; to allay. خاطرداری کرنا۔ تسلی یا دلاسا دینا۔ آرام دینا۔ *n.* Comfort in grief. تسکین۔ دلاسا۔ Amusement. تفریح۔ دل بہلاؤ۔

Solar, sō'lar, *a.* Relating to or proceeding from the sun. آفتابی۔ سورج کا۔

Solar eclipse. سورج گرہن۔

Solar flowers. پھول جو دن میں مقرّرہ گھنٹوں پر کھلتے اور بند ہوتے ہیں۔

Solar system. نظام شمسی۔

Solar year. سال شمسی۔

Solder, sod'ur, *v.t.* To unite with metallic cement; to mend. جھالنا۔ ٹانکا لگانا۔ سُدھارنا۔ پیوند کاری یا مرمت کرنا۔ *n.* A metallic cement. جھال۔ ٹانکا۔

Soldier, sōl'jur, *n.* One engaged in military service; a brave warrior. سپاہی۔ لشکری۔ بہادر۔

Soldierly, sōl'jur-li, *a.* Brave. سپاہیانہ۔ دلیر۔

Soldiery, sōl'jur-i, *n.* A body of soldiers. لشکر۔ سپاہ۔

Sole, sōl, *n.* The bottom of the foot, shoe or boot. کف پا۔ تلوا۔ جوتے کا تلا۔ A marine flat fish. ایک قسم کی سمندری مچھلی۔ *v.t.* To furnish with a sole. تلا لگانا۔ *a.* Single; alone; unmarried. تنہا۔ اکیلا۔ مجرّد۔

Solecism, sol'ē-sizm, *n.* Imporpriety in language; absurdity. محاورہ کی غلطی۔ بے محاورہ۔ نادرستی۔

Solecist, sol'ē-sist, *n.* One who is guilty of impropriety in language. بے محاورہ گو۔

Solely, sōl'li, *ad.* Singly; alone; only. اکیلے۔ صرف۔ فقط۔

Solemn, sol'em, *a.* Religiously grave; affectedly grave; sacred; formal. سنجیدہ۔ گمبھیر۔ مذہبی۔ پاک۔ رسمی۔

Syn.—Grave, formal, ritual.

Ant.—Gay; merry; light.

Solemnity, sol'em-ni-ti, *n.* A religious ceremony. مذہبی رسم۔ سنجیدگی۔

Solemnization, sol'em-ni-za'shun, *n.* Celebration. مذہبی کام کا انجام۔

Solemnize, sol'em-nīz, *v.t.* To celebrate; to make grave or serious. رسوم ونظام کرنا۔ شہرت دینا۔ رسومات دینی کا انصرام کرنا۔

Solemnly, sol'em-li, *ad.* Gravely. سنجیدگی سے۔

Solfa, sol-fa', *v.t.* To pronounce the note of the gamut. سرگم سادھنا۔ موسیقی سُر نکالنا۔

Solicit, so-lis'it, *v.i.* To ask with earnestness; to try to obtain; to ask. التجا کرنا۔ درخواست کرنا۔ خواہش کرنا۔ مانگنا۔

Syn.—Entreat, supplicate, implore.

Ant.—Claim, exact, require.

Solicitation, so-lis-i-ta'shun, *n.* Earnest request; importunity. استدعا۔ التماس۔ درخواست۔ عرض۔

Solicitor, sō-lis'i-tor, *n.* A law agent or legal adviser. وکیل۔ مختار۔ سالیسیٹر۔

Solicitous, so-lis'it-us, *a.* Anxious; careful. فکرمند۔ آرزومند۔ ہوشیار۔

Solicitude, so-lis'i-tūd, *n.* Uneasiness of mind; anxiety; concern; carefulness. تردد - تعلّش - اضطراب - اندیشہ - فکر - لگاؤ - تعلق - ہوشیاری -

Solid, sol'id, *a.* Not liquid; firm; stable; sound; true healthy; grave. منجمد - سخت - مضبوط - قائم - مسلّم - صحیح - راست - تندرست - سنجیدہ -
—*n.* A firm, compact body. مجسّم یا ٹھوس چیز -

Solidarity, sol-i-dar'i-ti, *n.* A complete union of interest. یک جہتی - یکساں جوابدہی - برابر کی ذمہ واری کا -

Solidify, so-lid'i-fī, *v.t.* To make solid. ٹھوس کرنا - مضبوط کرنا - منجمد کر دینا -

Solidity, so-lid'i-ti, *n.* Firmness; compactness. استواری - مضبوطی - جسمیت - سختی - پائیداری -

Soliloquise, sō-lil'ō-kwīz, *v.i.* To utter a soliloquy. آپ ہی آپ باتیں کرنا -

Soliloquy, sō-lil'ō-kwe, *n.* A recluse. بات چیت جو اپنے آپ سے کی جاوے -

Solitaire, sol-i-tār', *n.* A recluse. عزلت گزیں - خلوت نشین - گوشہ نشین - An ornament for the neck. ایک گلے کا زیور -

Solitary, sol'i-tar-i, *a.* Single; retired; gloomy. اکیلا - تنہا - خلوت گزیں - تیرہ و تاریک -

Solitude, sol'i-tūd, *n.* Loneliness; remoteness from society; a desert. تنہائی - خلوت - ویرانہ -

Solo, sō'lō, *n.* A musical piece for a single voice or instrument. راگ کی لے جو باجے یا آواز سے ہو -

Solstice, sol'stis, *n.* The point in the ecliptic at which the sun is furthest from the equator, north or south; the time of the sun's entering the solstice. راس الجدی - راس السرطان - اُترائن سورج یا دکھناین سورج - سورج کے اُترائن یا دکھناین ہونے کا وقت -

Solubility, sol'ū-bil-i-ti, *n.* Capability of being dissolved. گل جانے کی قابلیت - گلاؤ - تحلیل -

Soluble, so'lū-bl, *a.* Capable of being dissolved. گلنے کے قابل - قابل تحلیل -

Solution, so'lū-shun, *n.* Act of dissolving; removal of a doubt; explanation; disintegration. تحلیل - رفع شک - عقدہ کشائی - توضیح - تشریح - تجزیہ -

Solvable, sol'vā-bl, *a.* That may be solved. حل ہونے کے لائق -

Solve, solv, *v.t.* To clear; to explain; to dissipate. صاف کرنا - حل کرنا - تفریق کرنا -

Solvency, sol'ven-si, *n.* Ability to pay all debts or just claims. ادائے قرضہ کی قابلیت -

Solvent, sol'vent, *a.* Having the power of dissolving; possessing enough to pay all just debts. مقدور والا - قابل ادائے قرضہ -

Sombre, som'bur, *a.* Dark; gloomy; melancholy. تاریک - دھندلا - غمگین -

Some, sum, *a.* More or less; certain; a little. کسیقدر - بعض - تھوڑا - کچھ -

Somebody, sum'bod-i, *n.* A person unknown or uncertain; a person of consideration. کوئی شخص - بڑا آدمی -

Somehow, sum'how, *ad.* In one way or other. کسی طرح سے - کسی صورت سے -

Somersault, } sum'ur-sawlt, } *n.* A leap with
Somerset, } sum'ur-set, } the heels thrown over the head. قلابازی -

Something, sum'thing, *n.* A matter indeterminate. کچھ - تھوڑا - **—or other,** کچھ نہ کچھ - چیزے -

Sometime, sum'tīm, *ad.* Formerly; once; at one time. پہلے - سابق میں - کسی وقت - کبھی -

Sometimes, sum'tīmz, *ad.* Now and then. گاہے گاہے - گاہ گاہ - بعض اوقات - **—or other,** کبھی نہ کبھی - کسی نہ کسی وقت -

Somewhat, sum'hwot, *ad.* In some degree; a little. کسی قدر - قلیل - قدرے -

Somnambulism, som-nam'bu-lizm, *n.* Act or habit of walking in sleep. خواب میں اُٹھ کر چلنے پھرنے کی عادت -

Somnambulist, som-nam'bu-list, *n.* A sleepwalker. جو خواب میں چلتا پھرتا ہو -

Somniferous, som-nif'ur-us, *a.* Causing or inducing sleep. خواب آور - نیند لانے والی -

Son, sun, *n.* A male descendant. لڑکا - بیٹا - خلف - ابن - فرزند - **—in law,** the husband of daughter. داماد -

Sonance, sō'nans, *n.* A sound. آواز - شبد -

Sonant, sō'nant, *n.* Sounding. آواز دار -

Song, song, *n.* A ballad; a poem; a hymn. گیت - غزل - بھجن -

Songster, song'stur, *n.* A singer. گوّیا - مطرب - قوال - گانے والا -

Songstress, song'stres, *n.* A female singer. گانے والی -

Soniferous, son-if'ur-us, *a.* Sounding; producing sound. آواز دینے والا - آواز پیدا کرنیوالا - بجنے والا -

Sonnet, son'et, *n.* A short song or poem of fourteen lines only. چودہ مصرعوں کی غزل یا نظم -

Sonorous, sō-nō'rus, *a.* Giving sound when struck. آواز دار - بلند آواز -

Soon, sōōn, *ad.* In a short time; early; before long; quickly. تھوڑی دیر میں - جلد - ابھی - حال - شتاب - **As—as, so—as,** immediately after. جیوں ہی - فوراً - **Soon at night,** آج ہی رات - اسی رات کو - **—at five o'clock,** پانچ بجتے ہی - ٹھیک پانچ بجتے ہی -

Soot, sōōt, *n.* A black substance disengaged from fuel in the process of combustion. کاجل -
v.t. To cover with soot. کاجل لگانا - کاجل سے کالا کرنا -

Sooth, sōōth, *n.* Truth; reality. حقیقت۔ راستی۔ سچ

Soothe, sōōth, *v.t.* To please with soft words; to flatter; to assuage. میٹھی باتوں سے خوش کرنا۔ چاپلوسی کرنا۔ تسکین دینا۔

Soothsay, sōōth'sa, *v.t.* To predict; to foretell. آگم کہنا۔ پیشین گوئی کرنا۔

Sooth-sayer, sōōth'sa-ur, *n.* A foreteller. پیشین گو۔ فال گو۔

Sooty, sōōt'i, *a.* Covered with soot; dusky; dark. دھوآں دار۔ کالا۔ سیاہ۔

Sop, sop, *n.* Anything steep in liquor; any thing given to pacify. بھگوئی ہوئی چیز۔ جو چیز تسکین کے لئے دی جاوے۔

Sophism, sof'izm, *n.* Fallacious argument or statement. دلیل باطل۔

Sophist, sof'ist, *n.* A captious or fallacious reasoner. منطقی۔ دلیلیا۔

Sophisticate, sof-is'ti-kat, *v.t.* To adulterate; to corrupt. بگاڑنا۔ خراب کرنا۔

Sophistry, sof'is-tri, *n.* Fallacious reasoning. غلط حجت۔ دلیل۔

Soporiferous, sop-or-if'ur-us, *a.* Causing sleep; sleep-inducing; narcotic. منوم۔ خواب آور۔ مسکن۔ خواب انگیز۔

Soporific, sō-pō-rif'ik, *a.* Causing sleep. خواب آور۔ نیند لانے والی۔

—*n.* A medicine which causes sleep. نیند لانے والی دوا۔

Soprano, sō-pra'no, *n.* The highest female voice. عورت کی نہایت بلند آواز۔

Sorcerer, sor'sur-ur, *n.* A conjurer; an enchanter; a magician. جادوگر۔ ساحر۔ افسوں گر۔

Sorceress, sor'sur-es, *n.* Enchantress. جادوگرنی۔ ٹونہی۔ ساحرہ۔

Sorcery, sor'sur-i, *n.* Magic; enchantment; witchcraft. جادو۔ سحر۔ افسوں۔ ٹونا۔ اوجھائی۔

Sorcerous, sor'sur-us, *a.* Containing enchantments. سحر آمیز۔ جادو کا۔

Sordid, sor'did, *a.* Mean; avaricious; niggardly; dirty. کمینہ۔ بخیل۔ تنگ دل۔ غلیظ۔

Sordidness, sor'did-nes, *n.* Meanness; baseness. کمینہ پن۔ نجاست۔ غلاظت۔

Sore, sōr, *n.* A place where the skin and flesh are bruised; an ulcer; grief. قرحہ۔ زخم۔ ناسور۔ پھوڑا۔ گھاؤ۔ رنج۔ غم۔

—*a.* Tender; easily vexed; painful. نازک۔ زود رنج۔ پُر درد۔

—*ad.* Greatly, grievously. بہت۔ نہایت۔ بشدت۔

Sorely, sōr'li, *ad.* Grievously; greatly; severely. نہایت درد سے۔ سختی سے۔ شدت سے۔

Sororicide, sor-or'i-sid, *n.* The murder or murderer of a sister. قتل یا قاتل ہمشیرہ۔ بہن کا مار ڈالنے والا۔

Sorrel, sor'el, *a.* Of a reddish brown colour. سُرخی مائل۔

Sorrow, sor'ō, *n.* Uneasiness or pain of mind produced by a sense of loss; grief; regret. افسوس۔ رنج۔ غم۔ پچھتاوا۔

Sorrowful, sor'ō-fool, *a.* Full of sorrow; sad; mournful. غمگین۔ اُداس۔ ملول۔ دلگیر۔ مغموم۔ رنجا در۔

Sorrowfully, sor'ō-fool-li, *ad.* In a sorrowful manner. رنجیدگی سے۔ افسوس سے۔

Sorry, sor'i, *a.* Grieved for the loss of some goods; melancholy; poor; worthless. رنجیدہ۔ دلگیر۔ غم آلود۔ متفکر۔ ناچیز۔ بے حقیقت۔ He cut a sorry figure, اس نے اپنی بے قدری کروائی۔

Sort, sort, *n.* A kind or species; manner. قسم۔ طور۔ رقم۔ قرینہ۔ ڈھنگ۔

Out of *sorts*, out of order; unwell. بے ترتیب۔ علیل۔ اُداس۔

—*v.t.* or *i.* To separate into classes; to arrange; to select; to consort; to fit. قسم وار جدا کرنا۔ ترتیب دینا۔ چننا۔ جوڑا کرنا۔ میل ملانا۔

Sortable, sort'a-bl, *a.* Such as can be sorted; suitable. قسم وار جدا ہونے کے لایق۔ مناسب۔

Sortie, sor'te, *n.* A sally of troops from a besieged place. محصور مقام سے دھاوا یا خروج۔

Sortilege, sort'i-lej, *n.* Divination by lot. قرعہ اندازی۔ قرعہ اندازی کے ذریعہ سے پیشین گوئی۔

So-so, sō'sō, *a.* Passable; middling; tolerable. ایسا ویسا۔ بہت اچھا نہیں۔ واجبی۔ میانہ۔

Sot, sot, *n.* A habitual drunkard. نشہ باز۔ دائم الخمر۔

Sottish, sot'tish, *a.* Dull; stupid; intemperate. بیوقوف۔ مدہوش۔ نشہ باز۔ احمق۔ سرشار۔

Sough, suf, *n.* A subterranean drain. [illegible]

v.t. To whistle (applied to the wind) سرسرانا۔ سائیں سائیں کرنا۔

Soul, sōl, *n.* The immaterial, immortal spirit of man; heart; a person; mind; intellect. روح۔ جان۔ آتما۔ دل۔ شخص۔ طبیعت۔ عقل۔

Soulless, sōl'les, *a.* Having no soul; devoid of human feeling. بے روح۔ بے جان۔ کم ہمت۔ بے حوصلہ۔ دون ہمت۔

Sound, sownd, *a.* Whole; healthy; correct; weighty; orthodox. پورا۔ تندرست۔ معقول۔ درست۔ صادق۔

Soundly, sownd'li, *ad.* Thoroughly. [illegible] سے۔ Firmly. مضبوطی سے۔ Healthily. [illegible]

Soup, sōōp, *n.* A decoction of flesh, vegetables, etc. شوربا۔ یخنی۔

Sour, sowr, *a.* Acid; pungent; peevish. [illegible]

زرد و رنج - ناگوار - تلخ - A—countenance,
ترش رو - ترش مزاج - v.t. or i. To make or become acid or peevish. ترش کرنا - ترش ہونا -
ترشرو کرنا - بدمزاج کرنا - بدمزاج ہونا -

Source, sōrs, *n.* Spring; fountain; original; first cause. منبع - چشمہ - اصل - مبدا -

Sourness, sor'nes, *n.* Acidity; ill-temper. ترشی - تلخی - بدمزاجی -

Souce, sows, *v.t.* or *i.* To plunge into water; to steep in pickle; to fall suddenly. پانی میں ڈبونا - اچار میں ڈالنا - یکایک گر پڑنا - پل پڑنا -
—*n.* Pickle made with salt; a plunge in water. غوطہ - ڈبکی -

South, sowth, *n.* One of the four points of the compass. دکن - جنوب -
—*a.* Lying towards the south. دکنی - جنوبی -
—*ad.* Towards the south. جانب جنوب - دکن کی طرف -
South-east, the points of compass equally distant from the south and the east. گوشہ جنوب و مشرق -
South-west. گوشہ جنوب و مغرب - نیرت کون -

Southern, suth'urn, *a.* Belonging to the south. جنوبی - دکنی -

Souvenir, sōō've-ner, *n.* Remembrancer; a keepsake. یادگار - نشانی -

Sovereign, suv'ran, *a.* Supreme in power; chief; predominant. اعلیٰ - عظیم - مطلق - بالاتر - برتر ہیں -

Sovereign, suv'ran, *n.* A supreme ruler; a gold coin of England equal to 20s. بادشاہ - فرمانروا - پاؤنڈ - انگلینڈ کا سونے کا سکہ برابر ۲۰ شلنگ کے -

Sovereignty, suv'ran-ti, *n.* Supremacy; dominion. فوقیت - سروری - بادشاہت - شہنشاہی - فرمانروائی - عمل - قلمرو - راج -
Syn.—Kingdom, empire, dominion.

Sôw, sow, *n.* A female swine. سورنی - مادہ خوک -

Sow, sō, *v.t.* or *i.* To scatter as seed for growth; to spread. تخم ریزی کرنا - بونا - پھیلانا -
To sow dissension. فساد کا بیج بونا -

Spa, spa, *n.* A spring of mineral water. فلز آمیز پانی کا چشمہ -

Space, spas, *n.* Distance; room; interval. فاصلہ - جگہ - کشادگی - وقفہ - اثنائے - عرصہ -
—*v.t.* To arrange intervals between. برابر فاصلہ پر لگانا -

Spacious, spa'shus, *a.* Extensive; ample; wide. کشادہ - فراخ - وسیع - چوڑا -
Syn.—Ample, capacious.
Ant.—Limited, restricted.

Spade, spad, *n.* A shovel for digging. بیلچہ - کدال - پھاوڑا - A suit of cards. اینٹ کا رنگ -

To call a—a—, to call things by their proper names. چیزوں کا ٹھیک ٹھیک نام لینا -
v.t. To dig with a spade. پھاوڑے سے کھودنا -

Span, span, *n.* Nine inches; the space from the end of the thumb to the end of the little finger when extended; spread of an arch; any short duration. ۹ انچ - بالشت - محراب کی چوڑائی - وقفہ - تھوڑا عرصہ -

Span, span, *v.t.* To measure with span; to arch over. بالشت سے ناپنا - محراب لگانا -

Spangle, spang'gl, *n.* Anything sparkling and shining. چمکتی ہوئی چیز - ستارہ -
—*v.t.* To set with stars; to glitter. ستارے جڑنا - چمچمانا -

Spaniel, span'yel, *n.* A sporting dog. شکاری کتا - A fawning person. خوشامدی شخص - *a.* Fawning. چاپلوس - خوشامدی -

Spanish, span'ish, *n.* The language of Spain. اسپین کی زبان -
—*a.* Relating to Spain. اسپین کے متعلق -

Spank, spangk, *v.t.* To strike with the open hand. کھلے ہوئے ہاتھ سے مارنا - طمانچہ مارنا -

Span-new, span'nū, *a.* Brand-new; quite new. بالکل نیا - کورا - تہ ورز -

Spar, spar, *n.* A long piece of timber. دھنی - A mast. مستول - Bar of a gate. بینڈا -
v.i. To fight with fists; to box. گھونسہ بازی کرنا - لڑنا - مکے چلانا -

Spare, spar, *v.t.* or *i.* To save; to withhold; to give up; to treat; to be frugal. بچانا - باز رہنا - چھوڑنا - جزرسی سے خرچ کرنا - بچانا - شفقت کرنا - کفایت کرنا - دے سکنا - قرض دے سکنا - To—the rod, چھڑی کو کام میں نہ لانا - ضرورت پر سزا نہ دینا - *a.* Frugal; scanty; lean. جزرس - قلیل - دبلا -

Sparing, spar'ing, *a.* Thrifty. کفایت شعار -

Sparingly, spar'ing-li, *ad.* Frugally; not lavishly. کفایت سے - فضول خرچی کے ساتھ نہیں -

Spark, spark, *n.* A particle of fire; a gay man; a lover. چنگاری - چھیلا - عاشق - یار - عاشق تن -

Sparkle, spark'l, *n.* A little spark; lustre. نور - چنگاری - چمک - *v.i.* To emit sparks; to glitter. چنگاری چھوڑنا - چمکنا -

Sparkling, spark'ling, *a.* Emitting sparks; lively; shining. نور افشاں - چنگاریاں چھوڑنے والا - شور افشاں - خوش - فرخ افزا - چمکتا ہوا -

Sparrow, spar'ō, *n.* A small familiar bird. گوریا - گنجشک -

Sparse, spars, *a.* Thin; scattered. پھیلا ہوا - تتر بتر -

Spartan, spar'tan, *a.* Pertaining to Sparta. اسپارٹا کے متعلق - Hardy; brave. قوی - سخت - دلیر -

Spasm, spazm, *n.* An involuntary contraction of

muscles; a sudden fit or effort. تشنج - مروڑ۔
اینٹھن۔

Spasmodic, spaz-mod'ik, *a.* Conclusive. اینٹھن کا۔ تشنجی۔

Spatter, spat'ur, *v.t.* To sprinkle with water, mud, etc.; to defame; to soil. پانی کیچڑ وغیرہ ڈالنا۔ بدنام کرنا۔ عیب لگانا۔

Spavin, spav'in, *n.* A disease in horses. ہڈا۔ موتھڑا۔ گھوڑوں کی بیماری۔

Spawn, spawn, *n.* The eggs of fishes or of frogs. مچھلی یا مینڈکوں کے انڈے۔

Spawner, spawn'ur, *n.* A female fish. مادہ مچھلی۔

Spay, spa, *v.t.* or *i.* To castrate as a female beast. مادہ کو خصی کرنا۔

Speak, spek, *v.t.* or *i.* To talk; to say; to utter words; to pronounce; to converse. بولنا۔ کہنا۔ کلام کرنا۔ تلفظ کرنا۔ بات چیت کرنا۔

To speak for, to argue in favour of. موافق بحث کرنا۔ طرفداری کرنا۔ سفارش کرنا۔

To speak out, to speak louder; to speak unreservedly. زور سے بولنا۔ کہہ اٹھنا۔ صاف صاف کہہ دینا۔

To speak up, to express one's thoughts freely. صاف صاف یا کھول کر کہہ دینا۔

To speak well for, to be a favourable indication of. اچھی علامت ہونا۔ دلیل ہونا۔

Speak when you are spoken to, come when you are called. پوچھیں جب بولیئے۔ بلاویں جب جاویئے۔

To speak one fair. کسی کا ذکر خیر کرنا۔

To speak comfort. تسلی دینا۔

To speak daggers. براق ولدوز باتیں سنانا۔

Speaker, spek'ur, *n.* One who speaks. بولنے والا۔ متکلم۔

Spear, sper, *n.* A long pointed weapon; a lance. برچھی۔ نیزہ۔
—*v.t.* To kill with a spear. بھالا مارنا۔ نیزہ سے ڈالنا۔

Spearman, sper'man, *n.* One armed with spear. بلم بردار۔ نیزہ بردار۔

Special, spesh'al, *a.* Particular; uncommon; appropriate. خاص۔ عجیب۔ مخصوص۔

Speciality, spesh-i-al'ti, *n.* A particular case. خصوصیت۔ تخصیص۔

Specially, spesh'al-li, *a.* Particularly; chiefly. خصوصاً۔ خاصکر۔

Specie, spe'shi, *n.* Coined money. روکڑ۔ نقد۔ زر نقد۔ سکہ۔

Species, spe'shez, *n.* Kind; sort; class. قسم۔ جنس۔ ذات۔ درجہ۔

Specific, spes-if'ik, *a.* Distinguishing one from another; particular; definite. ذاتی۔ قسمی۔ خاص۔ مخصوص۔ (Med.) خاص مرض کی۔
n. An efficacious medicine. مخصوص دوا۔ تیر بحدف۔ لٹکا۔ حکمی دوا۔

Specification, spes'i-fi-ka'shun, *n.* Act of specifying; thing specified. تفصیل۔ تصریح۔ تشخیص۔

Specify, spes'i-fi, *v.t.* To mention particularly. خصوصیت کرنا۔ تصریح کرنا۔ بیان کرنا۔ تفصیل وار کہنا۔

Specimen, spes'i-men, *n.* Sample; pattern. مثال۔ نمونہ۔ بانگی۔

Specious, spe'shus, *a.* Obvious; showy; pleasing; colourable; plausible. ظاہری۔ خوشنما۔ نمائشی۔ دھوکے کا۔ ملبوس۔

Speck, spek, *n.* A small stain; a spot. داغ۔ دھبہ۔ —*v.t.* To spot. داغی کرنا۔ دھبہ ڈالنا۔ چتی دار کرنا۔

Speckle, spek'l, *n.* A small speck. داغ۔ چتی۔
v.t. To mark with small spots. داغ دار کرنا۔ چتی ڈالنا۔

Spectacle, spek'ta-kl, *n.* A show; a public exhibition. نمائش۔ تماشہ۔ سوانگ۔
—*n. pl.* An optical instrument to assist the sight. عینک۔ چشمہ۔

Spectator, spek-ta'tor, *n.* A looker on; a beholder. دیکھنے والا۔ تماشائی۔

Spectral, spek'tral, *a.* Pertaining to a spectre; ghostly. آسیب سے تعلق رکھنے والا۔ آسیبی۔

Spectre, spek'tur, *n.* An apparition; a ghost. سایہ۔ بھوت۔ پریت۔ آسیب۔

Spectrum, spek'trum, *n.* A visible form; an image presented to the eyes after removing them from a bright or coloured object. صورت جو آنکھ کو روشنی سے پھیرنے کے بعد نظر آئے۔

Speculate, spek'u-lat, *v.i.* To meditate; to purchase in expectation of a rise in value. خیال کرنا۔ تصور کرنا۔ امید پر سوداگری کرنا۔

Speculation, spe-ku-la'shun, *n.* The act of speculating; mental view. خیال۔ تصور۔ منصوبہ۔ mercantile transaction. تجارت بہ امید منفعت۔
Syn.—Contemplation, theory, scheme, conjecture.
Ant.—Fact, proof, truth.

Speculative, spek'u-la-tiv, *a.* Contemplative; theoretical. متفکر۔ خیالی۔ غیر مصدق۔

Speculum, spek'u-lum, *n.* A mirror or looking glass; a reflector of polished metal. آئینہ۔ درپن۔

Speech, spech, *n.* A particular language; a formal discourse; oration. بولی۔ تقریر۔ کلام۔ بیان۔ بول چال۔ گفتگو۔

Speech is the picture of the mind. کلام دل کی تصویر ہے۔

Speechless, spech'les, *a.* Deprived of speech;

mute. بے سخن ۔ بے زبان ۔ گونگا۔

Speed, spēd, *n.* Quickness; haste; despatch. تیزی ۔ جلدی ۔ پھرتی۔ *v.t.* or *i.* To hasten; to prosper; to despatch; to aid. جلدی کرنا ۔ سرسبز کرنا ۔ جلد بھیج دینا ۔ مدد کرنا۔

Speedy, spēd'i, *a.* Quick; swift; nimble. تیز ۔ پھرتیلا ۔ چالاک ۔ چنچل۔

Spell, spel, *n.* A story or table; a charm; a brief period; a change of work. افسانہ ۔ قصہ ۔ سحر ۔ جادو ۔ عرصہ قلیل ۔ کام کی باری ۔ بدلی۔ —*v.t.* or *i.* To tell or name the letters of; to take a turn at work; to charm. ہجے کرنا ۔ باری سے کام کرنا ۔ سحر کرنا ۔ جادو کرنا۔

Spell-bound, spel'bownd, *a.* Bound as by a spell. جادو سے بندھا ہوا۔

Spelling, spel'ing, *n.* Act of naming the letters of a word. ہجے۔

Spelt, spelt, *n.* A species of wheat cultivated in Germany. ایک قسم کا جرمنی کا اناج ۔ چمن یا گھٹیا گیہوں۔

Spelter, spel'tur, *n.* Zinc. غیر خالص جست۔

Spence, spens, *n.* The place where provisions are kept. غلہ خانہ ۔ نعمت خانہ ۔ بھنڈار۔

Spencer, spens'ur, *n.* A kind of short coat worn by females. صدری ۔ فتوحی۔

Spend, spend, *v.t.* or *i.* To lay out; to consume; to waste; to expend. خرچ کرنا ۔ صرف کرنا ۔ تلف کرنا ۔ اڑا دینا ۔ خرچ کر ڈالنا۔ **Spend not where you may save, spare not where you must spend**, اٹھاؤ نہیں جہاں بچا سکو ۔ جہاں اٹھانا چاہیے وہاں بچاؤ مت۔

Spendthrift, spend'thrift, *n.* A prodigal. فضول خرچ ۔ اڑاؤ ۔ مسرف۔

Sperm, spurm, *n.* Animal seed. منی ۔ نطفہ ۔ دھات۔ Spawn of fishes or frogs; spermaceti. مچھلی یا مینڈکوں کے انڈے ۔ دریائی جانور کے سر کا تیل ۔ بیرج۔

Spermaceti, sper-ma-set'i, *n.* A fatty substance obtained from the head of whales. ویل مچھلی کے سر کا تیل۔

Spew, spū, *v.t.* To vomit; to eject. قے کرنا ۔ رد کرنا۔

Sphere, sfēr, *n.* A globe; an orb; circuit; province; post. کرہ ۔ گولا ۔ دائرہ ۔ صوبہ ۔ جگہ۔

Spherical, sfer'ik-al, *a.* Globular; round. کروی ۔ گول ۔ مدوّر۔

Sphericity, sfe-ris'i-ti, *n.* Roundness; globosity. گولائی ۔ کرویت۔

Spheroid, sfē'roid, *n.* A body nearly resembling a sphere. شکل قریباً مدوّر۔

Spherule, sfer'ūl, *n.* A little sphere or globe. چھوٹا کرہ ۔ چھوٹی گولی۔

Sphinx, sfingks, *n.* A fabulous monster with the body of a lion and the face of a virgin. ایک خیالی جانور جس کا بدن مثل شیر کے اور چہرہ مثل عورت کے ہے۔

Spice, spīs, *n.* An aromatic substance; a spice. مصالحہ ۔ نمونہ۔ —*v.t.* To season with spice. مصالحہ دار کرنا۔

Spicery, spī'sur-i, *n.* Spices collectively. گرم مصالح ۔ بکرانہ۔

Spicule, spik'ūl, *n.* A small spike. کیلی۔

Spicy, spī'si, *a.* Abounding with spices; fragrant; pungent; showy. مصالحہ دار ۔ خوشبودار ۔ تیز ۔ نمائشی۔

Spider, spī'dur, *n.* A web-spinning insect. عنکبوت ۔ مکڑی۔

Spike, spīk, *n.* An ear of corn or grain. خوشہ ۔ بال۔ A large nail. میخ ۔ کیلا۔

Spike, spīk, *v.t.* To fasten with a spike. میخ ٹھوکنا ۔ جڑنا۔

Spikenard, spīk'nard, *n.* A highly aromatic plant. جٹا ماسی۔

Spiky, spī'ki, *a.* Having a sharp point or points. نوکیلا ۔ نوکدار۔

Spile, spīl, *n.* A small peg or wooden pin. لکڑی کی کھونٹی۔

Spill, spil, *v.t.* or *i.* To suffer to fall or run of a vessel; to shed; to be shed; to run over. گرا دینا یا چھلکانا ۔ ڈھلکانا ۔ ڈھلنا ۔ چھلکنا ۔ بہنا۔

Spin, spin, *v.t.* or *i.* To draw out and twist into threads; to twirl. کاتنا ۔ گھمانا یا گھومنا۔ To —**a yarn**, to tell a long story. لمبی کہانی کہنا ۔ گتھا کہنا ۔ لمبی چوڑی ہانکنا۔

Spinage, spin'āj, *n.* A garden plant. ایک قسم کی نباتات ۔ پالک۔

Spinal, spīn'al, *a.* Belonging to the back-bone. ریڑھ کا۔

Spindle, spin'dl, *n.* The pin used in spinning; the fusee of a watch. تکلا ۔ تکوا ۔ گھڑی کا ایک پرزہ۔

Spine, spīn, *n.* The back-bone; a large thorn. صلب ۔ ریڑھ ۔ خار ۔ سول۔

Spiniferous, spin-if'ur-us, *a.* Thorny. کٹیلا ۔ خاردار۔

Spinner, spin'nur, *n.* One who spins; a spider. کاتنے والا ۔ مکڑی۔

Spinous, spī'nus, *a.* Full of thorns; thorny. کٹیلا ۔ خاردار۔

Spinster, spin'stur, *n.* A woman who spins; an unmarried woman. کاتنے والی عورت ۔ دوشیزہ۔

Spiny, spī'ni, *a.* Thorny. خاردار ۔ کٹیلا۔ Perplexed. پریشان۔

Spiracle, spir'a-kl, *n.* A breathing hole; a small aperture. دم لینے کا سوراخ ۔ سوراخ۔

Spiral, spi'ral, *a.* Winding like a screw. پیچان۔ پیچدار۔

Spire, spīr, *n.* A winding line like the threads of a screw; a curl; a twist; a steeple; a blade of grass. لپیٹ۔ پیچ۔ مینار۔ گھاس کا پتّا۔

Spirit, spir'it, *n.* Breath; the soul. دم۔ جان۔ روح۔ A ghost. بھوت۔ آسیب۔ Animation. جان۔ Vivacity. زندہ دلی۔ Enthusiasm; courage. جوش۔ سرگرمی۔ دلیری۔ Good humour. مزاج۔ طبیعت۔ The essential part of anything; essence. جوہر۔ ست۔ ہیر۔ Real meaning. اصلی معنی۔ A distilled liquor. شراب۔ عرق۔ **To pluck-up spirits,** ہمت باندھنا۔ ڈھارس باندھنا۔ **To lose—,** ہمت ہارنا۔

Syn.—1. Apparition, phantom, spectre,
2. Liviliness, warmth, glow,
3. Earnestness, ardour, enthusiasm, zeal.

—, *v.t.* To animate; to excite; to encourage. ہمت بڑھانا۔ جرأت دینا۔ To kidnap. پھسلانا۔

Spiritual, spir'it-ū-al, *a.* Not material; incorporeal; mental; religious; pertaining to the moral feelings. روحانی۔ غیر جسمانی۔ نفسانی۔ باطنی۔ دینی۔ مذہبی۔ پاک صاف۔

Spiritualism, spir'it-ū-al-izm, *n.* Spiritual character; the doctrine of the existence of spirit distinct from matter; belief that deceased persons can be communicated with a spiritual medium. روحانی خاصیت۔ یہ اصول کہ روح کا وجود مادی اشیاء سے علیحدہ ہے۔ روحانی ذریعہ سے مردوں سے بات چیت کر سکنے کا عقیدہ۔

Spirituality, spir-it-ū-al'i-ti, *n.* An ecclesiastical body. دینی جماعت۔

Spiritualize, spir'it-ū-al-īz, *v.t.* To render spiritual. روحانی بنانا۔ لطیف بنانا۔

Spirt, spurt, *v.t.* To throw out in a stream. فوارہ نکالنا۔ پھوہار نکالنا۔ کلی کرنا۔ *n.* Sudden ejection. پھوہار۔

Spiry, spī'ri, *a.* Spiral; pyramidal. پیچدار۔ بشکل مینار۔

Spissated, spis'a-ted, *a.* Thickened. موٹا۔ گاڑھا۔

Spissitude, spis'i-tūd, *n.* Thickness of soft substance. گاڑھاپن۔

Spit, spit, *n.* A pointed iron prong or bar on which meat is roasted. سیخ۔ سیخچہ۔ Saliva. تھوک۔ *v.t.* or *i.* To put upon a spit. سیخ میں گودنا۔ To throw out saliva from the mouth. تھوکنا۔

Spite, spīt, *n.* Malice; rancour; hatred. بغض۔ کینہ۔ عداوت۔ *In spite of,* in defiance of; notwithstand. بخلاف۔ باوجود۔ تسپر بھی۔

Spiteful, spīt'fool, *a.* Full of spite; melicious. پرکینہ۔ کینہ ور۔

Spitfire, spit'fīr, *n.* An irascible person. غصّہ ور آدمی۔

Spittle, spit'tl, *n.* Saliva; moisture of the mouth. تھوک۔ رال۔ لعاب۔

Spittoon, spit-tōōn', *n.* A vessel to receive spittle. پیکدان۔ اُگالدان۔

Splash, splash, *v.t.* or *i.* To spatter with water or mud; to strike and dash about water. پانی یا کیچڑ کی چھینٹیں ڈالنا۔ چھینٹیں اڑانا۔

Splashy, splash'i, *a.* Wet; dirty. کیچڑ بھرا۔ میلا۔

Splay, splā, *a.* Spread; turned outward. پھیلا ہُوا۔ باہر کی طرف جھکا ہُوا۔

Splay-footed, splā'foot'ed, *a.* Having the foot turned outward. جسکے پیر باہر کی طرف پھرے ہوئے ہوں۔

Spleen, splēn, *n.* The milt; anger; ill-humour; melancholy. غصّہ۔ غضب۔ ملال۔

Spleeny, splēn'i, *a.* Angry; peevish; melancholy. غصّہ ور۔ تندخو۔ چڑچڑا۔ ملول۔ رنجیدہ۔

Splendent, splen'dent, *a.* Shining; bright; illustrious. منوّر۔ روشن۔ تاباں۔

Splendid, splen'did, *a.* Shining; magnificent; illustrious. منوّر۔ روشن۔ عالیشان۔ عظیم الشّان۔ دھوم دھام کا۔

Splendour, splen'dur, *n.* Great brightness; magnificence; pomp. روشنی۔ جلوہ۔ شان و شوکت۔ رونق۔

Splenetic, splēn'e-tik, *a.* Peevish; gloomy; angry. تنگ مزاج۔ زود رنج۔ *n.* A person affected with spleen. تلی کا مریض۔

Splice, splīs, *v.t.* To join together the ends of a rope. دو رسیوں کو بغیر گانٹھ دیئے جوڑنا۔ سانٹنا۔ جوڑنے کی ترکیب۔ *To splice the main brace.* پانی کرنا۔ نشہ ...

Splint, splint, *n.* A thin piece of wood to hold broken bone when set. کھپاچ۔ *v.t.* To fasten with splints. کھپاچ باندھنا۔

Splinter, splint'ur, *n.* A thin piece of wood. کرچ۔ کھپاچ۔ پھچٹی۔

Split, split, *v.t.* or *i.* To divide lengthwise; to rend; to burst. پھاڑنا۔ جدا کرنا۔ پھٹ جانا۔ چیرنا۔ **To—** hairs, to be too critical. موشگافی کرنا۔ باریک بینی کرنا۔ بال کی کھال کھینچنا۔ **To—upon,** to divulge a secret. راز فاش کرنا۔ **To—on** a rock, ... مہلک غلطی کر بیٹھنا۔ ... **To make all—,** ... اور مقاصد تلف کر بیٹھنا۔ ... شور مچانا۔ *n.* Fissure; separation. چیر۔ جدائی۔ شگاف۔ ...

Splutter, splut'ur, *n.* A bustle; ...

رول چول - نغل غپاڑہ -
—*v.i.* To speak hastily and confusedly جلد جلد اور بے ٹھکانے بولنا -

Spoil, spoil, *v.t.* or *i.* To plunder; to vitiate; to ruin; to decay. لوٹنا - غارت کرنا - بگاڑنا - خراب کرنا - برباد کرنا - بوسیدہ کرنا - سڑنا - **You must—before you spin,** آدمی کچھ کھو ہی کے سیکھتا ہے - *n.* Pillage; robbery; corruption. لوٹ - غنیمت - تاراج - ڈکیتی - بربادی - ابتری -

Spoke, spōk, *n.* The radius of a wheel; the round of a ladder. پہیئے کا آرا - سیڑھی کا ڈنڈا - آڑ - *To put a spoke in one's wheel.* چلتی گاڑی میں روڑا اٹھانا - کسی کے کام میں معترض ہونا -

Spokesman, spōks'man, *n.* One who speaks for another. جو دوسرے کی طرف سے بولے - عرض بیگی -

Spoliation, spō-li-ā'shun, *n.* Plunder; pillage لوٹ - ڈاکہ - غارتگری -

Spondee, spon'dē, *n.* A poetic foot of two long syllables. دو رکن کا ایک وزن -

Sponge, spunj, *n.* A soft porous marine substance. اسپنج یا اسفنج - مسوا - بادل - A mean sycophant. خوشامدی ٹٹو - ٹکڑ خور - طفیلیا - لقمہ جو - **To throw up the—,** ہار مان لینا - **Sponge cake,** اندرسہ - کھیلا - *v.t.* To cleanse with a sponge. اسپنج سے صاف کرنا - To live by mean arts. حقیر وسیلوں سے زندگی بسر کرنا -

Spongy, sponj'i, *a.* Of an easily compressible texture. نرم - پلپلا -

Sponsor, spon'sur, *n.* A godfather; a surety. دھرم باپ - فعل ضامن - ضامن -

Spontaneity, spon-ta-nē'it-i, *n.* Voluntariness; willingness. خود اختیاری - رضامندی - خود متحرکی -

Spontaneous, spon-tā'ne-us, *a.* Of one's own free will; voluntary. اختیاری - منمانی - طبع زاد - خودرو -

Spool, spōōl, *n.* A hollow cylinder used by weavers, etc. جولاہوں کی چرخی - ٹیرن - پونیا - —*v.i.* To wind on spools. چرخی پر چڑھانا -

Spoon, spōōn, *n.* A small ladle for taking up liquids. چمچ - کھرپا - ڈوئی - A soft simple fellow. ساده لوح - **—meat,** پتلا کھانا - پیسی - ہریرا -

Spoonful, spōōn'fool, *n.* The quantity which a spoon is able to contain. چمچہ بھر -

Spoony, spōōn'i, *a.* Simple; silly; being in love. سادہ لوح - بیوقوف - عاشق -

Sport, spōrt, *n.* Pastime. کھیل - Mirth. تفریح - ہنسی - Fun. تماشا - Mockery. مذاق - چہل - Hunting. شکار - **In—,** ٹھٹھا - مذاق میں - *v.t.* or *i.* To divert; to play; to make merry; to exhibit. خوش کرنا - کلول کرنا - کھیلنا - ہنسی ٹھٹھا کرنا - نمائش کرنا -

Sportive, spōrt'iv, *a.* Gay; merry; playful. خوش طبع - بشاش - کھلاڑی - زندہ دل -

Sportsman, spōrts'man, *n.* One who pursues field-sports. شکاری -

Spot, spot, *n.* A stain; a place; disgrace. دھبہ - داغ - جگہ - مقام - بدنامی - کلنک - *Upon the spot,* immediately. وہیں - اسی جگہ - فی الفور - —*v.t.* To stain; to mark; to tarnish. دھبہ ڈالنا - نشان ڈالنا - کلنک لگانا -

Spotless, spot'les, *a.* Free from stain or impurity; pure; immaculate. بے داغ - صاف - پاک -

Spotty, spot'ti, *a.* Full of spots. دھبہ دار - داغ دار -

Spousal, spowz'al, *a.* Nuptial; bridal; conjugal. نکاح کا - شادی کا - بیاہ کا - متعلق بہ شوہر و زوجہ - *n.* Marriage. شادی - بیاہ - نکاح -

Spouse, spowz, *n.* A husband or wife. خصم یا جورو -

Spout, spowt, *n.* A pipe; a projecting mouth of a vessel; water spout. نل - ٹونٹی - پانی جو سمندر میں فوارہ کی طرح اٹھتا ہے - —*v.t.* To issue out of a narrow orifice. فوارہ کی طرح پانی چھوڑنا - اچھلنا -

Sprain, sprān, *n.* A violent strain of the muscles or ligaments of a joint without dislocation. مروڑ - موچ - مڑک - —*v.t.* To overstrain the ligaments of joint. مروڑنا - موڑنا - موچ کھلانا -

Sprat, sprat, *n.* A small fish of the herring family. ایک قسم کی چھوٹی بحری مچھلی -

Sprawl, sprawl, *v.i.* To lie with the limbs stretched out; to spread irregularly. ہاتھ پاؤں پھیلا کر لیٹ جانا - چت پڑنا - بکھیرنا -

Spray, sprā, *n.* A small shoot or branch. ٹہنی - بہر - شاخ - جھونرا - سنٹی - The foam of the sea. سمندر کا پھین -

Spread, spred, *v.t.* or *i.* To extend in all directions; to unfurl; to divulge. پھیلنا - پھیلانا - بڑھانا - بچھانا - تاننا - کھولنا - مشہور کرنا - **To—about,** to publish. مشتہر کرنا - To diffuse. پھیلانا - To disperse. پراگندہ کرنا - **To—like wildfire,** to get abroad in no time. آناً فاناً پھیل جانا - **Spread the table, and contention will cease,** دسترخوان بچھا جھگڑا مٹا - *n.* Extent; expansion. وسعت - پھیلاؤ -

Spree, sprē, *n.* Frolic; noisy merriments; a carousal. ناچ کود - جشن - مے نوشی -

Sprig, sprig, *n.* A small branch; a twig. ٹہنی - شاخ -

Sprightful, sprīt'fool, *a.* Lively; brisk; gay. خوش طبع - چست - خرم - زندہ دل -

Sprightly, sprīt'li, *a.* Brisk; lively; active. چالاک

خوش طبع - زندہ دل - تیز - چُست -

Spring, spring, *v.t.* or *i.* To help; to issue; to arise; to start; to shoot upon; to grow; to thrive; to fly back; to produce quickly; to fire as a mine; to burst; to split. - اُچھلنا - کودنا - نکلنا - پھوٹنا - اُٹھنا - چونک پڑنا - اُگنا - نمود ہونا - سرسبز ہونا - نکالنا - پیدا کرنا - اُڑانا - پھوڑنا - چیرنا پھاڑنا -

To spring a leak, to let in water suddenly. پانی پھوٹ نکلنا - کوئی جوڑ کھل جانا کہ پانی اندر آنے لگے -

To spring a mine. سُرنگ اُڑانا -

To spring at, to leap towards. جست کرنا - جھپٹنا -

To spring forth, to rush out. جُست کرنا - نکلنا -

To spring upon, to assault. حملہ کرنا -

To spirng up, to grow. پھوٹنا - اُگنا -

—*n.* A leap; a flying back; the season of the year when plants begin to grow; a fountain, جُست - جھپٹ - پھلانگ - موسم بہار - چشمہ - فوّارہ -

Springe, sprinj, *n.* A noose; snare. دام - پھندا - سرک - پھانسی -

Spring-tide, spring'tīd, *n.* The tide at the new and full moons. سمندر کے پانی کا چڑھاؤ جو سدی دوج اور پونوں کے بعد ہوتا ہے - جوار -

Springy, spring'i, *a.* Elastic; full of springs. لچکدار - چشموں اور سوتوں سے بھرا ہُوا -

Sprinkle, spring'kl, *v.t.* To scatter in drops; to besprinkle; to wash. چھڑکنا - چھینٹنا - دھونا - تر کرنا -

Sprite, sprīt, *n.* A spirit; a demon. جن - بھوت - پریت -

Sprout, sprowt, *v.t.* To shoot; to germinate; to grow. کلی نکلنا - ڈالی جمنا - اوگنا - کلیانا - اپوجنا -

—*n.* The shoot of a plant. کلا - کونپل -

Spruce, sproos, *a.* Neat; trim; foppish. نفیس - عمدہ - بنا ٹھنا - بانکا - البیلا - *n.* An evergreen tree; a species of fir. صنوبر - سرو - جھاؤ -

Spruceness, sproos'nes, *n.* Neatness without elegance; fineness. صفائی - سجاوٹ - بناؤ ٹھناؤ - عمدگی -

Spry, sprī, *a.* Nimble; active; vigorous. چالاک - چُست - مستعد - پھرتیلا - قوی -

Spud, spud, *n.* An implement somewhat like a chisel used for destroying weeds. چھوٹی کھرپی -

Spume, spūm, *n.* Froth; foam. جھاگ - پھین - کف -

Spumous, spū'mus, *a.* Foamy; frothy. پھینہا - جھاگ دینے والا -

Spunk, spungk, *n.* Touchwood; mettle; pluck. ایک لکڑی جو آگ کو چھوتے ہی جل اُٹھتی ہے -

Spur, spur, *n.* A goad, worn at the heel; incitement; branch of a mountain. مہمیز - کانٹا - ترغیب - پہاڑ کی شاخ -

On the spur of the moment, at once. فوراً - آناً فاناً -

Spur, spur, *v.t.* or *i.* To prick with spurs; to incite; to hasten; to press forward. مہمیز مارنا - اُکسانا - تحریک کرنا - ترغیب دینا - تیز کرنا - دوڑانا -

Spur not a free horse to death, چلتے بیل کے ارمت مارو -

Spurious, spūr'i-us, *a.* Counterfeit; bastard. ساختہ - جعلی - حرامی -

Spurn, spurn, *v.t.* To kick; to scorn; to reject with disdain. لات مارنا - ٹھوکر مارنا - حقارت کرنا - ناپسند کرنا - بے قدری کرنا - *n.* A disdainful rejection. بے قدری - حقارت -

Spurt, spurt, *v.t.* or *i.* To drive or force out violently as a liquid stream from a pipe or small orifice; to issue out in a stream. نکالنا - اُچھالنا - اُچھلنا - پھوٹنا - خروج کرنا -

—*n.* A sudden violent gush; a short, violent effort. اخراج - نکاس -

Sputter, sput'ur, *v.i.* To emit saliva from the mouth. تھوکنا - رال ٹپکانا - To speak hastily; to jabber. جلد جلد بولنا - بکنا -

Sputum, spū'tum, *n.* Matter exporated; spittle; saliva. کھنکار - تھوک -

Spy, spī, *n.* One who watches another's motions; a scout. مخبر - جاسوس - بھیدیا - گوئندہ - *v.t.* or *i.* To gain sight of; to discover; to detect; to inspect secretly; to search narrowly. دور سے دیکھنا - جھانکنا - تکنا - کھوجنا - دریافت کرنا - سُراغ لگانا - جاسوسی کرنا - تلاش کرنا - بھید لگانا -

Spy-glass, spī'glas, *n.* A small telescope. دوربین -

Squab, skwob, *a.* Fat; thick and stout; unfeathered. موٹا - جسیم - مضبوط - بے پر و بال - *n.* A young pigeon. کبوتر کا بچہ - A stuffed sofa cushion. مسند - گدا -

Squabble, skowb'l, *v.i.* To quarrel; to debate peevishly; to wrangle. تکرار کرنا - جھگڑنا - قضیہ کرنا -

—*n.* Dispute. قضیہ -

Squad, skwod, *n.* A division of a company in a regiment. فوج کا چھوٹا حصہ - Any small party. چھوٹی جماعت -

Squadron, skwod'run, *n.* A body of cavalry; a detachment of ships. سواروں کا غول - بیڑا جہازوں کا -

Squalid, skwol'id, *a.* Dirty; foul; filthy. گندہ - میلا -

Squall, skwawl, *n.* A sudden gust of wind; a loud scream. ہوا کا جھونکا - آندھی - چیخ - چلّاہٹ -

A black squall. کالی آندھی -

—*v.i.* To scream or cry out violently. چیخنا - بلبلانا - چلّانا -

Squally, skwawl'i, *a.* Gusty. آندھی یا جھونکے کے ساتھ -

Syn.—Gusty, blustering, stormy, tempestuous.

Squalor, skwawl'or, *n.* Filthiness; nastiness. غلاظت۔ گندگی۔ میلاپن۔

Squander, skwon'dur, *v.t.* To scatter or spend lavishly. اُڑا دینا۔ صرف کرنا۔ لٹانا۔ برباد کرنا۔ گنوانا۔

Squanderer, skwon'dur-ur, *n.* Spendthrift. اُڑاؤ۔ فضول خرچ۔

Square, skwār, *a.* Having four equal sides and right angles. مربع۔ چوگوشہ۔ Perpendicular. سیدھا۔ عمودی۔ True; fair; honest. واجب۔ مناسب۔ صاف۔ سچّا۔ Even. ہموار۔ برابر۔ **A square man,** چوڑا۔ چکلا آدمی۔ **Square dealing,** ایمان کا سودا۔ **The account is—,** بیباق۔ خوشی راضی۔ **All—,** حساب پوچھا ہے۔ **Come off—,** برابر نکلنا۔ *n.* Square figure. شکل مربع۔ A carpenter's instrument. گونیا۔ The product of a number or quantity multiplied by itself. مربع۔ مجذور۔ برگ۔ Level. سطح۔ **On the—,** ایمانداری سے۔ **To be at—,** لڑنا۔ **To break no squares,** برخلاف نہ کرنا۔ **To play upon the square,** ایمانداری سے کھیلنا۔ **To see how the—goes,** دیکھنا کہ کس طرح سے کھیل چلتا ہے۔

—, *v.t.* or *i.* To reduce to a square; to turn. چوگوشہ کرنا۔ موڑنا۔ To compare with. ٹھیک کرنا۔ بیباق کرنا۔ To adjust. ملانا۔ To make even. ہموار یا چورس کرنا۔ To multiply by itself. مربع یا مجذور کرنا۔ To suit. ٹھیک آنا۔ **To be on the—,** to be honest. ایماندار ہونا۔ **To—off,** to take an attitude of offence. ناراض ہو جانا۔ بُرا ماننا۔ **To—up,** to balance up. حساب کتاب طے کرنا۔ To dispute. لڑنا۔ جھگڑنا۔

Squash, skwosh, *v.t.* To press into pulp; to crush. کچلنا۔ دبا دینا۔ مسلنا۔

—*n.* A sudden fall of a heavy body; a kind of gourd. دھاکا۔ ایک قسم کی لوکی۔

Squat, skwot, *v.i.* To sit down on the hams or heels. پلتھی مار کر بیٹھنا۔

—*n.* The posture of sitting on the hams or heels. پلتھی۔ چار زانو۔

—*a.* Cowering; short or thick. نیہورا ہُوا۔ جھکتا ہُوا۔ اکڑوں بیٹھا ہُوا۔ ناٹا۔ موٹا۔

Squatter, skwot'ur, *n.* A settler on land without a legal title. کسی زمین پر بلا استحقاق بسنے والا۔

Squeak, skwek, *v.i.* To utter a sharp shrill cry. چیخنا۔ کلیانا۔ کوکنا۔

Squeal, skwel, *v.i.* To cry as with pain. کلیانا۔ چیخنا۔ چچیانا۔ *n.* A shrill, sharp prolonged cry of a pig. چیخ۔

Squeamish, skwem'ish, *a.* Delicate; fastidious. نازک مزاج۔ تنگ مزاج۔

Syn.—Scrupulous, dainty, fastidious.

Ant.—Coarse, easy.

Squeeze, skwez, *v.t.* or *i.* To compress; crush; to press closely. کھینچنا۔ دبانا۔ ملنا۔ پیس ڈالنا۔ نچوڑنا۔

—*n.* A pressure between bodies; a gripe. دباؤ۔ نچوڑ۔ کھینچ۔

Squib, skwib, *n.* A fire-work. ایک آتشبازی چھچھوندر۔ A petty lampoon. ہجو۔ **To throw a—,** بولی مارنا۔ آوازہ پھینکنا۔ *v.i.* To throw squibs. بولی مارنا۔ آوازہ پھینکنا۔

Squill, skwil, *n.* Wild onion. جنگلی پیاز۔

Squint, skwint, *v.i.* To see obliquely. ترچھا دیکھنا۔ کن آنکھوں سے دیکھنا۔

Squint-eyed, skwint'id, *a.* Having eyes that squint. اینچا تانا۔

Squire, skwīr, *n.* A gentleman next in rank to a knight. ایک سرداری خطاب۔ بہادر۔ A country gentleman. زمیندار۔ A beau. چھبیلا۔ *v.t.* To attend as a squire. ہمرکاب ہونا۔ ہمراہ رہنا۔

Squirrel, skwir'el, *n.* A pretty rodent animal that lives on the trees. گلہری۔

Squirt, skwurt, *n.* An instrument with which a liquid is ejected in a stream; a syringe; a small jet. پچکاری۔ فوّارہ۔

Stab, stab, *v.t.* or *i.* To pierce with a pointed weapon; to thrust; to kill; to injure. خنجر مارنا۔ گرہ بچنا۔ بھونکنا۔ ہلاک کرنا۔ زخمی کرنا۔

—*n.* The thrust of a pointed weapon; a secret stroke or blow. بھونک۔ ہول۔ زخم۔ گھاؤ۔

Stability, sta-bil'i-ti, *n.* Firmness; steadiness; constancy. مضبوطی۔ پائداری۔ استقلال۔ دھیرج۔

Stable, stā'bl, *a.* Firmly established; firm; durable; constant. مستقل۔ مضبوط۔ استوار۔ پائدار۔ پکا۔ قائم مزاج۔

—*n.* A house or shed for horses and other beasts. گھڑسال۔ اصطبل یا طویلہ۔

—*v.t.* or *i.* To put or keep in a stable; to dwell in a stable. اصطبل یا طویلہ میں رہنا یا باندھنا۔

Stack, stak, *n.* A pile of hay, corn; etc. ڈھیر۔ تودہ۔ انبار۔ ٹال۔ *v.t.* To pile in a stack. تودہ کرنا یا انبار لگانا۔

Staddle, stad'l, *n.* Anything which serves for support. ٹیک۔ ڈنڈا۔

Staff, staf, *n.* A stick carried in the hand for support or defence. چھڑی۔ لاٹھی۔ A support. سہارا۔ A badge of office. عصا۔ علم۔ Officials of a department. کسی سررشتہ کے ملازم۔ **The—of life,** زندگی کا سہارا۔ روٹی۔ **The—of one's age,** عصا پیری۔ بڑھاپے کا سہارا۔ **Staff-officer,** ملازم سپاہ جو سپہ سالار کے ساتھ ہو۔ **To put down one's —,** سکونت اختیار کرنا۔

Stag, stag, *n.* The male red deer. بارہ سنگا۔

Stage, stāj, *n.* A raised platform; a theatre; any place of exhibition; a place of rest; a halting place; degree of advance. مچان۔ چبوترہ۔ تماشا گاہ۔ قیامگاہ۔ مرحلہ۔ منزل۔ فرودگاہ۔ درجہ۔

Stage-coach, stāj'kōch, *n.* A coach that runs from one place to another at stated times. ڈاک کی گھوڑا گاڑی۔

Stage-player, stāj'plā'ur, *n.* An actor; a theatrical performer. نقال۔ سوانگیا۔

Stagger, stag'ur, *v.i.* To reel; to give way. ڈگمگانا۔ لغزش کرنا۔ کچیانا۔

To have the staggers. جھولا مارنا۔

—*v.t.* To reel; to hesitate; to shake. شک ڈالنا۔ لرزانا۔

Stagnancy, stag'nan-si, *n.* The state of being without motion. استادگی۔ قیام۔

Stagnant, stag'nant, *a.* Not flowing; motionless; impure; dull. بند۔ ساکن۔ بے حرکت۔ گدلا۔ کاہل۔ سست۔ **—water**, کھڑا پانی۔

Stagnate, stag'nāt, *v.i.* To cease to flow; to be motionless. بہنے سے بند ہو جانا۔ رکنا۔

Stagnation, stag-nā'shun, *n.* Condition of being stagnant; cessation of flowing or action. استادگی۔ رکاوٹ۔

Staid, stād, *a.* Sober; steady; regular. سنجیدہ۔ مستقل۔ قائم مزاج۔

Stain, stān, *v.t.* To spot; to dye; to tarnish. دھبہ ڈالنا۔ داغ لگانا۔ رنگنا۔ کلنک لگانا۔ بدنام کرنا۔ *n.* A spot; taint; disgrace. دھبہ۔ داغ۔ بدنامی۔ رسوائی۔

Stainless, stān'les, *a.* Spotless; pure; immaculate. بے داغ۔ صاف۔ بے عیب۔

Stair, stār, *n.* A step or series of steps for ascending. سیڑھی۔ زینہ۔

Staircase, stār'kās, *n.* The place for stairs. سیڑھی۔ زینہ۔

Stake, stāk, *n.* A stick pointed at end. میخ۔ چوب۔ کھونٹا۔ Post. جگہ۔ Anything pledged in a wager. بازی۔ **At—**, in danger. خطرے میں۔ At hazard. داؤں پر۔ بازی میں۔ *v.t.* To support or defend with stakes; to mark the limits by stakes; to pledge; to wager. چوبوں یا میخوں سے مضبوط کرنا۔ میخوں سے حد بندی کرنا۔ اقرار کرنا۔ شرط کرنا۔ بازی لگانا۔

Stalactite, sta-lak'tīt, *n.* A pendent cone of carbonate of lime resembling an icicle in form. دھات کا لٹکتا ہوا جو برف کے ٹکڑے کی مانند کسی غار کی چھت سے لٹکتا ہو۔

Stale, stāl, *a.* Vapid; tasteless; decayed; not new. پھپھوندا۔ ابسا ہوا۔ بے مزہ۔ کہنہ۔ باسی۔ *n.* A long handle; a decoy. دستہ۔ چھلاوہ۔ بہلاوہ۔ *v.i.* To make water. پیشاب کرنا۔ (جانوروں کا)۔

Staleness, stāl'nes, *n.* Vapidness. بوسیدگی۔ کہنگی۔

Stalk, stawk, *n.* The stem of a plant. ڈنٹھل۔ ڈالی۔ A high, proud walk. غرور کی رفتار۔ اکڑ کی چال۔ *v.t.* or *i.* To walk with high and proud steps; to approach under cover or by stealth. اکڑ کر چلنا۔ اینٹھ کر چلنا۔ چھپ کر یا چپکے چپکے جانا۔

Stalking-horse, a mask to conceal some design. شکار کی ٹٹی۔ آڑ۔ اوٹ۔

Stall, stawl, *n.* A stand; a stable; a bench; a booth. چبوترہ۔ اصطبل۔ طویلہ۔ گھڑسال۔ تخت۔ کرسی۔ خوانچہ۔ دوکان۔

Stallion, stal'yun, *n.* A horse not castrated used for raising stalk. گھوڑا۔ سانڈ جو اختہ نہ ہو۔ اسپ نر۔

Stalwart, stawl'wart, *a.* Brave; strong. جوانمرد۔ قوی۔ مضبوط۔

Staminate, stam'i-nāt, *a.* Composed of threads. سوت یا دھاگوں سے جڑا ہوا۔

Stammer, stam'ur, *v.t.* or *i.* To stutter; to falter; to hesitate. لکنت کرنا۔ تتلانا۔ ہکلانا۔ پس و پیش کرنا۔

—*n.* Defective utterance. لکنت۔ تتلاہٹ۔

Stamp, stamp, *v.t.* or *i.* To beat with foot. پاؤں سے پیٹنا۔ To imprint. نقش کرنا۔ To impress. چھاپنا۔ ٹھپہ لگانا۔ مہر کرنا۔ To coin. سکہ بنانا۔ *n.* An instrument for making impressions. چھاپہ۔ ٹھپہ۔ مہر۔ Impression; a thing stamped; cast; form. نقشہ۔ سکہ۔ ٹھپا۔ ڈھول۔ قماش۔ اندازہ۔ طریق۔ **—paper**, ٹکٹ کا کاغذ۔

Stampede, stam-pēd', *n.* A sudden panic amongst animals. بھگدڑ۔

Stanch, stansh, *v.t.* or *i.* To stop flowing; to cease to flow. خون وغیرہ بند کرنا۔ تھمنا یا بند ہونا۔

Stanchion, stan'shun, *n.* An upright prop or support. ٹیک۔ ڈاٹ۔ سہارا۔

Stand, stand, *v.i.* To remain erect; to be on end; to be situated; to stop; to pause; to halt; to continue; to maintain; to last; to persist; to insist; to have efficacy; to be permanent. کھڑا ہونا۔ قائم رہنا۔ استادہ ہونا۔ واقع ہونا۔ ٹھہرنا۔ رکنا۔ تھمنا۔ برقرار رہنا۔ چلنا۔ مستقل ہونا۔ اصرار کرنا۔ ثابت قدم رہنا۔

To stand against, to resist. مقابلہ کرنا۔

To stand aside, to retire to one side. الگ ہو جانا۔

To stand by, to be present; to support; not to desert. حاضر ہونا۔ مدد دینا۔ ساتھ دینا۔

To stand fast, to be fixed. جما رہنا۔

To stand for, to espouse the cause of; to side with; (*Naut.*) to sail in the direction of. حمایت کرنا۔ طرفداری کرنا۔ کسی طرف کو روانہ ہونا۔

To stand off, to keep at a distance. الگ یا دور رہنا۔

To stand in, to cost. صرف پڑنا۔

To stand out, to project; to oppose persistently. ابھرنا۔ باہر نکلنا۔ ضد کرنا۔ اڑنا۔

To stand over, to be put off; (*Naut.*) to leave land. ملتوی ہونا۔ سمندر کے رخ چلنا۔

To stand to, to abide by; to adhere to. پابند رہنا۔ قائم رہنا۔

To stand up, to rise to one's feet; to arise in order to speak. کھڑا ہونا۔ کچھ کہنے کو کھڑا ہونا۔

To stand up against, to place one's self in opposition to. مقابلہ کرنا۔

To stand up for, to rise in defence of. حمایت کے لئے کھڑا ہونا۔

To stand upon, to set value on; to insist on. قدر کرنا۔ اصرار کرنا۔

To stand with, to be consistent with. معقول ہونا۔ قرین مصلحت ہونا۔

To stand in need of, to be in want of. ضرورت یا حاجت رکھنا۔

To stand one in good stead, to be of great service. بڑے کام آنا۔

To stand to reason. عقل میں آنا۔

Stand, stand, *v.t.* To place on end. کھڑا کرنا۔ To endure; to sustain. سہنا۔ برداشت کرنا۔ To await. انتظار کرنا۔ **To—bail**, to become surety for. ضامن ہونا۔ **To—one's ground**, to keep one's place. اپنی جگہ قائم رکھنا۔ اڑا رہنا۔ **To—fire**, to remain while being shot at by an enemy without giving away. گولی چلنے کیوقت اپنی جگہ پر سے نہ ہٹنا۔ **To—in hand**, مفید مطلب ہونا۔ کام دینا۔ **To—to reason**, قرین عقل ہونا۔ **To—under**, اٹھانا۔ جھیلنا۔ **Is at a—to think**, نہیں سمجھتا کہ کیوں۔ **To make a—**, اڑے کھڑے ہونا۔

Stand, stand, *n.* A place; a station; a halt; a raised station; something on which a thing is laid. جگہ۔ مقام۔ ٹھکانا۔ اڈا۔ قیام۔ پڑاؤ۔ چبوترہ۔ تپائی۔ ٹکٹکی۔ **To make a—**, مقابلہ کرنا۔ سامنا کرنا۔

Standard, stand'ard, *n.* An established rule of measure; rate; a banner; criterion; an upright support. مقرر قاعدہ۔ اندازہ۔ وزن۔ پیمانہ۔ جھنڈا۔ علم۔ دستور۔ رسم۔ تھونی۔ ٹیکن۔ —*a.* Having a fixed value; recognised. مقرری۔ اقرار۔

Standard-bearer, one who bears a standard. علم بردار۔ جھنڈا لے جانیوالا۔

Standing, stand'ing, *a.* Permanent; lasting; fixed; not flowing; remaining erect; rank. دائمی۔ پائیدار۔ برقرار۔ قائم۔ جو رواں نہ ہو۔ استادہ۔ کھڑا۔ درجہ۔ مرتبہ۔

Standing-army, permanent body of soldiers. مستقل فوج۔

Standing-colour, colour that does not wash out. پکا رنگ۔

Standing-crop, corn not cut down. کھڑی فصل۔

Standing-order, permanent regulation of a legislature. قانون یا حکم وقت۔

Standing-rigging, fixed ropes. جہاز پر بندھی رسیاں۔

Standing-water, stagnant water. بند اور گندہ پانی۔

Standing-corn. زراعت استادہ۔

Stand-point, stand'point, *n.* A fixed station; a point of view. موقع۔ اصول۔ مقام نگہداشت۔ بنا۔

Stanza, stan'za, *n.* A portion of poem. بیت۔ قطعہ۔ رباعی۔

Staple, sta'pl, *n.* A settled market; a principal production; the chief ingredient; the thread of wool, &c.; a loop of metal. بازار۔ منڈی۔ جنس۔ سودا۔ مصالح۔ جزو اعظم۔ ریشہ۔ رشتہ۔ کنڈا۔ *a.* Settled; chief. مقرر۔ اصل۔ خاص۔ قلابہ۔

Stapler, stap'lur, *n.* A dealer in staple commodities. فروشندہ۔ بیوپاری۔

Star, star, *n.* A luminous body in the heavens; تارا۔ ستارہ۔ کوکب۔ The figure of a star (thus*) used in printing; asterisk. نشان ستارہ کا (مثل *)۔ A distinguished person. مشہور آدمی۔ A badge of honor. ستاروں کا تمغہ۔ An actor. ناٹک کا سوانگیا۔ **Out of one's—**, کسی کی قسمت یا حیثیت سے بالاتر۔ *v.t.* To set or adorn with stars. ستاروں سے زینت دینا۔ افشاں چننا۔

Starboard, star'bord, *n.* The right-hand side of a ship or boat. جہاز کا داہنا رخ۔ جب کوئی شخص اس کے سرے کی طرف منہ کرکے کھڑا ہو۔

Starch, starch, *n.* A substance used for stiffening cloth; stiff; formal manner. مانڑی۔ کلف۔ اہار۔ نشاستہ۔ باضابطگی۔ باقاعدگی۔ ظاہر داری۔ *a.* Stiff; precise. سخت۔ گاڑھا۔ ٹھیک۔ درست۔ *v.t.* To stiffen with starch. کلف دینا۔ مانڑی دینا۔

Starchy, starch'i, *a.* Stiff; rigid. کلف دار۔ سخت۔ کڑا۔

Stare, star, *v.i.* To look earnestly; to gaze. گھورنا۔ تاکنا۔ تکنا۔ **To—in the face**, to be undeniably evident. صاف ظاہر ہونا۔ اظہر من الشمس ہونا۔ *n.* A fixed look with open eyes. ٹکٹکی۔ تاک۔ نظربازی۔

Stark, stark, *a.* Stiff; strong; mere; entire. سخت۔ مضبوط۔ محض۔ پورا۔ بالکل۔ مطلق۔

Stark-nonsense. سراسر حماقت۔

—*ad.* Wholly; entirely. سراسر۔ بالکل۔ تمام۔

Stark-mad, entirely mad. بالکل خبطی۔

Stark-blind. اندھا سوس۔

Stark-naked. ننگا مادرزاد۔ ننگ دھڑنگ۔

Starling, star'ling, *n.* A well-known bird allied to the crow. شارک ۔ مینا ۔ ابلقہ ۔ بہنی ۔

Starry, star'i, *a.* Abounding with stars. ستاروں سے بھرا ہُوا ۔

Successively, suk-ses-iv'li, *ad.* Following order. پے در پے۔ متواتر۔ یکے بعد دیگرے۔

Successor, suk-ses'or, *n.* One who succeeds another. قائم مقام۔ وارث۔ جانشین۔

Succinct, suk-singkt', *a.* Compressed into a narrow compass; concise. تنگ۔ مختصر۔ خلاصہ۔ مجمل۔

Syn.—Short, brief, laconic, terse, compact; curt.

Ant.—Discursive, diffuse, prolix, verbose.

Succour, suk'ur, *n.* Aid; ship; assist relieve. دستگیری۔ مدد۔ اعانت۔ کمک۔ حمایت۔ چارہ سازی۔

v.t. To help or relieve in difficulty or distress; to assist. مدد کرنا۔ مصیبت میں دستگیری کرنا۔ ساتھ دینا۔ اعانت کرنا۔

Succulence, suk'ū-lens, *a.* Juiciness. رسیلاپن۔

Succulent, suk'ū-lent, *a.* Full of juice; juicy. عرق دار۔ رس بھرا۔ رسیلا۔ شیرے دار۔ تر۔ **—plants.** پودے جن کی پتیاں اور شاخیں موٹی اور رسیلی ہوتی ہیں۔

Succumb, suk-kum', *v.i.* To yield; to submit; to sink under. دبنا۔ مطیع ہونا۔ زیر ہونا۔

Such, such, *a.* Of that kind; of the like kind; the same that. فلاں۔ ایسا۔ جیسا۔ ویسا۔ اسی طرح کا۔ **—a one, —and such, —like,** فلانا۔ اسکا ڈھرکا۔ اسطرح کا وغیرہ۔

Suck, suk, *v.t.* or *i.* To draw with the mouth; to imbibe; to inhale. چوسنا۔ پینا۔ جذب کرنا۔ سوکھ لینا۔ کھینچنا۔ دم چڑھانا۔ **To—down,** to swallow down easily. گھونٹ پی جانا۔ **To—in,** to imbibe. پی لینا۔ جذب کرنا۔ **To—out,** to extract. چوس کر نکالنا یا کھینچنا۔ نچوڑنا۔ **To—dry,** to exhaust. خشک کر ڈالنا۔

Suck, suk, *n.* Act of drawing with the mouth; a small draught. چوس۔ کھینچ۔ چسکی۔

Sucker, suk'er, *n.* One who or that which sucks. چوسنے والا۔ دودھ پینے والا۔ جذب کرنے والا۔ **The** piston of a pump. ڈھکنے کی ڈاٹ۔ پچکاری۔ نلی۔ **A** kind of pipe. ایک قسم کی نلی۔

Suckle, suk'l, *v.t.* To nurse at the breast. دودھ پلانا۔ چھاتی سے پلانا۔

Suckling, suk'ling, *n.* A young child at the breast. شیرخوار بچہ۔

Suction, suk'shun, *n.* The act of sucking up. چساؤ۔ کھنچاؤ۔ دم کشی۔ *Sucking pump.*

Sudatory, su'da-tor-i, *n.* A sweating bath; a bath house. دھمکلا۔ گرم غسل۔ حمام۔

Sudden, sud'en, *a.* Happening without previous notice; unexpected; hasty; abrupt. یکایک۔ اچانک۔ اتفاقیہ۔ ناگہانی۔

—n. An unexpected occurrence. اتفاقیہ یا ناگہانی واقعہ۔

Suddenly, sud'en-li, *ad.* Unexpectedly. یکایک۔ ناگہاں۔ اتفاقاً۔ دفعتاً۔

Sudorific, sū-der-if'ik, *a.* Causing sweat. پسینہ لانے والا۔ معرق۔

—n. A medicine that produces sweat. معرق دوا۔

Suds, sudz, *n. sing.* Water impregnated with soap, and soaked up into froth and bubbles. پانی جسمیں صابون کا جھاگ ملا ہو۔ **To be in the—s,** ریوڑی یا نناوے کے پھیر میں آنا۔

Sue, sū, *v.t.*, To follow up; to prosecute by law. پیچھا کرنا۔ نالش کرنا۔

Sue, sū, *v.i.* To make legal claim; to petition. عدالت میں دعوے کرنا۔ درخواست یا استغاثہ گذرانا۔ نافذ یا جاری کرنا۔ **To—out,** عرضی یا سوال دینا۔ **To be sued,** مدعا علیہ بننا۔

Suet, sū'et, *n.* Fat about the kidneys. گردے کی چربی۔

Suffer, suf'ur, *v.t.* or *i.* To allow; to endure; to undergo; to sustain loss or inconvenience; to undergo punishment. اجازت یا پروانگی دینا۔ روا رکھنا۔ برداشت کرنا۔ تحمل کرنا۔ صبر کرنا۔ سہنا۔ اٹھانا۔ جھیلنا۔ نقصان یا تکلیف اٹھانا۔ سزا پانا۔ **Is likely to—,** خلل پڑنے کا اندیشہ ہے۔

Sufferable, suf'ur-a-bl, *a.* That may be endured. قابل برداشت۔

Sufferance, suf'ur-ans, *n.* Pain endured; patience; toleration; permission. تکلیف۔ ایذا۔ برداشت۔ صبر۔ تحمل۔ بردباری۔ اجازت۔ پروانگی۔

Suffering, suf'ur-ing, *n.* Pain or injury endured. تکلیف۔ آزار۔ رنج۔

Suffice, suf'fis, *v.t.* To satisfy; to content. اطمینان کرنا۔ راضی کرنا۔ سیر کرنا۔ *v.i.* To be enough. کافی ہونا۔ کفایت کرنا۔ بہت ہونا۔

Sufficiency, suf'fi-shen-si, *n.* Competence; enough to live on; ability. قابلیت۔ لیاقت۔ استعداد۔ کفایت۔ آسودگی۔ افراط۔ حوصلہ۔ مقدور۔

Syn.—Adequacy, enough, plenty.

Sufficient, suf'fi-shent, *a.* Adequate to wants; enough for demand or supply; competent. کافی۔ وافر۔ بس۔ بقدر لیاقت۔ احتیاج۔ لائق۔ قابل۔

Sufficiently, suf-fi'shent-li, *ad.* Adequately. از بس۔ بقدر ضرورت۔

Suffix, suf'iks, *n.* A letter or syllable added to the end of a word. حرف یا کلمہ جو لفظ کے اخیر میں لگایا جاوے۔ علامت۔

—v.t. To add a letter or syllable to a word. حرف یا کلمہ لفظ کے اخیر میں لگانا۔

Suffocate, suf'ō-kat, *v.t.* To smother; to stifle; to extinguish. دم بند کرنا۔ گلا گھونٹنا۔ گلا گھونٹ کر مار ڈالنا۔ سانس روکنا۔ بجھانا۔ گل کرنا۔

Suffocation, suf'ō-ka-shun, *n.* Act of choking or stifling. سانس کی رکاوٹ۔

Suffragan, suf'ra-gan, *n.* An assistant bishop. بڑے پادری کا نائب۔

Suffrage, suf'raj, *n.* A vote; voice; evidence. رائے۔ گواہی۔ شہادت۔ صداقت۔

Suffuse, suf-fūz, *v.i.* To overspread. پھیلانا۔ بھرنا۔ چھانا۔ **Eyes to be suffused,** آنکھوں میں آنسو بھر آنا۔

Suffusion, suf-fū'zon, *n.* Act of suffusing. پھیلاؤ۔ بھراؤ۔

Sugar, shug'er, *n. pr.* A sweet substance obtained from the sugercanes or beet root.

Sugar-candy, shuger-kan'di, *n.* Sugar crystalized. مصری ۔ قند ۔

Sugarcane, shuger-kan, *n.* The cane or plant from whose juice sugar is obtained. نیشکر ۔ گنّا ۔ پونڈا ۔

Suggest, suj-jest', *v.t.* To hint; to intimate; to propose; to tempt; to prompt to evil. اشارہ یا ایما کرنا ۔ بتانا ۔ سمجھانا ۔ رائے دینا ۔ تجویز پیش کرنا ۔ ورغلانا ۔ بدی کی طرف راغب کرنا ۔

Suggestion, suj-jes'shun, *n.* Hint; intimation; secret proposal. اشارہ یا ایما کرنا ۔ بتانا ۔ سمجھانا ۔ رائے دینا ۔

Suggestive, suj-jes'tiv, *a.* Containing a suggestion or hint. سمجھانے یا اشارہ کرنیوالا ۔ ایما دینے والا ۔

Suicide, su'i-sid, *n.* Self-murder; one guilty of self-murder. خودکشی ۔ خودکش ۔ مجرم ۔ خودکشی ۔

Suit, sūt, *n.* Act of suing; a petition; process for the recovery of a right or claim. نالش ۔ استغاثہ ۔ درخواست ۔ عرضی ۔ التماس ۔ استدعا ۔ مقدمہ ۔ Pursuit, تعاقب ۔ پیچھا ۔ A retinue. مصاحب ۔ ہمرکاب ۔ Courtship. اظہار تعشق یا اُمیدواری ۔ ازدواج جوڑا ۔ رنگ ۔

Syn.—Request, solicitation, petition, entreaty, prayer, supplication, appeal, invocation.

Suit, sūt, *v.t.* or *i.* To fit; to answer; to agree. موافق ہونا ۔ موزوں ہونا ۔ راضی ہونا ۔ حسب دلخواہ ہونا ۔

Suit, sūt, *n.* A train of attendants; a set. مصاحب ۔ ہمراہی ۔ ہمرکاب ۔ جوڑا ۔ ترتیب ۔

Suitable, sūt-a'bl, *a.* Fitting; becoming; competent. ٹھیک ۔ موزوں ۔ سزاوار ۔ مناسب ۔

Suitor, sū'tor, *n.* One who sues; a petitioner; a lover. تعاقب کرنیوالا ۔ درخواست دھندہ ۔ مستغیث ۔ سائل ۔ عاشق ۔ امیدوار ازدواج ۔ طالب ازدواج ۔

Suitress, sūt'res, *n.* A female plaintiff or complainant. مدعلیہ ۔

Sulk, sulk, *v.i.* To be sullen or dull. رنجیدہ یا سست ہونا ۔ غمگین ہونا ۔

Sulky, sulk'i, *a.* Sour; morose. ترشرو ۔ کشیدہ ۔

Syn.—Cross, sour, sullen, surly.

Ant.—Kindly, merry, genial.

Sullen, sul'en, *a.* Gloomy; moody and silent; gloomily silent; obstinate; morose. غمگین ۔ اُداس ۔ ضدی ۔ سرکش ۔ برہم ۔ بیزار و خاموش ۔ ملال انگیز ۔ غمناک ۔

Sullenly, sul'en-li, *ad.* Intractably; obstinately. کشیدگی سے ۔ ضد سے ۔

Sullenness. sul'en-nes, *n.* Moroseness; gloominess. ترشروئی ۔ روکھائی ۔ غمناکی ۔

Sully, sul'i, *v.t.* or *i.* To soil; to tarnish; to stain. میلا کرنا ۔ آلودہ کرنا ۔ بگاڑنا ۔ داغ لگانا ۔

Sulphur, sul'fur, *n.* A yellow, brittle, mineral substance. گوگرد ۔ گندھک ۔ کبریت ۔

Sulphuric, sul-fūr'ik, *a.* Pertaining to or obtained from sulphur. گندھکی ۔ گندھک کا ۔

Sulphurous, sul-fūr'us, *a.* Having the qualities of sulpher. گندھک کی خاصیت کا ۔ کبریتی ۔

Sultan, sul'tan, *n.* The emperor of the Turks. سلطان ۔

Sultana, sul-ta'na, *n.* The wife of a sultan. سلطانہ ۔

Sultriness, sul-tri'nes, *n.* Close and oppressive heat. اومس گھومس ۔

Sultry, sul-tri, *a.* Very hot; burning and oppressive. گرم ۔ بند ۔ محبوس ۔

Sum, sum, *n.* A quantity of money; total; compendium; height; a problem in arithmetic. رقم ۔ مقدار ۔ مجموعہ ۔ میزان ۔ خلاصہ ۔ اصل مطلب ۔ انتہا ۔ کمال ۔ حساب کا سوال ۔

Sum, sum, *v.t.* To bring together into one whole. جوڑنا ۔ جمع کرنا ۔

Summarily, sum-ar'i-li, *ad.* Concisely; in short way or method. مختصراً ۔ مجملاً ۔ سرسری طور پر ۔

Summary, sum'ar-i, *a.* Brief; concise; quickly executed. خلاصہ ۔ مختصر ۔ سرسری ۔

—*n.* An abridged account. گوشوارہ ۔ خلاصہ ۔ لب لباب ۔ اجمال ۔

Summation, sum-a'shun, *n.* Act of forming a total. میزان لگانا ۔

Summer, sum'ur, *n.* One of the four seasons of the year, the hot season. تابستان ۔ گرمی ۔ موسم گرما ۔

Summit, sum'it, *n.* The top; the highest point or degree; utmost elevation. چوٹی ۔ قلہ ۔ پھننگی ۔ سرا ۔ اوج ۔ بلندی ۔

Syn.—Apex, vertex, acme, pinnacle, zenith.

Ant.—Abyss, bottom, depth.

Summon, sum'un, *v.t.* To call, cite or notify to appear; to call up; to call upon to surrender. بلانا ۔ طلب کرنا ۔ سمن جاری کرنا ۔ مطیع ہونے کا پیغام بھیجنا ۔

Summons, sum'unz, *n. sing.* A writ commanding a person to appear in court. حکمنامہ ۔ طلبی ۔ سمن ۔

Sumpter, sump'tur, *n.* A horse that carries pack or burdens. پوٹل کا ٹٹو ۔ باربرداری کا ٹٹو ۔

Sumptuary, sumpt'ū-ar-i, *a.* Relating to expense. اخراجات کے باب میں ۔ مصارف کے متعلق ۔ خرچ منصوب ۔

Sumptuous, sumpt'ū-us, *n.* Costly; splendid; magnificent. بیش قیمت ۔ زرق برق ۔ شاندار ۔

Sun, sun, *n.* The central body round which the earth and planets revolve. آفتاب ۔ سورج ۔

v.t. To expose to the sun. خورشید - شمس -
دھوپ میں رکھنا - دھوپ دکھانا -

Sunbeam, sun'bēm, *n.* A beam or ray of the sun.
سورج کی کرن -

Sunday, sun'dā, *n.* The first day of the week.
یکشنبہ - اتوار -

Sunday face. اتوار کی شکل - پاک صاف لباس اور نہائی دھوئی صورت -

Sunder, sund'ur, *v.t.* To separate; to divide; to sever. دو پارہ کرنا - دو نیم کرنا - جدا کرنا - الگ کرنا -

Sun-dial, sun'dial, *n.* An instrument to show the time of day by means of the shadow of the sun. دھوپ گھڑی - تختہ ساعت نما -

Sundries, sund'rēz, *n. pl.* Miscellaneous things.
متفرقات چیزیں -

Sundry, sun'dri, *a.* Several; diverse; more than one or two. متفرق - مختلف - چند - متعدد -

Sunfish, sun'fish, *n.* A large, soft-finned sea-fish.
ایک قسم کی مچھلی -

Sunflower, sun'flo-ver, *n.* A plant with a large yellow flower. سورج مکھی -

Sunny, sun'i, *a.* Bright; warm. روشن - گرم -

Syn.—Shining, brilliant, clear, unclouded.

Sunrise, sun'rīz, *n.* First appearance of the sun above the horizon. طلوع آفتاب -

Sunset, sun'set, *n.* The descent of the sun below the horizon. غروب آفتاب -

Sunshine, sun'shīn, *n.* The light of the sun.
دھوپ - آفتاب کی روشنی -

Sunstroke, sun'strōk, *n.* A fatal illness caused by exposure to the sun. لو - صدمہ آفتاب -

Sup, sup, *v.t.* or *i.* To take in the mouth, as a liquid; to take supper. سپوٹنا - سڑکنا - رات کا کھانا کھانا -

—*n.* A sip; a mouthful of liquor. جرعہ - گھونٹ -

Superable, sū'pur-a'bl, *a.* Surmountable.
مغلوب ہونے کے قابل - حل ہونے کے لائق -

Superabound, sū-pur-ab-ound', *v.i.* To be very abundant or exuberant.
کثرت سے ہونا - بہت ہونا -

Superabundance, sū-pur-ab-und'ans, *n.* More than enough. کثرت - بہتات - زیادتی -

Superadd, sū-pur-ad', *v.t.* To add over and above.
زیادہ کرنا - اوپر سے جوڑنا -

Superannuate, sū-pur-an'ū-āt, *v.t.* To relieve one from office or allow to retire from service on half-pay, pension, etc.; to impair by old age. ضعیفی کے باعث پنشن دینا - دیرینہ کرنا - سال خوردہ کرنا -

Superannuation, sū-pur-an-ū-ā'shun, *n.* State of being superannuated. کہن سالی - پیری - بڑھاپا -

Superb, sū-purb', *a.* Grand; rich; showy.
عظیم - عالیشان - رونق دار - عمدہ - فاخرہ - نمائشی -

Syn.—Stately, august, majestic, noble, magnificent, sumptuous, splendid.

Superbly, sū-purb'li, *ad.* Magnificently.
جاہ و جلال سے - تمکنت سے -

Supercargo, sū-pur-kar'gō, *n.* One who has the care of cargo. مال محمولہ جہاز کے فروخت کا مہتمم - چڑھنداﺭ -

Supercilious, sū-pur-sil'i-us, *a.* Lofty with pride; haughty. مغرور - متکبر - ابرو کشیدہ - ناک چڑھا -

Supereminence, sū-pur-em'i-nens, *n.* A superior distinction of celebrity. عظمت - برتری - فضیلت -

Supereminent, sū-pur-em'i-nent, *a.* Eminent in a superior degree. نہایت عمدہ - فائق - فاضل - برتر -

Supereogation, sū-pur-er-ō-gā'shun, *n.* Performance of more than duty or necessity requires.
فرض سے زیادہ کام - فضولی -

Superfetate, sū-pur-fē'tāt, *v.t.* To conceive after a prior conception. حمل پر حمل رہنا - دوبارہ حمل رہنا -

Superficial, sū-pur'fi-shal, *a.* Being on the surface; shallow; smattering. بیرونی - خام - کچا - تھوڑا -

Superficies, sū-pur'fi-shīs, *n.* The surface; the exterior part or face of a thing. سطح - وسعت -

Superfine, sū-pur'fīn, *a.* Surpassingly fine.
اعلیٰ ترین - افضل - نہایت عمدہ - بڑھیا -

Superfluity, sū-pur'fōō-i-ti, *n.* Superabundance; redundancy. افراط - فضولی - زیادتی -

Superfluous, sū-pur'flōō-us, *a.* Exuberant; redundant. فاضل - زائد - فضول - غیر ضروری -

Syn.—Excessive, redundant, exuberant, unnecessary, needless.

Ant.—Inadequate, scant, insufficient, sparing.

Superhuman, sū-pur-hū'man, *a.* Above or beyond what is human; divine. خارج از طاقت بشری - آسمانی - غیبی -

Superintend, sū-pur-in-tend', *v.t.* To have or exercise the charge and oversight of; to oversee.
نگرانی کرنا - انتظام کرنا - سربراہی کرنا - اہتمام کرنا -

Superintendence, sū-pur-in-ten'dens, *n.* Care; inspection; management. اہتمام - نگرانی - نگہبانی - خبرگیری -

Superintendent, sū-pur-in-ten'dent, *n.* Inspector; manager; a chief overseer. مہتمم - منتظم - نگران - سربراہ کار - سزاول -

Superior, sū-pē'ri-or, *a.* Higher in rank, excellence, office, etc. اعلیٰ - بزرگ - برتر - بہتر - بالادست -

—*n.* One advanced in age or higher in rank or qualities of any kind; excellence, dignity. سرگروہ - بزرگ - سردار - افسر -

Superiority, sū-pe'ri-or-i-ti, *n.* Pre-eminence; advantage. تفضیلت ۔ بزرگی ۔ برتری ۔ فوقیت ۔ فرق ۔

Superlative, sū-pur-la'tiv, *a.* Most eminent; highest in degree. اعلیٰ ۔ افضل ۔ اَتَم ۔
—*n.* (*Gram.*) The highest degree of comparison. صیغہ تفضیل ۔

Supernal, sū-pur'nal, *a.* Relating to things above; heavenly; celestial. بالاتر ۔ آسمانی ۔ فلکی ۔

Supernatural, sū-pur-nat'ū-ral, *a.* Being beyond the laws of nature. عجیب ۔ اعجازی ۔

Supernumerary, sū-pur-nūm'ur-ar-i, *a.* Exceeding the necessary number. ضروری تعداد سے زیادہ ۔ فاضل ۔ مذکورتی ۔
Supernumerary peon.
—*n.* A person or thing above the required number. کوئی شخص یا شے تعداد معینہ سے زائد ۔

Superposition, sū-pur-pōz'i-shun, *n.* A lying upon anything else. تطبیق ۔ اچھاون ۔

Superscripe, sū-pur-skrip', *v.t.* To write or engrave on the top, outside or surface; to address as a letter. اُوپر لکھنا ۔ سرنامہ لکھنا ۔

Superscription, sū-pur-skrip'shun, *n.* That which is written or engraved on the surface, outside, etc.; address; direction. بالائی تحریر ۔ پتہ ۔ سرنامہ ۔

Supersede, sū-pur-sēd, *v.t.* To take the place of; to overrule; to set aside. کسی کی جگہ لینا ۔ برطرف کرنا ۔ رد کرنا ۔

Supersession, sū-pur-ses'shun, *n.* The act of superseding. استنزداد ۔ تردید ۔ برطرفی ۔ منسوخی ۔
In—of, پہ منسوخی ۔

Superstition, sū-pur-stish'un, *n.* Rigour in religion; weak credulity; false religion; false fear. بدعت مذہبی ۔ تعصب ۔ جھوٹا وسواس ۔ وہم ۔

Superstitious, sū-pur-sti'ti-us, *a.* Full of idle fancies and scruples in regard to religion; excessively credulous. باطل پرست ۔ مذہبی معاملہ میں خیالات باطل سے بھرا ہوا ۔ وسواسی ۔ وہمی ۔

Superstructure, sū-per-strukt'ūr, *n.* Anything erected on a foundation or basis. بنیاد کے اُوپر کی عمارت ۔ عمارت کی پہلی منزل کے اُوپر کا حصہ ۔

Supervene, sū-per-vēn, *v.i.* To come as something extraneous; to take place; to come to pass afterwards. اوپری یا خارجی طور سے آنا ۔ واقع ہونا ۔ سرزد ہونا ۔ پیچھے سے وقوع میں آنا ۔

Supervision, sū-pur-vi'zhun, *n.* Superintendence; overseeing; inspection. انتظام ۔ نگرانی ۔ معاینہ ۔

Supervise, sū-pur-vīz', *v.t.* To oversee; to superintend; to inspect. نگرانی کرنا ۔ انتظام کرنا ۔ معاینہ کرنا ۔

Supervisor, sū-pur-vi'zor, *n.* Superintendent; overseer; inspector. مہتمم ۔ نگران ۔ ناظر ۔ احتساچی ۔

Supine, sū-pīn', *a.* Lying on the back or with the face upward; heedless; indolent. چت ۔ چاروں شانے چت ۔ بے خبر ۔ سست ۔ کاہل ۔

Supineness, sū-pīn'nes, *n.* Carelessness. غفلت ۔ سستی ۔ بے پرواہی ۔

Supper, sup'ur, *n.* The evening meal. بیالو ۔ رات کا کھانا ۔ طعام شب ۔

Supperless, sup'ur-les, *a.* Having no supper. بغیر رات کا کھانا کھائے ہوئے ۔

Supplant, sup-plant', *v.t.* To remove or displace by stratagem; to take the place of; to undermine. دغا سے نکال دینا ۔ برطرف کرنا ۔ نکال کر جگہ لے لینا ۔ جڑ سے کھودنا ۔

Supple, sup'l, *a.* Flexible; pliant; compliant. آسانی سے جھکنے والا ۔ نرم ۔ ملائم ۔ مطیع ۔ تابع ۔
—*v.t.* or *i.* To make or become soft and pliant. نرم کرنا ۔ ملائم کرنا ۔ تابع کرنا ۔ مطیع ہونا ۔

Supplement, sup'le-ment, *n.* Any addition by which something wanting is supplied. تتمہ ۔ ضمیمہ ۔
v.t. To fill up; to add to. بھرنا ۔ جوڑنا ۔ شامل کرنا ۔

Supplementary, sup'le-men-tari, *a.* Additional. زائد ۔ ترمیمی ۔ الحاقی ۔

Suppleness, sup'l-nes, *n.* Flexibility; pliancy. لچک ۔ ملائمیت ۔ نرمی ۔

Suppliance, sup'pli-ans, *n.* Entreaty; gratification; pastime. منت ۔ خوشی ۔ تفریح ۔ کھیل ۔

Suppliant, sup'li-ant, *a.* Entreating. التماس کرنے والا ۔ عرض پرداز ۔ ملتجی ۔ ملتمس ۔ *n.* An humble petitioner. ملتمس ۔ عاجز ۔ عرض پرداز ۔ نیازمند ۔

Supplicate, sup'li-kat, *v.t.* or *i.* To entreat for; to address in prayer; to implore. عرض کرنا ۔ التماس کرنا ۔ التجا کرنا ۔ مانگنا ۔

Supplication, sup'li-ka-shun, *n.* Humble petition; earnest request. عرضداشت ۔ التماس ۔ التجا ۔ منت عاجزانہ ۔ استدعا ۔

Supplicatory, sup-pli'ka-tor-i, *a.* Petitionary; suppliant. نیازمندانہ ۔ عاجزانہ ۔

Supply, sup-plī, *v.t.* To fill up; to furnish; to provide. بھرنا ۔ پورا کرنا ۔ دینا ۔ مہیا کرنا ۔ پہونچانا ۔ بہم پہونچانا ۔
To supply a defect. نقص رفع کرنا ۔
To supply a want. حاجت رفع کرنا ۔
—*n.* Sufficiency of things for use or want; provision; store. بہم رسانی ۔ کفایت ۔ رسد ۔ سامان ۔
To furnish supplies. رسد پہونچانا ۔

Support, sup-port, *v.t.* To sustain; to prop; to

maintain ; to favour ; to second. اُٹھانا ۔ سنبھالنا ۔ قائم رکھنا ۔ مہربانی کرنا ۔ پرورش کرنا ۔ مدد کرنا ۔ تائید کرنا ۔ —, n. Prop ; maintenance ; favour. کھمبا ۔ سہارا ۔ وجہ معاش ۔ پرورش ۔ رزق ۔ نان نفقہ ۔ خبرگیری ۔ اِمداد ۔ In—of the authority, اختیار عدالت کی تقویت ہیں ۔

Supporter, sup-por'tur, *n.* Sustainer ; prop ; pillar. معاون ۔ دستگیر ۔ ستون ۔ سہارا ۔

Suppose, sup'pōz, *v.t.* To imagine ; to conceive ; to think. خیال کرنا ۔ فرض کرنا ۔ قیاس کرنا ۔ سوچنا ۔

Supposition, sup-poz-i'shun, *n.* Conjecture ; guess ; hypothesis. خیال ۔ اٹکل ۔ قیاس ۔ فرض ۔ دعویٰ بلا ثبوت ۔

Mere supposition, محض گمان ۔

Supposition, sup-pō-zi'shun, *a.* Based on supposition ; hypothetical. قیاسی ۔ فرضی ۔ مرضی ۔ مفروض ۔ خیالی ۔

Suppositional, sup-pō-zi'shun-al, *a.* Based on supposition ; hypothetical. قیاسی ۔ فرضی ۔ خیالی ۔

Suppress, sup-pres', *v t* To overpower and crush ; to put down ; to restrain ; to conceal. دبانا ۔ فرو کرنا ۔ روکنا ۔ پوشیدہ کرنا ۔ چھپانا ۔ ضبط کرنا ۔

Syn.—Repress, stop, crush, overpower, stifle, choke, smother.

Ant.—Excite, raise, strengthen.

Suppression, sup-pre'shun, *n.* Overthrow ; destruction ; concealment. روک ۔ دباؤ ۔ انسداد ۔ پوشیدگی ۔

Suppressive, sup-pre'siv, *a.* Concealing ; subduing. پوشیدہ کرنے والا ۔ دبانے والا ۔

Suppurate, sup'ū-rāt, *v.t.* or *i.* To generate pus or matter. پیپ بہانا ۔ پکنا ۔

Suppuration, sup-pur-ā'shun, *n.* A ripening into matter. پکاؤ ۔ پیپ ۔

Supramundane, sū-pra-mun'dān, *n.* Above the world. بالائے دنیا ۔

Supremacy, sū-prem-ā'si, *n.* Highest authority ; predominance. برتری ۔ سرداری ۔ فوقیت ۔ عظمت ۔

Syn.—Domination, predominance.

Supreme, sū-prēm, *a.* Highest in dignity or authority ; the utmost. اعلیٰ ۔ صدور ۔ اوّل ۔ غایت درجہ کا ۔

The supreme. خدا تعالےٰ ۔

Surcharge, sur-charj, *v.t.* To overload ; to overcharge. حد سے زیادہ بوجھ رکھنا ۔ مناسب سے زیادہ لادنا یا بھرنا ۔ —, *n.* An excessive load ; an overcharge. زیادہ بوجھ ۔

Surd, surd, *n.* A quantity which cannot be expressed by rational numbers. عدد جس کا جذر صحیح نہ نکل سکے ۔ اسم ۔

Sure, shōōr, *a.* Certain ; unfailing ; firm ; secure. یقینی ۔ قائم ۔ قابل اعتبار ۔ سچا ۔ ثابت ۔ مضبوط ۔ محفوظ ۔

To be—, بلا شبہ ۔ ضرور ۔ To make—of, کسی کی نسبت اطمینان کر لینا ۔ He is a sure card, اس پر پورا اعتبار ہے ۔

Syn.—Confident, positive.

Surely, shōōr'li, *ad.* Certainly. یقیناً ۔ بے شک ۔

Surety, shoor'ti, *n.* Certainty ; security ; safety. یقین ۔ حفاظت ۔ سلامتی ۔ Security against loss. ضمانت ۔ کفالت ۔ A bail. ضامن کا کل ۔

Surf, surf, *n.* The swell of the sea breaking on the shore. موج ۔ سمندر کا ہلوارہ جو ساحل پر ٹوٹتا ہے ۔

Surface, sur'fās, *n.* Exterior ; outside ; superficies. سطح ۔ کیفیت ۔ ظاہرہ صورت ۔ بیرونی ۔ باہیں ۔

Surfeit, sur-fēt, *n.* Excess in eating or drinking ; satiety. سیری ۔ اجیرن ۔

Syn.—Repletion, glut, fulness, satiety.

——, *v.t.* To cram over much ; to satiate. حد سے زیادہ کھانا ۔ ناکوں ناک بھرنا ۔ سیر کرنا ۔ اکہانا ۔

Surge, surj, *n.* A rising pillow. لہر ۔ موج ۔ ہلکورہ ۔

Surgeon, sur'je-un, *n.* One who practises surgery. فصاد ۔ جرّاح ۔ طبیب ۔

Surgery, sur-jur'i, *n.* The art of healing external injuries of the body. جراحی ۔ فصادی ۔

Surgical, sur-ji'kal, *n.* Relating to surgeon. جراحی کا ۔

Surgy, sur-ji, *a.* Full of surges ; rising in billows. موج زن ۔ مواج ۔

Surly, sur'li, *a.* Gloomily morose ; rude ; tempestuous. ترش رو ۔ بد خلق ۔ بے مروّت ۔ تند ۔

Surliness, sur'li-nes, *a.* Gloomy moroseness. ترش مزاجی ۔

Surmise, sur-mīz', *v.t.* To conjecture ; to suspect ; to infer or suppose. قیاس کرنا ۔ خیال کرنا ۔ شبہ رکھنا ۔ شک رکھنا ۔ گمان کرنا ۔ —, *n.* Conjecture ; thought. خیال ۔ گمان ۔

Surmount, sur-mownt', *v.t.* To overcome ; to conquer ; to surpass. غالب ہونا ۔ حل کرنا ۔ فتح کرنا ۔ سبقت لے جانا ۔

Surname, sur'nām, *n.* A name added to the baptismal name. خطاب ۔ تخلص ۔ لقب ۔

—*v.t.* To call by a family name. خاندانی نام سے پکارنا ۔

Surpass, sur-pas', *v.t.* To go beyond ; to excel ; to exceed. پیش قدمی کرنا ۔ سبقت لے جانا ۔ ترجیح رکھنا ۔ زیادہ ہونا ۔ بڑھ جانا ۔

Syn.—Exceed, excel, outstrip.

Surpassing, pur-pas'ing, *a* Excellent. نہایت عمدہ ۔ افضل ۔ لائق ۔ کامل ۔

Surplice, sur'plis, *n.* A white linen garment for clergymen. پادریوں کا ایک طور کا سفید جامہ ۔ جبہ ۔ ابا ۔

Surplus, sur'plus, *n.* Excess beyond what is wanted; balance; residue. بیشی - زیادتی - بڑھتی - فاضل - باقی - بچت - توفیر - **—receipt,** زر توفیر نیلام - **—of sale proceeds,** واصلات -

Surprise, sur-prīz', *n.* Wonder; amazement; sudden confusion. تعجب - حیرت - اچرج - حیرانی - گھبراہٹ - حملہ ناگہانی - *v.t.* To take unawares; to come or fall upon suddenly and unexpectedly; to confuse. اچانک آپڑنا - یک بیک آجانا یا جا پڑنا - گھبرا دینا - حیران کرنا - ہکا بکا کرنا - حواس باختہ کرنا - **He was surprised into a confession,** اُس سے بے خیالی میں اقبال کرا لیا - **He was surprised into a discretion,** اُس سے ناگاہ ایک نادانی ہو گئی -

Surprising, sur-prīz'ing, *a.* Wonderful; amazing. حیرت انگیز - عجیب - نادر -

Surrender, sur-ren'dur, *v.t.* or *i.* To give up; to resign; to yield. چھوڑ دینا - دست بردار ہونا - حوالہ کرنا - سپرد کرنا - مغلوب ہونا - تابع ہونا -

Syn.—Relinquish, cede, forego, abdicate, abandon, give up, deliver.

Ant.—Contest, dispute, wrangle.

Surrender, sur-ren'dur, *n.* The act of surrendering. سپردگی - حوالگی - تفویض - مغلوبیت -

Surreptitious, sur-rep-tish'us, *a.* Made or introduced fraudulently. چوری کا - خفیہ - جعلی - جھوٹا -

Surreptitiously, sur-rep-tish'us-li, *ad.* Fraudulently. چوری سے - دغا سے - فریباً -

Surround, sur-rownd, *v.t.* To encompass; to environ. احاطہ کرنا - گھیرنا -

Surrounding, sur-rownd'ing, *n.* An encompassing; an environment. احاطہ - گھیرا - قرب و جوار -

Surtout, sur-tōō', *n.* A coat worn over the other dress. کوٹ جو اور کپڑوں کے اوپر پہنا جاتا ہے -

Surveillance, sus-vel'yans, *n.* Watch. نگرانی - حفاظت - چوکسی -

Survey, sur-vā', *v.t.* To view attentively; to measure. نگاہ کرنا - بغور دیکھنا - ناپنا - پیمائش کرنا - کوتنا - اندازہ کرنا - *n.* A general view; a plan or draft. نظر - ملاحظہ - جانچ - نقشہ - خاکہ - مصاحت - پیمائش - **Trignometrical survey,** علم مثلث کے ذریعہ سے پیمائش - **Abstract of—,** کھتونی - **Ameen's —,** شجرہ -

Surveyor, sur-vā'ur, *n.* A measurer of land; a public officer to inspect the progress of works. ناپنے والا - پیمائش کرنے والا -

Survival, sur-vīv'al, *n.* State of living beyond another person or event. حیات کسی واقعہ یا کسی شخص کے بعد - پسماندگی -

Survive, sur'viv, *v.t.* To live after the death of another; to outlive. کسی واقعہ یا شخص کی وفات کے بعد تک جیتا رہنا - بچنا -

Survivor, sur-vī'vor, *n.* One outlives another. جو کسی کے بعد جیتا رہے - پسماندہ -

Susceptibility, sus-sep-ti-bil'i-ti, *n.* The quality of admitting impression; sensibility; emotion. قابلیت احساس - انحس - جوش دل -

Susceptible, sus-sep'ti-bl, *a.* Impressible; feeling; sensitive. متحمل - سریع الحس - اثر پذیر -

Suspect, sus-pekt', *v.t.* To mistrust; to imagine; to be guilty without proof; to doubt; to conjecture. بے اعتباری کرنا - شک کرنا - اندیشہ کرنا - احتمال کرنا -

Suspend, sus-pend', *v.t.* or *i.* To hang; to cause to cease for a time; to hinder; to debar; to stop payment; to make to depend on. لٹکانا - ملتوی رکھنا - معطل کرنا - روکنا - روک رکھنا - روپیہ روک رکھنا - منحصر کرنا - موقوف رکھنا -

Syn.—Delay, interrupt, stop.

Ant.—Begin, continue, prolong, expedite.

Suspense, sus-pens', *n.* A state of uncertainty; doubt; suspension; delay. تذبذب - پس و پیش - دبدھا - شک - شبہ - معطلی - موقوفی - توقف - دیر - التوا -

Suspension, sus-pen'shun, *n.* Act of hanging up; temporary cessation. آویزانی - معطلی - چند روزہ التوا -

Suspicion, sus-pish'un, *n.* Want of confidence; mistrust. بدگمانی - تشبہ - شک - بے اعتباری -

Suspicious, sus-pish'us, *a.* Inclined to suspect; mistrustful. شکی - بدظن - وہمی -

Suspiciously, sus-pish'i-us-li, *ad.* In a suspicious manner; so as to excite suspicion. شک سے - بدگمانی سے -

Sustain, sus-tān', *v.t.* To keep from falling; to support; to endure; to suffer; to sanction; to prove. تھامنا - قائم رکھنا - اٹھانا - پرورش کرنا - برداشت کرنا - جھیلنا - سہنا - منظور کرنا - تائید کرنا - تصدیق کرنا - ثابت کرنا - **To—an application,** درخواست منظور کرنا -

Syn.—Support, uphold, assist, relieve, confirm.

Sustenance, sus'ten-ans, *n.* Support; maintenance; food. پرورش - روزی - خوراک -

Sustentation, sus'ten-tā-shun, *n.* Support; use of food or provision. پرورش - کھانا -

Sutler, sut'lur, *n.* A person who follows an army, and sells to the troops provisions, liquors, etc. لشکر کا مودی -

Suture, sū'tūr, *n.* Seam; joint of the skull. دوخت - جوڑ - سلائی - ٹانکا -

Suzerain, sū'ze-ran, *n.* A feudal lord. جاگیردار - حاکم -

Swab, swob, *n.* A mop for cleaning floors of the decks of a ship. بوہاری۔ جھاڑو۔ پچارا۔
—*v.t.* To clean with a mop or a swab. پچارا پھیرنا۔ جھاڑنا۔

Swaddle, swod'l, *v.t.* To swathe; to bind on with a bandage. لپیٹنا۔ باندھنا۔ کسنا۔

Swaddle, swod'l, *n.* Clothes bound tight round the body. پٹی۔ بندھن۔
Swaddle band, cloth or *clout.* نوزادہ بچے کو لپیٹنے کا کپڑا۔

Swag, swag, *v.i.* To sink down by its weight; to swing. اپنے بوجھ سے ڈوبنا۔ ہلنا۔ جھومنا۔ جھولنا۔ **—bellied** جس کی توند اپنے بوجھ سے لٹکی ہوئی ہو۔

Swagger, swag'ger, *v.i.* To bluster; to boast or brag noisily; to speak in pompous manner. لاف زنی کرنا۔ شیخی مارنا۔ جھومتے جھومتے چلنا۔ ٹھاٹ یا تکبر سے چلنا۔

Swain, swān, *n.* A peasant; a herdsman; a pastoral youth. کسان۔ چرواہا۔ گلہ بان۔ نوجوان۔

Swallow, swal'ō, *n.* A small migratory bird. ابابیل۔ **One—does not make a summer,** اکیلا چنا پہاڑ نہیں پھوڑ سکتا۔ *v.t.* To take into the stomach; to ingulf; to imbibe. نگلنا۔ گھونٹنا۔ جذب کر لینا۔ پی لینا۔ ڈھکوسنا۔

Syn.—Absorb, imbibe, ingulf, engross.
Ant.—Discharge, empty.

Swamp, swomp, *n.* A marsh; a bog. دلدل۔ دھسان۔ جھابر۔
—*v.t.* To overset, as a boat in water. پلٹ دینا۔ کشتی کو اُلٹ دینا۔

Swampy, swomp'i, *a.* Marshy; boggy; fenny. دلدل سے بھرا ہُوا۔ دھساؤ۔

Swan, swon, *n.* A large, handsome, webfooted water-fowl with a long neck and beak. راج ہنس۔ بطخ۔

Swap, swop, *v.t.* To exchange; to barter. ادلا بدلا کرنا۔ پلٹا کرنا۔ To strike with a long stroke. مارنا۔ *n.* An exchange; barter. ادلا بدلا۔ پلٹا۔

Sward, swawrd, *n* The grassy surface of land; turf. گھاس دار زمین۔ سبزہ زار۔

Swarm, swarm, *n.* A cluster of bees. شہد کی مکھیوں کا جھنڈ۔ A multitude; a crowd. گروہ۔ جماعت۔ بھیڑ۔ ہجوم۔

Syn.—Multitude, crowd, throng.
—, *v.i.* To leave a hive in a body as bees. شہد کی مکھیوں کا غول میں چھتے سے نکل جانا۔ To crowd. جمع ہونا۔ ہجوم کرنا۔

Swarthy, swarth'i, *a.* Of dark complexion; tawny; black. گندم رنگ۔ سانولا۔ کالا۔

Swash, swash, *v.i.* To dash or flow noisily; to bluster. پانی کا زور سے چھلکنا یا بہنا۔ لاف زنی کرنا۔

Swath, swawth, *n.* A line of grass, or corn as cut by the mower. کاٹی ہوئی گھاس یا اناج کی قطار۔ ہنسئے کا پلیٹ۔

Swathe, swath, *n.* A bandage; a fillet. پٹی۔ بندھن۔ *v.t.* To bind with a bandage. پٹی باندھنا۔

Sway, swa, *v.t.* or *i.* To move or wield with the hand. ہلانا۔ گھومانا۔ To influence; to govern; to bias. دباؤ ڈالنا۔ حکمرانی کرنا۔ سرداری کرنا۔ جھکانا۔ مائل کرنا یا ہونا۔ *n.* Power; rule; influence; preponderation; control. قابو۔ قدرت۔ حکمرانی۔ غلبہ۔ دباؤ۔ Dominion. حکومت۔ اختیار۔ سلطنت۔ **Sway of a weapon,** ہتھیار کی جنبش یا تول۔

Syn.—Rule, dominion, power, empire, control.

Sweal, swel, *v.i.* To melt and run down. پگھل کر بہنا جیسے موم بتی کی چربی۔

Swear, swar, *v.t.* To put to an oath; to utter an oath, to give evidence on oath. قسم دینا۔ سوگند کھانا۔ حلف لینا یا حلف سے بیان کرنا۔

Sweat, swet, *n.* Moisture from the skin; labour. پسینا۔ عرق۔ محنت۔
By the sweat of one's brow. عرق ریزی یا زور یا پسینے سے۔
—*v.t.* or *i.* To excrete or cause to excrete moisture from the skin; to labour; to drudge. پسینہ آنا۔ پسینہ لانا۔ محنت کرنا۔ چوٹی کا پسینہ ایڑی کو آنا۔

Sweater, swet'ur, *n.* That which sweats; a heavy woollen garment used by athletes. پسینہ لانیوالی۔ ایک اُونی کرتا جو کسرت کرنیوالے پہنتے ہیں۔

Sweaty, swet'i, *a.* Moist with sweat; laborious. پسینے سے تر۔ محنتی۔

Sweep, swep, *v.t.* To clean with a broom; to drive off; to carry off; to drag over. جھاڑنا۔ بہارنا۔ دور کر دینا۔ لے جانا۔ گھسیٹنا۔
—*v.i.* To pass with pomp. شان و شوکت سے گذرنا۔
—*n.* Act of sweeping; compass; general destruction. جاروب کشی۔ جھلڑ۔ رسائی۔ بربادی۔ ناس۔
Sweep before your own door. تجھ کو پرائی کیا پڑی اپنی نبیڑ تو۔

Sweeper, swep'ur, *n.* One who sweeps. خاکروب۔ جاروب۔ مہتر۔ حلال خور۔

Sweepings, swep'ings, *n. pl.* Things collected by sweeping; rubbish. جھاڑن۔ کوڑا کرکٹ۔

Sweet, swet, *a.* Saccharine; fragrant; melodious; beautiful; pleasant; fresh; mild. میٹھا۔ شیریں۔ خوشبودار۔ معطر۔ خوش آہنگ۔ خوش الحان۔ خوبصورت۔ حسین۔ خوشگوار۔ بھلا۔ تازہ۔ ملائم۔

شمیم - حلیم۔ **Sweet words butter no parsnip.** لڈو کہنے سے منہ نہیں میٹھا ہوتا۔ **To be—upon,** عاشق ہو جانا۔ **To have a—tooth,** چٹورا۔ *n.* Anything sweet. شیرینی - مٹھائی۔ A perfume. عطر - سوگندھ۔ A darling. عزیز۔ معشوق۔ **No sweet without some sweat,** سیوا بن میوہ نہیں۔

Sweet-brier, swēt-brī'er, *n.* A fragrant shrubby plant. ایک خوشبودار درخت۔

Sweeten, swēt'en, *v.t.* or *i.* To make or become sweet; to make or become mild. شیریں کرنا یا ہونا۔ ملائم کرنا یا ہونا۔

Sweet-heart, swēt'hart, *n.* A lover or mistress. یار - پیارا - معشوق۔

Sweetly, swēt'li, *ad.* Agreeably; harmoniously. شیرینی سے - نرمی سے - خوبی سے۔

Sweetmeat, swēt-mēt, *n.* A confection of sugar, etc. شیرینی - مٹھائی۔

Swell, swel, *v.t.* To dilate or extend; to enlarge. بڑھانا - پھیلانا - زیادہ کرنا - دراز کرنا۔

Swell, swel, *v.i.* To grow larger; to increase. بڑھنا۔ To heave. بڑھنا - موجزن ہونا۔ To be inflated; to be puffed up. اٹھنا - ابھرنا - پھولنا۔ سوجنا - اکڑنا۔ To be bombastic. طول ہونا۔ To expand. پھیلنا۔

Syn.—Dilate, expand, intumesce.

Ant.—Contract, narrow, reduce.

—, *n.* Increase in size or sound; rise of ground; waves; a showy dressed man. پھولن - سوجن - بلندی - چڑھاؤ - موج - لہر - چھبیلا - بانکا۔

Swelling, swel'ing, *n.* Inflammation; morbid tumour. سوجن - ورم - اماس۔

Swelter, swel'tur, *v.t.* or *i.* To oppress with heat; to suffer from heat. گرمی سے اُمسانا۔ گرمی سے مرا جانا۔

Swerve, swurv. *v.i.* To turn aside; to deviate. گمراہ ہونا - انحراف ہونا - جھکنا۔

Swift, swift, *a.* Rapid; prompt; speedy. تیز - مستعد - جلد باز۔

Swiftly, swift'li, *ad.* Quickly. تیزی سے۔

Swiftness, swift'-nes, *n.* Rapidity; speed; fleetness. تیزی - شتابی - چالاکی۔

Swig, swig, *v.t.* or *i.* To drink by large draughts. بڑے گھونٹوں سے پینا - ڈھکوسنا - ڈھونکنا۔

Swill, swil, *v.t.* or *i.* To drink greedily. حرص سے پینا - غٹ غٹانا۔

Swim, swim, *v.i.* or *i.* To move on a fluid; to float; to be dizzy. تیرنا - ترنا - سر گردان ہونا - چکرانا۔

—*n.* Act of swimming; the air-bladder of a fish. شناوری - تیراکی - مچھلی کا پھکنا۔

To be in a swim. مزہ سے اوقات بسری کرنا۔ کسی معاملہ میں شامل یا شریک ہونا۔

Swimmer, swim'ur, *n.* One [illegible] swims. شناور - تیراک۔

Swimming, swim'ing, *n.* Vertigo; dizziness. دوران سر - گھبری - چکر۔

Swimmingly, swim'ing-li, *ad.* Smoothly; prosperously. آسانی سے - باسائش - مزہ سے - حسب دلخواہ۔

Swindle, swin'dl, *v.t.* To cheat and defraud grossly or with deliberate artifice. ٹھگ لینا - دھوکا دے کر لینا۔

Swindler, swind-lur, *n.* One who swindles a cheat. دغا باز - دھوکے باز۔

Syn.—Sharper, rogue.

Swine, swin, *n. sing.* and *pl.* A hog; a pig. خوک - سور - سور کا بچہ۔

Swineherd, swin'herd, *n.* A keeper of swine. سوروں کا رکھوالا - پاسی۔

Swing, swing, *v.t.* or *i.* To move to and fro; to vibrate; to turn round an anchor; to be hanged. ہلانا - جھولانا - لہرانا - لنگر کے گرد مڑنا یا پھر جانا - لٹکایا جانا - پھانسی پانا۔

Swinge, swinj, *v.t.* To beat soundly; to whip. سزا دینا - چابک مارنا۔

Swingle, swing'gl, *v.t.* To clean flax by beating. دھنسنا۔

—*n.* A wooden instrument to beat flax. موگری - بیلن۔

Swiss, swis, *n.* A native of Switzerland.

سوئٹزرلینڈ کا رہنے والا۔

Switch, swich, *n.* A small flexible twig or rod; a contrivance to enable cars to turn from one line of rails to another. چھڑی۔ قمچی۔ ریل کے گھومانے کی قینچی۔

Switch, swich, *v.t.* To beat with a switch; to transfer by a switch. چھڑی یا بید سے مارنا۔ ریل کو قینچی سے گھومانا۔

Swivel, swiv'l, *n.* A ring turning on a staple; a small gun that may be turned. کنڈا۔ کڑی۔ رہکلا۔

Swoon, swōōn, *v.i.* To faint. غش میں آنا بیہوش ہو جانا۔ *n.* A fainting fit. غش۔ بے ہوشی۔

Swoop, swōōp, *v.t,* or *i.* To sweep down; to catch on the wing. جھپٹ لینا۔ جھپٹا مارنا۔ —*n.* Downward flight of a bird of prey. جھپٹا۔

Sword, sōrd, *n.* A cutting or thrusting weapon. تلوار۔ تیغ۔ شمشیر۔ Emblem of war and justice. لڑائی اور انصاف کی علامت۔ The military power of a country. فوجی اختیار۔ جنگ و جدل۔

To put to—, تہ تیغ کرنا۔

Sword-blade, sōrd'blad, *n.* The blade or cuting part of a sword. تلوار کی دھار۔

Sword-player, sōrd'pla-ur, *n.* A gladiator; a fencer. شمشیر چلانے والا۔

Swords-man, sōrdz'man, *n.* One who carries a sword, one skilled in the use of the sword. تلوار بردار۔ شمشیر باز۔

Sybarite, sib'a-rit, *n.* A person devoted to luxury and pleasure. عیّاش۔ نفس پرست۔

Sycamore, sik'a-mōr, *n.* The oriental fig-tree. ایک قسم کا انجیر کا درخت۔

Sycophancy, sik'ō-fan-si, *n.* Obsequious flattery or servility. چاپلوسی۔ خوشامد۔ للو پتو۔

Sycophant, sik'ō-fant, *n.* A mean flatterer; an informer; a tale-bearer. خوشامدی۔ چاپلوس۔ چغلخور۔

Sycophantic, sik'ō-fant-ik, *a.* Obsequiously flattering, tale-bearing. خوشامدی۔ چاپلوس۔ جاسوس۔

Syllabic, sil'a-bik, *a.* Relating to syllable. ارکان تہجّی کے متعلق۔

Syllabication, sil'a-bik-ā-shun, *n.* The formation of syllables. لفظ کے ارکان۔ بقاعدہ تہجّی۔

Syllable, sil'ā-bl, *n.* A letter or combination of letters uttered by one articulation; a part of a word. لفظ کی حرکت۔ تہجّی کے ارکان۔ جزء۔

Syllabus, sil'a-bus, *n.* A compendium; an abstract. خلاصہ۔ انتخاب۔

Syllogism, sil'ō-jizm, *a.* An argument stated in a logical form. قضیّہ۔ شکل منطقی۔

Syllogise, sil'ō-gīz, *v.i.* To reason by syllogisms. قضیّہ منطقی سے تقریر کرنا۔

Sylph, silf, *n.* An imaginary being inhabiting the air; a fairy. پری۔ اپسرا۔

Sylvan, sil'van, *a.* Relating to woods; wood. جنگلی۔ دشتی۔ صحرائی۔

Symbol, sim'bol, *n.* Sign; a type. علامت۔ نشان۔ حروف۔

Syn.—Emblem, figure, type.

Symbolical, sim'bol-i-kal, *a.* Expressing by signs. علامتی۔

Symbolise, sim'bol-īz, *v.t.* or *i.* To represent by a symbol; to have a resemblance. علامت سے ظاہر کرنا۔ مشابہ ہونا۔ مطابق ہونا۔

Symmetrical, sim'e-tri-kal, *a.* Well-proportioned in its parts. با قرینہ۔ با اندازہ۔ سڈول۔ خوش اسلوب۔

Symmetry, sim'e-tri, *n.* Proportion; harmony of parts. تناسب اعضا۔ خوش اندازی۔ اندازہ۔

Sympathetic, sim'pa-the-tik, *a.* Having mutual affection; feeling what another feels. دردشریک۔ غمخوار۔ دردمندانہ۔ ہم طلبی کا۔

Sympathise, sim'path-īz, *v.i.* To feel sympathy with another. دردشریک ہونا۔ ہمدردی کرنا۔

Sympathy, sim'pa-thi, *n.* Fellow feeling; compassion; commiseration. ہمدردی۔ ہمدمی۔ دردمندی۔ دلسوزی۔ ترحم۔ رحم۔ ترس۔

Syn.—Pity, compassion, tenderness.

Ant.—Animosity, antagonism, hostility.

Symphony, sim'fō-ni, *n.* Accordance of sounds; musical composition for a full orchestra. خوش آہنگی۔ہم آہنگی۔ہمساز۔سرکا ملان۔ترانہ۔

Symptom, simp'tum, *n.* An indication of disease; a sign. آثار مرض۔علامت۔نشان۔

Syn.—Mark, note, sign, token.

Synagogue, sin'a-gog, *n.* A Jewish assembly or place of worship. یہودیوں کی مجلس یا عبادت خانہ۔

Synaxis, si-nak'sis, *n.* A meeting of persons. محفل۔مجلس۔سبھا۔

Synchronal, sing'krō-nal, *a.* Happening at the same time; simultaneous. ہم عہد۔ ہم عصر۔ہم زمانہ۔

Syncopate, sing'kō-pāt, *v.t.* To contract, as a word. لفظ میں سے ایک یا کئی حرف کا حذف کرنا۔

Syncope, sin'kōp, *n.* An elision of one or more letters from the middle of a word. لفظ کے درمیان کے حروف کی تخفیف۔

Syndicate, sin'di-kāt, *n.* Office or jurisdiction of a syndic; a council or governing body. مجمع منتظمان۔

Synecdoche, sin-ek'dō-ke, *n.* In rhetroic a figure by which the whole is put for a part, or part for the whole. علم بلاغت میں کل کے ذکر سے جزو یا جزو کے ذکر سے کل کی مراد۔

Synergetic, sin-ur-jet'ik, *a.* Co-operating. معاون۔مددگار۔

Synod, sin'od, *n.* A council; an ecclesiastical assembly. مجلس۔مجلس مشائخ۔

Synonym, sin'ō-nim, *n.* A word having the same or similar meaning as another. لفظ ہم معنی۔مترادف۔

Synonymous, sin'ō-nim-us, *a.* Having the same meaning ہم معنی۔مرادف۔

Synopsis, sin-op'sis, *n.* A general view; conspectus; abstract. خلاصہ۔گوشوارہ۔سنکشیپ۔

Synoptical, sin-op'ti-kal, *a.* Giving a general idea of anything. مجمل۔مختصر۔

Syntactic, sin-tak'tik, *a.* Pertaining to syntax or the construction of sentences. نحوی۔ بقاعدہ نحو۔

Syntax, sin'taks, *n.* The proper construction of a word in a sentence; system. ترکیب کلام۔ قاعدہ۔

Synthesis, sin'the-sis, *n.* Composition or the putting of two or more things together. آمیزش۔ملاوٹ۔ترکیب۔

Synthetical, sin'thet-i-kal, *a.* Pertaining to synthesis. ترکیبی۔

Syphilis, sif'il-is, *n.* A venereal disease. آتشک۔گرمی۔

Syphon, sif'on, *n.* A bent tube. جھکی ہوئی نلی۔ٹونٹی۔

Syringe, sir-inj, *n.* A pipe for injecting liquids. پچکاری۔

—*v.i.* To inject by a syringe. پچکاری دینا۔

Syrup, si'rōōp, *n.* The sweet juice of fruit. شربت۔

System, sis'tem, *n.* Regular method or order; the whole connected scheme; connection of parts or things. طریقہ۔قاعدہ۔دستور۔ آئین۔ڈول۔تدبیر۔بندوبست۔ترتیب۔

Systematic, sis-tem-a'tik, *a.* Pertaining to system; methodical. ایک ڈول پر۔

Systematically, sis-tem-at'ik-al-i, *ad.* Methodically. باقاعدہ۔دستور کے موافق۔

Systematize, sis'tem-a-tīz, *v.t.* To reduce to system; to arrange methodically. باقاعدہ کرنا۔ بدستور کرنا۔

T

Tabard, ta'bard, *n.* A short gown; a herald's coat. پیراہن - برساتی کوٹ - چغہ -

Tabby, tab'i, *a.* Brindled; diversified in colour. چتکبرا - دھاری دار - رنگ برنگ - *n.* A kind of waved silk usually watered; a cat of a tabby colour. ابریا لہردار حریر - چتکبری بلی -

Tabefaction, ta-be-fak'shun, *n.* A losing of flesh by disease; emaciation. نقاہت - لاغری -

Tabernacle, tab'ur-na-kl, *n.* A tent; a temporary habitation; a place of worship; an ornamental chest for consecrated vessels. ڈیرا - خیمہ - چند روزہ مکان - معبد - مندر - متبرک ظروف کا مکلف صندوق - انسان کا جسم - قالب - *v.t.* To dwell or reside for a time. قیام کرنا یا ٹھہرنا -

Tabid, tab'id, *a.* Consumptive; wasted by disease. بیماری سے گلا ہوا - ضرر رسیدہ -

Tablature, tab'la-tūr, *n.* A painting on a wall or ceiling. مصوری جو دیوار یا چھت میں کی جائے -

Table, ta'bl, *n.* A slab; a tablet; an article of furniture with a flat surface. پٹی - تختی - لوح - میز - A schedule; a drawing; fare. فہرست - جدول - تصویر - نقشہ - ضیافت - کھانا - **To turn the—s,** to change the condition of contending parties. حالت پلٹ دینا - بدلنا - **To serve —s,** غریبوں کو کھانا کھلانا - **To set the table in a roar,** ہنسانا - *v.t.* To tabulate; to supply with food. فہرست بنانا - خوراک بہم پہونچانا -

Tableau, ta'bl-ū, *n.* A picture-like representation or pantomime. شبیہ - تصویر -

Table-bell, ta'bl-bel, *n.* A bell rung at the table to summon servants. نوکروں کے بلانے کی گھنٹی -

Table-cloth, ta'bl-cloth, *n.* Linen spread on a table. میز کی چادر -

Tableland, ta'bl-land, *a.* Elevated flat land. اونچی و ہموار زمین - سطح مرتفع -

Tablet, tab'let, *n.* A small table. تختی - لوح - ٹکیا - قرص -

Taboo, ta'bōō, *n.* A religious interdict. مذہبی ممانعت - *v.t.* To interdict approach or use. باز رکھنا - منع کرنا -

Tabour, ta'bor, *n.* A small drum. طبلہ - طنبور - ڈھولک - *v.t.* To play on the tabour. ڈھولک بجانا -

Tabular, tab'ū-lar, *a.* In the form of a table. میز کی شکل کا - Flat. مسطح - چپٹا - Formed in laminae or scales. پرت دار - Arranged and classified in tables. جدول میں نقشہ کی شکل میں - خانہ دار - نقشہ دار -

Tabulate, tab'ū-lat, *v.t.* To reduce to tables. جدول بنانا - نقشہ بنانا -

Tacit, tas'it, *a.* Silent; implied. چپ - ضمنی - ساخت - مفروضہ -

Taciturn, tas'i-turn, *a.* Habitually silent; reserved. کم سخن - عادتاً خاموش - پنبہ دھن - چپ -

Syn.—Silent, reserved.

Ant.—Noisy, loquacious.

Tack, tak, *n.* A small, short nail. کیل - کھونٹی - میخ - A rope. پال کی رسی - The course of a ship. جہاز کا راستہ - *v.t.* Fasten; stitch. جوڑنا - ٹانکنا - منسلک کرنا - باندھنا -

Tackle, tak'l, *n.* A machine for raising or lowering heavy weights. بھاری چیزوں کے چڑھانے اتارنے کی کل - A ship's rigging. جہاز کی رسی - *v.t.* To seize. پکڑنا - گرفت کرنا -

Tact, takt, *n.* Nicety or acuteness of discernment; a nice perception of what is required by circumstances. شعور - زیرکی - فراست - حالت موجودہ کی ضرورت کو پہچاننے کا نازک شعور - Skill in managing the feelings of persons dealt with. جن سے کام پڑے اُن کے خیالات میلان خاطر اور تعصبات کو منطبق رکھنے کی حکمت -

Tactitian, tak-ti'shun, *n.* One versed in tactics. فن جنگ کا ماہر -

Tactics, tak'tiks, *n. pl.* The science and art of manoeuvring military and naval force. فن صف آرائی -

Tactile, tak'til, *a.* Susceptible of touch. قابل حس - چھونا - لمس - چھونے کے قابل -

Taction, tak'shun, *n.* Touch.

Tadpole, tad'pol, *n.* A young shapeless frog or toad. مینڈک کا بچہ -

Taffeta, taf'e-ta, *n.* A fine smooth stuff of silk. تافتہ - دریائی -

Tag, tag, *n.* A metallic point at the end of a string. وہ دھات کی گھنڈی جو رسی کے سرے پر لگی ہو - Any slight appendage. دُمبالہ - The rabble. بھیڑ - *v.t.* To fit with a point or points; to fasten. نکیلا کرنا - جوڑنا - کسنا -

Tail, tal, *n.* The hanging vertebral of animal. دم-پونچھ۔ The back, lower, or inferior part of anything. پچھلا یا نیچے کا حصّہ۔ End; retinue. انجام-ہمراہی۔

Tailor, ta'lur, *n.* One who makes clothes. درزی-خیاط-سوئی گر۔

Tailoress, ta'lur-es, *n.* A female tailor. درزن۔

Taint, tant, *v.t.* or *i.* To stain; to corrupt. داغ لگانا-آلودہ کرنا-خراب کرنا۔ *n.* Corruption; infection; blemish. گندگی-آلائش-آلودگی-داغ-کدورت-فتور-دھبّہ۔

Take, tak, *v.t.* To receive what is offered. لینا۔ To lay hold of. پکڑنا۔ To seize. گرفتار کرنا۔ To accept. قبول کرنا۔ To captivate. فریفتہ کرنا۔ To understand. سمجھنا۔ To exact. جبراً لینا-چھیننا۔ To tend. سبب ہونا-نتیجہ ہونا۔ To be needful. ضرور ہونا۔ To bear. برداشت کرنا۔ To swallow. نگلنا-کھانا-پینا۔ To fasten on. چمٹنا-پکڑنا-باندھنا۔ To assume. اختیار کرنا۔ To suppose. فرض کرنا-قیاس کرنا۔ To conquer. فتح کرنا۔ To detect. پکڑنا۔ **To—aback,** to surprise; to confound. اوسان خطا کر دینا-گھبرانا۔ **To—advantage of,** to make use of a favourable opportunity against another. موقع پاکر کسی کے خلاف عمل کرنا۔ To catch by surprise. اچانک گرفتار کرنا۔ **To—aim,** to direct the eye or a weapon to a particular object. نشانہ لگانا۔ **To—air,** to be divulged or disclosed. ظاہر ہو جانا۔ **To—the air,** to make an excursion in the open air. ہوا کھانا۔ **To—arms or to—up arms,** to commence hostilities. لڑائی شروع کرنا۔ **To—away,** to remove. الگ کرنا-دور کرنا-لے جانا۔ to deprive of. لے لینا-چھین لینا۔ **To—breath,** to stop in order to breathe or rest after exertion. دم لینا-ٹھہرنا۔ **To—care,** to be cautious. ہوشیار رہنا۔ **To—care about or of,** to care for. خبرگیری کرنا-پرورش کرنا۔ To be solicitous for. پرواہ کرنا۔ To oversee; to superintend. نظر رکھنا-دیکھتا رہنا۔ To take charge of. قبضہ کرنا-اختیار میں لانا۔ **To—down,** to humble; to abase. ذلیل کرنا-خوار کرنا۔ To pull to pieces. توڑنا-گرانا۔ To write down. لکھ لینا-قلمبند کرنا۔ **To—effect,** to produce the desired effect. اثر پذیر ہونا-کارگر ہونا۔ **To—fire,** to become excited. جلنے لگنا-جوش میں آنا۔ **To—the field,** to begin a campaign. میدان پکڑنا-لڑائی شروع کرنا۔ **To—heart,** to become courageous. ہمت کرنا۔ **To—to heart,** to be much affected by. دل میں لانا-جوش میں آنا۔ **To—heed,** to be cautious. ہوشیار ہونا۔ **To—hold of,** to seize. پکڑنا۔ **To—in,** to inclose. گھیرنا۔ To admit. قبول کرنا۔ To comprise. شامل رکھنا۔ To lessen. گھٹانا۔ To contract. کھینچنا۔ To cheat. فریب دینا۔ **To—in hand,** to undertake. ہاتھ میں لینا۔ **To—ill,** to be offended. برا ماننا-ناراض ہونا۔ **To—leave,** رخصت ہونا۔ **To—notice of,** to regard or observe with attention. غور کرنا-لحاظ کرنا۔ **To—oath,** to swear with solemnity. قسم کھانا-حلف اٹھانا۔ **To—off,** to remove. دور کرنا-ہٹانا۔ To cut off. کاٹ ڈالنا۔ To withdraw. الگ کرنا۔ To destroy. مارنا-ہلاک کرنا۔ To swallow. پی جانا۔ **To—out,** to remove. ہٹانا-دور کرنا۔ To deduct. گھٹانا۔ To draw out. کھینچنا۔ **To—pains,** to use all one's skill, care and the like. حتے الوسع کوشش کرنا-جان لڑانا۔ **To—part in,** to share. شریک ہونا۔ **To—one's part,** to espouse one's cause. طرفداری یا حمایت کرنا۔ **To—place,** to happen. واقع ہونا۔ **To—root,** to become firmly fixed. جڑ پکڑنا-گڑ جانا۔ **To—time,** to act without haste or hurry. جلدی نہ سوچ کر کام کرنا۔ **To—time by the forelock,** to make the best of one's time. موقع کو ہاتھ سے نہ جانے دینا۔ **To—up,** to lift. اٹھانا۔ To raise. ابھارنا۔ To begin where another has left off. پھر شروع کرنا۔ To occupy. رہنا-بسنا۔ To seize. to arrest. پکڑنا-گرفتار کرنا۔ To adopt. اختیار کرنا۔ **To—wind,** to become public. مشہور ہو جانا-پھیل جانا۔ **To—wing,** to fly away. اڑ جانا۔

Take, tak, *v.i.* To catch; to please; to have recourse to. پکڑنا-خوش کرنا-راستہ لینا-جانا۔ **To—after,** to imitate; to follow. تقلید کرنا-نقل کرنا۔ to resemble. مشابہ ہونا۔ **To—from,** to derogate or detract from. گھٹانا-کم کرنا۔ **To—on,** to be violently affected; to grieve; to fret. رنج کرنا-گھبرانا۔ **To be—en aback,** سٹپٹا جانا۔ **To—advantage of,** موقع پانا۔ **To—head,** روگردان ہونا۔ **To—one's own course,** اپنی مرضی کرنا۔ **To—one's self up,** اپنے کو روکنا-دانستہ رک جانا۔ **To—to the road,** رہبری کرنا۔ **To—up the gauntlet,** بیڑا اٹھانا۔

Taking, tak'ing, *a.* Alluring; attracting. دلفریب-دلچسپ-موہنی۔

Talc, talk, *n.* A soft magnesian mineral of a shining lustre; mica. ابرق-ایک شفاف معدنی چیز۔

Tale, tal, *n.* A narrative; a story; information; reckoning. داستان-حکایت-قصّہ-کہانی-اطلاع-خبر-گنتی۔

Tale-bearer, tal-bēr'er, *n.* An officious informer. غماز۔چغلخور۔

Talent, tāl'ent, *n.* A weight; ability; faculty. وزن۔لیاقت۔قابلیت۔

Tale-teller, tal-tel'ur, *n.* One who relates tales. قصہ گو۔راوی۔کہانی کہنے والا۔

Talion, tal'i-un, *n.* The law of retaliation. مکافات کی آئین۔قانون انتقام۔

Talisman, tal'is-man, *n.* A magical charm engraved on metal or stone; an amulet. طلسم۔سحر۔جادو۔تعویز۔

Talk, tawk, *v.i.* To converse familiarly; to prattle; to reason. بات چیت کرنا۔گفتگو کرنا۔بک بک کرنا۔بحث کرنا۔ *v.t.* To speak; to utter. بولنا۔ **To—one down,** to silence one with incessant talk. کسی کو باتوں سے خاموش کر دینا۔ **To—one out of,** to dissuade one from. باز رکھنا۔ **To—over,** to gain over by persuasion. باتوں سے منا لینا۔ **To—over,** to talk about; to discuss. ذکر کرنا۔بحث کرنا۔ **To—away,** باتوں میں وقت گزارنا۔ **To—to,** کان کھولنا۔سمجھانا۔ **To—at random,** لے تکی کہنا۔ —*n.* Familiar converse; mutual discourse. گفتگو۔بول چال۔بات چیت۔ Rumour. افواہ۔شہرہ۔

Tall, tawl, *a.* High in stature; lofty. دراز قد۔قد آور۔لمبا۔بلند۔اونچا۔

Tallow, tal'ō, *n.* The suet or fat of animals of the sheep and ox kind. شحم۔چربی۔ **Tallow face,** a pale-faced person. مریض صورت۔زرد رو شخص۔ *v.t.* To grease with tallow. چربی سے چکنا کرنا۔

Tallow-chandler, tal'ō-kand-ler, *n.* One who makes candles. چربی کی بتی بنانے والا۔

Tallow-faced, tal'ō-faa-ed, *a.* Having a sickly complexion. بیمار کی سی شکل کا۔زرد رو۔

Tally, tal'i, *n.* A piece of wood on which notches are cut to keep accounts; anything made to suit another. لکڑی جس پر شمار کے لئے دندانے کھدے ہوتے ہیں۔مقابلہ یا مطابقت کی چیز۔

Talmud, tal-mud, *n.* A book of Hebrew traditions and comments. یہودیوں کے قواعد و روایات مذہبی کی کتاب۔تالمد۔

Talon, tal'on, *n.* The claw of a bird of prey. چنگل۔شکاری پرندے کا پنجہ۔

Tamable, tam'a-bl, *a.* That may be tamed or subdued. ہلانے کے لائق۔انس پذیر۔

Tamarind, tam'a-rind, *n.* A tropical leguminous tree and its fruit. املی۔تمر ہندی۔ایک ترش پھل۔

Tambour, tam'bor, *n.* A small flat drum. طنبورہ۔ A kind of embroidery. زردوزی کی گلکاری۔

Tambourine, tam'bōr-ēn, *n.* A jingling instrument for procession. کھنجڑی۔رُباب۔

Tame, tam, *a.* Having lost its natural wildness; not wild; domesticated; spiritless. پالتو۔سدھا ہوا۔خانگی۔پست ہمت۔

